طلبہ کا انگریزی تعلیم پانا تو اُس وقت تک بالکل ہی بعید از قیاس ہی جب تک کہ کوئی موقفالدخل انجمن اُن کے تعلیمی اخراجات کی کفیل نہ ہوجاے - نہایت دور اندیش اور خردمند تھے اس انجمن کے بانی جنہوں نے اپنے اغراض و مقاصد میں سب سے زیادہ ممتاز اور نمایاں درجہ پر اسکالرشپ فنڈ کو رکھا - یوں تو چاروں شاخوں میں سے جن پر یہہ انجمن منقسم ہی ہر ایک شاخ بجاے خود نہایت مفید ہی مگر اسکالرشپ برانچ اس انجمن کی روح رواں ہی - اور اُمید ہی کہ آیندہ اس برانچ کی کوششوں سے بڑے بڑے نتائج متصور اور قابل قدر فوائد حاصل ہونگے *

حضرات سر سید مرحوم اور مسٹر بیک مرحوم کو اپنے آخری وقت میں جہاں کالج کے دوام و قیام کی نسبت طرح طرح کے اندیشے اور قسم قسم کے خدشے تھے وہاں ایک اطمینان بھی تھا - اور وہ اطمینان یہہ تھا کہ عام مسلمان اُن کے انتقال کے بعد کالج کی مدد خواہ کریں یا نہ کریں مگر وہ نوجوان جو اس کالج سے فارغ التحصیل ہوکر نکلے ہیں اور وہ طلباء جو آج یہاں اکتساب علم میں مشغول ہیں اس کالج کے حقوق بعینہ اُسی طرح ادا کرینگے جس طرح کہ ایک سعادتمند اور رشید بیٹا اپنی ماں کے حقوق ادا کرتا ہی - ہمارے اُن بھائیوں نے جو ہم سے پیشتر ان دیواروں کے اندر رہ چکے ہیں اور اب دنیا کے کار و بار میں مشغول ہیں سر سید اور مسٹر بیک کی ان اُمیدوں کو گذشتہ تین ساڑھے تین سال کے عرصہ میں نہایت عمدگی اور خوبی سے پورا کردیا ہی اور اب ہماری باری ہی - حضرات ہم اُن سے عمر میں چھوٹے ہیں - اس لیئے اُن کی برابری تو نہیں کر سکتے مگر ہاں جہانتک ہمارے احاطہ امکان میں ہی ہم اتنا ضرور کر دکھائینگے کہ اس کالج کے پرانے طلب علم ہم کو اپنا چھوٹا بھائی تسلیم کرنے میں زیادہ دریغ و تامل نکریں - گذشتہ ایک مہینے کی تعطیل میں جو ڈیپوٹیشن مختلف اضلاع ممالک شمالی و مغربی و اودھ میں بھیجے گئے اُن کی رپورٹ آپ کے سامنے پڑھی جاچکی ہی - اب اس بڑی تعطیل میں بہت سے ڈیپوٹیشن مختلف صوبجات ہندوستان میں بھیجے جائینگے مگر سب سے زیادہ خوشی کی بات یہہ ہی کہ شروع اگست میں ایک ڈیپوٹیشن حیدرآباد جارہا ہی - ہم کو اُمید ہی کہ جس

خاص اصحاب کے باہر کے لوگوں کو اس امر کي متعلق خبر نہ تھي کہ کالج میں اس نام کي ایکوئي انجمن قایم هی - مگر حضرات ــــ ڈاکٹر ضیاءالدین احمد صاحب نے اس انجمن کا عظمت و وقار همارے دلوں پر بٹھانے اور همکو اس کے فواید سمجھانے میں اُن نادر طریقوں سے کام لیا جنکي طرف اس سے قبل بہت کم توجہ کي گئي تھي ــــ اُنھوں نے مناسب موقعوں - دوستانہ ملاقاتوں اور دعوت کے جلسوں میں همارے دل پر اس بات کا نقش کردیا کہ الفرض ایسي از بس مفید و سود بخش انجمن هی کہ هر سال میں دو یا تین هفتے الفرض کي نذر کرنا همارا فرض هی - اور هم میں سے هر طالب علم کے دل میں عام اس سے کہ وہ کالج کلاس میں هو یا اسکول میں اس بات کي اُمنگ پیدا هوگئي کہ هم وظائف کے ذریعہ سے اپنے غریب تشنہ کام بھائیوں کي اُس سر چشمہ علوم و فنون تک رهبري کریں جس سے هم خود سیراب هورهے هیں ٭

حضرات هندوستان کے هر فرقہ و ملت میں عموماً اور مسلمانوں میں خصوصاً غریب لوگ اپنے امیر بھائیوں سے زیادہ محنتي اور کام کرنے والے هیں - اُمرا ابھي تک اپنے نشہ دولت سے چور هیں اور وہ نہیں سمجھہ سکتے کہ دنیا میں پیدا هونے - اچھا کھانے اور اچھا پہننے اور بہ عشرت و عزت زندگي بسر کرنے کے لیئے انگریزي تعلیم کي کیا ضرورت هی - گو زمانہ بہ آواز بلند اُن سے مخاطب هوکر کہہ رہا هی کہ -

زمانہ نام هی میرا تو میں تم کو دکھا دونگا
کہ جو تعلیم سے بھاگیں گے نام اُن کا مٹادونگا

مگر وہ ناصح مشفق کي ان نصیحتوں کو محض بے بنیاد وسواس اور ناقابل اعتبار خدشات پر مبني سمجھتے هیں - متوسط حیثیت کے مسلمان البتہ ضرورت زمانہ سے آگاہ هوگئے هیں اور وہ اپني اولاد کو انگریزي تعلیم دلانے کے بے شک متمني هیں - مگر اس زمانہ میں زندگي کے ضروري اخراجات اسقدر بڑہ گئے هیں کہ جب تک وظیفوں اور اسکالرشپوں سے مدد نہ کیجاے ایک متوسطالحال مسلمان جس کو رواج موجودہ کے بموجب اپنے سارے خاندان کے اخراجات اُٹھانے پڑتے هیں اپني اولاد کو کالجوں میں بھیجنے اور وهاں کے کل مصارف برداشت کرنیکا متحمل نہیں هوسکتا - جب اکثر متوسط درجہ کے لوگوں کي یہہ حالت هی تو غریب

نہ تھا سکے — ہم نے تقریباً ۱۲۵۰ وصول کیا — مسلمانوں کي حالت کا اندازہ جسقدر چاھتے اُتنا ہم اپنے تھوڑے قیام میں نہ کرسکے مگر جو حالت ہم دریافت کرسکے اُن کو لکھدیا ھی — ہم جناب نائب امین صاحب کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتے ھیں اور ہم اپنے تجربہ سے کہہ سکتے ھیں کہ پیشتر کے دستور کي بہ نسبت اس طریقہ سے بہت فایدہ پہونچا اور آیندہ اس سے زیادہ اُمید ھی — جب ہم ایک چھوٹي سي جماعت کي حیثیت سے اپنے بزرگان قوم کي سوسائیٹي میں ملینگے اور جو اثر کہ ہم پر ھمارے کالج کي تربیت کا ھی اُس کا عمدہ ثبوت دیںگے تو ضرور ھی کہ ھماري اور ھمارے کالج کي طرف سے اُن کے دلوں میں جگہہ ہوگي گو کہ اس وقت یہہ پیشین گوئي نہایت قبل از وقت ھی مگر ھمیں اُمید ھی کہ اسي طرح ایک روز ساري قوم ھمارے کالج کي ھمدرد بن جاویگي *

عبدالوالي — امتیاز علي — عبدالوھاب

ممبران ڈیپوٹیشن

۲۴ جولائي سنہ ۱۹۰۱ع

خلاصہ اسپیچ انگریزي رضا علي صاحب

طالب علم مدرسۃالعلوم

جناب صدر انجمن صاحب و حاضرین جلسہ —

دو سال سے کچھہ زیادہ عرصہ منقضي ہوا کہ مجھکو انجمن‌الفرض کے سالانہ اجلاس میں اسپیچ کہنے اور آپ کو مخاطب کرنے کي عزت حاصل ہوئي تھي — اس دو سال میں انجمن‌الفرض اور اُسکي تاریخ میں عظیم‌الشان تبدیلیاں واقع ہوئي ھیں — الفرض اسوقت بھي کالج کي انجمنوں میں سے ایک نہایت ضروري — باوقعت اور قابل قدر انجمن خیال کیجاتي تھي — مگر نفس‌الامر یہہ ھی کہ اُسوقت سواے اُن معدودے چند طلبا کے جنکو الفرض سے باضابطہ تعلق تھا طلباے کالج کي بڑي جماعت الفرض کے کاموں میں بہت کم دلچسپي لیتے تھے — الفرض کي شہرت کالج کي دیواروں تک محدود تھي اور باستثناے چند نامي گرامي

میں نہیں ہیں — متھرا کے ضلع میں سادات اور پٹھانوں کی آبادی زیادہ ہی– اگر اطراف میں دورہ کیا جاوے تو بہت نفع کی اُمید ہی *

(فتح گڈہ) — ۱۳ جون کو ہم متھرا سے فتح گڈہ پہونچے – جناب مولوی عبدالغفار صاحب ڈپٹی کلکٹر کے مکان پر قیام کیا – فتح گڈہ سے چندہ وصول کرکے ایک روز فرخ آباد گئے دونوں جگہوں سے لعہ چندہ ہوا — چونکہ ان دونوں مقاموں سے ایک سال قبل ڈپوٹی کے لیئے معقول رقم وصول ہو چکی تھی اس وجہ سے زیادہ روپیہ نہیں جمع ہوسکا – چندہ وصول کرنے میں ہمیں سید محمد ادریس صاحب طالب علم مدرسۃ العلوم نے نہایت مدد دی اور وہ ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں – ہمارے کالج کے پرانے طالب علم محمود حسین صاحب بی اے ایل ایل بی ڈیپوٹیشن کے ساتھہ نہایت خلوص سے پیش آئے — اُن کی مہربانی کا اثر ہمارے دل پر ہی – ہم اپنے میزبان جناب مولوی عبدالغفار صاحب کے کمال درجہ ممنون و مشکور ہیں جنہوں نے باوجود اپنے ذاتی افکار کے نہایت کشادہ پیشانی سے مہمان نوازی فرمائی *

فرخ آباد میں ہم جناب علی محمد خاں صاحب بی اے اور جناب محمد اسمعیل خاں صاحب اور جناب میر امداد حسین صاحب سب انسپکٹر پولیس سابق طالب علمان مدرسۃالعلوم کے کمال ممنون و مشکور ہیں ہمارا ارادہ تھا کہ فتح گڈہ کے بعد قنوج – قایم گنج اور شمس آباد کا دورہ کریں مگر قلت وقت کی وجہ سے مجبور ہوگئے – ان قصبات میں مسلمانوں کی حالت خدا کے فضل سے نہایت اچھی ہی اور آیندہ اگر ڈیپوٹیشن بھیجا گیا تو نہایت کامیابی کی اُمید ہی *

(مارہرہ) — ۱۹ جون کو ڈیپوٹیشن مارہرہ پہونچا عبدالوہاب اور امتیاز علی اٹاوہ کسی ضرورت سے چلے گئے اور عبدالوالی صرف مارہرہ میں رہ گئے – باوجود نا اُمیدی کے چودھری محمد یعقوب علی خاں صاحب کی کوشش سے للعہ کا وعدہ ہوا – صہ نقد وصول ہوئے — یہاں کے اکثر روسا باہر تھے جو موجود تھے اُن کی خدمت میں زیادہ زور کے ساتھہ چندہ کی درخواست اس واسطے نہیں کی گئی کہ ابھی وہاں مدرسۃالعلوم وکٹوریہ میموریل کا جلسہ ہونے والا ہی *

ہمارا دورہ مارہرہ سے ختم ہوگیا — قلت وقت کی وجہ سے اور کہاں

چندہ میں بڑی رقمیں ان حضرات نے عنایت فرمائیں - جناب ٹھاکر قتم ساگیہ صاحب صـــہ — جناب محمد حسن صاحب بی — اے ایل ایل بی منصف ســـہ مولوی امجد علی خاں صاحب ﷲ *

یہہ سب حضرات بڑے شکریہ کے مستحق ہیں مگر ہم اس موقعہ پر ٹھاکر صاحب کا خاص طور سے شکریہ ادا کیئے بغیر نہیں رہسکتے آپکی بے تعصبانہ فیاضی کا اس سے زیادہ اور کیا ثبوت ہوسکتا ہی - ہم اپنے مسلمان اور ہندو روساء کو اس موقعہ پر توجہ دلاتے ہیں کہ آپکو مثال بنائیں اور اِن دونوں قوموں میں میل ملاپ بڑھانے میں ایسی کوشش کریں جس کی مثال اوپر موجود ہی تاکہ اُنکو اُنکی قوم کو اور ملک کو فائدہ پہونچے *

(متھرا) ۸ جون کو آگرہ واپس آگئے اور ۹ کو متھرا روانہ ہوئے — یہاں ڈیپوٹیشن جناب مولوی عبدالہادی صاحب گورنمنٹ پلیڈر کے مکان پر مقیم ہوا — وکیل صاحب موصوف نے جلسہ کا پہلے سے انتظام کررکھا تھا چنانچہ ۱۱ کو شام کے وقت گورنمنٹ اسکول میں جلسہ ہوا — جناب قاضی شرف الحسن صاحب جلسہ کے صدر انجمن قرار پائے پریسیڈنٹ صاحب موصوف نے اپنی افتتاحی ایڈریس میں ممبران ڈیپوٹیشن کو انٹرو ڈیوس کیا — عبدالوہاب ممبر ڈیپوٹیشن نے اپنی تقریر میں انجمن الفرض اور کالج کے مقاصد اور فواید بیان کیئے اُس کے بعد جناب سید رضا علی صاحب بی - اے اور مولوی عبدالہادی صاحب نے نہایت ہی پرزور تقریریں کیں انہیں حضرات کی جادو بیانی کا یہہ اثر ہوا کہ ۱۸ عـــہ کا وعدہ ہوا منجملہ اُن کے بہت کم اُسوقت وصول ہوا لیکن جلد مولوی عبدالہادی صاحب نے خود وصول کرکے بھیجنے کا وعدہ کیا ہی *

ہم جناب سید رضا علی صاحب اور مولوی عبدالہادی صاحب کے کمال درجہ ممنون ہیں اور جناب مولوی عبدالہادی صاحب کا خاص طور سے شکریہ ادا کرتے ہیں جن کی خوبی انتظام اور بیش بہا کوششیں نہایت قابل قدر ہیں — آپ نے ضلع کے روساء کو پہلے سے مدعو کر رکھا تھا جس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ چندہ اُمید سے زیادہ ہوا — ہم جناب ممدوح کی مہمان نوازی کے بھی نہایت مشکور ہیں - متھرا کے مسلمانوں میں قصاب نہایت متمول ہیں - شرفا کم ہیں اور جو ہیں وہ اچھی حالت

وقوس هیں اپنے خیالات کو بدل دیا اور نہایت ہمدردی کا اظہار فرمایا بلکہ ثبوت بھی دیا یعنی یہہ کہ ﷲ نقد مرحمت فرمائی اور آیندہ بھی ہمدردی اور کالج کی بہی خواہی کا وعدہ فرمایا ہمیں یقین ہی کہ وہ اپنے بھتیجے کو یہاں تعلیم پانے کے لیئے بھیجینگے کیونکہ اُنہوں نے ہم لوگوں سے اس امر کا وعدہ فرمایا ہی *

آگرہ کے مسلمانوں کی حالت تعلیمی حیثیت سے ویسی ہی ہی جیسی کہ ہر جگہہ کے مسلمان ہیں - کالج کے حالات سے بہت کم واقفیت ہی مگر اور مقاموں کی طرح سے انگریزی تعلیم سے متحرز نہیں بلکہ شایق ہیں صرف ایسے شخص کی ضرورت ہی جو اُنکو اس طرف عملی ثبوت دینے پر توجہ دلائے - یہاں سیدوں کی آبادی زیادہ ہی - خوشحال ہیں اور اکثر معزز عہدوں پر ممتاز ہیں — اس امر کی ضرورت ہی کہ ان حضرات کے دلوں میں کالج کی طرف دلچسپی پیدا کیجاے کیونکہ اس تدبیر سے کالج کو فائدہ پہونچ سکتا ہی *

(فیروز آباد) ۵ جون کو ڈیپوٹیشن کے ممبر امتیاز علی اور عبدالوہاب فیروزآباد روانہ ہوئے — یہاں پہونچکر جناب تحصیلدار صاحب اور میر اکبر علی صاحب کی راے سے ہم نے اپنا کام نہیں شروع کیا کیونکہ وہاں روسا اکثر موجود نہ تھے - تحصیلدار صاحب ممدوح نے کمال عنایت سے ڈیپوٹیشن کو جولائی میں آنے کی صلاح دی ہی *

(فتح آباد) ۹ جون کو ہم سب اور حیدر کرار صاحب جو کالج کے طالب علم ہیں فتح آباد روانہ ہوئے - ۷ جون کو جناب مولوی علی امجد خاں صاحب کے مکان پر جلسہ ہوا - ہندو مسلمان سب جلسہ میں شریک تھے - مجمع اچھا تھا - جناب ٹھاکر فتح سنگھہ صاحب نے کمال ہمدردی سے میر مجلس ہونا قبول فرمایا — عبدالوہاب نے اپنی مختصر تقریر میں ڈیپوٹی کے اغراض اور کالج کے فوائد بیان کیئے - اُس کے بعد چندہ کی فہرست کھولی گئی دوسو روپیہ کا وعدہ ہوا اور شام تک ما ﷲ وصول ہوگئے - جلسہ کی کامیابی اور اس معقول رقم کا جمع ہونا جناب محمد حسین صاحب بی اے — ایل ایل بی منصف - جناب علی امجد خاں صاحب وکیل اور منشی کالکا پرشاد صاحب وکیل کی قابل قدر کوششوں کا پھل ہی - ہم سب تہ دل سے ممنون و مشکور ہیں -

(آگرہ) — آگرہ پہونچکر هم لوگ جناب مرزا حامد حسین صاحب بي - اے - ایل ایل بي کے مکان پر ٹهیرے جنکي مہمان نوازي کے هم سچے دل سے ممنون و مشکور هیں — بڑے شہروں میں بغیر مہینہ ڈیڑہ مہینہ کي کوشش کے کوئي جلسہ کامیابي کے ساتھہ نہیں هو سکتا اس لیئے وقت کي کمي کي وجہ سے یہہ قرار پایا کہ یہاں کے معززین کي خدمت میں حاضر هوکر کالج اور ڈیوٹي کے مقاصد کي اشاعت کریں اور اس کے بعد چندہ طلب کریں اس لیئے هم لوگوں نے عمایدین شہر کي فہرست تیار کي اور چندہ وصول کرنا شروع کیا - جن همدرد صاحبوں نے هماري مدد کي اُن کے اسماء گرامي یہہ هیں - جناب حافظ عبدالکریم صاحب سي-آئي-اي-سي-وي-او- جناب مرزا اسداللہ بیگ صاحب ڈپٹي کلکٹر - جناب سید عاشق حسین صاحب انسپکٹر پولیس اور مولوي عبدالعزیز خاں صاحب کوتوال شہر - همارے کالج کے ساتھہ ان صاحبوں نے نہایت سچي همدردي کا اظہار کیا اور اُس کے حالات نہایت شوق سے سنے - هم ان حضرات کا خاص طور سے شکریہ ادا کرتے هیں - جناب سید عاشق حسین صاحب نے همسے ایک رسید کي کتاب لیلي هی اور کمال مہرباني سے خود چندہ جمع کرنے کا وعدہ فرمایا هی - آگرہ سے نقد مالعــه وصول هوئے — ما یعــه کا وعدہ هوا جس میں سے عـــه مسٹر عابد حسین صاحب طالب علم کالج جو وهاں کے رهنے والے هیں وصول کرلائے — چندہ کے جمع کرنے میں جن صاحب نے هماري پوري مدد کي هی وہ آغا محمود الحسن صاحب بي - اے هیں جنہوں نے کمال همدردي سے همارے ساتھہ پھرنے کي تکلیف گوارا کي — آگرہ میں کامیابي اُنھي کي کوششوں کا نتیجہ هی هم سب اُن کے کمال درجہ مشکور و ممنون هیں *

کالج کي طرف سے بزرگان قوم کے خیالات کا اندازہ اُس واقعہ سے هوسکتا هی کہ جو همیں آگرہ میں پیش آیا جس کا اس موقع پر لکھنا دلچسپي سے خالي نہیں هی - جناب حافظ عبدالکریم صاحب جن کا هم اوپر ذکر کر آئے هیں پہلے کالج کے نہایت مخالف تھے لیکن دو گھنٹہ آپ کي خدمت میں جب هم نے اصلي حالات کا خاکہ کھینچکر دکھا دیا — آپ نے چونکہ منصف مزاج اور ذي هوش

بخدمت جناب ڈاکٹر ضیاالدین احمد صاحب نایب

امین انجمن الفرض مدرستہ العلوم علیگڈہ

رپورٹ ڈیوٹی ڈیپوٹیشن قسمت آگرہ

بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالب

تماشاے اہل کرم دیکھتے ہیں

یہہ سال انجمن الفرض کي عمر میں نیا سال ہی - نیا سال ان معنیٰ میں نہیں ہی کہ اُس کا وجود دنیا میں اسي برس ہوا بلکہ اُس کي زندگي نے نیا پلٹا کھایا - پہلے یہہ دستور تھا کہ کالج کے پر جوش طالب علم فرداً فرداً اپنے دوست عزیز یگانوں سے صرف اپنے ذاتي تعلقات کي وجہ سے چندہ وصول کرتے تھے یا اپنے پر اثر دوستوں کے ذریعہ سے اوروں سے بھي جو کچھہ ملتا تھا مانگ لاتے تھے - اِس دریوزہ گري سے مالي حالت میں تو البتہ ترقي ہوني جاتي تھي مگر اصل مقصد میں زیادہ کامیابي نہوتي تھي — یعني مسلمانوں میں انگریزي تعلیم کي ضرورت کا ذہن نشین کردینا — مسلمانوں کے خیالات کالج کي طرف سے درست کرنا کالج پر وہ بد نما دھبے جو ناعاقبت اندیش تنگ خیال لوگوں نے لگا رکھے تھے اُن کو دھو پونچھہ کر اُس کا اصلي موقع مسلمان پبلک کے روبرو پیش کرنا تاکہ وہ دیکھیں اور پہچانیں کہ اُس کے اصلي خد و خال وضع قطع کیا ہی اور وہ تصویر اُس نقشہ سے کسقدر مختلف ہی جو اُن کي تصور میں کھینچي ہوئي ہی یا دوسروں نے کھینچي ہی اس پہلو کو اب کي سال ڈیوٹي کے نایب امین جناب ڈاکٹر ضیاالدین احمد صاحب خوب سمجھہ گئے اور اُنہوں نے قومي فقیروں کے یکجا ہوکر مانگنے کي تجویز کي یعني چند طلبا ممالک مغربي و شمالي و اودہ کے مختلف ضلعوں میں بحیثیت ڈیوٹي ڈیپوٹیشن کے دورہ کریں - بڑے بڑے شہر اور قصبوں میں جلسہ کریں - چنانچہ اسي تجویز کے مطابق ایک ڈیپوٹیشن آگرہ ڈویژن میں بھیجا گیا - اور بکم جون کو ہم ممبران ڈیپوٹیشن یعنی عبدالوالي - امتیاز علي اور عبدالوہاب آگرہ روانہ ہوئے *

اُن واقعات سے جو کہ همارے پاس موجود هیں همکو یقین هو گیا هی که اکثر اسکولوں میں مسلمان بچوں کے ساتھه بہت برا برتاو کیا جاتا هی — همیں اس دورہ میں یہه بهي معلوم هوا که مسلمانوں میں اب بهي کثرت سے دینے والے موجود هیں لینے والوں کي ضرورت هی — اگر بہت سے جوشیلے اور سرگرم نوجوان تهوڑي سي تکلیف اٹهکر کام کرنا شروع کریں تو یقینا قوم کي موجودہ حالت کے سنبهالنے میں بہت کچهه مدد دے سکتے هیں *

۱۰ جولائي سنه ۱۹۰۱ع

ظفر عمر
غلام السبطین
و دیگر ممبران ڈیپوٹیشن قسمت میرٹهه

علي خان صاحب نے همارے کام میں همیں بڑی مدد دی ۹ جون کو قصبه کیرانه میں پهونچے یہاں صرف ایک دن میں ایکسو ایک روپیه ۳ آنه ۰ پائي کا چندہ جمع کیا گیا یہاں پر هسکو میاں محمد صاحب و عزیز الحسن صاحب اور لئیق احمد صاحب بي — اے وکیل و سابق طالبعلم کالج نے بڑي مدد دي *

ڈیپوٹیشن منشي مولا بخش صاحب کے مکان پر مقیم هوا - ۱۱ جون کو کیرانه سے مظفر نگر روانه هوئے اور وهاں بقیه چندہ وصول کرلیئے دوسرے دن میرٹهه روانه هوئے — میرٹهه میں منشي نیاز احمد نے ۱۰۰ روپیه کا چندہ همارے جانے سے پہلے وصول کرلیا تها اس لیئے یہه قرار پایا که آیندہ تعطیل میں یہاں ڈیپوٹیشن آوے اور چندہ جمع کرے تاهم منشي نیاز احمد صاحب کي همدردي قابل شکر گذاري هي - خواجه غلام السبطین میرٹهه میں اپنے بهائي کے پاس رہ گئے اور سعید حسین صاحب کو ایک افسوس ناک حادثه کي وجه سے مکان جانا پڑا - اسوجه سے ڈیپوٹیشن کا هاپوڑ اور دیگر مقامات میں جانا آیندہ تعطیل کے لیئے ملتوي کیا گیا — اور ظفر عمر ۱۶ جون کو کالج واپس آئے *

اپنے دورہ میں همنے مسلمانوں کو عام طور پر اپنا همدرد پایا - وہ کالج کے حالات بڑي دلچسپي کے ساتهه سنتے هے - اور هر جگهه همیں بڑي سرگرمي کے ساتهه مدد دي گئي - تعصب کا تاریک پردہ درمیان سے رفته رفته اٹها جاتا هی اور مسلمان انگریزي تعلیم کي ضرورت کو محسوس کرنے لگے هیں لیکن افسوس وہ اُسوقت چونکے جب دوسرے لوگ کوسوں آگے نکل گئے - وہ اپني نیند سے چونک اُٹهے هیں لیکن زمانه کے دگرگوں حالت کو دیکهکر سخت متوحش هیں اُن کو اس بات کي ضرورت هی که وقتاً فوقتاً اُنهیں اُن کي حالت سے آگاہ کیا جاوے - اور موجودہ حالت کے درست کرنے کا ٹهیک راسته بتلایا جاوے - اسوجه سے علیگڈہ کالج کے طلباء کا باهر جاکر مسلمانوں کو مفید باتیں بتلانا اور اُن کي حالت سے آگاهي پانا نہایت مفید هی - اُمید هی که یہه طریقه ڈیپوٹیشن بهیجنے کا نہایت کار آمد ثابت هوگا - اب اسبات کي ضرورت هی که هرایک شہر اور قصبه میں مسلمانوں کے اپنے اسکول قایم کیئے جائیں — قریب قریب هر مقام پر لوگ ایسے اسکول جاري کرنے کے لیئے تیار بهي هیں —

جناب نواب آغا سید سلطان محمد صاحب رئیس بروت تجویز ہوئے۔
پریسیڈنٹ کی افتتاحی تقریر کے بعد سید نثار حسین صاحب تعلقدار نے تقریر کی اُن کی تقریر نہایت پر جوش اور موثر تھی - اس کے بعد خواجہ غلام السبطین صاحب نے انجمن الفرض کے مقاصد بیان کیئے بعدہ وقار حسین صاحب طالبعلم کالج نے کالج کے حالات بیان کیۓ اُن کے بعد سعید حسین صاحب نے کالج کی زندگی کے متعلق نہایت دلچسپ واقعات اپنی سر گذشت کے پیرایہ میں بیان کیئے — ظفر عمر نے انگریزی تعلیم کی ضرورت کو ظاہر کیا اور یہہ بتلایا کہ کالج مسلمانوں کی کس قدر خدمت کر رہا ہی اس قصبہ میں مالعہ روپیہ ۸ آنہ کا چندہ کیا گیا ممبران ڈیپوٹیشن کے سامنے اس قصبہ میں ایک مڈل اسکول کھولنے کی تجویز پیش کی گئی — اس اسکول کے اخراجات کے لیئے یہاں کے اصحاب نے مستقل سرمایہ کا بندوبست کرلیا ہی آغا سید سلطان محمد صاحب اور میر نثار حسین صاحب کی بے بہا کوششوں سے اس چھوٹے سے قصبہ میں بڑی ترقی کی گئی ہی ایک انجمن موسوم بہ انجمن اصلاح نہایت عمدہ اصول پر قایم کی گئی ہی - علاوہ اخبار بینی اور کتب بینی کے اس انجمن کے ممبران مردانہ کھیل مثل ٹینس اور فٹ بال وغیرہ بھی کھیلتے ہیں — بہت اچھا ہو اگر دوسرے قصبات کے اصحاب بھی اس قصبہ کی پیروی کرکے اپنی اصلاح اپنے آپ کرنا شروع کریں - نواب سلطان محمد خاں صاحب کی مہمان نوازی اور بزرگانہ شفقت کا خاص طور پر شکریہ ادا کیا جاتا ہی — ۵ جون کو ڈیپوٹیشن کاندھلہ ضلع مظفر نگر میں پہونچا — اس قصبہ میں کثرت سے مسلمان رہتے ہیں لیکن یہاں کے انگریزی مڈل اسکول میں مسلمان بچے بہت کم تعلیم پاتے ہیں ۲۰ برس کے عرصہ میں جب سے کہ اسکول قایم ہوا ہی صرف تین مسلمان طلباء نے مڈل پاس کیا ہی — کاندھلہ میں ۱۲۲ روپیہ کا چندہ جمع کیا گیا چندہ میں زیادہ حصہ اہل ہنود نے دیا ہی یہاں کی کامیابی منشی عنایت علی خاں صاحب رئیس نوتنی کی وجہ سے حاصل ہوئی ہم عنایت علی خاں صاحب اور مولوی محمد اسمعیل صاحب رئیس کی بزرگانہ عنایات کے از حد شکر گذار ہیں — مولوی محمد جلیل صاحب و مولوی رضی الحسن صاحب اور ڈاکٹر یوسف

آئی — وہ مدرسۃالعلوم کی خدمات کو مسلمانوں کے لیئے نہایت مفید سمجھتے ھیں — یہاں ؏ روپیہ کا نقد چندہ وصول ھوا — اس قصبہ میں سید احمد علی شاہ صاحب نایب تحصیلدار کی امداد خاص شکریہ کے قابل ھی یہاں سے ڈیپوٹیشن مظفر نگر روانہ ھوا - اسٹیشن پر خان بہادر ڈپٹی نذر محمد خانصاحب منشی حفیظ اللہ خانصاحب معہ دیگر اصحاب کے ڈیپوٹیشن کے استقبال کے لیئے تشریف رکھتے تھے — ڈیپوٹیشن نواب رستم علیخاں صاحب کے مکان پر مقیم ھوا - اگلے دن صبح کو ٹون ھال میں جلسہ کیا گیا جس کے پریسیڈنٹ منشی حفیظ اللہ خاں صاحب تجویز ھوئے - سید مصطفی حسین صاحب اور ظفر عمر نے اپنے دورہ کے مقاصد کو بیان کیا اور چندہ کے لیئے اپیل کیا مظفرنگر سے اب تک ماعہ روپیہ وصول ھوچکے ھیں - ذیل کی لوکل کمیٹی مثل سہارنپور یہاں بھی قایم کی گئی

منشی حفیظ اللہ خانصاحب پریسیڈنٹ
میر وزارت حسین صاحب وائس پریسیڈنٹ
منشی فضل احمد صاحب سکرٹری
منشی ظفراحمدصاحب جائنٹ سکرٹری
مولوی ذاکر علی صاحب خزانچی

ممبران
اشرف خانصاحب-نواب بیگ صاحب
لیاقت حسین صاحب - دوست
محمد خانصاحب- مولوی علی احمد
صاحب- مظہر علیصاحب - بابو دھوم
سنگھ صاحب

مظفر نگر کے مسلمان چاھتے ھیں کہ یہاں ایک اسلامیہ اسکول کھولا جاے جو ھمارے کالج سے ملحق ھو *

یہاں خان بہادر مولوی نذر محمد خانصاحب ڈپٹی کلکٹر اور منشی حفیظ اللہ خانصاحب کی امداد خاص شکر گذاری کے قابل ھی - ۲۸ مئی کو ڈیپوٹیشن کے دو ممبران رڑکی اور منگلور گئے لیکن وقت کی قلت کی وجہ سے وھاں کامیابی کے ساتھہ کام نہ کر سکے - سید مصطفی حسین صاحب - محمد ھاشم صاحب اور امتیاز علی صاحب ۳۰ مئی کو چند ضروری کاموں کی وجہ سے کالج واپس چلے گئے اور سعید حسین صاحب بجاے اُن کے ڈیپوٹیشن میں شامل ھوئے - ۳۱ مئی کو ڈیپوٹیشن براہ میرٹھہ قصبہ بروت میں پہونچا جو میرٹھہ سے ۳۲ میل کے فاصلہ پر ھی یکم جون کو انجمن اصلاح کے ھال میں جلسہ قرار دیا جس کے پریسیڈنٹ

عالمانہ پر جوش اور دلچسپ تھي - اس کے بعد چندہ کي فہرست کھولي گئي مولوي محمد نعيم خانصاحب اور مولوي ناظر حسن صاحب نے دس دس روپيہ ماہوار کے دو وظايف ہميشہ کے ليئے کالج کو دينے کا وعدہ کيا - اس کے علاوہ قريب چارسو روپيہ کے وعدہ کيا گيا - جس کا بہت بڑا حصہ وصول ہوچکا هی - سہارنپور ميں مولوي محمد نعيم خانصاحب - شيخ احسان‌الحق صاحب آنريري مجسٹريٹ - مولوي ناظر حسن صاحب اور مولوي عبداللہ جانصاحب کا ڈيپوٹيشن خاص طور پر شکريہ ادا کرتا هی - مذکرہ بالا بزرگان نے بڑي سر گرمي اور جوش کے ساتھہ ڈيپوٹيشن کي امداد کي اور نہايت شفقت اور مہرباني سے پيش آئے - مولوي عبداللہ جان صاحب کے هاں هميں اس موسم ميں بے حد آرام ملا - علاوہ اس کے مولوي صاحب موصوف کي سچي اور پر اثر باتوں کا نقش همارے دلوں سے کبھي دور نہيں هوسکتا - مولوي صاحب نے وقتاً فوقتاً سر سيد مرحوم کي پرائيويٹ لائف کے متعلق هميں ايسي عجيب و غريب اور دلچسپ باتيں سنائيں جن سے هم سب نہايت متاثر هوئے - مسٹر شہاب الدين صاحب بي - اے - ايل ايل بي - مولوي سخاوت حسين صاحب بي اے و حافظ منظور احمد صاحب و عنايت اللہ خاں صاحب سابق طلباء کالج اور منشي عبدالرزاق صاحب نے همارے کام ميں هميں بڑي مدد دي ايک لوکل کميٹي چندہ جمع کرنے اور کالج کے مقاصد کي اشاعت کے ليئے قايم کي گئي - جس کے پريسيڈنٹ مولوي محمد نعيم خاں صاحب رئيس و آنريري مجسٹريٹ - وائس پريسيڈنٹ مولوي ناظر حسن صاحب وکيل و شيخ احسان الحق صاحب رئيس و آنريري مجسٹريٹ - سکرٹري مولوي عبداللہ جان صاحب وکيل جائنٹ سکرٹري مسٹر شہاب الدين صاحب بي اے وکيل اور منشي حامد علي صاحب صديقي اور ممبران راے شمبھو ناتھہ صاحب و ديگر اصحاب مقرر کيئے گئے *

سہارنپور سے ڈيپوٹيشن ديوبند روانہ هوا اور مولوي محمد لطيف صاحب کے مکان پر مقيم هوا — يہہ مقام نئي تعليم اور نئي روشني کي مخالفت کے ليئے مشہور هی — ليکن يہاں کے اصحاب نے همارے کام ميں بڑي دلچسپي ظاهر کي — اور مہرباني سے پيش

انجمن الفرض مدرسۃالعلوم مسلمانان علیگڑھ کا

ڈیپوٹیشن قسمت میرٹھ میں

۱۸ کی شب کو ایک ڈیپوٹیشن جس میں امتیاز علی محمد ہاشم غلام السبطین ـ مصطفی حسین اور ظفر عمر شامل تھے سہارن پور روانہ ہوا ـ ریلوے اسٹیشن پر مولوی عبداللہ جان صاحب وکیل معہ کالج کے پرانے طلباء اور دیگر اصحاب کے ڈیپوٹیشن کے استقبال کے لیئے تشریف لائے تھے ـ ممبران ڈیپوٹیشن مولوی عبداللہ جانصاحب کی کوٹھی پر مقیم ہوئے اُسی دن شام کو ایک جلسہ گورنمنٹ اسکول میں منعقد کیا گیا ـ لیکن اعلان جلسہ اچھی طرح نہ ہونیکی وجہ سے جلسہ کامیابی کے ساتھہ نہوسکا مولوی محمد نعیم خاں صاحب و شیخ احسان الحق صاحب کی یہہ خواہش ہوئی کہ ۲۶ کو پھر جلسہ کیا جاوے مذکورہ بالا اصحاب نے جلسہ کی کامیابی کا ذمہ لیا ـ ۲۶ کی صبح کو تمام ہال سامعین سے پر تھا ـ قبل جلسہ شروع ہونیکے مولوی عبداللہ جان صاحب نے سر ارتھر اسٹریچی کی وفات پر اظہار ماتم کیا اور تجویز پیش کی کہ ایک تار ماتم کا لیڈی اسٹریچی کی خدمت میں روانہ کیا جاوے ـــ جلسہ کے پریسیڈنٹ مولوی محمد نعیم خاں صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ تجویز کیئے گئے مولوی عبداللہ جان صاحب نے ممبران ڈیپوٹیشن کو حاضرین سے انٹروڈیوس کیا ـ اور نہایت فصاحت کے ساتھہ ڈیپوٹیشن کے مقاصد کو بیان کیا ـ اس کے بعد ظفر عمر نے مسلمانوں کی موجودہ اور گذشتہ حالت کا مقابلہ کرکے اعلی تعلیم انگریزی کی ضرورت کو بتلایا ـ اور یہہ بھی بیان کیا کہ مدرسۃالعلوم مسلمانوں کی کس قدر خدمت کر رہا ہی اور وہاں کی تعلیم و تربیت مسلمانوں کی قومی ضروریات کے لیئے کسقدر ضروری ہی ـ پھر سید مصطفے حسین صاحب کھڑے ہوئے اور حسب معمول بڑے زور شور کے ساتھہ تقریر شروع کی اور مسلمانوں کی حالت کا فوٹو دکھلایا ـ پھر مولوی ناظر حسن صاحب وکیل نے اپنی عالمانہ اور پر اثر تقریر میں انگریزی تعلیم کی ضرورت کو بیان کیا اور ثابت کیا کہ مدرسۃالعلوم کے ساتھہ ہمدردی کرنا اور اُس کو مدد دینا ہر مسلمان کے لیئے بڑے ثواب کا کام ہی ـ مولوی صاحب موصوف کی تقریر نہایت

قزاقصا میں ارتضا علي صاحب شرر پیشکار و حکیم خادم حسین رئیس کي مدد سے ۶۷ روپیه وهاں سے بھي وصول هوئے — اور هم لوگوں کا دورہ ختم هوا *

اس طرح هم لوگ ۱۲ مقامات سے قریب الـ ؟ روپیه وصول کرنے میں کامیاب هوئے جس کي مفصل کیفیت آخر میں بطور ضمیمه درج هی اور کل چندہ ؟ کا هی اُمید هی که اور روپیه بھي وصول هوجاویگا *

بهر حال عام طور پر هم لوگ هر مقام پر کامیاب رهے — اور همکو اُمید هی که جب کبھي پھر کوئي ڈیپوٹیشن اِن اضلاع اودہ میں جائیگا تو وہ بھي ضرور کامیاب رهیگا — کیونکه اودہ کے لوگ بہت هي بامروت و بااخلاق هیں اور جب اُن سے ایک بار ملاقات هوجاتي هی تو ضرور کچھه نه کچھه مدد کرتے هیں — همکو افسوس کے ساتھه اظہار کرنا پڑتا هی که همکو اُن انگریزي تعلیم یافته نوجوانوں سے جو که ولایت سے اعلی تعلیم حاصل کرکے تشریف لائے هیں کافي مدد نهیں ملي *

پہلے پہل چندہ جمع کرنے میں بهت دقت هوتي هی اور طبیعت بہت پریشان هوجاتي هی اور ناکامیابي کي ڈراوني صورت نظروں کے سامنے پھرنے لگتي هی — لیکن اگر کوشش جاري رکھي جاے تو یقیناً کامیابي هوتي هی — همکو اس دورہ میں اسکا تجربه هوا *

جب شروع شروع میں لکھنو میں حیله حواله شروع کیا اور چندہ ندیا تو هم بہت پریشان هوئے اور تنگ آکر یہه رباعي کہي —

تاچند کوئي قوم سے مانگے چندے * کہتا هی هر ایک صبر کیجے چندے
اصرار ہزید پر یہه ملتا هی جواب * یہه روز کے نکلے هیں کہاں کے چندے

لیکن جب کچھه کامیابي هوئي تو همکو اپنے اسقدر جلد پریشان هوجانے پر شرمندہ هونا پڑا *

بهر حال کوشش کرنے والوں کي ضرورت هی چندے دینے والونکي کمي نهیں هی اگر کوشش کي جاے تو ۱۰ لاکھه روپیه ایک سال میں جمع هوسکتا هی — اور محمدن یونیورسٹي قایم کي جاسکتي هی *

سید فضل الحسن حسرت سید ابو محمد

ممبران ڈیپوٹیشن

انجمن الفرض

شاهجہاں پور

اگرچہ شاهجہاں پور اودہ میں شامل نہیں هی لیکن چونکہ وهاں ہمارے همدرد اکثرموجود تھے جن میں سے سید علي نقي صاحب ڈپٹي کلکٹر و منشي عبداللطیف خاں صاحب ریونیو سپرنٹنڈنٹ کي کوششوں سے پہلے هي سے وهاں جلسہ کا سامان هوگیا تھا - اس لیئے هم لوگ ۱۷ کو شاهجہاں پور پہونچے ۱۸ کو ٹاون هال میں جلسہ هوا جس میں سید ابو محمد نے انگریزي میں تقریر کي اور کرامت علي صاحب عباسي نے اور سید فضل الحسن نے اُردو - اور نظامي بدایوني نے اپنے نظم پڑھي اور دوسرے دن تک ۱۲۲ روپیہ ۸ آنہ وصول هوئے *

هردوئي

سید ابو محمد شاهجہاں پور میں رهگئے ——— سید واجد حسین صاحب اور سید فضل الحسن ۱۹ کو روانہ هردوئي هوئے ——— شہر مسلمانوں سے بالکل خالي هی چنانچہ بمشکل تمام یہاں سے ۱۴ روپیہ وصول هوئے - سید مسعود حسین صاحب بھي سندیلہ سے هم لوگوں کي درخواست پر اُسي روز وهاں پہونچگئے اور اُسي دن حسب اتفاق آرا - سید فضل الحسن معہ مسعود حسین صاحب کے روانہ بلگرام هوئے اور واجد حسین صاحب معہ صادق رضا صاحب و عبدالستار صاحب کے جو سندہ سے بغرض همدردي تشریف لائے تھے روانہ شاہ آباد هوئے *

بلگرام

بلگرام کے لوگ نہایت روشن خیال هیں اور مسلمانوں کي علمیت اور پرانے جوهروں کے نشانات بھي اکثر نظر آجاتےهیں وایسي قصبہ میں چنانچہ جسدن هم لوگ وهاں پہونچے اسروز وهاں مجلس مشاعرہ گرم تھي - لیکن افسوس هی کہ مالي حالت وهاں کي بہت خراب هی اس لیئے بڑي کوشش سے ــــــہ روپیہ وصول هوئے سید وصي حیدر صاحب رئیس بلگرام کے هم لوگ بہت مشکور هیں جنہوں نے کمال همدردي ظاهر فرمائي اور هر طرح سے همارِي مدد کي *

شاہ آباد

شاہ آباد بھي پرانا قصبہ هی لیکن وهانکے باشندے تعلیم انگریزي سے بالکل

جس میں ۱۲۵ روپیه کے قریب وعدہ ہوا — جس کے متعلق مہر محمد عابد صاحب وکیل راے بریلی نے وعدہ فرمایا کہ بعد میں وصول کرکے بھیجدینگے — لیکن ابھی تک کوئی رقم وصول نہیں ہوئی *

کاکوری

راے بریلی سے ہم لوگ لکھنؤ واپس آئے — یہاں سید واجد حسین صاحب مکان سے آگئے تھے — اب ہم لوگ دو سے تین ہوگئے — سید ادو محمد لکھنؤ میں رهگئے اور واجد حسین صاحب بہ سید فضل الحسن ۱۳ ستمبر کو کاکوری روانہ ہوئے وہاں ذکی الدین خاں صاحب سابق تعلقہ دار ریاست حضور نظام نے ہم لوگوں کی بہت خاطر و تواضع فرمائی اور اپنے یہاں ایک جلسہ بھی منعقد کیا جس میں واجد حسین صاحب و انتظار علی صاحب نے تقریریں کیں — اور آخر میں طے پایا کہ ایک لوکل کمیٹی بنی جاے اور انتظار علی صاحب طالب علم مدرسۃالعلوم وہاں سے چندہ موعودہ یعنی ۱۲۵ روپیہ بعد میں وصول کرکے روانہ کالج کردیں *

سندیلہ

۱۵ کو ہم لوگ سندیلہ پہونچے — وہاں سید مسعود حسین صاحب و صادق رضا صاحب طالب علمان مدرسۃالعلوم و شیخ کرامت علی صاحب عباسی نے پہلے ہی سے تمام انتظام کر رکھا تھا جنکی سعی بلیغ کے ہم لوگ انتہا سے زائد ممنون ہیں — ہم کو یہہ بھی معلوم ہوا کہ سید محسن رضا صاحب کورٹ انسپکٹر نے چندہ کے وعدے لینے میں مسعود حسین کو بہت مدد دی تھی — ہم اُن کے بھی بہت مشکور ہیں *

دوسرے دن صبح کو ایک جلسہ ٹاون ہال میں منعقد ہوا اور وہیں پر ۶۲۸ روپیہ ۱۵ آنہ وصول ہوگئے *

باشندگان سندیلہ کی فراخ حوصلگی اور قومی ہمدردی واقعی قابل تعریف ہے — یہہ قصبہ علمی و ظاہری دونوں حیثیتوں سے اودھ کے اول درجہ کے قصبوں میں سے ہے - شیخ کرامت علی عباسی اور عبدالستار ان ہر دو صاحبان کے ہم خاصکر مشکور ہیں کہ شیخ صاحب موصوف نے شاہجہانپور کا سفر بغرض امداد ڈپوٹی اختیار کیا اور وہاں پر جوش اسپیچ دی اور عبدالستار صاحب نے شاہآباد تک اسی غرض سے تکلیف گوارا کی *

ایک دن کے لیئے سید فضل الحسن قصبہ صفی پور ضلع اُناؤ کو بھی چلے گئے — وہاں سے ایک قلیل رقم وصول ہوئی اور ایک لوکل کمیٹی قایم ہوگئی جسنے بعد میں چندہ بھیجنے کا وعدہ کیا *

سلطانپور

اُناؤ سے واپس آکر ممبران ڈیپوٹیشن روانہ سلطانپور ہوئے – وہاں اکثر اضلاع میں اودہ کے کوئی بھی رئیس نہیں رہتا — صرف ملازمان سرکار سے اُسکی رونق ہی *

خواجہ احمد حسن صاحب ڈپٹی کلکٹر نے ہم لوگوں کی بڑی مدد فرمائی — اور دوسرے روز یعنی ۶ جون کو وکٹوریہ منزل میں ایک جلسہ ہوا — جس میں علاوہ اہل اسلام کے برادران اہل ہنود بھی کثرت سے شامل تھے سید ابو محمد نے انگریزی میں اور سید فضل الحسن نے اُردو میں تقریر کی اور ایک نظم بھی پڑھی – اور آخر میں فہرست چندہ لوگوں کے سامنے پیش کی گئی – اور تقریباً سب چندے دوسرے دن تک وصول ہوگئے *

دوسرے دن ہم لوگ راجہ حسن پور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہاں سے معہ وصول ہوئے *

۸ جون کو کورواڑ گئے اور راجہ صاحب کورواڑ نے سہ مرحمت فرمائے غرضکہ کل ماللہ عہ سلطانپور سے وصول ہوئے *

پرتابگڈھ

سلطانپور سے پرتابگڈہ بذریعہ شکرم آئے — وہاں شیخ کفایت‌الله صاحب و سید وزیر حسن صاحب بی اے ایل ایل بی نے ہملوگوں کی بہت مدد کی اور اُنہیں دونوں حضرات کی کوشش کے سبب سے ایک ہی دن میں ہمکو مالعہ وصول ہوگئے اور ہم لوگ دوسرے دن رائے بریلی روانہ ہوگئے *

رائے بریلی

یہاں مرزا قسیم بیگ صاحب جغتائی ڈپٹی کلکٹر و سابق طالب علم مدرسۃ‌العلوم کی مدد سے ۱۱ جون کو ایک جلسہ ٹاؤن ہال میں ہوا *

ایک اور بات مشکل تھی وہ یہہ کہ لوگ مکانوں دو ملتے نہ تھے اور اسلیئے ایک دن میں بہت کم لوگوں سے ملاقات کا موقع ملتا تھا - اور ممبران ڈیپوٹیشن بھی تعداد میں اتنے زیادہ نہ تھے کہ چند ایک محلہ میں جاتے اور چند دوسرے محلہ میں *

شوکت علی صاحب تو اپنے کسی عزیز کی علالت کے باعث سے دو تین دن کے بعد کام کرنے سے معذور ہوگئے اور واجد حسین صاحب اپنی ذاتی علالت کے سبب بہ کچھہ دن کے لیئے مکان چلے گئے اسلیئے ڈیپوٹیشن کی قوت کم ہوگئی تاہم حامد علی خاں صاحب بیرسٹر ایٹ لا کی مدد سے ۴۳۲ روپیہ لکھنؤ سے وصول ہوگئے — اگر ڈیپوٹیشن زیادہ دن تک لکھنؤ میں قیام کرتا اور بہت کوشش کیجاتی تو بلا شک ۱۰۰۰ روپیہ کے قریب ضرور ملتے - لیکن قلت وقت کے باعث سے مجبوراً وہاں سے روانہ ہونا پڑا *

بارہ بنکی

بارہ بنکی پہونچنے کی تاریخ ۲۴ مقرر تھی لیکن بوجوہ مذکورۂ بالا تاریخ مقررہ پر ڈیپوٹیشن وہاں نہ پہونچ سکا لیکن ۲۰ مئی کو میرے وہاں پہونچنے پر معلوم ہوا کہ نواب علی صاحب و ضیاء الدین صاحب و ظہیر حسن صاحب طالب علمان مدرسۃالعلوم کی کوششوں سے تاریخ مقررہ پر جلسہ ہوچکا تھا اور نواب عظیم خاں صاحب ڈپٹی کلکٹر صدر انجمن نے ~~~ ۸۰ چندہ بھی وصول ہو گیا تھا *

اناو

سید ابو محمد لکھنؤ میں مقیم رہے — اورسید فضل الحسن تاریخ مقررہ سے ایک دن بعد یعنی ۲۷ مئی کو اناو پہونچے — یہاں سے محب اللہ صاحب طالب علم مدرسۃالعلوم علیگڈہ کے ہمراہ لے معہ وصول ہوئے *

سید احمد حسین صاحب تحصیلدار اناو نے ہملوگوں کے مقاصد سے کمال ہمدردی ظاہر فرمائی اور وصولی چندہ میں بھی بہت کچھہ مدد فرمائی جسکے ہم لوگ تہ دل سے مشکور ہیں — اناو کے لوگ علوم انگریزی سے بالکل بے بہرہ ہیں اور کالج سے تو بہت ہی کم واقف ہیں *

وقف کردیں - اسکالرشپ فنڈ میں بھی جو کامیابی اس وقت تک ہوئی ہی وہ ہمارے منصوبوں کے مقابلوں میں کچھہ نہیں ہی جب کہ ایک طرف مدرسۃالعلوم کو دارالعلوم بنانے کی کوشش ہورہی ہی اسیکے ساتھہ ڈیوٹی کا فرض ہی کہ وہ اس قدر سرمایہ جمع کرے جس سے مستقل طور پر کم از کم ایک ہزار طالب علم بلا کسی قسم کا خرچ کیئے ہوئے تعلیم پاسکیں ورنہ خوف ہی کہ مسلمان پورے طور پر اس مجوزہ محمدن یونیورسٹی سے فایدہ اوٹھانے سے معذور رھینگے *

ضیاءالدین احمد

نائب امین انجمن الفرض

ڈیوٹی ڈیپوٹیشن اودہ میں

اودہ ڈیپوٹیشن ۱۹ مئی کو علیگڈہ سے روانہ لکھنؤ ہوا - راستہ میں ایک دن شاہجہانپور میں قیام کرکے ۲۱ کو ممبران ڈیپوٹیشن یعنی سید ابو محمد و سید فضل الحسن حسرت داخل لکھنؤ ہوئے — دیگر ممبران ڈیپوٹیشن یعنی واجد حسین صاحب و شوکت علی صاحب پہلے ہی سے لکھنؤ پہونچ چکے تھے — اسی روز فراہمی چندہ کی کوشش شروع کردی گئی — پہلے دو ایک دن تک تو ہملوگوں کو بہت کم رقم وصول ہوئی جسکی وجہ سے ہم لوگوں کے ارادے کچھہ پست سے ہونے لگے لیکن بعد کو لوگوں نے توجہ شروع کی اور وہ خیالات نا کامی جذبات اُمید سے مبدل ہوگئے *

باشندگان لکھنؤ کی نسبت عام طور پر یہہ غلط خیال مشہور ہی کہ وہ علیگڈہ کالج کے مخالف ہیں کیونکہ ہم لوگوں کو سوا دو چار مستثنیات کے اور کوئی موقع ایسا نہیں پیش آیا کہ ہم لوگونکو بڑی وہی رائے قایم کرنا پڑتی یہہ ضرور ہی کہ زیادہ تر لوگ کالج کے حالت سے نا واقف ہیں اور اسلیئے اُنکو معاملات تعلیمی سے دلچسپی بہی کم ہی لیکن یہہ نا واقفیت ایسی نہیں ہی کہ ہم اُسے مخالفت کے نام سے پکار سکیں کیونکہ جب ہم لوگوں نے کالج کے مقاصد بیان کیئے تو حضرات لکھنؤ نے بڑی خوشی سے چندہ دیا *

جس سامان ہمارے پاس موجود ہیں اور آسانی کے ساتھہ ہم دوکان کو ایک مفید انسٹیٹیوشن بناسکتے ہیں اول طریقہ یہہ ہی کہ ہم موجودہ حسابات کو اچھی طرح آڈٹ کرکے آیندہ حساب رکھنے اور اُن کے جانچنے کے قواعد ضبط کریں اور اُن پر سختی کے ساتھہ عمل درآمد کریں اور پھر رفتہ رفتہ اپنے کاروبار کو بڑھاتے رہیں — غالبا شاپ کمیٹی کو ایک ہوشیار کالج کے طالب علم کو کسی فرم میں کاروبار کا کام سیکھنے کے لیئے بھی بھیجنا پڑیگا جو کہ اپنی زندگی کو کالج کے فائدے کے لیئے وقف کردے دوسرا طریقہ یہہ ہی کہ وہ ایک یا ایک سے زیادہ تجربہ کار سوداگروں کو کالج میں دوکان کھولنے کی اجازت دے اور ہر مہینہ چیزوں کی قسم اور اُن کی قیمتوں کا ملاحظہ کرلیا کرے اور ایک خاص رقم بالمقطع یا منافع کا کچھہ حصہ مقرر کرلے — دوسرے طریقہ میں کامیابی اُسیوقت ہوسکتی ہی جبکہ ہمکو ایسے سوداگر ملسکیں جو کہ کاروبار میں تجربہ کار اور کالج کے دلی خیر خواہ ہوں *

آخر میں چند الفاظ انجمن الفرض کے مقاصد کی نسبت بیان کرنے کی اجازت چاہتا ہوں — کسی شخص کے لیئے ڈبوٹی کے انتہائی گول کو بیان کرنا اُسی قدر مشکل ہی جتنا کہ ہیئت داں کے لیئے نظام شمسی کی بابت بیان کرنا یا ایک سوشیالو جسٹ کے لیئے انتہائی شایستگی اور اگر کوئی شخص پیشین گوئی کرے تو اُس کی پیشین گوئی اُسی قدر غلط ہوگی جیسی کہ پولیٹکل پیشین گوئیاں ہوا کرتی ہیں — اس میں کچھہ شک نہیں اگر ڈبوٹی اپنے مقاصد کو آیندہ وسعت نہ بھی دے اور اُسی لائن پر چلے جس پر کہ وہ اب چل رہی ہی تب بھی وہ ترقی کی معیار سے بہت دور ہی — مسجد کمیٹی اینٹ اور چونے کی عالیشان عمارت تیار کرنے کے بعد اپنی توجہ سے سبکدوش نہیں ہوسکتی اس کو ایسے سامان مہیا کرنے ہونگے جن سے کہ سچی مذہبی روح قایم رہے — اس کمیٹی کو ایسے متعدد عالموں کے رکھنے کے سامان مہیا کرنے ہونگے جو علاوہ مذہب میں ماہر ہونے کے سائنس اور فلسفہ سے بھی بیخبر نہیں — مذہب کو اس زمانے میں اپنی اصلی شان و شوکت پر قایم رکھنے کے لیئے کمیٹی مذکور کو چاند معقول وظایف اُن لوگوں کے لیئے دایم کرنے ہونگے جو کہ اپنی زندگی کو مذہبی تحقیقات کے لیئے

کاموں میں پھنس جانے کي وجه سے جناب مرحوم اسپر پوري توجه نہیں فرماسکے اُس وقت اس قسم کي ڈارکٹري تیار کرنا بمقابله اس زمانه کے زیادہ مشکل تھا کیونکه نه مسلمان عام طور پر کالج کي طرف متوجه تھے اور نه ھمکو اُنسے واقفیت حاصل کرنیمیں وہ سہولیت تھي جوکه اسوقت ھی چونکه یہه آخري رپورٹ ھی جس کے انجمن الفرض کے واسطے تیار کرنے کي مجھکو عزت حاصل ھی میں نہایت افسوس کے ساتھہ اُن تمام باتوں کو یاد کرتا ھوں جو که اپنے عہدہ نیب امین الفرض کے زمانے میں کرسکتا تھا اور میں نے نہیں کیں - منجمله اُن بہت سي چیزوں کي ایک دوکان الفرض ھی — انجمن الفرض کي دوکان بلا کسي سرمایه کے اس غرض سے قایم کي گئي تھي که اُس کے منافع سے انجمن الفرض کے معمولي اخراجات ادا ھوسکیں - اس میں کچھه شک نہیں که ماسٹر میر ولایت حسین صاحب بي اے پراکٹر مدرسةالعلوم کي زیر نگراني میں دوکان نے وہ ترقي کي ھی جو که بانیان کے ذھن میں بھي نہیں تھي - باوجودیکه میر صاحب موصوف کو اپنے مختلف اور بلا محدود فرایض ادا کرنے کے بعد بہت کم وقت بچتا ھی تاھم دوکان نے اسقدر ترقي کي ھی که وہ اخراجات معمولي ادا کرنے کے بعد ایک معتدبه رقم ھر سال وظایف کي مد میں دیتي ھی - یہه اقرار کرنا پڑیگا که دوکان کي حالت قابل اطمینان نہیں ھی اور میں آج کي رپورٹ میں دوکان کا بیلنس شیٹ (Balance Sheet) شامل کرنے سے معذور رھا - دوکان میں بہت کچھه گنجایش ترقي کي ھی اور اگر شاپ کمیٹي تھوڑي اور توجه اسطرف مبذول فرمائے تو بہت جلد دوکان کي آمدني اخراجات ادا کرنے کے بعد سو روپیه ماھوار کي ھوسکتي ھی - کھانے کي کمیٹي چاھتي ھی که دوکان اشیاے خوردني ڈائننگ ھال کو مہیا کیا کرے — کالج کے طالب علم اور ٹرسٹیان و احباب کي خواھش ھی که دوکان میں علاوہ معمولي قسم کي اسٹیشنیري کے ھرایک قسم کے ضروري سامان موجود رھیں - اکثر سوداگر چاھتے ھیں که وہ چیزیں کالج کو فائدہ پہونچانے کي غرض سے دوکان میں لبریل کمیشن دیکر فروخت کے لئے بھیجیں — کل مسلمان مصنفوں کي دلي تمنا ھی که اُن کي کتابیں ھماري دوکان کے ذریعه سے ھندوستان کے مسلمانوں میں اشاعت پاویں *

هو جائیں تو اُنکے ساتھہ کام کرنے کے لیئے ایک یا دو ہزار آدمی ضرور ملجائینگے — اس موقعہ پر طویل بحث کرنا کہ یہہ **organisation** کیونکر ہوسکتا ہی نا مناسب ہی - اسوجہ سے بھی میں اس بحث سے کنارہ کش رہنا چاہتا ہوں کہ عنقریب مجھکو اُن مشاہدوں اور تجربونکے حاصل کرنیکا موقع ملیگا جو کہ میری موجودہ رایوں میں بہت کچھہ انقلاب پیدا کرینگے *

همکو سب سے پہلے ایک ڈارکٹری جس میں مفصل ذیل واقعات ہر ایک حصہ کے متعلق چھپے ہوں تیار کرنا چاہیئے هر ایک قصبے میں ایک یا دو ایسے با اثر اور پر جوش کالج کے خیر خواہوں کے نام ہوں جنکو ہم اپنا ریپریزینٹیٹو (Representative) بنا سکیں - چند خطاب یافتہ لوگوں کے نام ہونے چاہیئیں جو کہ ہر معاملہ میں مدد دے سکیں اور ایک خزانچی ہونا چاہیئے جسپر بلا تکلف اطمینان ہو چند همدردی کے ساتھہ کام کرنے والے اور کالج سے دلی محبت رکھنے والے ہونے چاہیئیں جوکہ ہر ایک بات پر عملی کارروائی کرسکیں - اور اُن تمام مسلمانوں کے نام معہ پتے و کیفیت ہونے چاہیئیں جن کی آمدنی ۵۰ ماہوار سے زیادہ ہو - ممکن ہی کہ آخری حصہ اس ڈارکٹری کا ہم ایک جگہہ بیٹھکر مرتب کرسکیں مگر شروع کے حصے کی ترتیب بلا تجربہ کے نہیں کی جاسکتی *

اس ڈارکٹری کے تیار کرنے میں وہ لوگ بہت مدد دیسکتے ہیں جن کو باہر جانے کا موقعہ ملا ہی خواہ بحیثیت ممبر ڈیپوٹیشن کے ہو یا بحیثیت ورکنگ ایجنٹ میموریل فنڈ کے ہو یا بحیثیت کانفرنس مشنری کے — اس میں کچھہ شک نہیں کہ مولوی طفیل احمد صاحب کی کالج کے پرانے طالبعلموں کے ڈارکٹری بطور ضمیمہ کے نہایت مفید ہوگی مگر صرف وہ ہماری ضرورت کے لیئے بہت نا کافی ہی — اس قسم کی ڈارکٹری تیار کرنے کا مسٹر بیک مرحوم کا ہمیشہ سے خیال رہا ہی چنانچہ جناب موصوف کی تحریک سے میں نے سنہ ۱۸۹۴ع میں سلطانپور کی ایک مفصل ڈارکٹری تیار کی تھی جس میں نہ صرف کیفیت کے خانے میں ہر ایک شخص کی نسبت یہہ بھی تحریر کیا تھا کہ کالج کے متعلق اُن کے کیا خیالات ہیں اور اگر اُن سے چندہ مانگا جاوے تو کس طرح اور کس قدر دینگے - بہت سے ضروری

۶- سعید حسین صاحب هشتم ... انعام فرسٹ ایر کلاس جسمیں اول ہوئے -

۷- رضا علي صاحب یازدهم ... انعام فورتهہ ایر کلاس جسمیں اول ہوئے

۸- حاجي محمد خاں صاحب اور غلام نبي صاحب نے وہ انعامات پائے جو اُن لوگوں کے لیئے مقرر کیئے گئے تھے جو ایسے مقامات کے رہنے والے ہیں جہاں اُردو کم بولي جاتي *

اسمیں کچھہ شک نہیں کہ ڈیپوٹیشن بھیجنے کا طریقہ انجمن الفرض کے مقاصد کي اشاعت کرنے اور اُسکے مختلف شعبوں کے لیئے روپیہ جمع کرنے میں بمقابلہ قدیم طریقہ کے زیادہ مفید اور زیادہ موثر ہی مگر کچھہ عرصہ کے بعد انجمن مذکور کو یہہ طریقہ چھوڑ نا پڑیگا *

کیونکہ ہر صوبہ میں ایکمرتبہ دورہ کرنیکے بعد غالباً دعوت و محنت کے مقابلہ میں کامیابي حاصل نہوگي — اُسکے علاوہ یہہ راستہ اسقدر پیچدار ہی کہ چلنے والے خود گہومي کھانے لگینگے — ہمکو تمام سد راہ طے کرنیکے بعد اُس حالت پر پہونچنا چاہیئے کہ ہم سال میں ایک مرتبہ ہندوستانکے ہرایک شہر — ہر ایک قصبہ — ہر ایک گاؤں اور ہر ایک گھر سے بلا کسي ایجنٹ کے بھیجے ہوئے روپیہ جمع کرسکیں - اسکے واسطے ہمکو اُس organisation (اہتمام) کي ضرورت ہی جیسے ولایت میں شفاخانونکے لیئے روپیہ جمع کیا جاتا ہی — مہینہ میں ایک اتوار بموسوم Hospital Sunday (شفاخانونکا اتوار) مقرر ہی اور اُسي روز چندہ جمع کرنیوالے تمام انگلستان میں پہیلجاتے ہیں اور ہر ایک شخص سے چندہ جمع کرتے ہیں اور تہوڑي تہوڑي مقدار میں جمع کرنیسے ایک کثیر رقم جمع ہو جاتي ہی — بہت سے لوگونکا یہہ خیال ہی کہ اس قسم کے organisation کي اُمید مسلمان جیسے مردہ قوم سے رکھنا بالکل بےسود ہی یہہ رائے کتني هي راسخ اور تجربہ کار کي کیوں نہو میں اُسکو وقعت سے دیکھنے کے بعد هي یہہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مسلمان شروع سے عملي کام کرنے میں ضرب المثل رہے ہیں - تلوار پر زنگ لگ گیا ہی مگر اُسکي آب بالکل گئي نہیں ہی — اگر ایک یا دو آدمي بهي اِس قسم کا کام کرنیکے لیئے کمر بستہ ہوجائیں تو جدیدہ میں مستعد

پانچواں ڈیپوٹیشن جس کے ممبر حاجي محمد خاں صاحب - عنایت الله خاں صاحب - اکرم خاں صاحب - عبدالغني صاحب - اور مراد علي صاحب هیں - یهه پنجاب کے مفصل ذیل مقامات کا دورہ کرے گا *

گجرانوالا - وزیرآباد - سیالکوٹ - جمو - گجرات - جهلم - راولپنڈي حسن ابدال - واہ - اٹک اور پشاور *

چهٹا ڈیپوٹیشن شمله جائیگا جس کے ممبر - ظفر عمر صاحب اور محمد ادریس صاحب هیں اور محمد حیات صاحب بي اے وهاں ساتهه هونگے *

چونکه باهر جاکر ان طلبا کو اُردو میں اسپیچیں اور لکچر دینے پڑتے هیں اس لیئے اسٹاف ڈپوٹي کي طرف سے سات انعام مقرر کیئے گئے هے اور ایکسال کے اندر چار بار بطور امتحان مقابله کے لڑکوں نے مختلف مضمون متعلقه کالج و مجوزہ یونیورسٹي — تعلیم اور سر سید کي لایف پر لکچر دیئے اور مندرجه ذیل لوگوں نے انعامات حاصل کیئے یهه انعامات نواب محسن الملک بهادر – صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب اور قاضي عزیزالدین احمد صاحب کي طرف سے تقسیم کیئے گئے جنکي فیاضي اور دلچسپي خاص طور پر شکریه کے قابل هی — چونکه یهه انعام کالج کلاس کے اعتبار سے دیئے گئے اسلیئے همکو افسوس هی که چند قابل لوگوں نے انعام نهیں پائے مگر هم اُنکا نام بهي درج کرتے هیں *

۱– محمد یعقوب صاحب اول ... انعام سکنڈ ایر کلاس جسمیں اول هوئے –

۲– محمد حسین صاحب دوم ... سکنڈ ایر میں هونیکي وجه سے انعام نه پایا –

۳– سید ابو محمد صاحب سوم ... انعام تهرڈ ایر کلاس جسمیں اول هوئے

۴– مولانا فضل الحسن صاحب چهارم ... تهرڈ ایر میں هونیکي وجه سے انعام نهیں پایا

۵– محمد علي شاہ پنجم ... انعام اسکول کلاس جسمیں اول هوئے

ہی اور اُن کے احسانات کو شکر گذاری کے ساتھہ قلم بند کرتی ہی *

احمد حسین صاحب تحصیلدار اوناؤ *

احمد جان صاحب تحصیلدار شاہجہاں پور *

عبداللطیف صاحب ریونیو سپرنٹنڈنٹ *

علی نقی صاحب ڈپٹی کلکٹر شاہجہاں پور *

کفایت اللہ صاحب رئیس پرتاب گڑہ *

وزیر حسین صاحب بی اے ایل ایل بی پرتاب گڑہ *

حکیم عبدالعزیز صاحب لکھنو *

مولانا مولوی قبلہ ناصر حسن صاحب مجتہد لکھنو *

قبلہ مولانا مولوی الن صاحب مجتہد لکھنو *

مسٹر حامد علی خاں بیرسٹر لکھنو *

مولوی محمد نسیم صاحب وکیل لکھنو *

تعطیل آیندہ میں مفصل ذیل ڈیپوٹیشن انجمن الفرض کی طرف سے بھیجے جانے تجویز ہوئے ہیں *

ڈیپوٹیشن اول جس میں عبدالوہاب صاحب - سعید حسین صاحب - وقار حسین صاحب شامل ہونگے قسمت میرٹھہ میں اپنا دورہ یکم اگست سے مسوری سے شروع کریگا جہاں پر مشتاق علی خاں صاحب بھی شامل ہونگے *

دوسرا ڈیپوٹیشن قسمت بنارس جائیگا جس کے ممبر حسب ذیل ہونگے محمد سبطین صاحب - انوس احمد صاحب - غلام مولی صاحب - عبدالوالی صاحب - یہہ ڈیپوٹیشن مرزا پور - بنارس - غازیپور - اور جونپور کے ضلعوں کا دورہ کریگا *

تیسرا گورکھپور ڈویزن میں بھیجا جائیگا جو کہ اپنا کام بستی - گورکھپور - بلیا اور اعظم گڑہ میں کریگا - اسکے ممبر شاہ سعوداللہ صاحب - محمد مثنی صاحب - محمود بیگ صاحب - بلند حسین صاحب - محمد اسمعیل صاحب ہیں *

چوتھا قسمت الہ آباد میں کانپور - فتح پور - الہ آباد - اور باندا جائیگا اس میں محمد جنید صاحب - احسان الدین احمد صاحب - عزیز حسین صاحب - محمد یعقوب صاحب - اور سجاد حسین صاحب - شامل ہونگے - اور کانپور تک مولانا فضل الحسن بھی ہمراہ ہونگے *

علي امجد خاں صاحب رئیس قائم آباد *
محمد اسمعیل صاحب وکیل فتحگڈہ *
میر کرار حسین صاحب مختار فتحگڈہ *
مولوي عبدالغفار صاحب ڈپٹي کلکٹر فتحگڈہ *
چودھري یعقوب علیخاں صاحب رئیس مارھرہ *
رزولیوشن نمبر ۸ جس کے محرک غلام‌السبطین صاحب بي اے اور موئد ظفر عمر صاحب تھے اور جو کہ بالاتفاق منظور ھوا – اور وہ یہہ ھی کہ خدام اور معاونین الفرض مفصل ذیل اصحاب کي اُن تکلیف کے ممنون ھیں جو کہ اُنھوں نے ڈیپوٹیشن کي کامیابي کے لیئے اپنے اپنے شہروں میں اُٹھائي ھی *
مولوي لئیق احمد صاحب رئیس کرانہ *
میاں محمد صاحب رئیس کرانہ *
مولوي عبداللہ جان صاحب وکیل سہارن پور *
شیخ احسان‌الحق صاحب رئیس سہارن پور *
مولوي نعیم خاں صاحب رئیس سہارن پور *
مولوي ناصر حسن صاحب وکیل *
مولوي شہاب‌الدین صاحب بي اے ایل ایل بي *
امجد علي شاہ صاحب تحصیلدار دیوبند *
مولوي محمد لطیف صاحب رئیس *
خان بہادر نظر محمد خاں صاحب ڈپٹي کلکٹر مظفر نگر *
مولوي حفیظ‌اللہ خاں صاحب رئیس *
نواب سلطان محمد خاں صاحب رئیس بڑوت ضلع میرٹھہ *
میر نثار حسن صاحب ضلعدار *
مولوي عنایت علي خاں صاحب رئیس کاندلہ *
مولوي محمد اسمعیل صاحب متولي *
رزولیوشن نمبر ۹ جس کو فضل‌الحسن صاحب نے پیش کیا اور ابو محمد صاحب نے تائید کي اور بالاتفاق منظور ھوا *
بعیوض اُس بے بہا ھمدردي اور توجہ کے جو مفصل ذیل اصحاب نے اردہ ڈیپوٹیشن کے ساتھہ ظاھر فرمائي ھی انجمن الفرض اُن کي ممنون

چنانچہ پچھلے موسم گرما کي تعطیل میں تین ڈیپوٹیشن ایک قسمت میرٹھہ میں دوسرا اودہ میں اور تیسرا قسمت آگرہ میں بھیجے گئے ممبران ڈیپوٹیشن اپنے دورے کي مفصل کیفیت جوکہ دلچسپي سے خالي نہیں ھی خود بیان کرینگے — اس میں کچھہ شک نہیں کہ امسال کي آمدني غیر توقع اور بلا تمثیل انہیں ممبران ڈیپوٹیشن کي جانفشانیوں اور جون کے مہینے کے گرد اور لوؤں میں پھرنیکا نتیجہ ھی — انجمن الفرض نے اپنے جلسہ منعقدہ ۵ جولائي نہایت وقعت (اور تحسین) کے ساتھہ اُن تمام طالب علموں کي خدمتوں کا جوکہ ڈیپوٹیشن کے ساتھہ گئے تھے اور اُن تمام صاحبوں کي مہربانیونکا جنھوں نے کہ ڈیپوٹیشن کو مدد دي اظہار کیا اور مفصلہ ذیل رزولیوشن پاس کیئے •

رزولیوشن نمبر ۲ جس کو ابو محمد صاحب نے پیش کیا اور پروفیسر ضیاالدین احمد ایم اے ڈي ایس سي نے تائید کي کہ ایک شکریہ کا ووٹ مفصلہ ذیل صاحبوں کے لیئے بدلہ اُس امداد کے پاس کیا جاے جو کہ اُنھوں نے ڈیپوٹیشن کے ساتھہ ھمدردي ظاھر کرنے اور فنڈ مذکور میں اپني جیب خاص سے چندہ عنایت فرمانے میں دي ھی •

(۱) مسٹر ڈي کیلن بہادر کلکٹر و مجسٹریٹ شاھجہانپور •
(۲) مسٹر تھے وے بہادر ڈپٹي کمشنر سلطانپور •
(۳) مسٹر کاکس بہادر ڈپٹي کمشنر ھردوئي •
(۴) مسٹر ونگریم بہادر کلکٹر و مجسٹریٹ مظفر نگر •
(۵) مسٹر حسن علي بہادر جائنٹ مجسٹریٹ مظفر نگر •
(۶) مسٹر اکبر حسین سشن جج سہارنپور •

رزولیوشن ۷ عبدالوہاب صاحب کي تحریک اور عبدالوالي صاحب کي تائید سے بالاتفاق قرار پایا کہ انجمن الفرض نہایت وقعت کي نگاہ سے مفصل ذیل اصحاب کي امداد کو دیکھتي ھی جو کہ اُنھوں نے قسمت آگرہ کے ڈیپوٹیشن کو دي اور اُن کي اس خدمت کي مشکور ھی •

(۱) مرزا حامد حسین صاحب وکیل آگرہ •
مولوي مولانا عبدالکریم صاحب سي آئي اي رئیس آگرہ •
آغا محمودالحسن صاحب بي اے آگرہ •
محمود حسین صاحب بي اے ال ایل بي منصف فتحپور آباد ضلع آگرہ •

اس سال کی کارروائی میں مفصل ذیل واقعات خاص طور پر ذکر کے قابل هیں *

(۱) امسال علاوہ ۵۷۹ روپیہ ۸ آنہ کے جوکہ کالج کے موجودہ طالب علموں کو دیئے گئے هیں ماصــہ دو طالب علموں کو جوکہ روڑکی کالج اور تھکنیکل ڈپارٹمنٹ میں پڑھتے هیں دیئے اور سال آیندہ کے لیئے ایک ہزار روپیہ خرچ کرنے کی منظوری دی هی *

(۲) انجمن الفرض نے فیصلہ کیا هی کہ کالج کے احاطہ میں چند مکانات جن کی لاگت دو ہزار سے زیادہ نہ هو اسٹاف کے رهنے کے لیئے بناوے — ان مکانوں کا کرایہ لاگت کا دس فیصدی هوگا اور اس طرح اٹھارہ برس میں کل روپیہ جو کہ همنے صرف کیا هی وصول هوجائیگا اور مکان اس عرصہ کے بعد مفت میں رہے گا *

(۳) انجمن الفرض کا روپیہ اُس وقت تک جب کہ کسی نئے بورڈنگ هاوس کی تعمیر میں صرف نہ کیا جاوے کلکتہ مھونی سیل ڈبنچر میں ۴ فیصدی سود پر رکھا جاوے *

(۴) اب تک انجمن الفرض کالج کی تعطیل سے پیشتر کارڈ اور رسیدیں اُن طالب علموں میں جو مکان جانا چاھتے تھے تقسیم کردیا کرتے تھے طالب علم اُن کارڈوں کے ذریعہ سے روپیہ جمع کرتے تھے اور رقم وصول شدہ کی رسیدیں اپنے دستخط سے دیتے تھے مگر اس مرتبہ یہہ رائے قرار پائی کہ چند هونہار طالب علموں کو بطور ڈیپوٹیشن ایسے قصبوں میں بھیجا جاے جوکہ تعلیم میں بہت پیچھے هیں اور وہ تمام مسلمانوں کو تعلیم کی طرف متوجہ کریں — مدرسۃ العلوم سے جو فوائد مسلمانوں کو پہونچ رہے هیں اور پہونچنے کی اُمید هی لوگوں کے ذهن نشین کریں — حتی المقدور هر ایک شہر میں تعلیم کے سامان مہیا کریں اور اُن غریب هونہار طالب علموں کے لیئے جو اعلی تعلیم حاصل کرنا چاهتے هیں روپیہ جمع کریں *

۱۰ ت علیخاں ... ۱۰/
جمال محمد خاں ...
بشیر احمد ... ۴/
سید اکرام اعلم ...
مشاء اللہ ... ۱
محمد حسن ... ۴/
غلام سبطین ... ۵/ ۳ پائی
اعجاز علی ... ۸/
کلیم احمد ...
عبدالعزیز ...
محمد اسحاق ... ۴/
عبداللطیف ... ۵ ۳ پائی
عبدالوہاب ... ۲
ظافر عمر ... ۸/
عبدالجبار ... ۶
عبدالستار ۵/ ۳ پائی
محمد ملیح ۸/ ۴ پائی
ابن حسن ... ۱۰ ۹ پائی
تقی الاسلام ...
سید اعزاز اعلم ... ۱۱/
نعمت اللہ ...
واحد حسین ... ۲/
سید نصیر الدین حیدر ۲/
محمد مقصود ...
پروفیسر ابوالحسن صاحب ۸ ۶ پائی
خواجہ احمد اللہ
عزیز احمد خاں ...
عبدالروف (فرسٹ ایر)
حیدر حسن ...
مصطفی احمد ۱ ۹ پائی
کرتہ ریشمی بوٹ قمیص
۳ عدد ۱ عدد ۱ عدد

اچکن مخمل چغہ ٹوپی
۱ عدد ۱ عدد ۱ عدد
محمد اسمعیل ...
شاہ عبدالحکیم ... ۲ ۱/ ۳ پائی
اعزاز علی ...
عبدالقیوم ... ۱۰/
ریاض محمد خاں
انیس احمد ...
سید احمد حسین ... ۱۰/
ریاض الدین احمد ...
محمد حسنین ... ۴/
محمد بشیر خاں ... ۵/
محمد جمیل الزماں
انتظار علی ... ۷/
اسلام حامد ...
عبداللہ خاں (اسکول) ۸/
جوار حسین ...
عبدالقیوم ...
امیر حسین ...
عبدالغنی ...
نور احمد ...
محمد اکبر ...
فقیر محمد ... ۸/
الطاف علی بیگ ... ۸/
محمد ادریس، عبدالحمید خاں } ۴ ۶ پائی
سکندر خاں ...
محمد ایوب ... ۸/
الطاف حسین، طفیل احمد } ۹ ۳ پائی
علی احمد ...
عبدالعزیز (پہلے ... جمع کر چکے ہیں)
اجمال الدین ۱۰/ ۶ پائی
جذاب احمد ... ۷/
خسرو مرزا ...

راتت ضلع همیر پور کے ممنون هیں که اُنہوں نے پارسال سو روپیه انجمن القرض کے لیئے جمع کیئے اور هم اُس سے زیادہ ممنون هونگے اگر کسهولت میں اُنہوں نے توجه فرماکر یهه روپیه همارے پاس بهیج دیئے *

احمد اشرف عصاء
(رسیدیں واپس نہیں دي — روپیه سید عابد حسین فرست ابر کے پاس کودیا گیا)
سعیدالزمان فتحپوري عصاء
لطف احمد ... عــــه ۷
عبدالجلیل ... عــه ۸
محمد سبطین ... ۱۳ / ۳ پائي
محمد حنیف ... عصاء
ابو علي ... عــه ۱۲
انصار احمد ... عــه ۱
علا الدین ... عــه /
محمد امین ... عــه
عبدالغني عــه ۱۲ / ۳ پائي
عبدالعزیز ... لہ عــه
محمد اسمعیل خاں ــه /
واجد حسین ... عــه
شان الهي ... ــه ۱۲ /
سرفراز خاں للعہ ۲ / ۹ پائي
سید محمد قاسم ... عــه

محمد احمد
سعید حسین } عــه ۸
سید محمد کاظم

محمد احمد ... ۸ /
غلام حیدر ... للعہ ۲ /
سید حسن ... لہ عــه

سید عبدالله عصاء ۱۲ / ۱ پائي
سید ذوالفقار حسین عــه
شاه محمد مجتبی ... عــه
جوشن ایک جوڑا کڑے ایک جوڑا
تعوید ایک جوڑا کنگن ایک جوڑا
حاجي محمد خاں ... عــه ۲ /

تاج محمد
ولایت شاه } عــه ۲ / ۳ پائي
محمد ابراهیم

سید عابد حسین ... عــه ۸ /
عبدالرحیم ... للعہ
خورشید حسن عصاء ۱۲ / ۲ پائي
زین العابدین ... عــه ۲ /
نواب علي ... عصہ /
فضل الحسن ... عصا ۲ /
مسعود حسن ... للعہ /
فضل اعظم ... للعہ /
ابو محمد ... عصاء
محمد بخش ... عــه ۱۲ /
یعقوب خاں ... عــه
عبدالحفیظ ... عــه /
تلفظ حسین عــه ۱۲ /

محمد اکرم
محمد اسلم } عــه ۹ / ۳ پائي

رحیم بخش ... عــه ۲ / ۳ پائي
عبدالمالک عصہ ۲ / ۹ پائي
سید علي حسن ... عصا ۱۱ /

خدام الفرض مسٹر کارڈ نو بروں کی اُس خدمت کے ممنون ہیں جو
ہ اُنہوں نے رامپور کی کانفرنس کے موقعہ پر جلسہ پبلک ریڈنگ کا انتظام
رنے میں کی — اگر یہہ پبلک ریڈنگ نہوتی تو آج ڈیوٹی بقدر ۱۱۱ روپیہ
۱ آنہ کے غریب ہوتی *

سالانہ رپورٹ بلا اظہار اُن مہربانیوں اور اُن توجہوں کے جو کہ مسز
اریسن وقتاً فوقتاً ظاہر کرتی رہتی ہیں نامکمل رہیگی مسز مازیسن کے
فقت آمیز الفاظ اکثروں کے لیئے چندہ جمع کرتے وقت کی مایوسانہ
حالت میں جادو کا کام کرتے ہیں اور کچھہ لوگ ایسے بھی ہیں جو کہ
ابتدائی زمانہ میں صرف مسز مارسن کی اُس دعوت میں شامل ہونے
ی غرض سے جو کہ وہ چندہ جمع کرنے والوں کو ہر سال دیتی ہیں چندہ
جمع کرتے ہیں - اور کچھہ عرصہ کے بعد ملک اپنی قوم کو اپنے اوپر جبر
رکے نفع پہونچانے کے خیالات اُن کے دلوں میں مضبوط جڑ پکڑ کر فطرت
ثانی ہو جاتے ہیں *

خدام اور معاونین الفرض (ممبران انجمن خدام اور معاونین کہلاتے
ہیں) اصحاب ذیل کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنہوں نے اپنا بیش قیمت
وقت صرف کرکے انجمن کے لیئے روپیہ جمع کیا — اور ممنون احسان اُن
بزرگوں کے بھی ہیں جنہوں نے اپنی دردِ دلی اور خندہ پیشانی سے اس
انجمن کو چندہ عنایت فرمایا اور جن کے نام نامی ضمیمہ میں درج
ہیں ان میں سے نیاز احمد صاحب کمشنری میرٹھہ اور نظیر حسین
رڑکی صاحب محمد علی صاحب ہیڈ ماسٹر چھوٹہ اسکول اور حبیب اللہ
خاں صاحب کے (یہہ تینوں صاحب کالج کے پرانے طالب علم ہیں) ہم
خاص طور پر مشکور ہیں کیونکہ ان صاحبوں نے عملی طور پر دکہادیا
ہ اُن کی دلچسپی اُسی زمانہ تک محدود نہیں تھی جبکہ وہ کالج کے
احاطہ میں رہتے تھے اور اُن کا جوش اور دلی ولولہ باوجود دور دراز
چلے جانے کے ابھی تک ٹھنڈا نہیں ہوا — انجمن الفرض قدر کی
نگاہ سے عبدالقیوم صاحب قنحوری کی کوششوں کو دیکھتی ہے
ور اُس تکلیف کا جو کہ اُنہوں نے روپیہ جمع کرنے کے لیئے گاؤں
گاؤں پھرنے میں اُٹھائی ہے شکریہ ادا کرتی ہے - ہم بحد پھلدار صاحب

پر جس میں کہ مولوي ناظر حسن صاحب وکیل سہارنپور کا نام خاص طور پر بیان کرنے کي ضرورت هی انجمن الفرض نے مسجد کے دالان کے فرش کو چار سو مسلونپر تقسیم کیا هی — هر ایک مسله دوفٹ چوڑا اور ۴ فٹ لنبا هوگا اور ان پر حاشیے اور محرابیں رنگین پھولوں کي نہایت خوبصورتي کے ساتھہ بنائي جائینگي - ایک مسله کا تخمینه دس روپیه کا کیا هی — اور هم تمام مسلمانوں سے اس فرش کي تکمیل کي درخواست کرتے هیں اور یہہ ممکن نہیں که چار کروڑ مسلمانوں میں چار سو ایسے خدا ترس کلمه گو نه نکلیں جو که ایک ایک مسله کودس دس روپیه دیکر خرید لیں — همکو صرف استقدر ضرورت هی که هم لوگوں کے کانوں تک اس خبر کو پهونچا دیں اور وہ بزرگ جن کي رگوں میں جوش اسلامي کا خون موجزن هی خود خدا کے گھر کي تکمیل کرانے پر آمادہ هوینگے *

ON the 4th November Mr. Cornah delivered a lecture on 'Greeks and Persians B. C. 400-500,' in the School Boarders Literary Society. The lecture was full of historical facts which clearly impressed on the minds of the students the early History of Greece and Persia.

THE first of the matchsoe of the "League Competition" was played between the X and IX classes. The parties were evenly matched, for none of them could score a goal.

PERSONAL.

Mr. Ahsan-ul-Haq, the well-known Aligarh Cricketer, who was called to Bar in July last, has returned to India and opened his career as a barrister at Jullandher.

Messrs Alay Raza and Mumtaz Husain have also returned from England and are practising in the legal professor at Jubbulpore and Lucknow respectively.

Mr. J. H Towle, B A, of St John's College, Cambridge, joined the staff on the 16th of October: we take this opportunity to offer him a hearty welcome and wish him every success in his new work.

مرکب ایسنس یعني جوہر چرایتا

ہم پختہ طور سے وعدہ دیتے ہیں کہ اس مرکب میں ہندوستان کے اس پودے کے تمام فوائد موجود ہیں - ذیل کي بیماریوں میں یہہ مرکب نہایت شفا بخش دوا ہی اس کے فائدے اور تاثیرات سے ہر شخص واقف ہی - صرف اس کا عمدہ مرکب مشکل ہی - ہمارے کارخانہ میں جو جوہر چرائتا تیار کیا جاتا ہی وہ بازاري مرکبات سے بالکل جداگانہ ہی *

اشتہا کي کمي اور ضعف - بدہضمي اور خلل معدہ - مزاج میں صفرا کا غلبہ - تپ نفخ شکم - تلي کا بڑہ جانا اور اور بیماریاں جو جگر کي سستي سے پیدا ہوتي ہیں - ان سب کے لیئے یہہ نہایت مفید اور طاقت ور دوا ہی *

ایسنس یعني جوہر چرائتا کي تہوڑي سي مقدار کہانے سے پہلے پینے سے بہوک خوب لگتي ہی اور ان میں ہضم طعام کي خاص طاقت پیدا ہوتي ہی اور اعضاے ہضم کو تحریک ہوتي ہی *

تیس سال گذشتہ میں اس فائدہ مند دوا کي فروخت بہت ہوئي ہی - جس سے یہہ ثابت ہوتا ہی کہ جو کچہہ اس کا وصف کیا گیا ہی وہ بالکل صحیح اور درست ہی اور ہم نہایت وثوق سے اس لاثاني دوا کے استعمال کي سفارش کرتے ہیں *

قیمت في بوتل عمہ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ

صرف کارخانہ اے پلومر اینڈ کمپني لاہور و شملہ میں نہایت عمدگي سے تیار ہوتا ہی *

تیار کردہ اے پلومر اینڈ کمپني دوا سازان لاہور و شملہ

اے پلومر اینڈ کمپني دوا فروشان لاہور و شملہ جن کو نواب گورنر جنرل بہادر نے اپنا دوا ساز مقرر فرمایا ہی *

سرمہ مینوا کراماتی

مینوکا سرمہ کوئی عام چیز نہیں ہی جو ہر ایک آدمی کو میسر ہوسکے اور ہر ایک شخص اسکی شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر بوٹی ہی جسکی تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونان اسکی توصیف میں ہمزبان ہیں — یہہ نئی ایجاد نہیں بلکہ ہزاروں برسوں کا لاکھوں طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا ہی جو خصوصیت سے امراض چشم کے ازالہ میں موثر و مفید ہی — ہمنے اپنے مطب میں تیس سال تک ہزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلی ہوا تو یہہ جرات کی — او سالہا سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید او سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر ہونا ثابت ہوا ہی ـ حضرات سرمہ کراماتی اخباری طبیبوں یا عطائی لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر او حکیم ہی جو سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررہا ہی اور یونانی و ڈاکٹری باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزی سے اعلی درجہ کی سند حاصل کرچکا ہی اور آنکھوں کی تشریح - علاج امراض سے بخوبی واقف ہی افسوس ہی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سی نعمت کی قدر نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کی دوائیاں استعمال کرتے ہیں جو بالکل یونانی اور ڈاکٹری علم سے بے بہرہ ہیں - حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کی تشریح بیماریوں کے اسباب پیدائش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے ہاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت نادانی نہیں تو کیا ہی اور اس نادانی کا لازمی نتیجہ بہی ہونا چاہیئے کہ امراض چشم ایک سے دو اور دو سے دوکھہ نیا پیدا ہو - حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلاویز حکایت لکہی ہی جسکا فقرہ یہہ ہی کہ : — اگر کور نبودے پیش بیطار نمیرفتے *

قیمت فی تولہ (۶ ماشہ) دو روپیہ

اندھیر ہی — بعض لوگ فرضی نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کرتے ہیں — ناظرین کو چاہیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھکر دیکھہ لیں کہ واقعی اس نام کا کوئی فرضی عہدہ دار ہی یا نہیں — بعض لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے ہیں ان کے سچ جھوٹ کی تصدیق ان کے وارث اور ملازم کرسکتے ہیں *

حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء چشتی قادری ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ *

اچھا سامان ہی - وزیر دکن کی سر پرستی سے نکلتا ہی اس' لیئے بہت اچھا چھپتا ہی ' اور بہہ خاص عزت رکھتا ہی کہ عالیشان آدمی کے قلم کا لکھا ہوا ناول شائع کرتا ہی عام خریداروں سے ایک روپیہ آٹھہ آنہ سالانہ قیمت ہی *

اشتہارات

عید کارڈ

دوستوں عزیزوں بزرگوں اور حاکموں کو اسلامي طریق پر عید مبارک کہنے کے لیئے جو نو طرز کارڈ اس پریس سے ایجاد ہوکر قریبا ہر دفعہ پہلے زیادہ مقبولیت معلوم پارٹی میں حاصل کرچکے ہیں --- اب کی دفعہ یہہ جدت اور ہوئي ہی کہ خانہ کعبہ کا دلکش نظارہ بڑے کارڈوں میں دیا گیا ہی اور چھوٹوں میں بھي ایسا سین دکھایا ہی جیسے بھیجنے والا خود کارڈ پیش کررہا ہی احادیث آیات اشعار --- سب پر جداگانہ ہیں مگر دو ایک نمونے ایسے بھي چھپے ہیں جنہیں اہل ہنود صاحبان اپنے مسلمان دوستوں کو بھیج سکیں - قیمت درجہ اول ۱۲ آنہ درجن - درجہ دوم ۶ - درجن محصول ڈاک علاوہ *

المشتہر --- منیجر" عید کارڈ " - لاہور (اندرون دہلي دروازہ)

سوانح عمري امیر کابل باتصویر

موسوم بہ تزک عبدالرحماني دو جلدوں میں چھپکر تیار ہی --- امیر مرحوم کي اپني لکھي ہوئي بے نظیر سوانح عمري کا صرف یہي ایک مکمل و مفصل اُردو ترجمہ ہندوستان میں ہوا ہی --- نو برس کي عمر سے ہر قسم کے تاریخي و تمدني حالات معہ ولایتي تصاویر امیر مرحوم و حال اس میں درج ہیں --- اسماے اشخاص و مقامات کي تصحیح و تصدیق بذریعہ سفیر کابل کي گئي ہی - جو ہدایات کہ شاہزادہ نصراللہ خاں کو سفیر انگلستان کے لیئے کي گئي تھیں اس میں شامل ہیں - حجم ۶۰۰ صفحہ قیمت تین روپیہ علاوہ محصول *

المترجم محمد حسن خاں اسسٹنٹ ملیٹري ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ آف انڈیا شملہ و مترجم ہاجرہ

حال میں جو اخبار کام عدم سے جلوہ گاہ هستي میں آئے هیں اُن میں سے " تالیف و تجارت " کا هم دلي جوش سے خیر مقدم کرتے هیں ' اور اُمید کرتے هیں کہ یہہ هونہار بچہ پروان چڑھیگا اور ملک و قوم کي خدمت کریگا *

استعارہ و تشبیہہ کو چھوڑ کر هم حقیقتا یہہ راے رکھتے هیں کہ " تالیف و تجارت " جیسے اخبار کي ضرورت تھي اور غنیمت هی کہ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیئے وہ جاري هوا ' اور زیادہ خوشي اور اطمینان کي بات یہہ هی کہ اُسکا انتظام اور اڈیٹري قابل هاتھوں میں هی *

بیشک هندوستان کے مصنفین کي جماعت کس مپرسي کي حالت میں هی ' مگر اُس سے بڑھکر غضب یہہ هی کہ وہ ایک دوسرے سے ناآشنا اور اپنے حقوق سے لاپروا هیں ' اس لیئے ایسا رسالہ جو اُنکے حقوق کي حمایت یا اُن کي کتابوں کي اشاعت میں مدد دے بہت کچھہ مستحق ستایش هی گو ابھي تک اس رسالہ میں کوئي خاص علمي پالسي نہیں اختیار کي هی ' نہ مصنفین اور پبلک میں بہت کچھہ تعارف پیدا کرایا هی مگر اُمید کرني چاهیئے رفتہ رفتہ وہ یہہ کام بھي کریگا *

اخبار کي قیمت ایک روپیہ دو آنہ سالانہ اور اڈیٹر مولوي ممتاز علي صاحب هیں جو رفاہ عام پریس کے مالک اپني لیاقت علمي اور علم دوستي کے لیئے ممتاز هیں *

" پنجاب ریویو " جو شکل و شباهت اور قد وقامت میں بالکل " تالیف و تجارت " هی جیسا اور شاید اُسکي ریس میں نکالا گیا هی مگر موضوع کے لحاظ سے عام اخباروں میں اور اس میں کوئي فرق نہیں اور معلوم نہیں کس خاص ضرورت اور خدمت کے لیئے نکالا گیا هی ' بہر حال اخبار هی ' اور فی الحال پندرھویں روز خبریں بھي دیتا هی — ایک روپیہ آٹھہ آنہ سالانہ قیمت هی — جو صاحب چاهیں " منیجر پنجاب ریویو " لاهور سے منگائیں *

" نسیم دکن " گلدستہ ' دلگداز اور مرقع عالم کے ڈھنگ کے مضامین " پیام یار " کے ڈھنگ کي غزلیں ' اور ناولوں کے ڈھنگ کا ایک ناول ' ان تین چیزوں سے مرکب هی ' اور " هلکے " لٹریچر کے شایقین کے لیئے

" خلدۂ گلروے لطافت ہو تم * نور ہو تم ـ روح محبت ہو تم

الغرض اِن چند مرقومۂ بالا فقرات سے ناظرین اندازہ کرسکتے ہیں کہ ترجمہ کس پایہ کا ہی — مترجم نے ترجمہ کا پورا حق ادا کیا ہی — ناولٹ بالخصوص کے نفس قصہ کو چھوڑ کر خود زبان ایسی عجیب اور دلچسپ ہی کہ ناول کو شروع کر کے ختم کیئے بغیر جی نہیں مانتا *

قاعدہ تو یہہ ہی کہ ریویو کرتے وقت قصہ کا خلاصہ دیکر اُن اشخاص پر جنکا ذکر قصہ میں آیا ہی چند محاکمانہ ریمارکس کیئے جائیں — تاکہ قصہ کا حسن و قبح واضح طور پر معلوم ہوجاے — مگر سید سجاد حیدر صاحب سے اگر ہمکو کچھہ شکایت ہی تو وہ یہی کہ اُنہوں نے ایک ایسے مختصر سے ناول کا ترجمہ کیا ہی کہ اس کے کیریکٹرز پر کوئی محققانہ نظر ڈالنا ریویو کو ترجمہ سے بھی زیادہ طویل کردیگا — ان کرٹیکل ریمارکس کو ہم اپنے نوجوان مترجم کے تیسرے ناول کے لیئے رکھتے ھیں جسکا اُنہوں نے دیباچہ میں وعدہ کیا ہی *

ترجمہ نہایت خوشخط عمدہ کاغذ پر نہایت صفائی کے ساتھہ بلالی پریس ساڈھورہ میں چھپا ہی کتابت اور طبع کی پاکیزگی کارپردازان مطبع کی خوش سلیقگی کی داد دیتی ہی *

ترجمہ منیجر انجمن الفرض بک ڈپو — علیگڈہ سے درخواست کرنے پر بقیمت ۵ر مل سکتا ہی *

اخبارات و رسالے

اتالیف و تجارت - ۲ نسیم دکن ۳ - پنجاب ریویو

ہر سال کچھہ اخبار ھندوستان میں پیدا ہوتے ہیں ، اور جیسا کہ اِس ملک کے اِنسانوں کا قاعدہ ہی بہت سے اُنمیں سے بچپن ہی میں مرجاتے ہیں ۔ افسوس ہی کہ اِن کی فوتی پیدایش کا کوئی باقاعدہ رجسٹر نہیں رکھا جاتا ، ورنہ ہم گورنمنٹ سے درخواست کرتے کہ وہ ایک محکمہ اخباری حفظان صحت قایم کرے *

مترجم اس ناول کو کسیقدر جھجھک اور حیا کے ساتھ پبلک کی خدمت میں پیش کرتے ھیں - مگر ھم اُنکو یقین دلاتے ھیں کہ اُنکا ناول معمولی ناول نہیں - اور نہ پبلک اور بالخصوص دنیاے علیگڈہ ان کے نام اور ان کے مذاق سلیم سے نا واقف ھی - انکی پہلی تالیف شدہ کتاب ھر طرح سے کامیابی کا اظہار کرتی ھی*

قصہ نہایت دلچسپ اور پر لطف ھی — ترکی طرز تحریر کا بجنسہ اُردو میں منتقل کیا جانا بجاے اکھڑا اکھڑا معلوم ھونے کے ترجمہ کے لطف کو دوبالا کودیتا ھی - ھم نمونہ کے طور پر ترجمہ کے بعض حصوں کو ذیل میں درج کرتے ھیں جن سے نہ صرف ترکی طرز تحریر کا زور بلکہ مترجم کی اعلی قابلیت اور زباندانی کا بھی اظہار ھوتا ھی *

" اسی موتی کا صدف — اس پھول کی کامیاب بلبل رمزی ھی" *

" فوراً ھی دو لڑکیاں پائیں باغ کے آھنی پنجدار دروازے کو کھول کر اس طرح اُچھلتی — کودتی — چہچہاتی - پھر پھڑاتی ھوئی باھر آئیں جیسے دو کینری اپنے ھلکے پنجرے میں سے نکلیں " *

" ان کے ریشمی لباس کی سرسراھٹ کو جو رمزی کی زندگی کے امن کے لیئے سانپ کی پھنکار سے کم نہیں " *

" اور اپنی بچی کی چمکدار آنکھوں میں وہ اُمید کی جھلک پاتی - مگر عورت تجھے کیا خبر ھی ؟ " *

" پھر ماضی کے افق سے خیال کی مانسون آئی اور گھٹا بنکر دل سے ٹکرائی — اور آنکھوں سے پانی برسا گئی " *

" اس قد آدم آئنہ پر روشنی پڑنے سے جو چمک پیدا ھوتی تھی وہ پر نور افق کی طرح معلوم ھونی تھی اور کمرے کا کمانچہ گویا قوس و قزح تھا جنکے نیچے حمرا روشنی کی پری نئی کھڑی تھی " *

ایک مقام پر چند ترکی اشعار کا ترجمہ کس خوبی اور عمدگی سے کیا ھی کہ واقعی حیرت معلوم ھوتی ھی - ایک شعر ذیل میں درج کیا جاتا ھی —

حیرت انگیز پلاٹ اور بعض قصہ کے پڑھنے اور چاند گھنٹوں کے لیئے لطف اُٹھانے کے ان پر قصہ کے اصلی مقصد کا کوئی اثر نہ ہوتا ہی اور نہ ہوسکتا ہی — ہمارے ملک کے رسم و رواج میں اب تک وہ قیود باقی ہیں جو ہم کو باغوں اور سبزہ زاروں کی فضا کے لطف اُٹھانے سے محروم رکھتی ہیں — ہمارے ملک اور قوم میں اب تک وہ منچلاپن اور دلیری نہیں آئی کہ افریقہ کے حیرت انگیز ملک کے واقعات پڑھ پڑھ کر اسی ملک میں اپنی قسمت آزمائی کے وسایل تلاش کریں — ہماری قوم کے افراد میں وہ ہمت اور جوانمردی بہت کم پائی جاتی ہی جو ہم کو ضرورت کے وقت اپنی جان پر بھی کھیل جانے کے لیئے آمادہ کردے — الغرض انگریزی ناولوں کے ترجمہ عموماً اسی غرض سے پڑھے جاتے ہیں کہ ان سے اپنے وقت عزیز کا کچھ حصہ ایک بے معنی کہانی کے سننے میں صرف کیا جاے — اس امر کی اگر اصلاح ہوسکتی ہی تو اُسی طرح کہ اگر ناولوں کے ذخیرہ کو ترجموں ہی سے بڑھانا منظور ہی تو ایسے ملکوں کی زبانوں سے ترجمے کیئے جائیں جہاں کے رسم و رواج بہت کچھ ہمارے ملک سے ملتے جلتے ہوں — تاکہ اگر قصہ میں کوئی عمدہ بات پائیں تو اسکو ہم بھی اختیار کرسکیں اگر وہاں کے رسم رواج — طرز خیال — آداب نشست و برخاست — سوشل اور مارل ترقی کے متعلق ہمیں کوئی امر پسند آے تو اُسکو ہم اپنے رسم و رواج وغیرہ میں بھی دخل دے سکیں *

ہمارے خیال میں ترکی زبان ایسی ہی کہ اس مقصد کے حاصل کرنے کے لیئے ہم اس کے ناولوں کی ترجموں کو پڑھیں — ترکوں کی طرز معاشرت وغیرہ ہندوستان کے مسلمانوں سے چنداں مختلف نہیں اور اسلیئے ان کی سوسائٹی کی عمدہ باتوں کو ہم بہ نسبت انگریزی سوسائیٹی کے رسم و رواج کے کسی قدر آسانی سے اختیار کرسکتے ہیں — اسلیئے ہم اپنے مکرم دوست سید سجاد حیدر صاحب بی اے کو مبارکباد دیتے ہیں کہ انکو ترکی ناولوں کے ترجمے کا خیال پیدا ہوا — حال میں اُنھوں نے مشہور ترکی فسانہ نگار احمد حکمت کے ناول کا اُردو میں ترجمہ کیا ہی اور ثالث بالخیر اسکا نام رکھا ہی *

کو کہاں تک نقصان پہنچایا هی — جو حالت اُردو ناولوں کي همنے اوپر بیان کي هی اس سے مفصلہ ذیل دو امور صاف طور پر معلوم هوتے هیں*

اول — یا تو اُردو زبان هي اس قابل نہیں کہ اس میں عمدہ ناول کثرت کے ساتھہ تصنیف هوسکیں- یا اُردو کے عمدہ ناول نویسوں کي تعداد هي نہایت محدود هی *

دوم — ایک هي زبان سے ایک هي طرز کے ناولوں کا کثرت سے ترجمہ هونا ترجمہ کرنے والوں اور پڑھنے والوں کے تنگي خیال اور قوت تمیز کے عدم پر دلالت کرتا هی *

امر اول کي نسبت هم اتنا کہ سکتے هیں کہ زبان اُردو توضرور اس قابل هی کہ اس میں اعلی سے اعلی اور نہایت پاکیزہ ناول تصنیف کیئے جاسکیں - کیونکہ جب اُردو میں چند عمدہ ناول موجود هیں تو کوئي وجہ نہیں معلوم هوتي کہ اس قسم کے ناول کثرت کے ساتھہ نہ لکھے جاسکیں - البتہ ایسے ناولوں کے لکھنے والوں کي تعداد ضرور کم هی — مگر اس ضرورت کو عمدہ ترجمے پورا کرسکتے هیں - اسلیئے -

امر دوم کي نسبت هماري یہہ راے هی کہ جب تک ترجمہ کرنے والے اس پا مال راستے کو نہ چھوڑینگے جو ایک عرصہ سے انہوں نے اختیار کر رکھا هی اور جب تک وہ ترجمہ کرنے کے لیئے مختلف اصناف اور مختلف السنہ سے مدد نہ لینگے تب تک نہ تو ملک کا مذاق هي درست هوسکتا هی اور نہ عوام‌الناس کے خیال میں کسي قسم کي وسعت هي پیدا هوسکتي هی *

انگریزي طرز معاشرت اور انگریزي طرز خیال هندوستان کي طرز معاشرت اور طرز خیال سے اسقدر مختلف اور بیگانہ هی کہ وهاں کے ناولوں کے پڑھنے سے عوام‌الناس کے طرز معاشرت اور طرز خیال کسي قسم کے اثر هونے کي ان دس بیس سال کے عرصہ میں اُمید نہیں هوسکتي لوگ حسن و عشق — دلیري اور بہادري - سیاحي اور بادیہ پیمائي کے قصہ جو انگریزي زبان سے ترجمہ کیئے گئے هیں پڑھتے هیں مگر سواے

*

۴ — ثالث بالخیر

موجودہ زمانہ میں ناول ہر ایک زبان کے لٹریچر کا جزو اعظم خیال کیئے جاتے ہیں — جز و اعظم ہي نہیں بلکہ ناول لٹریچر کي ترقي اور قوت کے معلوم کرنیکا ایک اعلی ذریعہ ہیں — علاوہ اس کے اگر کسي قوم کي رسم و رواج — انکے خیالات و توھمات — ان کي سوشل اور مارل ترقیوں کے حالات بھي معلوم کرنا ہوں تو ناولوں کے ذریعہ سے ان تمام امور کا کافي پتہ چل سکتا ھی۔ اُردو زبان میں اسوقت ناولوں کي ایک معقول تعداد موجود ھی — ان میں سے بعض تو اورجنل ہیں اور بعض انگریزي ناولوں کے ترجمے — لیکن اگر زبان اُردو کے ناولوں کي ایک مکمل فہرست اُٹھا کر دیکھي جائے تو اُس سے کئي نتیجہ اخذ کرسکتے ہیں *

اول یہہ کہ بعض فی‌الحقیقت عمدہ ناول لکھے گئے اور وہ پبلک میں مقبول بھي ہوئے — مگر اس کے بعد لوگوں نے محض اس بات کا خیال کرکے کہ ناول نویسي ایک اچھا ذریعہ روپیہ کمانے کا ھی ایسے ناول لکھنے شروع کردیئے جو ان ناولوں کي ایک بھونڈي نقل تھی — اس قسم کے بیہودہ ناولوں کي تعداد ہزاروں تک ھي پہونچ گئي ہوگي کیونکہ آج ہم کوئي اخبار نہیں دیکھتے جس میں اسي قسم کے دس بیس بیہودہ ناولوں کا اشتہار نہ ہو *

دوم — بعض لوگوں نے چند دلچسپ مگر مخرب اخلاق انگریزي ناولوں کو پڑھکر ان کا ترجمہ کرنا شروع کردیا اور ناول نویسي کے اصلي مدعا کو سمجھنے کے بغیر انھوں نے ہر ایک قسم کے انگریزي قصہ کو ھو بھو یا کچھہ ترمیم کے ساتھہ اُردو میں دھر گھسیٹا — اس قسم کے ترجموں کي تعداد بھي ہزاروں سے کم نہوگي *

جن لوگوں کو یہہ معلوم ھی کہ ناول محض وقت کا خون کرنے کے لیئے هي نہیں لکھے جاتے بلکہ شایستہ اور مہذب ملکوں میں ناول نویسي ایک نہایت اعلی فن ھی اور ناولوں کے لکھے جانے میں کئي سوشل — پولیٹکل — اور مارل مقاصد پنہاں ہوتے ہیں وہ اندازہ کرسکتے ہیں کہ اُردو لٹریچر کے اس سوختني حصہ نے ہمارے خیالات اور ہمارے ملک

کے قدم بقدم ہولیں لیکن ہم وہی لکھو کے فقیر رہے — ساری عمر صرف و نحو کے سیکھنے میں صرف کی مگر صرف اِس سے نہ کچھہ ہونا تھا نہ ہوا *

یہہ امر تو مسلم ہی کہ کسی زبان کے حاصل کرنے کے لیئے محض اُس کی قواعد رٹ لینے سے کام نہیں چلتا — بلکہ ضرورت اِس کی ہی کہ چھوٹے چھوٹے روزانہ استعمال کے الفاظ اور زاں بعد مختصر مختصر بول چال کے جملوں سے ابتدا کی جاے — قواعد بعنوان شایستہ اور بتدریج اِس طرح داخل کیئے جائیں کہ متعلم پر بار نہو - ہندوستان میں ابتک عربی کی تعلیم کے لیئے اِس طرز کی کتابیں موجود نہیں ہیں اور اگر ہیں تو اُن کو الشاذ کالمعدوم سمجھنا چاہیئے - اِس وقت منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاهور کی جدید تالیف "عربی بول چال" ہمارے پیش نظر ہی - اِس میں منشی صاحب نے مبتدیوں کو زمانہ حال کی عربی زبان سیکھنے اور بولنے کا طریق بتانے کی کوشش کی ہی اور بے شک وہ ایک حد تک کامیاب ہوئے ہیں مولف نے اِس میں اولا الفاظ ہر بعدہ جملے ایسی ترتیب سے جمع کردیئے ہیں کہ اُس کا مفید ہونا لبہ بلکہ آج کل کے اساتذہ کے لیئے یقینی ہی - اِس رسالہ کا حصہ ل نہایت خوبی کے ساتھہ بطور لغت کے استعمال کیا جا سکتا ہی — بی اخبار بینوں کو اِس سے پوری مدد ملیگی - دوسرا حصہ جس میں زانہ بول چال کے جملے - ضرب الامثال اور رقعات وغیرہ درج ہیں طلبہ لیئے بالتخصیص نہایت کارآمد ہی — اِس رسالہ کے پڑھنے میں اگر بہ کسی اُستاد سے بھی مدد لیں جو اُن کو موقع بموقع قواعد کے مولی نکات ذہن نشین کراتا جاے تو یہہ رسالہ ایک خاصی استعداد مل کرلینے کے لیئے بالکل کافی ہوگا — رسالہ چھوٹی تقطیع کے ۱۶۰ محوں پر تمام ہوا ہی اور اُس جانفشانی کو خیال کرکے جو مولف کو ، کی تالیف کرنے میں ہوئی ہوگی کہا جا سکتا ہی کہ ۱۲ آنہ اس قیمت ہرگز زیادہ نہیں ہی — افسوس ہی کہ عربی جملوں پر ب کے نہ ہونے نے طلبہ کو ایک اچھے اُستاد کا اور بھی محتاج کردیا — کتاب خود مصنف سے اور نیز الفرض بک ڈپو مدرسۃالعلوم ڈہ سے نقد یا بصیغہ قیمت طلب پارسل مل سکتی ہی *

الغرض یہہ ھی ھماري آخري کوشش یہہ دکھنا کہ اس میں ھمکو کہاں تک کامیابي ھوگي اور کہاں تک ھم میگزین کو علمي میگزین بنا سکینگے کسي قدر مشکل اور قبل از وقت ھی — تاھم ھمکو اِتنا ضرور یقین ھی کہ اگر ھمارے احباب نے ھماري کوششوں میں ھماري کچھہ بھي مدد کي اور اگر میگزین کي خدمت کے لیئے اُنھوں نے اپنے وقت کا تھوڑا سا حصہ بھي دینا منظور کیا تو ھم بہت جلد دکھادینگے کہ محمدن کالج میگزین واقعي ایک علمي میگزین کہلانے کا مستحق ھی ٭

ریویو

کتب ١ — عربي بول چال

یہہ ظاہر ھی کہ عربي زبان اور مسلمانوں کا ساتھہ چولي دامن کا ساتھہ رھا ھی — قرون ماضیہ میں جب کہ مسلمانوں کا ستارہ عروج پر تھا عربي زبان کو بھي دنیا کي زبانوں پر حکومت نصیب تھي— ھر طرح کے علمي اور اخلاقي مضامین کا ذخیرہ اِس میں موجود تھا — اپنے اور بیگانے سب اِس کے شیدا و دلدادہ تھے اور علوم و فنون کے پیاسے دور دور سے آکر اِس سر چشمہ سے سیراب ھوتے تھے - مسلمانوں کے تنزل کے ساتھہ عربي زبان کي قدر بھي کم ھوتي گئي اور بالآخر یہاں تک کایا پلٹ ھوئي کہ نہ وہ علم علم رھا اور نہ وہ اخلاق اخلاق — جن علوم کے جاننے پر پہلے لوگوں کو فخر ھوا کرتا تھا آج اُس پر چشمک کي جاتي ھی — یہہ بالکل مقتضاے وقت ھی — جب ھمیں اپنے علوم و فنون کو حتی کہ اپني زبان کو بھلا بیٹھے تو پھر غیروں نے اگر اس کو تقویم پارینہ سمجھکر بالاے طاق رکھا تو کیا بیجا کیا — تاھم ھمکو یورپ کے عالي دماغوں کا ممنون ھونا چاھیئے کہ وہ عربي زبان کے زندہ رکھنے کے لیئے اب تک کوشش کرتے چلے جاتے ھیں - آج بھي اِس کے متعلق جو تحقیقات وہ بزرگ کر رھے ھیں یہاں ھمکو اُس کا خیال بھي نہیں گذر سکتا — ھم تو اب مسلمانان در گور و مسلماني در کتاب کے مصداق ھیں — ھمارے لیئے بڑي مشکل یہہ آن پڑي کہ زمانہ نے اپنا رنگ بدل لیا — اقوام زمانہ

۱۴ — اعجاز حسین صاحب بی - اے - انبالہ شہر ٭

۱۵ — محمد اقبال صاحب ایم - اے - لاہور ٭

۱۶ — شیخ حافظ عبدالعزیز صاحب ایم - اے - لاہور ٭

۱۷ — منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور ٭

اِس کے علاوہ اور بھی کئی اصحاب ایسے ھیں جنھوں نے مضامین لکھنے کا وعدہ فرمایا ھی مگر خوف طوالت سے ھم سب کے اسماے گرامی درج نہیں کرسکتے - جہاں ھم ان اصحاب کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ھیں ھمکو یہہ بھی اُمید ھی کہ دیگر بزرگان قوم اور اولڈ بائز بھی جن کے پاس یہہ اپیل نہ پہونچی ھو یا جن کے پاس اپیل پہونچی ھو اور ان کو جواب دینے کا موقع نہ ملا ھو میگزین کی طرف متوجہ ھونگے اور ھم مرھون منت ھونے کا موقعہ دینگے ٭

علاوہ ازیں ھم نے خود علیگڈہ میں ایک کمیٹی موسوم بہ " میگزین کمیٹی " قایم کی ھی جس کے ممبروں کا فرض میگزین کو لٹریری اعانت دینے کا ھی — ھمکو اُمید ھی کہ میگزین کو اِس حمایت سے نہایت قیمتی مدد ملیگی ٭

پھر میگزین کو ھر خاص و عام کے مذاق کے موافق دلچسپ بنانے کے لیئے جنوری سنہ ۱۹۰۳ ع سے اس میں مستقل طور پر ایک کالم تین چار صفحوں کا اِس غرض سے بڑھایا جائیگا کہ اِس میں مہینے بھر کے اُردو اخبارات اور ماھواری رسالوں کے دلچسپ مضامین پر ریویو شایع ھوں — ولایت میں اِس قسم کے کئی پرچے شایع ھوتے ھیں جن میں ملک کی اخباری دنیا کے حالات دیئے جاتے ھیں - جہاں تک ھمارا خیال ھی اُردو میں کوئی پرچہ ایسا شایع نہیں ھوتا جس کے پڑھنے سے دوسرے رسالوں اور اخباروں کے مضامین کے حالات معلوم ھوسکتے ھوں — گو یہہ صحیح ھی کہ اُردو میں ایسے اخبار اور رسالے ھیں ھی کتنے جن کے مضامین پر ھر ماہ با قاعدہ ریویو کرنے کے لیئے ایک علحدہ پرچہ جاری کیا جاے تاھم جو کچھہ ھی غنیمت ھی اور اِس لیئے ھم جنوری سنہ ۱۹۰۳ ع سے اِس سلسلہ کو شروع کرینگے - ھمکو اُمید ھی کہ یہہ مفید اور دلچسپ جدت عام طور پر پسند کی جائیگی ٭

مضامین بھیجنے والے اصحاب کے اسماے گرامی ماہ نومبر کے پرچے میں شایع کیئے جائینگے *

اُمید ھی کہ میری اس ناچیز درخواست کو ضرور قبول فرمائینگے *

والسلام

آپ کا خادم

ایڈیٹر

محمدن کالج میگزین علیگڈھ

ھم نہایت فخر اور خوشی سے اس امر کا اظہار کرتے ھیں کہ اکثر اصحاب نے اس اپیل کا جواب نہایت گرمجوشی سے دیا اور میگزین کے لیئے وقتاً فوقتاً مضامین لکھنے کا وعدہ فرمایا ھی ھم اپنے ان احباب اور بزرگان قوم کے اسماے گرامی کی طول طویل فہرست میں چند انتخاب کر کے ذیل میں درج کرتے ھیں *

۱ — مولانا مولوی خواجہ الطاف حسین صاحب حالی پانی پتی *
۲ — شمس العلما مولوی محمد شبلی صاحب نعمانی - اعظم گڑہ *
۳ — شمس العلما خان بہادر مولانا مولوی محمد ذکاءاللہ خاں صاحب دھلی *
۴ — مولوی نظام الدین حسن صاحب بی اے - بی ایل - حیدرآباد دکن *
۵ — مولوی محمد شاھدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا - لاھور *
۶ — حکیم محمد عبدالولی صاحب لکھنؤ *
۷ — حکیم محمد اجمل خاں صاحب رامپور *
۷ — غلام بھیک صاحب نیرنگ - انبالہ شہر *
۹ — مولوی بہادر علی صاحب ایم اے ایل ایل بی - علیگڈہ *
۱۰ — پیارے لعل شرما صاحب ایم - اے - لکھنؤ *
۱۱ — مولوی وحیدالدین صاحب سلیم پانی پتی *
۱۲ — احسان الحق صاحب بیرسٹر ایٹ لا جالندھر *
۱۳ — مسٹر صلاح الدین خدا بخش صاحب ایم - اے - بی - سی - ایل - بیرسٹر ایٹ لا - کلکتہ *

ایسي حالت میں مجھے مجبوراً اولڈ بائز اور ان بزرگان قوم کي خدمت میں جو اہل قلم ہیں نہایت مودبانہ اور عاجزانہ درخواست کرني پڑتي ہی کہ وہ میگزین کے خیال سے نہیں بلکہ کالج کے خیال سے میگزین کي لٹریري حالت کے سنوار نے میں ہماري مدد کریں — ہمکو شرم معلوم ہوتي ہی کہ مسلمانان ہند کے تعلیمي مرکز سے جو میگزین شایع ہو اس میں شاعروں کي سوانح عمریوں کے علاوہ اور کچھہ نہ پایا جاے - آپ کالج کے حالات سے واقف ہیں اور اس لیئے ہم لوگوں کے مشاغل اور اوقات فرصت کا بھي بخوبي اندازہ کرسکتے ہیں - ایسي حالت میں آپ ہي خیال فرمائیئے کہ ہم لوگوں کے لیئے ایک ایسے میگزین کا چلانا جو ہماري قوم کے تعلیمي مرکز سے شایع ہو کسقدر اہم کام ہی ٭

اگر میگزین کي یہي حالت رہي اور اس کے مضامین میں کوئي علمي اضافہ نہوا تو یہہ میگزین کي ذلت نہیں بلکہ آپ کے کالج کي — آپ کے کالج کي نہیں بلکہ آپکي قوم کي ٭

پس میں ایک دفعہ پھر اولڈ بائز اور بزرگان قوم کي خدمت میں نہایت عجز و نیاز سے التماس کرتا ہوں کہ اپنے وقت کا کچھہ حصہ میگزین کي خدمت میں صرف کریں — اس میں شک نہیں کہ ہر شخص کے مشاغل دنیاوي ہوتے ہیں مگر میگزین کے لیئے ایک ماہ یا ایک برس میں کچھہ وقت نکالنا کوئي بڑي بات نہیں — یہہ قومي خدمت ہی اور اپنے وقت کا کچھہ حصہ ایک قومي کام میں صرف کرنے میں کسي شخص کو عذر نہوگا ٭

پس بلا خوف تکرار میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنے قلم سے کم از کم ایک مضمون اردو یا انگریزي کسي تاریخي اخلاقي یا سوشل مضمون پر لکھکر یا کسي انگریزي یا عربي مضمون کا ترجمہ کر کے جہاں تک ممکن ہو جلد میرے پاس بھیجدیں - تاکہ ہم ملک کے دوسرے رسالوں اور میگزینوں پر یہہ ثابت کردیں کہ مسلمانوں کے تعلیمي مرکز کا ماہواري رسالہ فی الحقیقت ایک علمي رسالہ کہلانے کا مستحق ہی ٭

کرکے جن کا گذشتہ اور موجودہ سال میں میگزین کو سامنا کرنا پڑا میگزین کے زندہ رہنے کی کوئی اُمید نہ تھی — قوم اور بزرگان قوم کی توجہ اور ہی اہم کاموں کی طرف مبذول ہو رہی تھی — میگزین کا سواے مسٹر ٹیلنگ اور مسٹر ماریسن کے کسی کو بھی خیال نہ تھا — ایسی حالت میں اولڈ بائز کا فرض تھا کہ وہ اِس پرچہ کو جو محض اِن کے لیئے جاری کیا گیا تھا اور جس کی افسوس ناک حالت بار بار اِن پر جتا دی گئی تھی اپنا بچہ سمجھکر اِس کی پرورش کرتے - ہم اِس امر سے انکار نہیں کرسکتے کہ بعض پر جوش طلبا نے میگزین کی عین وقت میں قابل قدر مالی امداد کی مگر میگزین کو جس قسم کی مدد کی ضرورت تھی اور جس کی وجہ سے اِس کی ایسی ابتر حالت ہوئی اِس کی طرف بہت کم لوگوں نے توجہ کی - ضرورت اِس بات کی تھی کہ عمدہ عمدہ مضامین سے اِس کے ٹون (Tone) کو بڑھایا جاۓ تاکہ قوم خود بخود متوجہ ہو - مگر بیک صاحب کی وفات کے بعد میگزین اپنی تحریری خوراک کے لیئے ہمیشہ کالج کے پروفیسروں کا دست نگر رہا *

کالج کا انتظام اور کالج کے مشاغل اب اِس قدر بڑھ گئے ہیں کہ پروفیسران کالج کو خود اپنے آرام اور اپنے ذاتی کاموں کے لیئے بہت کم وقت ملتا ہی — جن اصحاب نے سنگ صاحب کی رپورٹ پڑھی ہی وہ اس امر کا اندازہ بخوبی کرسکتے ہیں کہ کالج کے پروفیسروں کو میگزین میں عمدہ عمدہ مضامین کے لیئے کتنا وقت ملتا ہی — اولڈ بائز کو مسٹر ٹیلنگ کا خاص طور پر مشکور ہونا چاہیئے کہ اس پر بھی وہ اپنے وقت کا بہت بڑا حصہ میگزین کو دیتے ہیں *

خدا بھلا کرے سید سجاد حیدر کا کہ اُنھوں نے اُردوے معلی سوسائیٹی قایم کرکے ایک عرصہ تک میگزین کے حصہ اُردو کے لیئے ہمکو بیفکر کردیا۔ اگر اُردوے معلی سے ہمکو وہ مدد نہ ملتی جو گذشتہ اور موجودہ سال میں ملی ہی تو ہم نہیں کہہ سکتے کہ ہمارے حصہ اُردو کی کیا حالت ہوتی۔ مگر اُردوے معلی میں عموما جس قسم کے مضامین پڑھے جاتے ہیں میگزین میں ہر مرتبہ اسی قسم کے مضامین کا چھپنا میگزین کے مقاصد کو بہت محدود اور اس کی وقعت کو عام پبلک کی نظروں میں بہت کم کردینے والا ہی — ناظرین میگزین خود اس کا اندازہ کرسکتے ہیں *

اپیل

مکرم بندہ -

تسلیم - آپ کو معلوم ہی کہ عرصہ دس برس سے محمدن کالج میگزین مسلمانان ہند کی تعلیمی مرکز سے ماہوار شائع ہوتا ہی — گو یوں تو ملک میں سینکڑوں رسالے اور میگزین چھپتے ہیں اور ہزار ہا شایقین کے ہاتھوں سے گذرتے ہیں مگر اس میگزین کو بوجہ اُس نسبت کے جو اس کو علیگڈھ سے ہی خاص امتیاز حاصل ہی اور خاص دلچسپی سے دیکھا جاتا ہی — اور اس سے توقع بھی بہت کچھہ کی جاتی ہی - اِس کے مضامین نگاروں کی فہرست میں مولانا شبلی کے سے جلیل القدر مورخ — مولوی حالی کے سے زبردست شاعر — مولوی ذکاءاللہ کے سے عالی دماغ مہندس اور دیگر علما و فضلا کے اسماے گرامی تھے اور ایک عرصہ تک میگزین بڑی آب و تاب سے شایع ہوتا رہا جس کی وجہ سے آج تک ہمعصروں میں وقعت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہی - مگر یہہ ایک کھلا راز ہی کہ کچھہ عرصہ سے میگزین کی لٹریری حالت وہ نہیں رہی جو اس کی اور علیگڈھ کی شان کے لایق تھی — اور جب ہم یہہ دیکھتے ہیں کہ ملک میں رسل و رسائل کی ترویج دن بدن بڑھتی جاتی ہی — اور اخباری دنیا میں زندگی کے لیئے کشمکش بہت زور پر ہی تو ہم کو کوئی اُمید نظر نہیں آتی کہ ہمارا میگزین موجودہ حالت کے ساتھہ اِس مقابلہ میں پورا اُتر سکیگا - اور (خدا نکرے) وہ دن عنقریب آنے والا ہی جب اِسی پرچہ کی وقعت ملک کے عام پرچوں سے بھی کم ہوجائیگی *

محمدن کالج میگزین مسٹر بیک کی ایک زندہ یادگار ہی - اِس پرچے کے چلانے اور خود اپنے قلم سے اِس میں نہایت پر زور مضامین لکھنے سے مرحوم کی صرف یہی غرض نہ تھی کہ کالج کے پرانے اور موجودہ طلبا میں ایک وابستگی رہے بلکہ وہ اِس پرچے کو مسلمانوں کا زبردست آرگن خیال کرتا تھا — چنانچہ تا دام حیات اِس نے اِس کی وقعت کو کم ہونے دیا اُن کے بعد مسٹر ٹینگ کی قابل قدر کوششوں سے میگزین کی وقعت اور عزت بر قرار رہی - اور سچ تو یہہ ہی کہ میگزین کی حیات ہی صرف مسٹر ٹینگ کی وجہ سے ہی — ورنہ اِن مشکلات کا خیال

کہ ملک کی عدم توجہی کی وجہ سے اس کی حالت ایک گونہ ردیہ ہوگئی — ہم ہرگز نہیں چاہتے کہ علیگڈھ کالج میگزین اس حالت میں رہے — اور نہ ہمارے خیال میں کوئی بھی خیراہ قوم میگزین کو اس ذلیل اور پست حالت میں دیکھنا پسند کریگا ●

اب دیکھنا یہہ ہی کہ ہماری کوششیں اب بھی میگزین کو ابھار سکتی ہیں یا نہیں - اگر کوئی سبیل ایسی نہ مل سکے جس سے میگزین کی حالت قابل اطمینان ہوجاے — تو اس کا جاری رکھنا محض فضول اور اسکا وجود بدنام کنندہ نکونامی چند — اور اس مرض کا مرجانا ہی اس کے اور قوم کے حق میں مفید ہوگا مگر جب ہم یہہ جانتے ہیں کہ قوم میں عموماً اور ہمارے نوجوان تعلیم یافتہ گروہ میں خصوصاً ایسے اصحاب کی ایک معقول جماعت ہی جو ایک نہیں کئی ایسے میگزینوں کو چلا سکتی ہی تو کوئی وجہ نہیں کہ جان توڑکر ایک آخری کوشش نہ کی جاے - میگزین کا بند ہونا نہ صرف اولڈ بائیز کے لیئے بلکہ علیگڈھ کالج اور علیگڈھ کالج کے کل وابستگان کی جماعت کے لیئے نہایت شرمناک اور عبرت آموز حادثہ ہوگا - اور پھر اس کے بند ہونے پر اگر کل قوم متفق ہوکر بھی اس کے دوبارہ جاری کرنے کی کوشش کریگی تب بھی کامیابی کی بہت کم امید ہوسکتی ہی — کیا وجہ ہی کہ موجودہ حالت میں متفرق اور پراگندہ کوششوں کو مجتمع کرکے میگزین کی حالت کو درست نہ کیا جاے ●

ہم نے ان تمام امور متذکرہ بالاپر کامل غور کرنے کے بعد آخرالامر یہہ فیصلہ کیا ہی کہ میگزین کے لیئے ایک کوشش اور ہونی چاہیئے - چنانچہ اس کے لیئے سب سے پہلے جس تجویز پر عمل کیا گیا وہ یہہ تھی کہ مختلف بزرگان و بہی خواہان قوم اور تعلیم یافتہ اصحاب کی خدمت میں ایک اپیل میگزین کو لٹریری امداد دینے کے لیئے شایع کرکے بھیجی گئی — گو یہہ مضمون کسی قدر طویل ہوگیا ہی مگر اس خیال سے کہ ہر ایک خبردار میگزین کو ہماری تجاویز سے آگہی اور ان پر عمل کرنیکا موقعہ مل سکے ہم اسکو بجنسہ ذیل میں درج کرتے ہیں ●

اخبار کا اڈیٹر ھیں – بہر حال ہم سے جہاں تک ہوسکا ہمنے رطب و یابس ناظرین کے پیش کیا — اور اس طرح ایک عرصہ تک کام چلایا •

تیسری شکایت جو میگزین کے نہ پہونچنے کی ھی اس کے ہم چنداں ذمہ وار ھیں – اگر بعض حضرات کو میگزین نہیں ملتا تو یہہ ہمارا قصور نہیں — ہم بارہا تحریر کرچکے ھیں کہ میگزین کے نہ پہونچنے کی دو ھی وجوہ ہوسکتی ھیں – یا تو پتہ کا صحیح یا واضح نہ ہونا اور دوسرے ڈاک خانہ میں گم ہوجانا — ہمارے خریداروں میں سے اکثر اپنے نقل مکان وغیرہ سے ہمکو بیخبر رکھتے ھیں – اور پھر اگر میگزین نہیں پہونچتا تو شکایت کرتے ھیں — بعض اصحاب ایسے بھی ھیں کہ جن کو کسی پرچہ کے نہ پہونچنے کی اطلاع اس ہونی ھی جب وہ اپنے فائل کو نا مکمل پاتے ھیں – اور پھر منیجر کو تحریر کرتے ھیں کہ فلاں پرچہ بھیجدو تاکہ فائل مکمل ہوجاے – بہر حال اس شکایت کا قوار واقعی انسداد ہوسکتا ھی اگر خریداران میگزین بھی یہہ دونوں ضروری امور ذہن نشین کریں •

(۱) تبدیل مقام کی اطلاع منیجر کو فورا ہونی چاھیئے •

(۲) اگر کوئی پرچہ نہ پہونچے تو اسی وقت ورنہ زیادہ سے زیادہ ایک ماہ کے اندر منیجر کو لکھہ کر گم شدہ پرچہ منگا لینا چاھیئے •

الغرض میگزین کے متعلق جو شکایتیں کہ عام طور پر سنی جاتی ھیں وہ یہی ھیں — ہم اس موقعہ پر یہہ بحث کرنا کہ میگزین کس قدر ضروری پرچہ ھی فضول خیال کرتے ھیں — اس پرچہ کو شایع ہوتے ہوئے آج دس برس سے زیادہ ہوگئے ھیں — گذشتہ زمانہ میں اس کے مضامین کی وسعت اور قابلیت نے اسکو ملک کے نہایت عمدہ پرچوں میں جگہہ دیدی تھی – اور کم از کم اسلامی دنیا میں یہہ خاص عزت اور وقرکی نگاہوں سے دیکھا جاتا تھا – گو اولڈ بائیز کے لیئے جاری کیا گیا تھا مگر علم دوست اصحاب کی اعانت کی وجہ سے علمی دنیا میں ہر جگہہ پسند کیا جاتا تھا مگر جب ہم اس کی موجودہ حالت کو دیکھتے ھیں تو واقعی نہایت افسوس ہوتا ھی

تھا — وہ اُس کو چلاتے اور اِس کے علمي ٹون (Tone) کو برقرار رکھتے — مگر سوائے چند قابل وقر مستثنیات کے کسي کو میگزین کي طرف خیال نہ ہوا — ایسي حالت میں ہم لوگوں سے جہاں تک بن پڑا میگزین کو چلایا — اوپر سوپر شائع کیا مگر میگزین کو مرنے نہ دیا — اگر کہیں اُدھر سے کوئي مضمون آگیا تو اُس کو نعمت غیر مترقبہ جان کر جھٹ پٹ شائع کر دیا ورنہ برا بھلا خود هي لکھا — جب مضمون لکھنے والوں کا یہہ قحط هو اور کالج لائف کا یہہ حال تو ناظرین خود اندازہ کرسکتے هیں کہ میگزین کے دیر سے شائع هونے کا کارکنان میگزین پر کہاں تک الزام لگایا جا سکتا هی — کجا ولایت کے میگزین کہ اڈیٹر کو ایک حرف اپني قلم سے نہ لکھنا پڑے اور کجا محمدن کالج میگزین کہ هر پرچہ کے لیئے اڈیٹران اور اهالیان کالج کا دست نگر — الغرض یہہ وجوہ تو میگزین کے اکثر دیر سے شائع هونے کي هیں ٭

رهي دوسري شکایت میگزین میں عمدہ مضامین کے شائع نہ هونیکي — سواسکے متعلق جو اصحاب کہ هماري مرقومہ بالا تحریر کو پڑہ چکے هیں وہ خود اندازہ کر سکتے هیں کہ میگزین کیوں روکھا پھیکا هوتا هی — علاوہ ازیں اس بارے میں پبلک کا مذاق خود ذمہوار هی — همارے خریداروں میں بعض ایسے هیں جو محض علمي مضامین کا دیکھنا پسند کرتے هیں — اوربعض ایسے جو صرف شعر و شاعري کے گرویدہ هیں — بعض ایسے هیں جو یہہ چاهتے هیں کہ میگزین میں سوائے کالج کي خبروں کےاور کچھہ نہ هونا چاهیئے — اور بعض ایسے بھي هیں جنکي بھي رائے هی کہ —

نامہ بھیجو گرچہ مطلب کچھہ نہ هو — هم تو عاشق هیں تمھارے نام کے ٭

اب پبلک میں سے هر شخص کو خوش رکھنا اور هر شخص کو اس کے مذاق کے موافق تھوڑا بہت دینا هر کس و ناکس کا کام نہیں جب منشي محبوب عالم صاحب جیسے مشہور اخبار نویس بھي مانتے هیں کہ هر شخص کو خوش کرنا نہایت مشکل کا کام هی تو میگزین اردو ایڈیٹر تو پھر اردو

هوس کي نگراني اور انتظام ميں اسقدر منهمک رهتے هيں که بيچاروں کو اپني ضروريات کے ليئے بهي بہت کم وقت ملتا هی — ان کے علاوہ ديگر پروفيسر اور ماسٹروں کو بهي بلا واسطه اور بالواسطه بورڈنگ هوس کي لائف سے اسقدر تعلق رهتا هی که وہ کسي علمي تحقيقات يا علمي مضمون کے لکهنے کے ليئے مسلسل طور پر وقت نهيں نکال سکتے — ان تمام امور کا اندازہ اسي وقت هوسکتا هی جب کوئي اس وسيع بورڈنگ هوس کي روز مرہ زندگي کا خوب غور سے مطالعه کرے *

رهے طالب علم — سو ان ميں جو گريجوايٹ هيں ان کو اپنے مطالعه اور اپنے تفکرات سے هي فرصت نهيں ملتي اور جو کالج ميں تعليم پاتے هيں ان کو مختلف سوسائيٹياں اور امتحانات فراغت نهيں ديتے که دلجمعي کے ساته ايک علمي مضمون لکهه سکهيں — اس پر بهي همارے طالب علموں نے گذشته دو سالوں ميں ميگزين کي جو خدمت کي هی وہ هر طرح قابل اطمينان هی — هم موجودہ حالت ميں اس سے زيادہ کي اميد نهيں کرسکتے *

محمدن کالج ميگزين تخصيص کے ساته اولڈ بائيز کا پرچه هی — جب تک که کالج ميں انگريز پروفيسروں کي تعداد بورڈروں کي تعداد کے لحاظ سے معقول رهي اور کالج لائف کے اسقدر مختلف پہلو پيدا نهيں هوئے تب تک ميگزين بلحاظ علمي مضامين کے نهايت آب و تاب سے شائع هوتا رها — مگر جب سر سيد اور مسٹر بيک کي وفات نے منتظمان کالج کو اور امور کي طرف متوجه کرديا — اور ان کو کالج کي حيات کے متعلق وہ اطمينان نه رها جو سر سيد اور مسٹر بيک کے ايام حيات ميں تها تو اس وقت هرکس و ناکس کو سوائے اس کے اور کيا خيال هو سکتا تها که کالج کي بنياد کو مضبوط کيا جاے — اس کي وجه سے بهي کالج کي وہ مصروفيات بڑہ گئيں جو آج تک چلي آتي هيں — ان لوگوں کي مساعي جميله کا يه نتيجه هوا که خدا کے فضل سے آج کالج نهايت عمدہ حالت ميں هی — اب اس زمانه ميں اولڈ بائز کا فرض تها که وہ اپني کوششوں سے ميگزين کو گرنے نه ديتے — ميگزين ان کا اور هم پهر کهتے هيں که تخصيص کے ساته ان کا پرچه

علیگڈھ کالج کی آب و ھوا اور علیگڈھ کالج کی لائف اب ھرگز ایسی نہیں رھی کہ کسی شخص کو ایک علمی مضمون لکھنے کے لیئے کچھہ بھی فرصت مل سکے — علیگڈھ اب وہ علیگڈھ نہیں رھا جو آج سے پانچ دس برس پہلے تھا — بورڈروں کی تعداد پہلے سے دوگنی سے بھی زیادہ ھوگئی ھی - علیگڈھ لائف کی اس قدر مختلف شعبے نکل آئے ھیں اور علیگڈھ کی معروفیات اس قدر بڑھگئی ھیں کہ دو تین ماہ میں بھی کسی شخص سے ایک علمی مضمون کی توقع رکھنا محال ھی - علیگڈھ کے طلبا اور بورڈر موجودہ زمانہ میں خیالات کی طرف اسقدر متوجہہ نہیں ھوتے جسقدر کہ کام کی طرف — اب میگزین کے لیئے علمی مضامین لکھنے والوں میں سب سے پہلے انگلش پروفیسرا آتے ھیں - جن اصحاب نے مسٹر ٹیپنگ کی سالانہ رپورٹ پڑھی ھی (جنکو موقعہ نہ ملا ھو وہ ھمارے حصہ انگریزی میں ان جملوں کو پڑہ سکتے ھیں جن کیطرف ھم اشارہ کرنا چاھتے ھیں) - وہ خوب جانتے ھیں کہ ھمارے ھاں کے انگریز پروفیسروں کو کالج کی عزت اور بالخصوص کالج کے Traditions کو قایم رکھنے کے لیئے اپنے وقت عزیز کا کسقدر حصہ صرف کرنا پڑتا ھی - اور پھر ایسی حالت میں کہ انگریز پروفیسروں کی تعداد تو پہلے سے بھی کم ھوگئی ھو یعنی ھیڈ ماسٹر سمیت کالج بھر میں کل چار انگریز ھوں اور لڑکوں کی تعداد قریب دگنی کے ھوگئی ھو - اگر ھمارے کالج میں بھی مثل اور کالجوں کے انگریز پروفیسروں* کو صرف پڑھانے سے تعلق ھوتا تو بیشک ھم کہہ سکتے تھے کہ یہہ تعداد کافی ھی (گو زیادہ اس صورت میں بھی نہ ھوتی) مگر علی گڈھ کے سے مشہور Residential کالج میں انگریز پروفیسروں کی اسقدر قلیل تعداد ھونے پر بھی اطمینان‌بخش نتایج کا ظاھر ھونا جیساکہ یونیورسٹی‌کمیشن رپورٹ سے معلوم ھوتا ھی صاف طور پر اس امر کو بتاتا ھی کہ ھمارے انگریز پروفیسروں کو کسقدر محنت اور کاوش سے کام کرنا پڑتا ھی — اور اسپر بھی گذشتہ دو سال میں میگزین کے حصہ انگریزی کے لیئے جو کچھہ ھمارے انگریز پروفیسروں نے کیا ھی وہ ان کی اوقات فرصت کے اندازہ سے کہیں زیادہ ھی *

اب میگزین میں مضمون لکھنے والے سوائے ھندوستانی ممبران اسٹاف و طلبا کے اور کون ھوسکتا ھی — ممبران اسٹاف میں سے اکثر تو بورڈنگ

شبہات پیدا ہوگئے اور اکثر خریداروں نے تو یہہ مشورہ بھی دیا کہ میگزین کو بند کردینا چاهیئے - اب پیشتر اس کے کہ هم اپنے کرمفرماؤں کے اس فیصلہ پر کچھہ راے زنی کریں یہہ مناسب معلوم هوتا هی کہ تصویر کے دونوں پہلوؤں کو واضح طور پر دکھائیں تاکہ هماري راے میں مناسب وزن دلائل اور وجوہ کا بھی هو *

میگزین کے متعلق خریداروں کو جس قسم کي شکایات هیں ان کو مفصیل وار درج کرنا تو شاید مشکل هی تاهم جو بڑي وجوہ شکایتوں کي هوسکتي هیں وہ ذیل میں درج کي جاتي هیں *

اول — میگزین کا دیر میں شائع هونا *

دوم — میگزین میں عمدہ مضامین کا نہ هونا *

سوم — بعض اصحاب کے پاس میگزین کا با قاعدہ نہ پہونچنا *

اب هم چاهتے هیں کہ ان هر سہ شکایات پر علحدہ علحدہ مفصل کے ساتھہ بحث کریں — گو بعض اصحاب کو ان کے علاوہ اور بھی کئی قسم کي شکایات هیں مثلاً میگزین کے حصہ اُردو کا ٹائیپ کے حروف میں چھپنا - یا میگزین میں انگریزي مضامین کا هونا یا اُردو کا هونا مگر یہہ تمام شکایتیں کسي قدر غیر ضروري معلوم هوتي هیں — اصل وجوہ شکایات کي وهي هیں جو هم نے اوپر تحریر کیں هیں *

اول — میگزین کا دیر میں چھپنا — اس میں شک نہیں کہ بعض اوقات میگزین کے ماهواري نمبر غیر معمولي دیر سے چھپے هیں اور اسکي وجہ سے همکو بھي بہت بڑا نقصان پہونچا اور پہنچ رها هی مگر جہاں هم اس الزام سے اپنے آپکو قطعاً بري الذمہ نہیں کرنا چاهتے وهاں همکو اپنے علم دوست احباب اور بالخصوص اولڈ بائز سے بھي شکایت هی - جو لوگ علیگڈھ سے باهر رهتے هیں ان کو اکثر یہي خیال رهتا هوگا کہ علیگڈھ میں جو علوم و فنون کا ذخیرہ موجود هی وہ اور کسي جگہہ نہیں — اور اس ایئے مضامین لکھنے والوں کي تعداد جو علیگڈھ میں هر وقت موجود رهتي هی وہ شاید تمام اولڈ بائز میں بھي نہ پائي جاتي هو - هم اس خیال کي تائید یا تردید کرنا نہیں چاهتے همارا مقصد چند واقعات کا بیان کرنا هی اور هم اُمید کرتے هیں کہ میگزین میں دلچسپي لینے والے اصحاب ان پر غور کرینگے *

جاتي هى اس سبب سے نہيں کہا کہ اول تو برنڈزي (اٹلي) سے آنے
ميں خرچ زيادہ هى دوسرے يہہ سب سے زيادہ جلدي پہونچنے کا رستہ
هى — طالب علم کو ايسي بهاگڑ کيوں هونے لگي — ميري راے نہيں
هى کہ سير تماشہ کے ليئے راستہ کے کسي مقام ميں معمول سے زيادہ ٹهيرنے
کي اجازت دي جاے ۔ نا تجربہ کاري سے تکليف کے علاوہ خرچ بهي فضول
بڑہ جائيگا ۔ هاں يہاں سے واپس جاتے وقت ايسا کرنا مفيد هوگا ۔ جہاز
کے سفر ميں لوگوں سے تعارف پيدا کرنے کي کوشش کرني چاهيئے ۔ يہاں
تو ايسے لوگ بهي جو کهچے رهنے کے عادي هوتے هيں بہت جلد کهل
جاتے هيں — کهيل تماشہ ميں بهي حصہ لينا چاهيئے اور کهانے کے وقت
گفتگو کرنے ميں رکاوٹ نہ کرني چاهيئے ۔ جہاز چهوڑنے پر اپنے شپنگ
ايجنٹ کے ملازم سے جس کي ٹوپي پر کمپني کا نام لکها هوتا هى پوري
آگاهي ريل کے سفر کے متعلق ليکر نوٹ کر ليني چاهيئے ۔ لندن ميں کسي
سے ملاقات هو اور عارضي طور پر اُن کي معرفت کسي مکان ميں رهنے کا
پہلے سے بندوبست هوسکے تو بہتر هو ۔ ايڈنبرا ميں ايک انڈين ايسوسي
ايشن کچهہ عرصہ سے قايم هى جس کا ميں بهي ايک عہدہ دار هوں اور
مجهے لکهنے ميں خوشي هى کہ اکثر هندوستاني طلباء اس ميں دلچسپي
سے حصہ ليتے هيں — سکاٹليند آنے والوں کو اس کے سکرٹري سے هرطرح
کي مدد مل سکتي هى ٭

(باقي آيندہ)

محمد مشرف الحق

ميگزين کي لٹريري حالت ميں ايک انقلاب

هم اِس امر سے اِنکار نہيں کرسکتے کہ خريداران ميگزين ميں سے
ايک کثير تعداد کو ميگزين کے متعلق مختلف قسم کي شکايات هيں —
اور يہہ شکايات گذشتہ دو ايک سالوں کے عرصہ ميں اس قدر زور شور سے
سني گئيں کہ ميگزين کي آيندہ زندگي کے متعلق نہايت خطر ناک

پیرهان چھوٹی کوٹ کے لباس پر بڑی سی پگڑی بندھی هوئی یہه ایسی
ناموزوں وضع هی جو آنکھوں کو زهر لگتی هی - اگر تعصب کو دخل
نہیں تو یہی وجه هوگی جو بعض گھرانوں میں وهاں " در عمل کوش هر
چه خواهی پوش" پر آزادی سے عمل نہیں کیا جاتا - اِس ملک کے لوگ
تو لباس پر ضرور نظر ڈالتے هیں - الناس بالباس - اور همیشه نہیں
تو اکثر اس کی بد وضعی سے بے وقعتی هوجاتی هی - هندوستانی طلبه
کو یہیں آکر لباس بنوانا چاهیئے --- ساتھه لانے کے لیئے ضرورت کے موافق وہ
دو سوٹ وهیں کسی دوکان کے سلے هوئے ساتھه رکھه لیں - ایک اوپر کا کوٹ
اور کچھه نیچے پہننے کے کپڑے - اگر اُنکے پاس کھانے کا لباس نہیں تو
نه سہی سفر میں وہ اس تکلف سے معاف هوسکتے هیں - لیکن سنگھار کا
سامان ساتھه ضرور هونا چاهیئے - اور بیگ میں جگھه هو تو ایک ڈریسنگ
گون رکھه لیا جاے" جو صبح کو کام آسکیگا - ساتھه هی کچھه کتابیں
مطالعه کے لیئے - ایک ڈک پر بیٹھنے کی کرسی هو تو آرام ملیگا --- یہه یاد
رهے که سرد ملک میں جانے کے سہم سے لحاف توشک اور اِنگیٹھی کا بوجھه
باندهنے کی تکلیف نه کی جاے اگر ایک دوشاله یا رگ ضرورتاً پاؤں پر
ڈالنے کے لیئے ساتھه هو تو کافی هی --- بچھونا اوڑهنا جہاں کہیں جانا هوگا
تیار ملتا رهیگا --- اسی طرح پانی پینے اور کھانا کھانے اور منهه هاتهه دهونے
کے برتن هرگز نه لائے جائیں - ریل اور جهاز کے کرایه بھاڑے کا بندوبست
بمبئی کی کسی شپنگ ایجنسی سے کرلیا جاے جن کے اشتہار انگریزی
اخباروں میں چھپتے رهتے هیں --- یہی لوگ بعد میں طلباء کو خرچ
پہنچا دینے کا ذمه بھی لے سکتے هیں --- عموماً طلباء سکنڈ کلاس میں
سفر کرتے هیں اور اسی میں سفر کرنا مناسب بھی هی --- کل کرایه وغیره
ملاکر پانچ سو روپیه راسته کا خرچ سمجھنا چاهیئے - تین راستوں سے لندن
آنا سہل هی - بمبئی سے (۱) ٹریسٹ تک جو آسٹریا کا بندرگاه هی
جهاز میں - وهاں سے بذریعه ریل کیلے تک جو فرانس کا انگلستان سے
سب سے قریب شہر هی (۲) جهاز میں مارسیلز تک جو فرانس کے
جنوب میں واقع هی --- اور پھر ریل میں کیلے تک - یہه سب سے اچھا
راسته هی --- (۳) لندن تک کل راسته جهاز میں بسر کرنے سے ضرور جی
گھبرا جاتا هوگا - میں نے ایک اور مشہور راسته کا ذکر جس طرف سے ڈاک

سے مستفید ہوسکتا هی — عموما بهی علم هیں جن کی تحصیل کے لیئے طلبا زیادہ تر آتے رهتے هیں - نیز اکثروں کو گورنمنٹ سروس یا زراعت — تجارت وغیرہ کا خیال بهی پیدا هوتا هی جن کی آگاهی کے لیئے بهی کچهہ حسب موقعہ لکها جائیگا - کیا اچها هو جو آنے سے پہلے ان مضامین کے سمجهنے کی تهوڑی سی مہارت پیدا کرلی جاے اس پر بهی آگے بحث کی جائیگی *

آوت قیمت اور خرچ کے متعلق لوگ اکثر مجهہ سے پوچهتے رهتے هیں — ان دونوں کا تخمینا بتانا ذرا مشکل امر هی — کیونکہ ان کا دار و مدار طالب علم کی مقدرت اور اُس کی اپنی عادت پر منحصر هی - لیکن میں یہہ فرض کرکے کہ هر طالب علم کو اوسطا کہاں تک ملنا چاهیئے حساب لکهنے کی کوشش کرتا هوں *

سامان جو طالب علم اپنے ساتهہ لائے وہ بہت هی مختصر هونا چاهیئے کیونکہ اکثر دیکها گیا هی کہ اول تو یہاں اُس قسم کے اسباب کی ضرورت پڑتی نہیں دوسرے اگر استعمال کیا بهی تو اوچها سا معلوم هوتا هی اس لیئے جو روپیہ فالتو چیزوں پر خرچ کیا وہ اکارت جاتا هی — پہلے همیں لباس پر ایک سرسری نظر ڈالنی لازمی هی - یہہ مانی هوئی بات هی کہ هندوستان میں کسی خاص فرقے کے اجزا کا بهی یکساں لباس نہیں هی — جس طرح خیالات لوگوں کے آپس میں ملتے جلتے نہیں اسی طرح لباس میں بهی فرق هی - پهر بهی سمندر پار جو آ جاتے هیں وہ یا تو کچهہ عرصہ کے لیئے یا همیشہ کے لیئے پوشش کو بدلدیتے هیں — یہاں اُن کو مغربی جدید وضع کے اختیار کرنے میں آسانی هوتی هی دوستی کرنے کے موقع ملتے هیں اور ایسا کرنے سے وہ کسی قدر انگشت نما بننے سے بچ بهی جاتے هیں - جیسا دیس ویسا بهیس - بر خلاف اس کے هندوستان میں جن کو انگریزی وضع طرح اختیار کرنے کا خیال هوجاتا هی وہ اگر حد سے تجاوز کر جاتے هیں تو دیکهنے بهالنے کے موقعوں کے ملنے کی کمی سے اُن سے غلطیاں سرزد هونے لگتی هیں جو بهلا کسے اچهی معلوم هونے لگیں نظر خواہ مخواہ بهی عیب بین بن جاتی هی — دوغلہ لباس آدها انگریزی اور آدها هندوستانی مثلاً اوپر چهوٹا کوٹ نیچے پاجامہ یا قمیص کوٹ سے نیچے لٹکتی هوئی - بال چهوٹے کٹے هوئے مگر

هوگیا هی طالب علم کي نشست برخاست ایسے لوگوں میں ہونے نہیں پاتي جن کے فیضان صحبت سے کسي خاص فن یا کمال کے دستیاب کرنے کا شوق ان کو دامن گیر ہوسکے ابتدائي امتحان پاس کرنے اور کالج میں کچھہ عرصہ پڑھنے کے بعد اور یہہ بھي اگر فرصت اور غنیمت نے اجازت دي اُس میں ہر کسي اور نہ خاص کسي پیشے کي تعلیم کے سمجھنے کي معمولي فہم آجاتي هی پھر تو وہ اپني مالي بہتري کا خیال کرکے کسي خاص طرف متوجہ ہوجاتا هی مثلا سب سے پہلے اُس کو سرکاري ملازمت اختیار کرنے کي دھن ہوتي هی — اس میں اُس کا قصور نہیں - وہاں کا ڈھنگ جاپان کا سا تو هی نہیں کہ علم کو علم کي طرح سیکھنے کي کوشش ہوسکے وہ سامان اور ذرایع کہاں - اُن دور سے دور مشرقي دنیا کے رھنے والوں نے ساري رکاوٹوں کو ہٹا کر اور تو اور فزیالوجي (علم حرکات و سکنات اجزاے جسم) جیسے جدید اور بالکل مغربي سینس میں اس قدر دخل بڑھالیا کہ یہاں سب سے جدید پروفیسر کے لکچروں میں* بھي اُن کي قلیل هي سہي مگر تحقیقات اور ایجاد کا کام دو چار بار سنا جانے لگا — لیکن ہندوستان میں یہہ بات کہاں اگر کوئي غریب اپني عمر عزیز علم کي جستجو میں کسي لباریٹري میں کھپاني چاهے تو اُس کو موقعہ کہاں ملے اور اتفاق سے موقعہ مل بھي گیا تو فقط هی - ہندوستان کو ابھي بہت عرصہ یورپ کا دست نگر رہنا هی — سر دست ہمیں تو اپنے نوجوان میں یہہ دیکھنا هی کہ یورپ آکر کونسا مضمون اُسکا سبق ہو — چند بہت هي معمولي پہچانیں اور یہہ ہر گز بھي پایہ ثبوت کو پہنچانے کے قابل نہیں میري اپني راے میں یہہ ہوسکتي ہیں کہ علم ادیان کو چھوڑ کر جس کي تلقین کے لیئے یورپ ہم کیوں آنے لگے علم ابدان کے لیئے ہمیں دیکھنا هی کہ طالب علم ذکي - سلیم الطبع - فیاض - جفاکش - سہولیت سے گفتگو کرنے والا — دل کا قوي (بقول شخصے شیر کا سا دل اور عورت کي مانند ہاتھہ رکھنا) ہو تو حکمت پڑھنے کے لیئے موزوں هی - اگر زبان کا طرار - خوش تقریر - منطقي - ملکي حکمت عملي پر بحث کرتا اور مطلب رس ہو تو وکالت چلا سکیگا - اسي طرح جب اُس کي طبیعت کو ریاضي سے لگاو ہو اور خوشخط - بیل بوٹوں نقش عمارات اور کلوں پرزوں کے سمجھنے میں دلچسپي رکھتا ہو تو انجنیري

نامور یونیورسٹیوں کا حال انہوںنکا تو زیادہ واقفیت ہوسکیگی — سو دست میں یہہ کہہ سکتا ہوں کہ داخلہ کے امتحان میں ہر ایک ہندوستانی جسنے ایف اے تک پڑھا ہو آسانی سے نکل سکتا ہی — اسکاٹلینڈ میں مجھے معلوم ہی لاطنی کے بدلے عربی فارسی یا سنسکرت اور کسی یورپین زبان کی بجاے اُردو لیجا سکتی ہی - لیکن یہہ کیسی دقت ہی کہ جبتکیہہ رکاوٹ دور نہو اُنکو انتظار میں پڑے رہنا بے فائدہ کو(coaches) (خانگی معلموں) کو روپیہ بھرنا اور ہندوستان سے کئی گنا زیادہ خانگی اخراجات کو بڑھائے رکھنا پڑتا ہی — نیز اس آسان سی روک میں بھی بعض لاپروائی یا بیماری سے رہ ہی جاتے ہیں جس سے وقت کا خون اور روپیہ کا نقصان ہوتا ہی *

آکسفورڈ یونیورسٹی میں ایف اے پاس کو سمالز کے امتحان سے معاف کردیتے ہیں اور کیمبرج میں لٹل گو سے اگر ایف اے اول درجہ میں پاس کیا ہو — ان دونوں یونیورسٹیوں میں جانے کے لیئے طالب علم کو تھوڑی سی لاطنی زبان یہاں آنے سے پہلے ہی سیکھہ لینی مناسب ہی اس کے لیئے ہندوستان میں کسی انگریز پروفیسر یا کسی اور لاطنی داں سے اتنی مدد لے لینی چاہیئے کہ چھوٹی چھوٹی مشق کی کتابوں کو پڑھنے کی استعداد ہوجاے - میڈ سن کے لیئے بھی لاطنی کا جاننا مفید ہی - کیمبرج میں لاطنی کا پرچہ لکھنے وقت طالب علم ڈکشنری سے مدد لے سکتا ہی - لیکن ایک اجنبی کے لیئے یہہ کوئی آسان کام نہیں — وکٹوریا یونیورسٹی والے ایک ایف اے کو بھی داخلہ سے بری نہیں کرتے — میں ایسے چند ہندوستانیوں سے واقف ہوں جو کچھہ عرصہ سے یہاں مقیم ہیں اور یہاں کے محاورے سیکھنے کا بھی اُن کو موقعہ حاصل ہی لیکن شروع میں یہاں آنے سے پہلے اُن کی مدرسی استعداد مڈل یا اُس سے تجاوز کرکے انٹرنس تک محدود رہی تھی اس لیئے اُن کو اپنی تقریر اور تحریر پروہ بھروسہ نہیں جو دو یا ایک ہی درجہ اور اوپر تک پڑھنے سے حاصل ہوجاتا - غرض انتخاب کرتے وقت امر مذکور کو مد نظر رکھنا مناسب ہوگا *

اب کسی خاص پیشے کی تعلیم کے پسند نا پسند کا یہہ حال ہی کہ ہندوستان میں سواے شاعری کے جس کا چرچا بھی اب بتدریج کم

بھی بہتر کرسکتے ھیں - یہہ ذرا تعجب انگیز بات ھی — اُن کے جسم میں شاید گرمی بھری ہوئی ہوتی ھی جو بتدریج گھٹتی ھی — تیسرے سال مجھکو زیادہ سردی معلوم ہوئی اور چوتھے برس اُس سے بھی زیادہ — صحت کی خرابی سے ہندوستانیوں میں دو چار افسوسناک حادثات ہوچکے ھیں لیکن ان کی تندرستی میں یہاں آنے سے پیشتر ھی فرق آچکا تھا ایسوں کو تو بغیر ڈاکٹر کے مشورہ کے اتنی دور دراز بھیجنا ھی نا مناسب تھا — قوی اور توانائی کے لحاظ سے ہندوستانی پردیسی اوسط سے عموما گرے ہوئے ھیں اور ہندوستان میں بار بار قحط کا پڑنا اُن کے حق میں ایک پر مذاق لطیفہ بنجاتا ھی لیکن شاید یہہ اُنکی ابتدائی تربیت کا سبب ہو کہ چھٹنے سے اُن کو کھلی ہوا اور جسمانی ورزش سے اگر روکا نہیں تو اُس کی طرف متوجہ بھی نہ کیا — یہاں کے ابتدائی مدارس میں اس امر پر بہت زور دیا جاتا ھی اور اعلی درس گاہوں میں بھی سب قسم کا سامان اس کے لیئے مہیا ھی لیکن اس ملک میں آکر ہندوستانی اس سے مستفید ہونے کی مطلق پروا نہیں کرتے سینکڑوں میں دو ایک کی گنتی نہیں - ابتدا سے عادت ہوتی تو عدیم الفرصتی کا حیلہ اور اِس قدر بے تعلقی نہ ہوتی — کریکٹ ٹینس وغیرہ میں شامل ہونے سے کھیل کے علاوہ شوقین کو اور بھی بہت کچھہ حاصل ہونا ھی — کھلے میدان میں جس سے یاری ہوجاتی ھی وہ کبھی فراموش نہیں ہوتی — یہاں کے طلباء کے ساتھہ ھم سبق لیکن ھم نوالہ اور ھم پیالہ نہ ہوسکنے کا سبب کچھہ تو مورننگ ہوس سسٹم کی کمی اور عموما شہر کے مختلف حصوں میں آزادانہ رہنے کے نقصان پر مبنی ھی جس پر آگے چلکر بحث کی جائیگی *

ھر انگلستان آنے والے طالب علم کی استعداد انگریزی ہندسہ وغیرہ میں کم سے کم ایف اے تک ہونی چاھیئے - سکاٹلینڈ کی کسی یونیورسٹی یا کالج میں کوئی ہندوستانی بغیر ایف اے کا سارٹیفکٹ دکھائے داخلہ کے امتحان سے بچ نہیں سکتا — صرف بمبئی یونیورسٹی کے طلبا کے ساتھہ یہہ رعایت چلی جاتی ھی کہ وھاں کے میٹرک پاس کو بھی لے لیتے ھیں - لندن یونیورسٹی کا میٹرک جو وھاں کا داخلہ کا امتحان ھی وھاں شریک ہونے کے لیئے پاس کرنا پڑتا ھی — جب میں تفصیل وار یہاں کی چند

طالب علم پر بھي اس کا اثر ضرور پڑتا ہی خصوصا جب اُس کو ان مخصوص کي خبر ہوجاتي ہی جس سے اُن کے خیالات میں پستي اور کام میں بد شوقي پیدا ہو جاتي ہی — یورپ کے سفر سے تنگي ترشي سے کوئي مستفید نہیں ہوسکتا — کم مقدرت والے طلباء کے لیئے علي گڈہ کا مدرسہ کافي ہی جہاں کي تعلیم بھي ایک اعلی تعلیم ہی یورپ کے نمونے پر - اعلی تعلیم جو طلباء کو ملتي ہی عموما دو قسم کي ہوتي ہی ایک وہ جو کتابوں سے متعلق ہوتي ہی اور جس کو مدارس میں پڑھایا جاتا ہی علمي اور عملي دونوں اس میں شامل ہیں اور دوسري ایسي تربیت ہی جو سوسائیٹي میں اُٹھنے بیٹھنے سے حاصل ہوتي ہی اور جس کي ہندوستان میں قلت ہی - میرے خیال میں ان دونوں کي عظمت برابر ہی — جو طلباء محض تعلیم اول کي جستجو میں کتاب کے کیڑے بنے رہے اُن کي مثال ذوق دہلوي نے لکھي ہی -

آدمیت اور ہي ہی علم ہی کچھہ اور شے الخ

برخلاف اس کے ایسے طلباء بھي ہوے ہیں جو سوسائیٹي کے تباہ کرنے والے مزوں میں پڑ کر فرض اولی سے اس درجہ غافل ہوجاتے ہیں کہ اُن کو

ع نہ خدا ہي ملا نہ وصال صنم الخ

ان دونوں تعلیموں کے طریقہ اور اونچ نیچ آدمي کو برسوں میں جاکر معلوم ہوتے ہیں — لیکن ایک بزرگ کو طالب علم کے کردار سے بخوبي واضح ہوسکتا ہی کہ کہاں تک دونوں کا اثر اُن پر ہوا اور آیا دونوں پلے برابر ہیں - یہاں میں دیکھتا ہوں لیکن شاید لوگ بے خبر ہیں فیصدي دس ہندوستاني طلباء بھي (اگر دس کو بھي زیادہ شمار نہیں کیاجاے) ایسے مشکل سے ملینگے جنھوں نے یہاں کي سوسائیٹي میں داخل ہونے اور اُس سے فائدہ اُٹھانے کي کوشش کي ہو - ایک قسم کا حجابانہ رکاؤ یا گیلا پن ہی جو اُن کو بعض دفعہ معمولي بول چال سے بھي باز رکھتا ہی — اگر یہہ اِبتدائي تعلیم مادري کا نتیجہ ہی تو تعلیم پدري یابرادري کا فرض تھا کہ اس کو دور کیا جاتا — غور کرنے کے لیئے یہہ ایک نکتہ ہی *

ہندوستاني طلباء کي صحت عموما اِس ملک میں اچھي ہوتي ہی - وہ سردي کي برداشت پہلے دو برس کے قیام میں یہاں کے دیسیوں سے

بھیجنا چاہتے تھے اسي لیئے اوپر میں نے حتی المقدور سوید سے جواب دینے کو تو دیئے لیکن خیال رہا کہ عموماً ہندوستان کے خوش حال طلباء کو انگلستان آنے کي دھن ہوتي ہی ممکن ہی کوئي صاحب بغیر سوچے سمجھے چل کھڑے ہوں اور یہاں پہنچ کر کسي قسم کي دقت اٹھائیں — اِس لیئے میں آنے والے لوگوں کي آگاهي کے لیئے مناسب جان کر آپ کے ماہواري رسالہ کي معرفت جسکي پہونچ وهاں کے ابن الوقت تک تو ضرور ہوتي ہوگي کچھہ حال یہاں کا ظاہر کرنے کا ارادہ کیا — میں اپنے تجربے سے راے دونگا کہ کس قسم کے طلباء کو کون سے پیشے کي تعلیم کے لیئے کن حالتوں اور کیسے موسم میں آنا چاهیئے -- نیز جیسا اس چٹھي سے کھل جائیگا یہاں بھیجنے کے لیئے طلباء کا انتخاب حسب منشاء ٹھیک ٹھیک ہوتا رہے تو ہزار ها روپیہ کي زیرباري سالہا سال کي محنت اور عزیزوں کي مفارقت کي کچھہ بھي حقیقت نہیں بہ مقابل اُن بیش بہا فوائد کے جن کے حاصل ہونے کي توقع طالب علم اُن کے سر پرست و اقارب کو خصوصاً اور قوم کے شایستہ لوگونکو عموماً ہوتي ہی — ورنہ نہ صرف اُن اُمیدوں کا خون ہوگا بلکہ بدنامي اور دوسروں کے لیئے بری مثال قایم ہوگي — وہ بد قسمت نوجوان جو یہاں انے کو تو آئے لیکن بعض کمیوں کي وجہ سے نامراد رہے ایک حد تک قصوروار ٹھہرائے جا سکتے ہیں لیکن جن کي اجازت سے وہ یہاں تک پہونچنے پائے اصل میں بڑي غلطي اُنھي سے ہوئي — ممکن ہی اس طرح کي مثالیں وهاں اور یہاں بھي موجود ہوں — خیر تو میں انتخاب کے مسئلہ کو ضروري خیال کرکے اس کا ذکر بھي کرونگا — اچھا ہو جو کسي عزیز کو تھوڑي بہت مدد اس چٹھي کے ذریعہ سے مل سکے *

میرے مضمون کي وسعت گو بہت کم ھی لیکن ابتدا میں یہہ جتا دینا بے ضرورت نہیں کہ جب تک کسي بزرگ کي مالي حالت ایسي نہ ہو کہ وہ اپنے عزیز کو یوروپ کي اعلی تعلیم دلوانے کا گراں بار اُٹھانے کے بعد بھي خوش حالي سے بسر کر سکیں کسي بیجا طریقہ پر بھروسہ کرکے اس قسم کا خیال دل میں لانا نہ چاهیئے — مثلاً میں نے سنا کہ بعض لوگوں کا ارادہ ہوا اور اکثروں نے کرکے بھي دکھایا قرض لیکر اسي طور کے کام کے لیئے ایک بار مبتلا ہوئے اور مشکل ہي سے نجات پائي —

مرزا کے کلمات میں ان سب کے علاوہ — واسوخت — مستزاد — ترجیع بند — مخمس — قطعات بھي هیں اور بعض بعض تو لاثاني هیں مگر زیادہ تر ایسے هیں جو آج کل ردي خیال کیئے جاتے هیں — اور اسي وجہ سے اُن کا درج کرنا سامعین کي سمع خراشي کرنا هی - اب میں اس داستان کو ختم کرتا هوں اور اُمید کہ اگر کوئي غلطي اس احقر سے سرزد هوئي هو تو صاحبان هوش و ذکا اُس کو معاف فرماویں *

اے سوختہ جاں ضبط اس نفس کن

بس کن ز حدیث عشق بس کن

ولایتي چٹھي

(۱)

عزم اِنگلستان بغرض حصول تعلیم

[ذیل میں هم کالج کے ایک پرانے طالبعلم مسٹر مشرف‌الحق کے خط کا پہلا حصہ درج کرتے هیں — اِس میں اُنھوں نے چند بہت مفید اور کارآمد هدایات ان اصحاب کے لیئے تحریر کي هیں جو اپنے لڑکونکو بغرض حصول تعلیم ولایت بھیجنا چاهتے هیں — همکو اُمید هی کہ نہ صرف وهي اصحاب جن کا ایسا ارادہ هو بلکہ عام پبلک اِس چٹھي کے پڑھنے سے مستفید اور محظوظ هونگے بلکہ هم یہہ بھي اُمید کرتے هیں کہ همارے دیگر دوست جو اِس وقت ولایت میں تعلیم پا رهے هیں اِسي طرح اپنے خیالات اور اپنے تجربوں سے میگزین کے ذریعے سے پبلک کو مطلع کرتے رهینگے — اِیڈیٹر] *

—— ** ——

یونیورسٹي یونین —
۹ — پارک پلیس —
اِیڈنبرا —

جناب من —

جب سے میں ڈاکٹري تعلیم کے لیئے یہاں آیا هوں اب چار برس هونے کو آئے اکثر میرے احباب نے هندوستان سے یہاں کي تعلیم بود باش اِخراجات وغیرہ کے بارے میں مجھہ سے کیفیت طلب کي — اِن میں سے بعض یا تو خود آپ کي فکر میں تھے تعلیم کے لیئے یا اپنے کسي عزیز کو

تو فخر خراسانی وفا ساقط ازو
گوهر بدهاں داری ورا ساقط ازو

روز آں و شباں زحقتعالی خواهم
مرکب دهدت خدا و باساقط ازو

مرزا اور فاخر مکین میں بیدل اور ملا دو پیازہ کی جیسی نوک چوک رہا کرتی تھی اور دور دور سے هجوؤں میں چوٹیں هوتی تھیں — مگر وهی مرزا هی جسکا کلام آج سبکو اپنا فریفتہ بنائے هوئے هے اور وهی مرزا فاخر مکین هیں جنکا نام کوئی بھولکر بھی نہیں لیتا *

هجو کے بعد مرثیئے اور سلام سلام کے واسطے ناظرین کی خدمت میں حاضر هوتے هیں مگر جب اُس زمانہ کا اور آجکل کا مقابلہ کیا جاتا هی تو اُن بیچاروں کی عزت و آبرو خاک میں ملجاتی هی — اُس زمانہ میں مسدس بہت کم تھے اکثر جو مصرع مرثیئے کہے جاتے تھے — بالکل سیدھے سادھے — محض اعتقاد مذهبی پر اُن کی بنیاد — اُصول اور قواعد شاعری سے بے بہرہ — مگر پھر بھی جسوقت مرزا کی طبیعت جولانیوں پر هوتی هی تو وہ رنگ لاتی هی کہ بیساختہ سب کی آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑتے هیں *

چنانچہ ایک مطلع فرمایا هی *

نہیں هلال فلک پر مہ محرم کا
چڑھا هی چرخ پر تیغا مصیبت و غم کا

ایک اور مرثیہ کا مطلع هی *

یارو سنو تو خالق اکبر کے واسطے
انصاف سے جواب دو حیدر کے واسطے

وہ بوسہ گہ بنے تھے پیمبر کے واسطے
یا ظالموں کے برش خنجر کے واسطے

اسی طرح سے اور بھی مرثیئے هیں جن کو هم بوجہ تنگی جگہہ درج نہیں کرسکتے *

تھے یا قصیدہ ہمکو یہہ دیکھنا چاھیئے کہ جو بات بھی اُنہوں نے لکھی یا کہی اُس کو خوبی کے درجہ تک پہنچایا کہ دوسرے کا کلام اُس کی برابری نہ کرسکا - جو ظرافت اور شرارت مرزا کے مزاج میں تھی اُس نے ہجو کہنے کی عادت کو اور بھی چمکا دیا — اور یہہ ھی وجہ تھی کہ سامعین اُس کو سنکر ہنستے ہنستے لوٹ جاتے تھے مجھکو اِس وقت ایک لطیفہ یاد آتا ھی جس سے مرزا کا شوق ہجو گوئی بخوبی درجہ ثبوت کو پہونچ جاتا ھی ایک دن میاں ہدایت جو خواجہ میر درد کے شاگرد تھے مرزا کی ملاقات کو آئے - مرزا نے بعد سلام و علیک اور ادائے رسوم معمولی کے دریافت کیا کہ کہو میاں ہدایت آج کل کہا کیا کرتے ہو - جواب دیا اجی حضرت کیا عرض کروں — دل بہلانے کے واسطے دو چار شعر کہہ لیا کرتا ہوں - مرزا بولے — ارے میاں غزل کا کیا کہنا البتہ ہجو اچھی چیز ھی - بیچارے میاں ہدایت یہہ سنکر ششدر رہ گئے اور کہنے لگے کس کی ہجو کہوں — مرزا ہنس کو بولے — واہ صاحب یہہ کیا بڑی بات ھی تم میری ہجو کہو اور میں تمہاری اکثر ایسا ہوتا تھا کہ ایسی ہجو گوئی کی بدولت لوگ مرزا سے بر سر پرخاش ہوتے تھے — چنانچہ ایک مرتبہ کا ذکر ھی کہ مجلس مشاعرہ گرم تھی اور سب اپنی اپنی راگنیاں الاپ رہے تھے — مرزا نے بھی ایک ولایتی سپاھی کی ہجو لکھی تھی اور اُس کو پڑھکر سنانے لگے — طرفہ یہہ کہ حسن اِتفاق سے وہ سپاھی صاحب بھی موجود تھے چپکے چپکے سنا کیئے — جب مرزا ہجو ختم کرچکے تو افغانی صاحب اپنی جگہہ سے اُٹھے — اور مرزا کو پکڑ کر صدھا گالیاں سنانے لگے — مرزا نے گھبرا کر کہا — خیر باشد ! خیر باشد ! جناب آغا اِتمام اِیں مقالات شایاں شما نیست - ولایتی نے پیش قبض کمر سے کھول کر اُن کے پیٹ پر رکھدیا اور کہنے لگا - "نظم خودت گفتی حالا اِیں نثر را گوش کن - ھرچہ تو گفتی نظام بود - نظام ازما نمی آید ما بہ نثر ادا کردم " *

مرزا اپنی قدرتی تیزی اور طراری کی وجہ سے جو مصرعہ - شعر - یا رباعی کہتے تھے وہ بھی ایسی ناپ تول کر لکھتے تھے کہ مجال کیا ھی کہ ذرا بھی فرق نکل آوے — چنانچہ ایک مرتبہ مرزا نے یہہ رباعی فی البدیہہ مرزا فاخر کی ہجو میں پڑھی *

مثنوي

اس کے بعد مثنوي کا نمبر آتا هی - مثنویاں کل چوبیس هیں — اُن میں سے کچھہ حکایات اور کچھہ لطایف هیں — یہہ سب سادگي کے رنگ میں ڈوبي هوئي هیں - اور خصوصاً عاشقانہ مثنویوں کا رنگ تو بہت هي هلکا هی — میر حسن تو کجا مرزا رفیع میر صاحب کا مقابلہ نہیں کر سکتے - مگر پھر بھي بہت تھوڑا هی اور اکثر شعرا سے گوے سبقت لیگئے هیں — نمونہ کے واسطے چند اشعار درج کیئے جاتے هیں ایک مثنوي مرزا نے نواب آصف الدولہ کے شکار کھیلنے کے بیان میں لکھي اور فی الحقیقت خوب لکھي هی *

مثنوي

سر صفحہ یہ آج یوں صبحدم * کہ دست سودا میں کھنچے قلم
جو اس عہد میں ہند کا هی وزیر * بہت جوان و بتدبیر پیر
مددگار آصف الدولہ جس کا نام * سلیماں شکوہ و ذوی الاحتشام
جہاں دیکھے وہ اپني شمشیر کو * تو روباہ سمجھے هی وہ شیر کو
کیا اُن نے تازہ بعزم شکار * قدم رنجہ اپنا سوئے شکار
گیا اس طرح سے سوئے صید گاہ * بچا کر مگر صید کي وہ نگاہ

اور اسي طرح سے اور بھي مثنویاں لکھي هیں جن کا درج کرنا بالکل فضول هی *

هجو

مثنوي کے بعد ہي هجو صاحبہ تشریف لاتي هیں اور محفل میں خوب هي رنگ جماتي هیں *

بعض حضرات کا خیال هی کہ مرزا کو بجز هجو کہنے کے کچھہ اور آتا هي نہ تھا اور اس وجہ سے وہ لوگ مرزا کو بہت ردي شاعروں میں شمار کرتے هیں — اول تو اُن کا یہہ خیال هي غلط هی اور اگر تھوڑي دیر کے واسطے مان بھي لیا جاے کہ وہ ایسے هي تھے تب بھي هم اُن پر یہہ الزام هرگز نہیں لگا سکتے — کیونکہ قطع نظر اس سے کہ وہ هجو کہتے

ایک قصیدہ مرزا نے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں کہا ہی جس سے صاحبان ہوش و ذکا اُن کی قابلیت کا پورا پورا اندازہ کرسکتے ہیں اور اُس کو ذیل میں درج کرنا خالی از دل چسپی نہوگا *

قصیدہ

ہوا جب کفر ثابت ہی وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹے شیخ سے زنار تسبیح مسلمانی
ہنر پیدا کر اول ترک کیجو سب لباس اپنا
نہو جوں تیغ سے جوہر وگرنہ ننگ عریانی
فراہم زر کا کرنا باعث اندوہ دل ہووے
نہیں کچھہ جمع سے غنچہ کو حاصل جز پریشانی
خوش آمد کب کریں عالی طبیعت اہل دولت کی
نہ جھاڑے آستیں کہکشاں شاہوں کی پیشانی
عروج دست ہمت کو نہیں ہی قدر بیش و کم
سدا خورشید کی جگ پر مساوی ہی زر افشانی
کرے ہی کلفت ایام ضائع قدر مردوں کی
ہوئی جب تیغ زنگ آلودہ کم جاتی ہی پہچانی

ہم پورا قصیدہ تنگی جگہہ کی وجہ سے درج نہیں کر سکتے صرف چند اشعار پر اکتفا کیا گیا اور پھر مرزا نے اسی زمین میں مطلع ثانی لکھا ہی اور پوری طرح سے داد قابلیت دی ہی نمونہ کے واسطے چند اشعار ناظرین کے پیش کیئے جاتے ہیں *

اشعار قصیدہ

ہونے سے جدا سایہ کے اُس قامت سے پیدا ہی
قیامت ہوویگا دل چسپ وہ محبوب سبحانی
جسے یہہ صورت وسیرت کرامت حق نے کی ہووے
بجا ہی کہیئے ایسے کو اگر اب یوسف ثانی

قصیدہ

حضرات ! غزل کے بعد قصیدے کا نمبر آتا ھی – اس شاعری میں تو مرزا آپ ھی اپنی نظیر ھی – شوکت الفاظ ۔ بلندی خیالات شوکت و بلاغت مضمون – چستی ترکیبات قصیدے کے لوازمات ھیں – اور ان سب کو مرزا نے پوری طرح سے ادا کیا ھی – اس فن میں مرزا اپنے سب معصروں میں زیادہ ممتاز ھیں اور اسی وجہ سے اُن کو قصیدے کا بادشاہ مانا گیا ھی — جو الفاظ کہ خود اپنی طبیعت سے گڑھکر قافیہ میں لاکر ڈالتے ھیں وہ ایک عجیب و غریب لطف دکھا جاتے ھیں — الفاظ کو تشبیہہ اور استعارے کے رنگ میں رنگ کر کچھہ اس بندوبست سے جڑتے ھیں کہ بیساختہ زبان سے واہ نکلجاتی ھی – جو شوخی اُن کے مزاج میں تھی وہ کبھی کبھی اُن کے کلام میں بھی جھلک مار جاتی ھی — چنانچہ ایک قصیدہ میں جو نواب احمد علیخاں صاحب کی تعریف میں لکھا تھا شعرا کا ذکر کرتے ھوئے فرماتے ھیں *

درد کس کس طرح ھلاتے ھیں
کرکے آواز منحنی و حزیں

اور جو احمق اُن کے سامع ھیں
دم بدم اُن کو یوں کریں تحسین

جیسے سبحان من یرانی پر
لڑکے مکتب کے سب کہیں آمیں

کوئی پوچھے ذرا کہ عالم میں
فخر کس چیز کا ھی اُن کے تئیں

شعر و مقطیع اُن کے دیواں کی
جمع ھووے تو جیسے نقش و نگین

اُس میں بھی دیکھیئے تو آخرکار
یا توارد ھوا ھی یا تضمین

اِتنی کچھہ شاعری بھہ کرتے ھیں
ھیچ ——— در آسماں و زمین

دیا اُسے دل و دین اب جہان ہی سودا
پھر آگے دیکھیئے جو ہو سو ہو ہوا سو ہوا

گرچہ ہوں زیر فلک نالۂ شبگیر نصیب
پر اسے کیا کروں دارو نہیں تاثیر نصیب
جبتک اُسکو ہی پری زلف گرہ گیر سے کام
کسقدر یہہ دل دیوانہ ہی زنجیر نصیب
روتی دلکو نہ نالے ہیں کسیکو دکھا
شاہزادوں میں یہہ گھر نہیں تعمیر نصیب
حرم گو عدو کرے دولت مطلب نہوں میں
یگانہ مجھسا کوئی دیکھا ہی بدتر نصیب
کوئی ہو کشتۂ ابرو ہی کوئی مژگان کا
تیغ قسمت میں کسیکے ہی کوئی تیر نصیب
کیمیا خاک در شاہ نجف ہی سودا
جسکا اے کرے اس طرح سے اکسیر نصیب

سینہ میں ہو نالہ و پہلو میں دل آتش
دھڑکے ہی بڑا دل کہ ہو مشتعل آتش
اشک آتش و خون آتش و ہر لخت دل آتش
آتش کہ برستی ہی بڑی متصل آتش
یک لحظہ طرف ہوکے میرے دیدۂ دلسے
نادم ہو سمندر ہی سدا منفعل آتش
یاقوت نہیں ہی وہ ترے لعل سے اے شوخ
جا ڈوب موئی آگ میں ہو کر خجل آتش
داغ آج سے رکھتا نہیں ان سنگدلوں کا
مدت سے ہوئی ہی میری چھاتی پہ سل آتش
دل عشق کے شعلہ سے جو بھڑکا تو رہا کیا
اے جان نکل جا کہ لگی متصل آتش
یک قطرہ مے لے اوڑی سودا کو جگہ سے
باروت کے تودے کو بس ہی اک بل آتش

سودا

ہوا جب کفر ثابت ہی وہ تمغائے مسلمانی

نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

غرضکہ بہت سے ایسے اشعار ہیں جن میں دونوں اوستادوں کی عقلیں برابر لڑی ہیں — اب ہم مرزا کی چند غزلیں ذیل میں درج کرتے ہیں *

خوبی رخسار خوبان گل سے پوچھا چاہیئے

اضطراب عاشقاں بلبل سے پوچھا چاہیئے

جو گذرتی ہی ہمارے حال پر زلفوںکو دیکھ

اسکی ماہیت کہیں سنبل سے پوچھا چاہیئے

خندۂ مینا ہی بجا ہی بادہ نوشوں کے اوپر

... کی بات کو جاہل سے پوچھا چاہیئے

اہل کشمیر وصفاہان عیش کرتے ہیں مدام

ہندی لذت کے ... کامل سے پوچھا چاہیئے

لوگ کہتے ہیں اوالحدر حرص سودا ہوا

کچھ علاج اس مرض کا کامل سے پوچھا چاہیئے

—

جو گذری مجھپہ مت اس سے کہو جو ہوا سو ہوا

بلا کشان محبت پہ جو ہوا سو ہوا

مبادا ہو کوئی ظالم ترے گریباں گیر

میرے لہوکو تو دامن سے دھو ہوا سو ہوا

پہنچ چکا ہی سر زخم دل تلک یارو

کوئی سیو کوئی مرہم کرو ہوا سو ہوا

کہے ہی سنکے میری سرگذشت وابیرحم

یہ ذکر ہی جانے بھی دو ہوا سو ہوا

خدا کے واسطے آ در گذر گنہ سے میرے

نہوگا پھر کبھو اے تند خو ہوا سو ہوا

یہ کون حال ہی احوال دلپہ اے آنکھو

نہ پھوٹ پھوٹ کے اتنا بہو ہوا سو ہوا

محمدن اینگلو اوریئینٹل کالج میگزین

علیگڈھ

سلسلہ جدید { اکتوبر سنہ ۱۹۰۲ع } نمبر ۸
جلد ۱۰

مرزا محمد رفیع سودا

(II.)

یہہ خصوصیات ذیل کے چند اشعار کے پڑھنے سے واضح طور پر معلوم ہوتی ہیں —

میر

پہنچا ہلاکت کو بہت کھینچ کسالا
اے یار میرے سلمہ‌اللہ تعالے

سودا

میں دشمن جان ڈھونڈہ کے اپنا جو نکالا
سو حضرت دل سلمہ‌اللہ تعالے

میر

چمن میں گل نے جو کل دعوی جمال کیا
جمال یار نے مونہہ اُسکا خوب لال کیا

سودا

برابری کا تیرے گل نے جب خیال کیا
صبانے مار تھپیڑا مونہہ اُسکا لال کیا

میر

کفر کچھہ چاہیئے اسلام کی رونق کے لیئے
حسن زنار ہی تسبیح سلیمانی کا

The M. A.-O. College Magazine.

Is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs. 3-4, for which Subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If Subscribers desire it, the first number will be sent them per V.-P. P.

Terms for advertisements on application.

All communications should be addressed to

THE MANAGER,

The M. A.-O. College Magazine,

ALIGARH.

ایم اے او کالج میگزین سال ۰میں دس ماہ اور ہر مہینے میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہی *

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چار آنہ معہ محصول ڈاک ہی *

پس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچہ میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواهش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہی *

اشتہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہی *

کل خطوط منیجر ایم اے او کالج علیگڈہ " کے پتہ سے آنے چاہئیں *

سلسلۂ جدید
جلد ۱۰

نمبر ۸ و ۹

اکتوبر و نومبر سنہ ۱۹۰۲ ع

محمدن اینگلو اوریئینٹل کالج میگزین

علیگڑہ

فہرست مضامین اُردو

مطبوعہ انسٹیٹیوٹ پریس علیگڈہ

New Series.

VOL. X. **No. 7**

July 1902.

THE

M. A.-O. College Magazine,

ALIGARH.

CONTENTS.

PRINTED AT THE INSTITUTE PRESS, ALIGARH.

THE DUTY SHOP, M. A.-O. COLLEGE, ALIGARH.

WE have in stock all the works of standard authors of Urdu literature, chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shibli, M. Nazir Ahamed, M. Azad, Nawab Mohsin-ul-Mulk, Haji Ismail Khan, Dr. Ghulam Husain, Abdul Halim Sharar, and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the public is invited to the following recent publications :—

	As.	a.	p.
Dawat-i-Islam, *i. e.*, the Urdu translation of the Preaching of Islam, by Professor T. W. Arnold ...	3	0	0
Alfaruq, by M. Shibli	3	8	0
Darbar-i-Akbari, by M. Muhammad Husain Azad ...	3	0	0
Albaramika, by M. Abdul Razzaq	2	4	0
History of India, by M. Zakkh-ullah, in ten vols. ...	14	0	0
Ajaib-ul Asfar, *i. e.*, the second volume of the travels of Ibni Batuta	2	4	0
Sukhandan-i-Pars, (a book on Persian Philology, by M. Azad)	0	10	0
Yadger Ghalib, by M. Hali	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed ...	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia, *i. e.*, the twelve Essays, by Sir Syed, on religious and historical topics (In the Press).

The book once formed part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors, the Duty Shop can supply all the SCHOOL AND COLLEGE BOOKS used in these Provinces at a very low price, and sells STATIONERY, STOCKINGS, UNDERVESTS, HANDKERCHIEFS, SOAP, and several other articles of every day use at moderate prices.

THE

Mahomedan Anglo-Oriental College Magazine,

ALIGARH.

New Series. Vol. X. | July 1902. | No. 7.

THE PRESENT CONDITION OF THE M. A.-O. COLLEGE.

THE past year has been so successful a one in all respects that we may be disposed to regard the present condition of the M.-A O. College as in all respects satisfactory. The numbers both in School and College have risen with extraordinary rapidity so that at the present time the total number in College and School stands at 614, while the total number of Boarders is 493—a number far in excess of anything before attained in the College. And our examination results were both in numbers and percentage of passes better than anything we have ever done before. 31 candidates passed out of 34 in the B. A. examination, over 90 per cent. which is not only the best result we have hitherto achieved but is also by far the best result in the whole University. And in the Intermediate 37 candidates were successful out of 67 sent up, that is to say 55 per cent. again a much better result, both in number passed and percentage of passes, than anything we have done before. In the school 18 candidates were successful out of 29 sent up for the entrance and school

final examinations (62 per cent)—a more than satisfactory result shewing that the classes concerned are *in a thoroughly sound* condition. In Cricket too our eleven has added to its laurels by their victories over Bangalore, and Madras and by their recent success at Simla has completely atoned for the defeat of last year.

But while all these are matters of satisfaction there is no doubt that the future prospects of the College are not so satisfactory as the best friends could wish. The College has, so to speak, now reached the limit of its possible expansion under existing circumstances; and this is a matter that calls for serious consideration. The Boarding-Houses at the disposal of the College are now entirely filled, there is absolutely no more room for new boarders and already a large number have been refused; the College class rooms are quite insufficient for the requirements of the classes and we have had to convert a passage into a most uncomfortable make-shift class room, there is no proper accommodation for the Library or for the accounts offices: and in the school the class rooms are so overcrowded that it has become imperative either to enlarge our premises or refuse now to take any more scholars. Again what is perhaps more serious than all these things is that the College Staff, more especially the English staff, is far too small for the amount of work that has to be done. It is insufficient for the work of teaching and it is still more insufficient for the work of supervising a great Boarding-House containing nearly 500 students This defect, we believe, was adversely commented upon by the University Commissioners on the occasion of their visit to the College, though they were good enough to approve in other respects of our aims and methods, and it is a defect that calls for a speedy remedy. It is sometimes said by friends of the College, as an adverse criticism of its existing

methods, that the same intimacy no longer exists between professors and students as in the earlier days of the College; but it is to be remembered that the College has been working with an English staff and of practically the same strength since 1885, namely three English Professors, except for a short interval from 1894 to 1896 when there were 4, and that, while up to 1892, the number of Boarders never rose to 200 and was usually far below that number there has during the last few years, been a very remarkable increase of numbers and the total now stands at nearly 500, It is, every one admits, altogether to the advantage of the students, the staff, the College and the cause of education, that close and friendly relations should exist between the Professors and their pupils: and such relations do still exist in a very large number of cases and are one of the happiest features of our Boarding House life, but, it is vain to expect the achievement of impossibilities that a very small and very busy staff can be on close and intimate terms with every one of 500 students. A certain number they will know and know intimately, but a great many, especially those of a quiet retiring nature, are sure to be left out. And this is to be regretted. But it is impossible to avoid and will be impossible to avoid until means are taken to make the number of the English staff more adequate to the work it has before it.

If these defects are so well known, the reader may ask, why are they not at once remedied? The answer to this is that the whole question is one of Funds. The College Finances are unequal and are growing more unequal to the strain they have to bear. And unless means are found of largely augmenting them, it will be impossible for the trustees, with the best will in the world, to put into effect any of the reforms that are so urgently being called or

The College has of late years become more and more the centre of Mahomedan higher education, and there is no doubt that the hopes and aspiration of an increasing number of intelligent Mahomedans are centred in Aligarh; but, if these hopes are not to be disappointed, if the College is not to be crippled and its progress arrested at a most critical period in its history, it behoves all Mahomedans to take into serious consideration the present financial condition of their College and to use their utmost effort to prevent, what, it is no exaggeration to say, would be little short of a national disaster

---

COLLEGE NOTES.

WITH the publication of this number we take our usual holiday of two months. The next issue, consequently, will be in October next.

It will not be out of place at this time to offer a few remarks on the condition of the Magazine. During the current year we have been sending some Value-Payables to the subscribers who have fallen into arrears. While thanking those who accepted the V. P Ps, we cannot help expressing our regret at the number of subscribers who refused them We cannot go on sending the Magazine to those who do not mean to pay, and therefore we were forced to cut off the names of those who re used to accept the Value Payables. We have thus decreased the number of our subscribers by many, but we hope our financial condition will be the better for that.

There is one another point to which we wish to call the attention of some of our subscribers. They think the manager to be an all-knowing Deity expected to know the whereabouts of every

subscriber. They move from place to place, never inform the manager of the change in their address and yet expect the Magazine to be sent to their new address. In some of the last issues we have had very few Personal news. The Editor will be very glad to receive and publish any news about the old students of the College.

WE are very glad to hear the creation of another Society in the College devoted purely to literary pursuit. The Society is to be called "the M.-A. O. College Literary Society." Its members are expected to read papers on literary, historical and social topics of general interest after a careful, and as far as possible, a comprehensive study of the subject of their paper. The Society is meant to make specialists of its members in their favourite subjects.

The first paper is to be read by Mr Zarif Mahomed on :— "The struggle between the East and West."

We wish the Society every success and hope that it will prosper under the inspiring influence of its President, Mr. Tipping. Mr. Abdul Kadir Khan is elected Secretary of the above Society.

THE news of the sudden illness of His Majesty the King was received in the College with universal consternation and amazement. The College students who were preparing for a general parade and review on the coronation day and were rehearsing the coronation celebrations were all shocked and stupified at the sudden news of His Majesty's illness. In the evening prayers were offered in the College Mosque for the speedy recovery of His Majesty.

The Duty prize meetings are over and we congratulate the winners of prizes Three subjects were discussed. The last subject, about a Capital Fund and a central power, was a little beyond the grasp and comprehension of an average Intermediate student. Some of the speeches, however, were extraordinarily good and eloquent.

The list of the winners is given below :—

The First Year Debating Society held two very interesting and successful debates in the last month. The subject of the first debate was "Sword is more powerful than pen," and that of the second. "The study of Classics is more useful than of Mathematics" The interesting feature in the last debate was the two speeches by Professor Abdul Kadir Khan who spoke for Classics and Professor Abdul Hassan who upheld Mathematics.

We are glad to hear that the Society is doing a good work.

ANOTHER handicap Tennis Tournament, this time a double-handed, was played in the last month on the Graduates' Lawn. Some of the games were exceedingly exciting and interesting. Some of the ties could not be played as the College was closed on 15th July on account of Summer Vacations.

MR. TIPPING'S Lecture on the "Boer War" came off on the 24th June. The lecture was exceedingly interesting and instructive—more so because it was delivered at a time when the pains, anxieties and troubles of the war were over, and we could look on the events of the past year with an amount of satisfaction.

The Boer War which had absorbed the attention of every British subject for the last three years was brought to a successful conclusion by the signing of peace on Sunday, May 31st, and the lecture was delivered amidst the exulting shouts of the audience.

The lecturer described in a lively narration the history of the Boer War from 1899, down to the conclusion of peace. The lecture was followed by a short discussion some o the College students asked a few questions and got the answers thereof.

SCHOOL NOTES.

(*From our School Correspondent*)

THE School classes close for the long vacation by the end of this month Students should come back from homes punctually on the 15th October.

WE are glad more class practice Foot ball matches are played now

---

A FOOTBALL match was played, Entrance against IX and VIII classes In the first half time both the parties tried in vain to score. At last in the next half time Entrance succeeded in getting a goal.

The election of the officers of the "School Masquers Society" came off last month The result was the following :—

Vice-President — Shafqat Hosain.

Secretary — Mohi-ud-din Mirza.

Treasurer — Hamid Hosain.

In the Duty prize mect'ngs S. Mahmood won a prize of Rs. 4 ; we congratulate him.

The monthly prizes were won by the following :—

	1st prize.	*2nd prize.*
X.	1. Sadiq Ali.	1 Sukh Kumar.
	2. Mahomed Zaki.	2. Salimon Saith.
IX.	Minhaj-ud-din.	Mohi-ud-din.
VIII.	Tahir Ali	Ahsan-ul Ghafur.
		Mahomed Mir.
VII.	1. Zahur-uddin.	Sadiq Beg.
	2. Naim-ullah	Bunyad Hosain.

SCHOOL LITERARY SOCIETY.

(From our School Correspondent.)

On the 1st of June, 1902 Mr. Abul Ghaffar Khan moved in Jrdu that 'اس انجمن کی راے میں عورتوں کو مردونکی برابر حقوق ملنے چاهیئں' t was strange to see the honorable proposer a conservaive to the extreme advocating the rights of women.

Naturally the odds were against him and the motion was ropped by a majority of 18 votes.

The subject for the next debate was proposed by Mr. Mahoied Baqar who moved that 'Aurangzeb was the chief cause f the downfall of the Moghal empire. Although the proposer put

forth great many sound arguments yet the opposition was very strong notwithstanding the sound arguments put forth by the proposer. The majority being in favour of the opposition the proposition was dropped.

A very interesting but rather difficult subject was proposed by Mr. S. Abu Ali who came forward to propose that 'the execution of Charles I was unjust.' Mr. proposer dealt with the subject for about half an hour and a few other members followed him. Mr. Cornah who was in chair then rose and gave us a lecture full of historical information and sound arguments. The motion was passed by 10 votes. One thing which we must mention is the expression of our thanks to Mr. J R. Cornah for his kindly honouring our Society by his kind visit and excellent lecture.

مرکب ایسنس یعنی جڑھو چرائیتا

ہم پختہ طور سے وعدہ دیتے ہیں کہ اس مرکب میں ہندوستان کے اس پودے کے تمام فوائد موجود ہیں - ذیل کی بیماریوں میں یہہ مرکب نہایت شفا بخش دوا ہی اس کے فائدے اور تاثیرات سے ہر شخص واقف ہی - صرف اس کا عمدہ مرکب مشکل ہی - ہمارے کارخانہ میں جو جڑھو چرائتا تیار کیا جاتا ہی وہ بازاری مرکبات سے بالکل جداگانہ ہی *

اشتہا کی کمی اور ضعف - بدہضمی اور حالِ معدہ - مزاج میں صفرا کا غلبہ - تپ بعض شکم - دلی کا بیٹھ جانا اور اور بیماریاں جو جگر کی سستی سے پیدا ہوتی ہیں - ان سب کے لیئے یہہ بہادر مفید اور طاقت ور دوا ہی *

ایسنس یعنی جڑھو چرائتا کی تھوڑی سی مقدار کھانے سے پہلے پینے سے بھوک خوب لگتی ہی اور اس میں ہضم طعام کی خاص طاقت پیدا ہوتی ہی اور اعضائے ہضم کو متحرک ہوتی ہی *

تیس سال گذشتہ میں اس فائدہ مند دوا کی فروخت بہت ہوئی ہی - جس سے یہہ ثابت ہوتا ہی کہ جو کچھہ اس کا وصف کیا گیا ہی وہ بالکل صحیح اور درست ہی اور ہم نہایت وثوق سے اس لاثانی دوا کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں *

قیمت فی بوتل عہ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ

صرف کارخانہ اے پلومر اینڈ کمپنی لاہور و شملہ میں نہایت عمدگی سے تیار ہوتا ہی *

تیار کردہ اے پلومر اینڈ کمپنی دوا سازان لاہور و شملہ

اے پلومر اینڈ کمپنی دوا فروشان لاہور و شملہ جن کو نواب گورنر جنرل بہادر ہند نے اپنا دوا ساز مقرر فرمایا ہی *

سرمہ میرا کراماتی

میریکا سرمہ کوئی عام چیز نہیں ہی جو ہر ایک آدمی کو میسر ہوسکے اور ہر ایک شخص اسکی شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر بوٹی ہی جسکی تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونان اسکی توصیف میں ہمزبان ہیں — یہہ نئی ایجاد نہیں بلکہ ہزاروں برسوں کا لاکھوں طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا ہی جو خصوصیت سے امراض چشم کے ازالہ میں موثر و مفید ہی — ہمنے اپنے مطب میں تیس سال تک ہزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلی ہوا تو یہہ جرات کی — اور سالہا سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید اور سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر ہونا ثابت ہوا ہی — حضرات سرمہ کراماتی اخباری طبیبوں یا عطائی لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر اور حکیم ہی جو سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررہا ہی اور یونانی و ڈاکٹری باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزی سے اعلی درجہ کی سند حاصل کرچکا ہی اور آنکھوں کی تشریح - علاج امراض سے بخوبی واقف ہی افسوس ہی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سی نعمت کی قدر نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کی دوائیاں استعمال کرتے ہیں جو بالکل یونانی اور ڈاکٹری علم سے بے بہرہ ہیں — حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کی تشریح بیماریوں کے اسباب پیدائش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے ہاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت نادانی نہیں تو کیا ہی اور اس نادانی کا لازمی نتیجہ یہی ہونا چاہیئے کہ امراض چشم ایک سے دو اور دو سے دوکھہ نیا پیدا ہو — حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلپذیر حکایت لکھی ہی جسکا فقرہ یہہ ہی کہ : — اگر کور نبودے پیش بیطار نمیرفتے *

قیمت فی تولہ (عصار) دو روپیہ

اندھیر ہی — بعض لوگ فرضی نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کرتے ہیں — ناظرین کو چاہیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھکر دیکھہ لیں کہ واقعی اس نام کا کوئی فرضی عہدہ دار ہی یا نہیں — بعض لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے ہیں ان کے سچ جھوٹ کی تصدیق ان کے وارث اور ملازم کرسکتے ہیں *

حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء چشتی قادری ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ *

اگرچہ اس اخبار کے اجرا سے اصلي غرض مصنفين و مولفين کو اون کے مشاغل علميہ ميں مدد دينا هي - ليکن بدين خيال کہ شايد اون مضامين کے ليئے هميشہ کافي مصالحہ بہم نہ پہونچ سکے - يا مبادا تصنيف و تاليف کي نا قدري کي وجہ سے اخبار کو کسي قسم کا مالي نقصان أتهانا پڑے اس اخبار کي مدد کے طور پر ديگر اخباري مضامين و تقريظات و اشتہارات تجارتي بهي اس ميں درج هوا کرينگے - مگر حتي المقدور ان اشتہارات کي أجرت بهي بہت معمولي اور واجبي هوا کريگي *

اهل علم کي خدمت کے سوا جو اس اخبار کا اصلي مقصد هي ديگر اهل قلم کو بهي تلاش معاش ميں اس طرح مدد دي جايا کريگي کہ کم مقدور لوگوں کے اشتہار تلاش معاش بالکل مفت چهاپے جايا کرينگے اور عام طور پر بهي اس قسم کے اشتہار نہايت خفيف براے نام أجرت پر شايع هوا کرينگے *

تجارتي اشيا ميں سے کار آمد اشياء روز مرہ خصوصا ان اشياء کے اشتہارات کي طرف بہت توجہ کي جائيگي جو هر خانہ دار شخص کو اپني خانہ داري ميں مطلوب هوتي هيں - منجملہ ديگر عنوان هاے تجارتي کے ايک عنوان مينا بازار هوا کريگا - جس کے ذيل ميں زنانہ صنعت کي چيزيں اور مدارس زنانہ کي هنر مندیوں کے نمونے مع قيمتوں کے درج هوا کرينگے *

رشتے ناتے کے اشتہارات کي طرف بهي خاص توجہ هوگي - اور کم استطاعت لوگوں سے ايسے اشتہاروں کي کچهہ أجرت نہ لي جائيگي - غرض اس اخبار کو اغراض متذکرہ بالا کے ليئے مفيد بنانے ميں کوئي کسر باقي نہ رکهي جائيگي *

يہہ اخبار ۱۲ صفحوں پر ۱۸ × ۲۲ کي ¼ تقطيع يعني اس اشتہار کي تقطيع پر هر مہينے کي يکم اور پندرہ کو دارالاشاعت پنجاب لاهور سے شائع هوا کرے گا - اور پہلا پرچہ يکم اگست آيندہ کو نکلے گا - قيمت سالانہ صہ ۲ اور ششماهي ۹ ، هوگي - محصول ڈاک بهي اس ميں شامل هي - نمونے کا پرچہ مفت *

المشتہر

سيد ممتاز علي - مالک رفاہ عام ستيم پريس لاهور

تالیف و تجارت

ہرچند کہ ملک میں اخباروں کی بھرمار کسی حد تک تکلیف دہ درجے کو پہونچ گئی ہی — اور نئے اخباروں کے لیئے ظاہرا کوئی کاموابی کا میدان نظر نہیں آتا — مگر انصاف سے دیکھا جاے تو اب تک ہمارے ملک میں بہتیرے ضروری مقاصد کے حصول کا کوئی بھی ذریعہ موجود نہیں - تمثیلاً فن تصنیف و تالیف کو لیجیئے — فی الحال جس قدر اخبار اور رسالے جاری ہیں اُن میں سے کوئی بھی پورے طور پر اس بات کا متکفل نہیں کہ ہمارے ملک کے بعض اہل علم و فضل جن مشاغل علمیہ میں مصروف ہیں وہ ہمیں ان مشاغل سے وقتاً فوقتاً آگاہ کرتا رہے یا کسی صاحب تصنیف کو اپنے معاصرین علما سے کسی نوع کی مدد کی ضرورت ہو تو وہ اُس کے ذریعہ سے استمداد کرسکے — یا اگر کسی جویاے کتب قدیمہ کو کسی کتاب نایاب کی جستجو ہو تو اُسے یہہ معلوم ہوسکے کہ وہ کتاب کہاں کہاں اور کن کن کتب خانوں میں موجو ہی ؟ غرض تالیف و تصنیف کی خدمت کا کوئی معتدبہ ذریعہ اور ایک دوسرے کے مشاغل سے واقف ہونے کا کوئی سلسلہ موجود نہیں ہی *

مذہب میں تو عموماً لوگوں نے ایسی متعصبانہ روش اختیار کر رکھی ہی کہ اگر کوئی مذہبی اخبار ہی تو خاص خاص فرقہ سے مخصوص و منسوب ہی - کسی کی طبیعت میں اس قدر فیاضی نہیں کہ مخالف کے کلام کو بھی جس میں وہ اپنے مذہب کی حقیقت ثابت کرنا چاہتا ہی اپنے اخبار میں جگہہ دے سکے — اور اُسے پڑہ کر اپنے غیظ و غضب کو تھام سکے *

اِن ضرورتوں کا خیال کرکے میں نے قصد کیا ہی کہ اگست آیندہ سے ایک نہایت سستا پندرہ روزہ اخبار تالیف و تجارت کے نام سے اپنے اہتمام میں جاری کروں — اس اخبار میں حتی الامکان نہایت کوشش سے ایسے معلومات جمع کیئے جائینگے جن کے شائقین علم کو اپنے اشغال علمی میں رہبری کے لیئے ہمیشہ ضرورت رہتی ہی *

اخبار میں ایک عنوان سیر مذاہب بھی ہوگا جسکے تحت میں ہر مذہب و ہر فرقہ کے علما پوری آزادی سے اپنے اپنے مذہب کی حقیقت پر دل کھول کر مضامین لکھہ سکینگے - اور ہر قابل شخص کو تہذیب کے ساتھہ اُن پر نکتہ چینی کرنے کی اِجازت دی جائیگی *

ضرورت تھی کہ اس قسم کے اخبار کی زبان اسقدر آسان اور سادہ ہو کہ ہر عمر کا بچہ اُس کو دلچسپی کے ساتھ پڑہ اور سمجھہ سکے ۔ تعجب ہی کہ لایق اڈیٹر نے بچوں میں لڑکیوں کو شامل نہیں کیا ہی ۔ حالانکہ اسبات کی سخت ضرورت ہی کہ لڑکیوں کی تعلیم کی طرف بھی توجہ کی جاوے ۔ شروع اخبار میں لکھا گیا ہی کہ آج کے بچے کل کے باپ ہونگے ۔ لیکن کیا آج کی لڑکیاں کل کی مائیں نہ بنینگی ۔ گو لڑکیوں کے لیئے ایک دوسرا اخبار "تہذیب نسواں" موجود ہی لیکن وہ مفید اخبار دوسری قسم کی ضرورات کو پورا کر رہا ہی اور بڑی لڑکیوں اور نئی ماؤں کے لیئے کار آمد ہی ۔ اگر بچوں کے اخبار میں بچاری لڑکیاں بھی شامل کرلی جائیں تو اخبار زیادہ مفید اور کار آمد ہوسکتا ہی چھوٹے بچے اسکول میں بھی جاکر پڑہ سکتے ہیں لیکن بچاری لڑکیاں گھر میں رہکر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں — اُمید ہی کہ لایق اڈیٹر اس تجویز پر غور کرکے آیندہ اخبار میں لڑکیوں کی دلچسپی کے مضامین بھی درج کیا کرینگے ٭

اخبار عمدہ کاغذ پر خوش خط چھاپا جاتا ہی اور لیتھو کی تصاویر بھی دی جاتی ہیں اگر ایک آدہ رنگین تصویر لوہے کے چھاپہ کی بھی ہوا کرے تو بہت اچھا ہو ٭

ہم اپنے دوست مسٹر محبوب عالم کو اس کوشش پر مبارکباد دیتے ہیں اور اُمید کرتے ہیں کہ وہ ماں باپ جو اپنے جگر گوشوں کو عمدہ تعلیم دینا چاہتے ہیں اس اخبار کی خریداری میں دیر نہ کرینگے ٭

ریویو

بچوں کا اخبار

یہہ بات بالکل ٹھیک هی کہ هندوستان کی آیندہ ترقی آنے والی نسلوں پر منحصر هی بس اس بات کی ضرورت هی کہ بچوں کو ابتداء عمر سے ایسے راستہ پر ڈالا جاۓ کہ بڑے هوکر وہ زندگی کی کشمکش میں کامیابی کے ساتھہ حصہ لے سکیں — اگر بچپن میں عمدہ اور مفید باتیں اُنکے ذهن نشین کردی جائیں تو بڑے هوکر اُنکو هر قسم کے کاروبار میں نہایت سہولت حاصل هوگی — انگریزی گورنمنٹ کی مہربانی سے گو هر قصبہ اور گانوں میں بچوں کی تعلیم کے لیئے اسکول اور مدرسے جاری هیں لیکن چند گھنٹے اسکول میں پڑھ لینا اور باقی وقت آوارگی میں گذار دینا همارے درد دل کی دوا اُسطرح نہیں هوسکتی — ضرورت اسبات کی هی کہ بچے اسکول سے واپس آکر بہت سے مفید اور کار آمد مشاغل میں مصروف رهیں — یورپ میں بچے اسکول کے بعد کا وقت مفید اور دلچسپ باتوں میں صرف کرتے هیں مگر بدقسمتی سے همارے یہاں ایسے سامان موجود نہیں هیں جن کے ذریعہ سے اپنے بچوں کا عزیز وقت ضائع نہونے دیں - یورپ میں بچونکی تعلیم کے لیئے ایسے اخبارات جن میں دلچسپ باتیں اور تصاویر وغیرہ هوں بہ کثرت شائع هوتے هیں اس کا اثر یہہ هوتا هی کہ بچوں کو شروع عمر سے اخبار اور کتابیں دیکھنے کا شوق هوجاتا هی جو تمام عمر اُن کے ساتھہ رهتا هی *

اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیئے همارے محترم دوست منشی محبوب عالم صاحب مالک اڈیٹر پیسہ اخبار نے "بچوں کا اخبار" جاری کیا هی جس میں بچوں کے لیئے بہت سی دلچسپ باتیں درج هیں — هر کام کی ابتدا همیشہ مشکل هوا کرتی هی اور کوئی چیز پہلے پہل مکمل صورت میں ظاهر نہیں هوتی اور خاصکر اخبارات هندوستان میں — بچوں کے اخبار کے پہلے پرچہ کی زبان کسیقدر مشکل هی حالانکہ

بعض ناکامیابي سے اِس دشت بھکواں میں سو پتنگ پتنگ کو مر جاتے ھیں کوئي پھل میٹھا ھی - کوئي کھٹا - کوئي کچا کوئي پکا - اگر ایک اپني خوبصورتي پر نازاں ھی تو دوسرا حسد سے نالاں - اگر ایک خوشنمائي پر لاف زني کر رھا ھی تو دوسرا اپنے خوش ذائقہ پر مزہ مزہ کر باتیں مار رھا ھی — الغرض قصہ کوتاہ صدھا ھارے تھکے مسافر وھاں آکر آرام لیتے ھیں ذرا ٹھنڈے ھوکر کچھہ پھل توڑ کر کھاتے ھیں — اُس کے اثر جاں بخش سے ماندگي دور ھوکر فوراً چستي و چالاکي آ جاتي ھی — بس جناب اب کیا ھی تقریر کا توسن باد پا جولانیاں کرتا ھوا نظر آتا ھی اور لیاقت، کا مرکب صبا رفتار ایک میدان سے دوسرے میدان میں گذر جاتا ھی — بس یہي حال باغ سخن میں مرزا کا ھی ممتاز درخت اُن کا کلام ھی جس سے چمن اُردو کے سیکڑوں گلچیں فیضیاب ھوئے اور اگر زمانہ نے اُسکو مٹا نہ دیا تو ھوتے رھینگے ٭

مرزا کے کلیات میں غزلیں — قصیدے — مثنویاں ھجو مرثیئے اور سلام نظر آتے ھیں ٭

اب ھم صرف مختصر طور پر ھر ایک کو زیر بحث لاتے ھیں ٭

غزل کے واسطے بے تکلف سیدھي سادھي روز مرہ کي زبان چاھیئے - فراق کي حسرت آمیز شکایات پر درد حکایات اُس کے لوازمات ھیں مگر چونکہ ان میں مرزا کو دخل نہ تھا اس واسطے میر (جنکي طبیعت قدرتاً افسردہ تھي) کے مقابلہ میں مرزا کا رنگ پھیکا ھی — ھاں نوزي اور طرازي میں مرزا میر سے سبقت لیگئے ھیں — جو ناہور میر کے کلام میں ھی وہ مرزا کے کلام میں بالکل نہیں پائي جاتي - چونکہ مرزا شاہ حاتم کے شاگرد تھے اور شاہ حاتم صائب کے قدم بقدم چلتے تھے اس واسطے مرزا کي بھي فارسي غزلیں صائب کے رنگ میں رنگي ھوئي اور اسي خوشبو میں بسي ھوئي ھیں ٭

(باقي آیندہ)

مہر

سودانے مہر کے آہستہ بولو * ابھی ٹک روتے روتے سوگیا ہی

سودا

سودا کے جو بالیں پہ گیا شور قیامت
خدام ادب بولے ابھی آنکھہ لگی ہی

اب ہم اپنے معزز ناظرین کو مرزا کے درخت کلام کی ایک ایک شاخ اور ایک ایک ٹہنی کی علیحدہ علیحدہ سیر کرائینگے — اُن شاخوں سے شیریں اور خوش ذائقہ پھل توڑ کر کچھہ آپ کھائینگے اور کچھہ اُن کو اہل قوم کھلائینگے۔ اُردو کے سرسبز اور شاداب گلذار میں صدہا قسم کے درخت ہزار ہا قسم کے پودے اور کروڑہا قسم کی ہری بھری گھانسیں نظر آرہی ہیں - اُن میں سے بعض پر رنگ برنگ پھول کھلے ہوئے ہیں — بعض گونا گوں میوہ جات سے لدے ہوئے ہیں بعض صرف پتوں ہی کے گلیم میں خوش ہو ہوکر لاکھہ لاکھہ زبان سے باغبان حقیقی کا شکر ادا کر رہے ہیں - کچھہ صرف خشک ٹہنیوں ہی میں مست ہیں اور زبان قال کی جگہہ زبان حال سے آنکہ غنی تراند محتاج تراند کا وظیفہ پڑہ رہے ہیں — اُن کی سیاہ ننگی شاخیں اپنے سبز پوش اور زرق برق رفیقوں کو دیکھہ دیکھہ کہہ رہی ہیں کہ اے بہنوں ہم ہم غریبوں پر کیوں ہنستی ہو کسی دن ہم بھی تمہاری طرح عزت کی نظر سے دیکھی جانے لگینگی — اِن اللہ مع الصابرین بعض پر کویل کی کوک بعض پر الو کی ہوک اپنا سما علیحدہ باندھے ہوئے ہی - کہیں بلبل شیدا اپنے پردرد شور و نالے سے ہوا کو بھرے دیتی ہی کسی جگہہ قمری کی کو کو زبان اپنی سریلے راگ سے چمن کو بیہوش کیئے دیتی ہی — آہا دیکھیئے سامنے سے ایک درخت دکھائی پڑتا ہی جو اپنے ہمدموں میں سب سے زیادہ ممتاز نظر آتا ہی — شاخوں پر جو زمردین بنے جڑے ہوئے ہیں وہ ٹھنڈی اور دھیمی دھیمی نسیم سحری میں اوڑ اوڑکر خدا کی تسبیح و تہلیل کا دم بھر رہے ہیں — ذرا جھک کر ملاحظہ فرمائیئے پتوں میں چھپے ہوئے کچھہ ثمر بھی تو نظر آتے ہیں۔ صدہا آدمی چاہتے ہیں کہ اُن کو توڑیں۔ بعض اپنے مقصد میں کامیاب ہوکر خوش خوش چلے جاتے ہیں —

چند صنعتیں خاص ایسی ہیں جن سے کلام اِن کا جملہ شعرا سے ممتاز ہی اول یہہ کہ زبان پر حاکمانہ قدرت رکھنے ہیں کلام کا زور نزاکت مضمون سے ایسا دست و گریبان ہی — جیسے آگ کے شعلہ میں گرمی اور روشنی بندش کی چستی اور ترکیب کی درستی لفظوں کو اِس دروبست کے ساتھہ پہلو بہ پہلو جڑتے ہیں گویا ولایتی طپنچہ کی چاپیں چڑھی ہوئی ہیں - جن اشخاص نے اُردو زبان کو صاف کیا اُن میں مرزا کا پہلا نمبر ہی " مولوی صاحب موصوف نے اپنی راے ایسی خوبی سے ظاہر فرمائی کہ گویا وہ اُن کے ہمعصر اور ہمدم تھے جیسے میر صاحب کے کلام میں بہتر (۷۲) نشتر ہیں اُسی طرح سے سودا کے کلام میں بہتر (۷۲) جنجر بتائے جاتے ہیں *

مرزا قتیل اپنے چار شربت میں فرماتے ہیں " مرزا محمد رفیع در ریختہ پایہ ملا ظہوری داشت غیر ازینکہ زبان ہر دو مخالف دارد فرقی نتوان کرد " — مگر از روے انصاف دیکھا جاوے تو مرزا کی مشابہت انوری سے ہی جو " محاورہ اور زبان کا حاکم اور ہجو اور قصاید کا بادشاہ ہی " *

حکیم قدرت‌الله خاں بھی مرزا اور میر تقی کے نفاست کا مقابلہ کرکے فرماتے ہیں *

" زعم بعضے آنکہ سر آمد شعراء فصاحت آما مرزا محمد رفیع سودا در غزل گوئی بوے نرسیدہ اما حق آنست کہ ع -

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

مرزا دریائیست بیکراں و میر نہریست عظیم‌الشان در معلومات قواعد میر را بر مرزا بر تریست و در قوت شاعری مرزا را بر میر سروری " — ایک مرتبہ کا ذکر ہی کہ خواجہ باسط کے دو شاگردوں میں مرزا کے کلام پر جھگڑا ہوا - ایک میر کا طرفدار دوسرا مرزا پر جاں نثار - الغرض دونوں خواجہ صاحب موصوف کے پاس گئے اور تمام قصہ بیاں کیا — اُنہوں نے فرمایا بیٹہ دونوں صاحب کمال تھے - فرق اتنا ہی کہ میر صاحب کا کلام آہ ہی اور مرزا صاحب کا کلام واہ ہی *

جو خیال میں شروع کئے جاتے ہیں وہ بڑے زور شور سے اس ہاتھ کی کھڑکی
دمہ رہے ہیں ۔ اشعار

پھرے سایہ ملے ہی تو وہ مہنت ۔ پشہ کر جائے دیو ودد سے لڑنت
نام سے پیل کرہ پیکر کے ۔ بہ چلیں جوے شیر ہوکر دنت
سحر صولت کے ساتھ ہیں پھرے ۔ سامری بھول جاے اپنی پڑھنت

اسی طرح پر اور بھی اشعار ہیں — گوھنت — اکڑنت — ھنودت —
سادنت ۔ موغ کی پھڑکنت ۔ جلکر بھسمنت ۔ گھوڑے کی کڑکنت اور
ڈپٹنت ۔ وغیرہ قافیہ ہیں ۔ مرزا نے ھندی مضامین کو ایسے لطیف الفاظ
میں بیان کیا ہی کہ زبان سے بیساختہ واہ نکل جاتی ہی ۔ چنانچہ ایک
جگہہ فرماتے ہیں ۔

ساون کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوئے
یہہ وہ نین ہیں جن سے کہ جنگل ہرے ہوئے
بوندی کے جمدھرونسے وہ بھڑے ہیں ھمدگر
لڑکے متھہ آنسوؤں کے غضب منکرے ہوئے

مرزا نے اکثر اُردو محاورہ کو الہ ط عور زبان کے سانچے میں ڈھالا ہی او
وہ اِس خوبی سے کہ سبحان اللہ کیا کہنا ہی — ایک مصرع فرمایا ہی۔

مصرع جیسا کہتا ہی کوئی دیرا صنماً صنماً

ایک مقام پر مرزا فرماتے ہیں ۔

بہت ہر ایک سے ٹکرا کے چلے تھا کالا
ہوگیا وہ دیکھہ کے زلف سواہ فام سفید

مولوی محمد حسین صاحب آزاد اپنی کتاب آبحیات میں مرزا کے کا
پر ریمارک کرتے ہوئے فرماتے ہیں — مہر صاحب نے بھی انہیں پورا ٹھا
مانا ہی — اُس کا کلام کہتا ہی کہ دل کا کنول ہر وقت کھلا رہتا ہی
اِس پر سب رنگوں میں ھمرنگ اور ھر رنگ میں اپنی ترنگ
جب دیکھو طبیعت شورش سے بھری ہوئی اور جوش و خروش سے لبریز

شوخ رنگ اور خوشبودار گل تھے جو اپنے حسن جمال اور خوبی کمال سے ہر ایک گلچیں کو مست بنادیتا تھا - اور اُسکی خوشبو دور تک پھیلکر سب کو اپنا گرویدہ بنالیتی ہی *

لیاقت علمی

بعض شعرا کہنہ مشقی سے کمال کو پہونچتے ہیں بعض بعض لیاقت خدا داد کے ذریعہ سے وہ نام پیدا کرلیتے ہیں نا فہام لیاقت لٹریچر کے نام کے ساتھہ وہ بھی وابستہ رہیگا - لٹریچر میں خواہ کتنی ہی رد و بدل کیوں نہ ہو مگر ایسے شعرا (آخری کلاس کے) ایک روشن ستارہ کی مانند اپنی چمک دمک سے دنیا کو ہمیشہ منور کرتے رہینگے — مرزا رفیع کو آخری زمرہ میں شمار کرنا چاہیئے - مرزا پہلا شخص تھا جس نے اپنی لیاقت خدا داد سے ہماری پیاری زبان اُردو کو خار و خاشاک سے پاک و صاف کیا - تراکیب و بلاغت مضمون - بلندی خیال - خوبی استعارہ درستی تشبیہات میں تو مرزا کا کلام آپ ہی اپنی نظیر ہی - بندش تو پھر بلا کی ہی مگر فصاحت میں اُس کا پایہ میر تقی سے گھٹا ہوا ہی اور قاعدہ کی بات ہی کہ ترقی رفتہ رفتہ ہی ہوتی ہی - اُس زمانہ کی اُردو کو جو ہندی الفاظ اور پرانے ہندی محاوروں سے مشحون تھی ایکدم پاک و صاف کرلینا کچھہ ہنسی کھیل نہ تھا ہی نہیں بلکہ لوھے کے چنے تھے جو مرور ایام سے زنگ آلودہ ہوکر خود بخود سڑ اور گل گئے - اور وہی چنے میر تقی نے نہایت آسانی سے چبائے - نا نوں سمجھہ لینا چاہیئے کہ مرزا کے زمانہ کی اُردو ایک پرانا بے قلعی برتن تھا جس کو مرزا نے مانجھہ دھوکر صاف کر دیا اور میر تقی نے اُس پر قلعی کر دی - اور اگلے ہاتھوں میں وہ دن بدن جلا ہی پکڑتا رہا *

مرزا نے اکثر ایسی فارسی بحریں اُردو میں استعمال کیں جن کا سایہ بھی آج تک اُردو نظم پر نہ پڑا تھا — جو غزلیں مرزا نے ریختہ میں کہی ہیں اُن کے ردیف قافیئے نہایت مشکل ہیں اور زمینیں سنگلاخ - نئے نئے الفاظ کی تراش اور پھر اُن کو نہایت خوش اسلوبی سے موقعہ موقعہ پر چسپاں کرنا صرف مرزا ہی کا حصہ ہی - چنانچہ چند اشعار

گیا تھا غصہ صاحب نے بھی موقعہ دیکھکر جھٹ آن دبایا — مرزا نے اُن کے حکم سے ھجو کا طومار باندھ دیا — غنچہ آپ کے نوکر کا نام تھا فوراً اُس سے کہدیا کہ ارے غنچہ لا تو میرا قلمدان اِس کو بھی ذرا دیکھنا ھی مگر در اصل بات یہہ ھی کہ جب ایک آدمی کسی کام کو توجہ اور دل سے کرے اور پھر کوئی صاحب اُس پر بے سمجھے بوجھے غلط سلط اعتراض کر بیٹھیں تو غصہ آھی جاتا ھی اور تحمل کی عنان ھاتھہ سے چھوٹکر نئے نئے گل کھلاتی ھی مگر وہ غصہ تھوڑی دیر کا ھوتا تھا — یہی وجہ تھی مرزا کی طبیعت میں کینہ بالکل نہ تھا — غصہ کی حالت میں جو کر بیٹھتے تھے وہ کربیٹھنے بعد کو دل صاف — جب میر ضاحک صاحب اس دیوسار بے وفا سے کوچ کر گئے تو مرزا فاتحہ پڑھنے کے واسطے اُن کے مکان پر گئے — میر حسن مرحوم میر صاحب کے صاحبزادے اور مرزا کے شاگرد تھے — بعد ادائے رسم فاتحہ خوانی مرزا نے اپنے لایق شاگرد سے کہا کہ بھیئے میر صاحب تو چلدیئے میں نے اُن کے حق میں جو کچھہ برا بھلا کہا تھا اُسکو معاف کرو — یہہ کہکر مرزا نے اپنا دیوان کھولکر جو ساتھہ لیتے گئے تھے سب ھجوئیں جو میر صاحب مرحوم پر کہی تھیں چاک کر ڈالیں — میر حسن نے لیاقت اور شرافت برتی کہ اپنے والد ماجد کے دیوان سے سب ھجوئیں مرزا کی اوڑادیں مرزا کے کلام سے بعض اوقات خود سرائی اور خود پسندی کی بو بھی آنے لگتی ھی چنانچہ ایک موقعہ پر فرماتے ھیں *

شعر

باطل ھی ھم سے شاعر کو دعوی ھمسری کا

دیوان ھی ھمارا کیسہ جواھری کا

مگر چونکہ شوخی اور شرارت تو مرزا کے مزاج میں بچپنے ھی سے اپنا رنگ جمائے ھوئے تھی — اس لیئے اپنے ھمعصر شعرا کو چھیڑنے کے لیئے مرزا گاھے ماھے ایسے شعر کہدیا کرتے تھے — اور خصوصاً مرزا فاخر مکین کے جلانے کے واسطے تو مرزا کو ایسے ھی اشعار کی فکر رھتی تھی — ورنہ اُنکو میر تقی کی طرح اپنے کلام پر غرور نہ تھا — شوخی طبع کا یہہ حال تھا کہ بس کچھہ نہ پوچھیئے قلم بھی شرارت سے رُک رُک کر چلتا ھی — جس وقت یاران طریقت جمع ھوتے تھے اُس وقت مرزا کو دیکھو یہہ ایک

ایسا رنگ چڑھایا تھا کہ مرزا کا حسن خلق سوسائیٹی میں گیا اور باہر گیا۔ ہر جگہہ نہایت عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا ـ کیسا ہی آدمی اُن کے دروازے پر کیوں نہ جاوے خواہ غریب ـ خواہ امیر ـ خواہ شریف ـ خواہ رذیل ـ سب کے ساتھہ نہایت آؤ بھگت سے پیش آنا یہہ مرزا کی خاص عادت تھی — اِسی عادت نے مرزا کو ہر دلعزیز بنانے میں ایک خاص اثر دکھایا ●

پیارے ناظرین اِس کے بعد صبر و قناعت کا نمبر آتا ہی — اِن دونوں عادتوں نے مرزا کی ذات بابرکات میں ایسا نشو و نما پایا تھا کہ بہت کم شعرا اُن سے بہرہ ور ہوتے ہیں ورنہ جس کو دیکھا حاکم وقت کے سامنے ہاتھہ پھیلاتے ہی دیکھا ـ چنانچہ اِس بات کا ثبوت اِسی بات سے ملتا ہی کہ جب شاہ عالم بادشاہ نے اُن سے کہلاکر بھیجا کہ مرزا تم ہمارے یہاں آو ہم تمکو ملک الشعرا کردینگے ـ مرزا نے اُس عزت و حشمت کو دھیان میں نہ لاکر فوراً اِنکار قطعی کردیا — اور جواب میں کہلا بھیجا کہ حضور آپ کیا میرا کلام مجھکو ملک‌الشعرا کردیگا ـ یہہ سب حضرات صبر و قناعت ہی کی کرامات تھی اور اُسی نے ثابت قدمی کے ساتھہ چلکر مرزا کو پھر کبھی اُدھر نہ جانے دیا — نواب شجاع‌الدولہ کو اسی صبر و قناعت نے رباعی لکھوائی — مگر جب دلّی میں اُن کے کلام کا کوئی قدر دان نہ رہا تو مرزا مجبور ہوگئے اور پھر روٹیاں کمانے کے واسطے لکھنو کا رُخ کیا ـ ورنہ وہ اُس جگہہ سے کبھی نہ نلتے ●

مرزا کی ثابت قدمی اور غیرت کا یہہ حال تھا کہ وہ شجاع‌الدولہ کے اِس جملہ کو کہ مرزا تمہاری رباعی مہرے سیقہ پر کالنقش فی‌الحجر ہی چپکے چپکے سن تو گئے مگر سیقہ پر سانپ لوٹ گیا — غیرت نے وہ داؤ چلا کہ اُس دن سے مرزا کو شاہ موصوف کی طرف نہ جھانکنے دیا — اب اِس کو خواہ پاس سخن کہیئے یا وضعداری ـ ثابت قدمی کے نام سے پکاریئے یا غیرت کے لقب سے — مگر افسوس کہ تحمل اور بردباری سے مرزا بالکل بے بہرہ تھے — اور اُس کا ثبوت اسی بات سے ملتا ہی کہ اگر کسی نے جھوٹ کو بھی مرزا کے کلام میں نکتہ چینی کی اور مرزا جلکر آگ بگولا ہوگئے بس حضرت پھر

عشاقوں پر جان دیتے تھے — اُن کے پسینہ کی جگہہ اپنا لہو گراتے تھے —
مرزا کی بڑی آو بھگت ہوئی — اور یہاں تک نوبت پہنچی کہ نواب
شجاع الدولہ کی خدمت سے شرف اندوز ہوئے — نواب صاحب آپ کے
آنے سے نہایت خوش ہوئے اور اب مرزا کی بہت بڑی عزت ہونے لگی —
ایک مدت تک اِسی حال سے گذری مگر ایک روز فلک کج رفتار
کی فتنہ پردازی سے نواب سعادت مآب کی زبان سے یہہ نکل گیا کہ بھئی
مرزا تمھاری رباعی میرے سینہ پر کالنقش فی الحجر ھی - مرزا کو کمال
رنج ہوا ' اور ایسی قسم کھائی کہ اُس دن سے پھر کبھی نواب صاحب کی
طرف نہ جھانکے یہاں تک کہ شجاع الدولہ اس دنیاء فانی سے ملک بقا
کو سدھار گئے — اب نواب آصف الدولہ کا زمانہ آیا - اور وہ مالک
تخت و تاج بنے — مرزا فاخر مکین کا طوطی بول رہا تھا اور اُن کا کلام
فارسی میں پایہ خوبی کو پہنچ گیا تھا — اتفاقاً مرزا سے اور اُن سے کسی
بات پر جھگڑا ہوگیا اور اُس نے یہاں تک طول کھینچا کہ مقدمہ نواب
آصف الدولہ کے سامنے پیش ہوا - نواب صاحب نے نہایت قابلیت اور
انصاف سے مقدمہ فیصل کرکے چھہ ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ مرزا کے واسطے
مقرر کردیا — اب مرزا صاحب کی قدر منزلت اور بھی زیادہ ہونے لگی -
اِسی حال سے مرزا نے اپنے مرتے دم تک لکھنو میں نہایت چین و آرام
سے بسر کی لیکن چونکہ فراق اجل سب کی تاک میں لگا ہوا ھی —
بالاخر ستر (۷۰) برس کی عمر میں مرزا رھگراے ملک عدم ہوئے
(خدا تعالی اُن کو جنت نصیب کرے) لوگوں کو اُن کے مرنے کی خبر
وحشت اثر سنکر بہت رنج ہوا — مگر اب کیا ہوتا ھی - جو کمال
مرزا کے گھرانہ میں تھا وہ بھی اُن کے بعد جاتا رہا بالکل کالعدم ہوگیا
حتی کہ کچھہ زمانہ بعد اُن کا کوئی نام لیوا بھی نہ رہا - اب ہم مجمل
طور پر مرزا کے خصایل حمیدہ - اوصاف پسندیدہ - اُن کے کمزوریاں اور
خوبیاں بیان کرنے کی حتی الوسع کوشش کرینگے - اگر کوئی غلطی احدو
سے ظہور میں آئے تو ھمارے معزز ناظرین اُس کو معاف فرماویں *

چونکہ خاطر و تواضع انسان کی ذات میں ایک ایسا جوھر ھی کہ
سب سے اول اُسی پر نظر پڑتی ھی اِس لیئے سب سے پہلے ہم مرزا کی
خاطر و تواضع کا حال بیان کرینگے - اِس پسندیدہ عادت نے مرزا پر

مرزا کي دلداري اور خدمت گذاري ميں کمر بستہ رہتے تھے — چنانچہ مرزا "خرص" کو متکلم قرار ديکر فرماتے ھيں — شعر

جو کچھہ کہا ھی تو نے يہہ مجھکو سب مبارک
ميں اور ميرے سر پر ميرا بسنت خاں ھو

جب آپ کا کلام نواب شجاع الدولہ والي لکھنو کے گوش زد ھوا تو نواب فيض مآب نے نہايت محبت اور شفقت کے ساتھہ درخواست کي کہ وہ لکھنو چلے آويں — مگر حب وطن نے تو مرزا کے پيروں ميں بيڑياں ڈال رکھي تھيں وہ دلي چھوڑتے تو کيونکر — صرف يہہ رباعي لکھکر بھيج دي — رباعي

سودا تو پئے دنيا پھر سو کب تک
آوارہ ازيں کوچہ بآں کو کب تک
حاصل يہي اس سے نہ کہ دنيا ھووے
بالفرض ھوا يوں بھي پر تو کب تک

کيئے سال کا عرصہ اسي رنگ ڈھنگ سے گذر گيا مگر مرزا ابھي تک دلي ميں پڑے رھے — نيرنگي روزگار سے مرزا کے پرانے رفيق اور ھمدم سب چل بسے — صرف کاتھہ کے اُلو زٹل ڈفيئے ملانے والے رھگئے — اب تو مرزا بہت گھبرائے — کيا کريں کيا نہ کريں — اُس زمانہ ميں تباھي زدہ شرفا کے واسطے جو حوادث روزگار ميں گرفتار ھوکر دلي چھوڑنے پر مجبور ھوتے تھے صرف دو ٹھکانے تھے — حيدرآباد يا لکھنؤ — لکھنو دلي سے قريب تھا اور علاوہ ازيں وھاں ابھي تک سخنور سخندان موجود تھے اِس ليئے مرزا اُدھر ھي کو چل پڑے *

الغرض ۶۰ يا دوسري روايت کے بموجب ۶۶ برس کي عمر ميں اُس دلي کے عاشق دلدادہ نے وطن سے باھر قدم رکھا اور فرخ آباد پہنچکر چند روز نواب بنگش کے يہاں مقيم رھا — نواب موصوف مرزا کے ساتھہ نہايت خلق اور توجہ سے پيش آئے — مگر يہاں تو لکھنؤ کي لو لگي تھي مرزا سنہ ۱۱۸۵ ھجري ميں وھاں سے چل کھڑے ھوئے اور چند يوم ميں منزل مقصود تک جا پہنچے — لکھنو والے تو گلزار سخن اور اُس کي نغمہ سنج

تھے — اسی لیئے مرزا بھی کبھی کبھی اُن کے پاس جا بیٹھتے تھے مگر [illegible] تھے صرف اُن کی صحبت اور علمی صحبتوں سے [illegible] ہوتے رہے — مرزا کچھہ عرصہ تک نو زبان فارسی میں شعر کہا کیئے مگر چونکہ وہ اُن کی مادری زبان نہ تھی اس واسطے اُس میں مرزا کو وہ فروغ حاصل نہ ہوا جو اہل زبان کا حصہ ہے — جب مرزا نے یہہ دیکھا تو فارسی کو طاق میں رکھہ اُردو پر توجہ مبذول کی — ہم پہلے عرض کرچکے ہیں کہ طبیعت آپ کی موزوں تھی - شوق سخن حد سے بڑھا ہوا تھا وفور ذکا نے اُس کے ساتھہ ملکر اور بھی غضب ڈھا دیا آناً فاناً میں آپ کا کلام بہت جلد اُس پایہ مقبولیت کو پہونچا کہ زبان زد خاص و عام ہوگیا — سچ تو یہہ ہے کہ جس جگہہ قدر شناس- سخن سنج - نکتہ فہم لوگ موجود ہوں وہاں مرزا جیسا شاعر شہرہ آفاق کیوں نہ ہو جاوے - جب ہندوستان میں مرزا کی شہرت کا ڈنکا بجنے لگا تو شاہ عالم بادشاہ نے اُن سے کہا کہ حضرت آپ میرے اشعار دیکھہ لیا کیجیئے - مرزا نے کہا مجھے کیا عذر ہے میں آپ کا خادم ہوں - ایک موسمہ شاہ عالم نے مرزا سے ایک غزل کی فرمائش کی - دو تین روز ہوگئے مگر مرزا نے خبر نہ لی - اس پر شاہ عالم نے تقاضہ کیا مرزا نے کہا حضور مضامین میری جیب میں تو رہتے ہی نہیں ہاں طیار کردونگا — یہہ سنکر وہ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر اس طرح ارشاد ہوا —

لطیفہ

بھئی مرزا کتنی غزلیں روز کہہ لیتے ہو — مرزا نے نہایت سنجیدگی سے جواب دیا کہ یہی چار پانچ شعر روزانہ کہہ لیتا ہوں — شاہ عالم ہنسے اور کہنے لگے کہ واہ صاحب واہ آپنے بڑا کمال کیا - تین چار غزلیں تو ہم پاخانہ میں بیٹھے بیٹھے طیار کرلیتے ہیں — مرزا نے ہاتھہ جوڑ کر کہا حضور آپ کے کلام میں بو بھی ویسی ہی آتی ہے - یہہ کہکر مرزا اپنے گھر چلدیئے اور پھر کبھی دربار کا رخ نہ کیا — بادشاہ نے کہلا بھیجا کہ مرزا تم ہمارے یہاں آو ہم تمکو ملک الشعرا کردینگے مرزا نے کہا حضور آپ کیا میرا کلام مجھکو ملک الشعرا کردے گا ●

اُس زمانہ میں دلی لکھنو قدردانوں سے پٹا پڑا تھا اس لیئے مرزا نے کچھہ پرواہ نہ کی اکثر روسا اور امرا خصوصاً مہربان خاں اور بسنت خاں

محمدن اینگلو اوریئنٹل کالج میگزین

علیگڈھ

سلسلہ جدید
جلد ۱۰

جولائی سنہ ۱۹۰۲ ع

نمبر ۷

مرزا محمد رفیع سودا

——••——

مرزا محمد رفیع نام - سودا تخلص — آپ کے والد ماجد مرزا محمد شفیع میرزایان کابل میں سے تھے سپہ گری کا پیشہ کرتے تھے - مگر تاجرانہ حیثیت سے وارد ہندوستان ہوئے - اور پھر خاک پاک ہند نے ایسا دلکش اثر دکھایا کہ یہیں کے ہو رہے - مرزا سنہ ۱۱۲۵ میں بمقام دہلی کابلی دروازہ تولد ہوئے - اُس جگہہ مادر دہر کی آغوش شفقت میں بہ ہزار ناز و نعم پلے *

جب مرزا کی عمر تین یا چار سال کی ہوئی - تو ایک مکتب میں جانے لگے - چونکہ بچپن ہی سے آپ کی طبیعت تیز و طرار تھی کتب درسیہ بہت جلد مطالعہ سے گذر گئیں - فن شعر کی طرف اول ہی سے رغبت تھی — اُس کا ذوق و شوق مرزا کو سلیمان قلی خاں وداد اور آور شاہ حاتم تک ، کھینچ لے گیا اور آخر کو ان دونوں اساتذہ سے تلمذ حاصل کرکے سودا تخلص اختیار کیا بعض لوگوں کا خیال ہی کہ سودا اس واسطے تخلص کیا کہ اُن کے والد بزرگوار سوداگر تھے - مگر دراصل بات یہہ ہی کہ ایشیائی شعرا زیادہ تر مضامین عشقیہ پر دلدادہ اور فریفتہ ہوتے ہیں اور چونکہ سودا اور عشق کا چولی اور دامن کا ساتھہ ہی اسلیئے بھی تخلص اُن کو دل سے بھایا اور واہ رے مرزا تونے بھی اُس کو خوب ہی نباہا — اُس زمانہ میں خان آرزو بھی اچھے شعرا میں شمار کیئے جاتے

The M. A.-O. College Magazine

Is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs. 3-4, for which Subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If Subscribers desire it, the first number will be sent them per V.-P. P.

Terms for advertisements on application.

All communications should be addressed to

THE MANAGER,

The M. A.-O. College Magazine,

ALIGARH.

ایم اے او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینے میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہے *

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چار آنہ معہ محصول ڈاک ہے *

پس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچہ میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے *

اشتہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے *

کل خطوط "منیجر ایم اے او کالج علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہیئیں *

سلسلهٔ جدید
جلد ۱۰

نمبر ۷

جولائی سنہ ۱۹۰۲ ع

محمدن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

علیگڈھ

فہرست مضامین اُردو

مطبوعہ انسٹیٹیوٹ پریس علیگڈھ

New Series
VOL. X. No. 6

June 1902.

THE M. A.-O. College Magazine,

ALIGA RH.

CONTENTS.

PRINTED AT THE INSTITUTE PRESS, ALIGARH.

THE DUTY SHOP, M. A.-O. COLLEGE, ALIGARH.

——+o+——

We have in stock all the works of standard authors of Urdu literature, chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shibli, M. Nazir Ahamed, M. Azad, Nawab Mohsin-ul-Mulk, Haji Ismail Khan, Dr. Ghulam Husain, Abdul Halim Shafar, and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the public is invited to the following recent publications:—

	As.	a.	p.
Dawat-i-Islam, *i. e.*, the Urdu translation of the Preaching of Islam, by Professor T. W. Arnold ...	3	0	0
Alfaruq, by M. Shibli	3	8	0
Darbar-i-Akbari, by M. Muhammad Husain Azad ...	3	0	0
Albaramika, by M. Abdul Razzaq	2	4	0
History of India, by M. Zakkl-ullah, in ten vols. ...	14	0	0
Ajaib-ul Asfar, *i. e.*, the second volume of the travels of Ibni Batuta	2	4	0
Sukhandan-i-Pars, (a book on Persian Philology, by M. Azad)	0	10	0
Yadger Ghalib, by M. Hali	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed ...	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia, *i. e.*, the twelve Essays, by Sir Syed, on religious and historical topics. (In the Press).

The book once formed part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors, the Duty Shop can supply all the SCHOOL AND COLLEGE BOOKS used in these Provinces at a very low price, and sells STATIONERY, STOCKINGS, UNDERVESTS, HANDKERCHIEFS, SOAP, and several other articles of every day use at moderate prices.

THE

Mahomedan Anglo-Oriental College Magazine,

ALIGARH.

New Series, Vol. X. } June 1902. { No. 6.

JOTTINGS.

THERE is a story men tell of a shark that for many days followed a sailing-ship in mid-ocean. A monster of a shark it was, hugely swollen about the middle: yet that was no wonder, for its greediness too was beyond belief—big or small, eatable or uneatable, all that went overboard found a grave in that shark's voracious maw. But for all its eating there was something wrong with the poor brute: the swish of its tail had not that spirit in it that a healthy shark's should have, and its agonized rush upon its victuals had more of despair in it than of vigour. Men leaning on the bulwarks watched it almost with compassion at last, so ridiculous and yet so pitiful was the monster's feebleness, so near akin to those flabby overgrowths of humanity one sees for a penny at fairs. And when, one calm tropic morning they found its body floating limply by the sternpost, the crew were much inclined to give it a burial with all the honours.

But the ship's doctor was an unsentimental being, and very desirous to enquire further into this case of what he called "bulimic emaciation." So they hoisted the shark up, and cut him open: and then it was seen how foolish a shark he had been. For

he had had no more judgment than to swallow an empty cask, bottom end first: in which cask was packed, good and tight, the miscellaneous refuse of a full week's voyaging: layer by layer, stored away neatly, yet as inaccessible to its devourer as if it had still been on shipboard. Day by day growing more and more puzzled, his body hour by hour more loaded and more feeble, that gawky monstrosity had worn himself to death in accumulating useless food-material, and had starved at last, if not in the midst of plenty, at least with plenty in the midst of him.

"Bulimic emaciation" is not confined to sharks. It has been known also among University students: an examination is not unfrequently a kind of *post-mortem*, and betrays that the candidate had swallowed his cask in good time before he set about acquiring his information.

* * * * * *

The coat-of-arms of Balliol College Oxford, is unique in its way. One half the shield bears the red lion of Scotland, the badge of its king-founder: the other half is blank For the devices on men's shields are put there to commemorate some great deed of theirs or their ancestors'—something which shall represent the highest point of valour or virtue to which that family many attain. And so proud of their College are Balliol men, that they think nothing she has yet done—and she has done great things—notable enough to stand as a badge of what she may do and ought to do.

[It is a proud thought, almost too proud, but it is right in conception. Whatever our fathers have done, it is our business to better. There is no greater fallacy—there are few commoner, worse luck!—than to think highly of oneself for belonging to

ome institution of renown. It gives one rank of a sort, no oubt but rank must be lived up to *Noblesse oblige*, said very wise old Frenchman Rank brings Duties: and the nain duty of all is to justify your rank. An Aligarh boy hould have no time to spare for boasting about his College: it his business and his privilege to work so hard, to do so well, hat his College may boast of him If he does less than this, he lls behind his duty, and is not worth calling an Aligarh oy at all]

Note here two things Firstly, that no loyal son of a great ollege lets his joy in her successes become too publicly exuberant he takes them as natural and right A school I know of ot in one year—making a record thereby—three out of the x most desirable scholarships at Oxford the sixth form did ot forget to cheer the three winners, but they spent most of ieir energies on demanding from a fourth boy the reason why e was only second on the list for his particular scholarship If ir had been gained, they thought, the feat might have been orth an extra half holiday

And note again that this confidence in the continued success an institution that has in the past been successful can only be stified by the keen and unselfish work of everyone connected ith it You have no right to be proud of your school unless ou are helping to make sure that your successors shall also proud of it Nor will you help in that unless you are iselfish as well as keen—and that is the harder lesson to arn · *that* is at the bottom of all true public spirit, of all nuine and tested patriotism. "If thou look at thyself as a an" says Epictetus, wise and inspiring thinker that he is, and as a part of a certain Whole, for the sake of that hole it may become thee now to have sickness, now to sail the

seas and run into peril, now to suffer need, and perchance to die before thy time." To every man his choice: he may fight for his own promotion, or for his country's glory; he may bat to make his hundred, or to win the match for his side. But the selfish fighter has no country, the selfish batsman has no side: if he chooses to be self-centered, he must abide by his choice. John Smith may have been ten years at Eton, but if he works and plays for his own reputation he is no Etonian—he is only a John Smithian. Aligarh can supply its own names, but the moral is the same.

* * * * *

If it is against your *izzat* to be beaten as to your body by a low caste man, still more does it hurt your *izzat* that your mind should be occupied with a low-caste thought To lie, to steal, are occupations fit only for lower castes than have yet been found in India.

To care for your body's *izzat* and neglect your mind's, is as if one should with clean clothes *cover a* horrible and filthy skin.

* * * * *

THE SIMLA MATCH.

Our last year's defeat at the hands of Simla had caused a sensation which lasted more than the proverbial nine days. The defeat was a direct consequence of indifferent fielding and want of a good wicket-keep, but this year when we left for the Hills expectations of a "good fight" were entertained as no stones had been left unturned in removing both draw backs. We have had a couple of weeks' regular net practice on "matting" while the

Captain had paid special attention to fielding. Our hopes were in fact not very high considering that Ali Hasan had just sprained his ankle while many of us had only just "flocked to the banner" and were not quite their best in form Shfqat and Abid had been only but few days previously confined to bed falling victims to fever and cold while Mohsin was feverish even on the eve of departure. However our last year's disgrace was still fresh in our memory and it was with beating heart and none the less "undaunted soul" that we left the plain to fight for laurels up on the hills.

The engagement being made for the 11th and 12th June the team started on the afternoon of the 8th reaching Simla on the next day in the afternoon. The Simla Club had been unable to manage for our lodging and accomomdation on account of the Polo Tournament at Simla, but we are very thankful to our friend Syed Mr Mohsin who made all neccessary arrangements for us and spared no pains in making us comfortable. The 10th of June was at our disposal and the Secretary of S. C C. was kind enough to arrange for our net practice which we wanted very badly. Walking over hills to which we were unaccustomed had naturally tired all of us and our Captain acceding to the loud demands of the team was kind enough to allow rickshaws for our conveyance

We reached the pavilion at 10 A. M. but the coin was tossed at 11, we lost the toss much to our disappointment as nearly all of us were inclined to take it as a bad omen However we girt our loins and took the field as Simla had decided to go in. Captains Weatherby and Akers Douglas opened the proceedings for Simla but the former was soon caught at the short leg off a ball from Ali Hassan ; Mr. K. Marsham now joined Mr. Akers Douglas but failed to make a stand as he was clean bowled by

Shafqat. Mr. Allen now took his place and started a steady game, but he too fell a victim to Ali Hassan ; so the first three wickets were down for 9 runs only. J. B Wood also followed just when Ali Hassan was well nigh unplayable and the fourth wicket fell for 19 runs only Major Rawlins was also dismissed by Ali Hassan who was able to score a single only. Meanwhile Captain Akers Douglas getting well set was playing a very sensible game and giving us a good deal of trouble, but Abul Hassan coming on clean bowled the gallant Captain who had compiled 21 in fine style and what proved to be the top score of his side ; however Mallaby, Onslow and Mant made a good stand and were responsible for more than half the sum-total ; the last two failed to score and the Simla innings was brought to an abrupt close with 61 on the board.

Things began to look better for Aligarh now and Said and Abid left the pavilion. Said was playing a very beautiful game while Abid's too was starting Cricket at the other end. The Simla score was made up with our first two wickets yet well set, but Said was clean bowled by Robinson at 67 (Said having contributed a steady 20.) Rain coming in after lunch it was decided to postpone the proceedings for the next day. We were naturally very hopeful with only one wicket down and Abid yet at the wicket.

The game was resumed early on the 12th and Mughni joined Abid. Mughni had only made 13 when he was snapped by Wood as he could not keep the ball low enough. Abid also falling victim to Captain Akers Douglas soon afterwards having contributed a very useful 48. Ali Hassan was however able to score 13 only while Robinson brought about the downfall of Nawab Ali soon fter he had hit his first four. Hamid and Shoukat then got set and gave a fine display both playing a forcing game.

Shoukat lifted Robinson twice off the ground, one of his hits lying clean over the gallery—a record-hit probably on the Simla ground. Shoukat was also clean bowled after a splendid innings of 31, while Hamid also followed given l b.w on Onslow's slow. Mohsin however could make 3 only while Akram's wicket was upset even before he could break his "duck." Shafqat scoring 5 and Abul Hassan a single, finished the Aligarh innings which totalled 186.

Simla first innings being considered as but an instance of the "glorious uncertainty" of the game, expectations of a great display of the noble pastime were entertained for Simla, but Ali Hassan proved himself equal to the occasion and quite deadly for high scoring only Captain Weatherby could get into double figure (17) while Wood, Maltby and Mant could aspire to sixes only. The home team went to pieces before Ali Hassan's bowling who captured eight wickets for 26 runs, perhaps a record in the annals of Indian first class cricket.

Aligarh thus won a handsome victory of an innings and 70 runs There being yet some hours at our disposal a return match was arranged the very same day and we again lost the toss (perhaps we were not inclined to take it as a bad omen this time and we cheerfully took the field. Ali Hassan gave up bowling after the first over as he was much too exhausted while Shafqat and Mughni rattled the Simla side out for the meagre total of 27, a score which was soon made up by Aligarh at the expense of 2 wickets and thus winning the match with a majority of 8 wickets and some 3 runs

Thus Aligarh wiped off the defeat of the last year very satisfactorily and the victory is all the more creditable when it is considered that the team which we faced consisted of some of

the best exponents of the game in the country. This very fact is the eloquent testimony of our calibre and we cannot but flatter ourselves when we think that our beloved Principal's (Mr. Morison now in England) wishes and expectations with which he left us were realized to the very better and we cannot but thank our officiating Principal Mr. Tipping also who led us to another victory and that too a very memorable one.

We must also express our heartfelt thanks to the Simla gentry and aristocracy who received us so cordially, and we will never forget the way in which nearly all of them expressed satisfaction at our manners and received us with loud cheers, applause and also kind words.

The news of our victory when telegraphed to our friends at the College, wrought feelings to a great pitch of excitement, and we were given a very warm reception on our return to Aligarh. All of us were garlanded and bouquets presented. An address was also given to us and read amidst loud acclamations of joy and outburst of applause: poems were also read and a short thanksgiving service took place in the mosque and the College boys expressed their satisfaction and confidence in us (as they said) in more ways than one. We also hear that voluntary contributions amounting to about 300 Rupees have been collected and a grand dinner (also a garden party) is to be given in our "honor." Perhaps we merit it and it is good that our generous friends realise this.

MAHOMED MOHSIN,

Honorary Secretary,

M.-A. O College Cricket Club.

COLLEGE NOTES.

UNDER the series we have been reporting there came in the last month three important lectures. On May 5th, Mr. J. R. Cornah delivered his lecture on the British Navy. The lecture was illustrated with magic lantern slides, which contributed much to the interesting features of the lecture. This was followed by Mr. A. W. Jose's lecture on "colonisation and qualities of a coloniser". The month closed with another important lecture on "Land Settlement in India," by Mr. W. D. Burkitt. There was a large gathering in each of these lectures and an active part was taken by the visitors in the discussions that followed every lecture.

THE successful students in the University Examinations were entertained by Nawab Mohsin-ul-Mulk at a dinner held on May 23rd. Among the after-dinner-speakers were many students who thanked Nawab Sahib. The latter in an eloquent speech exhorted them to keep up the reputation and abide by the traditions of the College and to keep alive the impressions they received during their scholastic career.

24th of May was observed in the College a whole holiday in honour of the memory of the late Queen Empress Victoria. A meeting was held in the Strachey Hall. Mr. Tipping and Nawab Mohsin-ul-Mulk dwelt upon the virtues and noble qualities of the late Queen-Empress and the personal interest which she felt in India and Indian affairs. The meeting was dissolved with a Fatiah prayer for the late Empress.

THOSE interested in the religious education at the Aligarh College will be glad to learn that a series of lectures of theologi-

cal nature has been arranged to be held by Nawab Mohsin-ul-Mulk Bahadur. The first of the series came off on 27th May, when Moulvi Habib ur Rahman Khan of Bhikampur delivered his lecture on " اخلاق اسلامی " The lecture, the first of its kind in this College, was listened with profound interest. Other lectures, too, we hope will be delivered before long

---

31st of May saw the performance of "Ulesse's Last Tour," a burlesque by R. C. reviewed in our last. A full account of the performance appears in the school notes. The play was got up under the supervision of Mr Vines who spared no pains in making the performance interesting in every way The author who liked to disguise his identity did not appear in spite of loud cries which demanded his appearance.

VERY encouraging reports have been received of the good work which Mr. Abdul Hamid B., A., is doing in Bengal as an agent of the Conference. We congratulate the central standing committee of the M.-A. O. E. Conference on selecting a hard-working, Zealous and energetic young man like Mr. Abdul Hamid. We hope to congratulate Mr. Abdul Hamid before long on the excellent results of his work.

SCHOOL NOTES.

(From our School Correspondent.)

WE have had good many Football matches in this month: The first was played Entrance versus II and IV year classes. The Entrance won it by a goal. But the most exciting and

sensational match was played between first three classes of the school and the whole College. The College XI. consisted of nearly all the players of the first team. The school classes played very well and won the game by one goal. The last match was *English Ward versus Entrance Class. The result was that the* English Ward made three goals while the Entrance only one.

The School Masquers' Anniversary Performance came off on the 30th May at 9 P. M. on the Lawn in front of S. U. Club. It was very successfully performed. The Dramatic acting consisted of scenes from 'Ulysses' Last Tour' the review on which was published in the last issue of this paper. The following were the characters:—

Ulysses	...	M. Shafqat Hosain.
Telemachus	...	R. Masood.
Mr Guy	...	S. Ain-ud-din.
Bertie	...	S. Ali Hosain.
Borus (a 'Seer')	...	S. Abu Ali.
Cook's Agent	...	M. Saddiq.
Mariners	...	Wasi-ul Hassan, M. Mohi-ud-din and others.

The Lawn was full of visitors and students. We thank the European gentlemen and ladies who graced the performance by their presence. The whole entertainment was the result of the exertions of Messrs. T. H. Vines and J. R. Cornah who prepared the Masquers and we owe special thanks to them.

Shafqat Hosain and Zia-ul Islam have passed the Entrance Examination from the Punjab University. We congratulate them.

THE LYTTON LIBRARY.

DEAR SIR,

I have much pleasure in acknowledging through your columns the gift of books to the Lytton Library by the following old students:—

Syed Mahomed Ali.

Mahomed Hamid.

Mahomed Sarfraz Hosain.

and of a donation from.

Ali Akhtar.

I hope other old students will find themselves able to follow their good examples.

I am etc.,

GERALD GARDNER BROWN.

سرمہ ممیرا کراماتی

ممیریکا سرمہ کوئی عام چیز نہیں ہی جو ہر ایک آدمی کو میسر ہوسکے اور ہر ایک شخص اسکی شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر بوٹی ہی جسکی تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونانی اسکی توصیف میں ہمزبان ہیں — یہہ نئی ایجاد نہیں بلکہ ہزاروں برسوں کا لاکھوں طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا ہی جو خصوصیت سے امراض چشم کے ازالہ میں موثر و مفید ہی — ہمنے اپنے مطب میں تیس سال تک ہزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلی حاصل ہوا تو یہہ جرات کی — اور سالہا سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید اور سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر ہونا ثابت ہوا ہی - حضرات سرمہ کراماتی اخباری طبیبوں یا عطائی لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر اور حکیم ہی جو سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررہا ہی اور یونانی و ڈاکٹری باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزی سے اعلی درجہ کی سند حاصل کرچکا ہی اور آنکھوں کی تشریح - علاج امراض سے بخوبی واقف ہی افسوس ہی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سی نعمت کی قدر نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کی دوائیاں استعمال کرتے ہیں جو بالکل یونانی اور ڈاکٹری علم سے بے بہرہ ہیں - حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کی تشریح بیماریوں کے اسباب پیدایش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے ہاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت نادانی نہیں تو کیا ہی اور اس نادانی کا لازمی نتیجہ یہی ہونا چاہیئے کہ امراض چشم ایک سے ہو اور دو سے دوکھہ نیا پیدا ہو - حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلپذیر حکایت لکھی ہی جسکا فقرہ یہہ ہی کہ : — اگر کور نبودے پیش بیطار نمیرفتے *

قیمت فی تولہ (؏) دو روپیہ

اندھیر ہی — بعض لوگ فرضی نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کرتے ہیں — ناظرین کو چاہیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھکر دیکھہ لیں کہ واقعی اس نام کا کوئی فرضی عہدہ دار ہی یا نہیں — بعض لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے ہیں ان کے سچ جھوٹ کی تصدیق ان کے وارث اور ملازم کرسکتے ہیں *

حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء چشتی قادری ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ *

مرکب ایسنس یعني جڑھو چرایتا

ھم پختہ طور سے وعدہ دیتے ھیں کہ اس مرکب میں ھندوستان کے اس پودے کے تمام فوائد موجود ھیں - ذیل کي بیماروں میں یہہ مرکب نہایت شفا بخش دوا ھی اس کے فائدے اور تاثیرات سے ھر شخص واقف ھی - صرف اس کا عمدہ مرکب مشکل ھی - ھمارے کارخانہ میں جو جوھر چرائتا تیار کیا جاتا ھی وہ بازاري مرکبات سے بالکل جداگانہ ھی *

اشتہا کي کمي اور ضعف - بدھضمی اور خلل معدہ - مزاج میں صفرا کا غلبہ - تپ نفخ شکم - تلي کا بڑہ جانا اور اور بیماریاں جو جگر کي سستي سے پیدا ھوتي ھیں - ان سب کے لیئے یہہ نہایت مفید اور طاقت ور دوا ھی *

ایسانس یعني جوھر چرائتا کي تھوڑي سي مقدار کھانے سے پہلے پینے سے بھوک خوب لگتي ھی اور ان میں ھضم طعام کي خاص طاقت پیدا ھوتي ھی اور اعضاے ھضم کو تحریک ھوتي ھی *

تیس سال گذشتہ میں اس فائدہ مند دوا کي فروخت بہت ھوئي ھی - جس سے یہہ ثابت ھوتا ھی کہ جو کچھہ اس کا وصف کیا گیا ھی وہ بالکل صحیح اور درست ھی اور ھم نہایت وثوق سے اس لاثاني دوا کے استعمال کي سفارش کرتے ھیں *

قیمت في بوتل عصا - علاوہ محصول ڈاک وغیرہ

صرف کارخانہ اے پلومر اینڈ کمپني لاھور و شملہ میں نہایت عمدگي سے تیار ھوتا ھی *

تیار کردہ اے پلومر اینڈ کمپني دوا سازان لاھور و شملہ

اے پلومر اینڈ کمپني دوا فروشان لاھور و شملہ جن کو نواب گورنر جنرل بہادر ھند نے اپنا دوا ساز مقرر فرمایا ھی *

کھاتے نہ در بدر تھے ہم اسطرح ٹھوکریں
پھرتے نہ یوں تھے فکر معیشت میں جا بجا

آزاد ہم تھے فکر و غم روزگار سے
نے جستجوے مال نہ کسب کمال تھا

ہر شب شب برات تھي ہر روز روز عید
ہر صبح دلفریب تھي ہر شام دلکشا

دل سرد ہوگیا ہی اب ایسا کہ کیا کہوں
شراب میں نہ لطف نہ ہی عید میں مزا

کیسے وہ دن تھے کیسي تھیں راتیں کہ جب ہمیں
فکر ثواب تھي نہ خیال عذاب تھا

پہلے سے لطف پہلي سي آزادیاں کہاں
اب ایک ہم ہیں اور ہیں غمہاے دوجہاں

۱۵ مئي سنہ ۱۹۰۲ ع

علیگڈہ

دنیا کي لذتوں کي ھمیں آرزو نه تھي
دولت کي چاہ علم کي بھي جستجو نه تھي
بازیچه گاہ مرکز عیش و نشاط تھا
جنت کي اُس کے آگے کوئي آبرو نه تھي

بڑھکر تھیں سادي وضع سے سادي طبیعتیں
باتونمیں اپني کچھه بھي بناوٹ کي بو نه تھي
برتاو ایک ھي تھا امیر و غریب سے
هم پاک تھے غرور سے نخوت کي بو نه تھي

گردن میں اپني تھے بھي تو منت کے طوق تھے
تسبیح مکر و روز کي زیب گلو نه تھي
حرص و ھوا کے پھیلے ھوئے یوں نه جال تھے
جو اب ھی آرزو وہ کبھي آرزو نه تھي

تلخي می سے تلخ نه اب تک تھي زندگي
گلگشت باغ و سیر لب آب جو نه تھي
دنیا کے کات چھانٹ سے واقف نه تھے ذرا
تلخي سخن میں زھر بھري گفتگو نه تھي

کیا قہر تونے آکے جواني یہه کردیا
کیا کیا نه ھائے لطف تھے جب ایک تو نه تھي

ھوش وخرد کے دام میں افسوس پڑگئے
بچپن کے دن گذرتے ھي ھم تو اُجڑ گئے

کھٹکا نه محتسب کا نه واعظ کا خوف تھا
مسجد سے تھي غرض نه کلیسا سے واسطا
دیر و حرم میں فرض نه اب تک تھي حاضري
اپني نظر میں کعبه و بت خانه ایک تھا

واقف نه کفر سے تھے نه اسلام سے تھے ھم
مطلق خبر نه تھي که تعصب ھی کیا بلا
آزاد ھم تھے ساري شریعت کي قید سے
روزے کا خوف اور نه دھڑکا نماز کا

قسمت کي گه شکايت و گه شکوهٔ فلک
جاري زبان پر مرے کيوں بار بار هی

کيا هی تلاش کيوں متجسس نگاه هی
کيا فکر هی که دل کو بهت إنتشار هی

کيا کهيئے کون سي هی مصيبت الم هی کيا
دل کو تلاش کس کي بهه ليل و نهار هی

کيا جانے هاے عالم طفلے کدهر گيا
مانند خواب چشم زدن ميں گذر گيا

وه پاک لطف پاک طبيعت نهيں رهي
بچپن کي بهولي بهالي وه صحبت نهيں رهي

وه چهچهے وه قهقهے اک سانهه چلديئے
الڑه پنے کي کوئي بهي حرکت نهيں رهي

هر شی ميں ايک لطف تها هر چيز ميں مزا
افسوس اب کسي ميں وه لذت نهيں رهي

ذچلے نه هاتهه تهے نه کبهي اپنے پانوں تهے
گو کهيل کود کي کبهي فرصت نهيں رهي

روئے کبهي تو رونے هي رونے ميں هنس ديئے
کچهه ديرتک بهي ايک سي حالت نهيں رهي

سو بار گر لڑے تو ملے هم هزار بار
اک دم بهي دل ميں اپنے کدورت نهيں رهي

بے لوث دوستي تهي تو بے لاگ دشمني
اب وه خلوص اور وه الفت نهيں رهي

هم تهے جهاں نه تها غم دنيا کا واں گذر
اک دم بهي هم ميں آکے مصيبت نهيں رهي

بچپن گذر گيا که زمانه بدل گيا
هم وه نهيں رهے وه طبيعت نهيں رهي

وه لطف وه طرب وه مسرت وه ولولے
آتے هي هوش چهوڑ کے اکبار چلديئے

بس سب سے بلند اُسکی شان ہی * انساں کے دلونکی ترجماں ہی
یوں کیوں نہو ذکر جسکا سنئے * آئیں ہیں عدو بس بہت سے
ہوں نقد عروج اسکے رکھے * داماں فیوض میں انہوں کے
اُمید ہی اسکے اب پہریں دن * گر محسن قوم ہوں معاون
ہاں خامہ یہہ ڈالکے کہانی * بس کیجئے ختم ان ترانی
کہدی وہ جو تہی تجہے سنانی * کچہہ خیر اب اسکی ہی منانی

رکہہ فضل سے اپنے زبر گردوں
اے رب عزیز اس کو مصئوں

ترکیب بند

از نتیجہ فکر محمد شمس الضحی اخگر

کیا کہو گیا ہی دل میرا کیوں بیقرار ہی
یہہ یاس کیوں ہی کس لیئے یہہ اضطرار ہی

باتوں میں درد آنکہوں میں آنسو ہی کس لیئے
سارا جہاں نگاہ میں کیوں تیر و تار ہی

کیوں دلخراش قلقل مینا کی ہی صدا
کیوں نغمہ ہاے مرغ چمن ناگوار ہی

کانٹوں کی طرح پہول کہٹکنے لگے ہیں کیوں
حسرت فزا یہہ کس لیئے فصل بہار ہی

کیا ہی کہ اب خوشی کی تمنا نہیں رہی
کیوں یہہ شکایت ستم زورگار ہی

ملتا ہوں کس لیئے کف افسوس دمبدم
کیوں آہ سرد و گریہ بے اختیار ہی

قصیدہ از عزیز حسین صاحب عزیز

کیوں نظم جہاں کا یوں ہی بدلا * ہی دفتر روزگار کیسا
کس طرز جدید پر ہی لکھا * اس رات کا دیکھئے سیاھا
واللہ مگر دبیر گردوں * کچھہ آج نیا ھی تیرا مضموں
بیوجہ نہیں سیاھي شب * دلکا ھی ورق سیاہ کیوں سب
اور نقطہ زر سے ھیں جو کوکب * روشن بہہ ھی صاف اُنسے مطالب
کي ملک شعاع خورجو کالي * تھي مشق دوایر ھلالي
اخر کو بیاض زر فشاني * یعني بہہ کتاب آسماني
روشن لگي کرنے سب معاني * انجم نے سکھائي نکتہ داني
یوں حل ھوا خود بخود معما * ھی جلسہ اُردوے معلے
خدام خیال جلد آو * اور مسند فکر کو بچھاو
اس محفل علم کو سجاو * اور فکر کي شمع کو جلاو
ھوں لفظ میں شاھدان معني * اوڑھے ھوئے برقہ ھاے لیلی
حرفوں سے کھوپرے جمائیں * اور دابرے لیکے دف بجائیں
یوں بزم میں آج رنگ لائیں * سچ اپني کشش کو کردکھائیں
ھاں سافي طبع مي بھي بھرلوں * نقطوں کي سیاہ بوتلوں میں
مضمونکے جوشوخ بت ھیں چنچل * ڈالے ھیں سیاہ منھہ پے انچل
آنکھوں میں لگائے اپنے کاجل * نظرونمیں دکھا رھے ھیں چھلبل
نقطوں نے قدم جو اپنا رکھا * جھک کرکے قلم نے پاوں چوما
صد شکر کہ آج بخت جاگا * ھی علم کا اوج پر ستارا
یہہ سالگرہ ھی اُسکي اسجا * جسکا ھی زباں پہ سبکي چرچا
ماھر ھیں سب ایسے بوڑھے بالے * واقف ھیں تمام نہند والے
نثار ھیں اس کے خطبے پڑھتے * سکے ھیں دلوں پہ شاعروں کے
داغ اور جلال سے جو چاھے * اسکي کوئي قدر پونچھہ آئے
در شکل حیات جاوداني * شاھان سلف کي ھی نشاني
کھنچے ھی گلوں کا یہہ ھي نقشہ * اور زلف خیال کا ھی شانہ
وہ طوطي ھی جسکا آشیانہ * رھتا ھی دھن میں ھر زمانہ

کہاں کی اگئی جدت پسندی طبع عالم میں
جدھر دیکھو طرح بدلی روش بدلی چلن بدلا

انوکھے ہی ترانے ہیں نواسنجان عالم کے
جوانان چمن کا بھی ہی وہ اگلا بانکپن بدلا

ہیں زیب عارض هندوستان خال و خط دیگر
کوئی دنمیں دکھادینگے زبان بدلی سخن بدلا

ہوئی بے مہری اهل وطن جب موجب غربت
بدل کر بھیس اردوئے معلی نے وطن بدلا

عمامہ اور جبہ گھر پہ چھوڑا خوف رهزن سے
دیا ماتھے پہ قشقہ اور لباس برهمن بدلا

کروڑوں دور هستی میں زمیں نے کروٹیں بدلیں
هزاروں بلکہ لاکھوں رنگ بھہ چرخ کہن بدلا

زمین و آسماں کا دل هی آداب تکلف میں
نشست برخاست کا ڈھنگ اور سیاق انجمن بدلا

هی فتوے کفر کا اس دور میں انداز مومن پر
مذاق شعر بدلا اور موضوع سخن بدلا

نظر آتی هیں یہہ نیرنگیاں هر سو زمانے میں
مگر تم نے نہ اپنا رنگ اے فضل الحسن بدلا

نہ چھیڑو چھوڑنا کالے کا هاں اچھا نہیں هوتا
نکالے گی کسی دن ورنہ زلف پر شکن بدلا

صدائے قم باذنی سن کے نادان برج بھاشا میں
تعجب کیا جو مردوں نے بھی هو اپناکفن بدلا

محمد احتشام الدین غفرلہ

۱۵ مئی سنہ ۱۹۰۲ ع علیگڈھ

رند رمز پارسائي بے ریا کہنے کو ہیں
جو فروش زھد کو گندم نما کہنے کو ہیں

حسرت اے شوق شہادت عبرت اے قاتل کہ ھم
نخل ماتم کو نہال مدعا کہنے کو ہیں

ھم کہ تھے منت پذیر غمگساري ھاے دل
بیخودي کو مونس رمز آشنا کہنے کو ہیں

اُس سے کہیئے جس نے انداز جفا دیکھا نہو
جذب دل اور وعدہ روز جزا کہنے کو ہیں

تا کجا بہہ دل فریبي اے اُمید جانبري
چارہ گر اب درد دل کو لادوا کہنے کو ہیں

دیدہ خونبار افشاں کر نہ رنگ آمیزیاں
وہ دل مضطر کو ھمرنگ وفا کہنے کو ہیں

پردہ داري چاهیئے خوے فلک کي ورنہ ھم
کشتئي غم کا خدا کو نا خدا کہنے کو ہیں

داستان دل نہیں ھی آپ سنیئے تو سہي
ھم جفائے آسماں کا ماجرا کہنے کو ہیں

کون لاے تاب عرض بے نوازي اے اثر
ھم دعا کو خار دامان قضا کہنے کو ہیں

ھرزہ گوئي ختم کر اے فاني آشفتہ سر
اور ابهي کچهہ شاعران خوشنوا کہنے کو ہیں

غزل

بہار آئي ھی رنگ کوہ و میدان و چمن بدلا
درختوں نے قبا بدلي گلوں نے پیرهن بدلا

کهلا جاتا ھی شیرازہ خوشي سے جلد قدرت کا
دوبارہ خیرو خوبي سے جو سال انجمن بدلا

مبارک باد کا ھرسو ھی برپا شور کالج میں
خوشي کے ساتهہ رنج امتحان ممتحن بدلا

کچھ بھي استعداد شعري هو اگر حاصل تجھے
شعر کہنا تجھکو آتا هو اگر اچھا برا
نذر کرنا خدمت احباب میں دو چار شعر
برگ سبزے بس بود از تحفه عجز گدا
سن کے اتنا فاني ناچیز کو جرات هوئي
اور یوں تعمیل ارشاد رساں کرنے لگا

غزل

بیطرح هم چپ هوئے هیں جانے کیا کہنے کو هیں
شاید اب راز خموشي برملا کہنے کو هیں
یاد کرکر بزم جنت رنگ محفل دیکھہ کو
هم غبار آسماں کو خاک پا کہنے کو هیں
آزما کر حال دل ایمان لانے هي بنا
هم سمجھتے تھے که کاہ و کہربا کہنے کو هیں
کارواں هم نام رکھینگے هجوم یاس کا
ناله شبگیر کو شور درا کہنے کو هیں
موت کو هم پیار سے کہتے هیں اپني زندگي
زندگي کو آفت صبر آزما کہنے کو هیں
امتیاز غنچه و گل عارضي کیا دیکھیئے
هم نسیم صبح کو باد صبا کہنے کو هیں
دل چکا روز قیامت خون ناحق کا عوض
وہ دعائے مغفرت کو خوں بہا کہنے کو هیں
شکوہ غارت گر بہائے تغافل کیا کریں
هم که رهزن کو بھي خضر رهنما کہنے کو هیں
کون تھا یا رب نمک پاش جراحت هائے دل
زخم دامندار کو هم با مزا کہنے کو هیں
اور پڑھ فاني اسي دھن میں کوئي تازہ غزل
نکته پردازان محفل مرحبا کہنے کو هیں

میرے فقرے تیرو نشتر میرے جملے دلگداز
میرے نغمے داستاں میرے ترانے دلربا

میرے نکتے ذرہ ہائے رنگ سحرائے اُمید
حرف میرے نقش داماں قبائے مدعا

میری بزم خاص میں کیا طبع موزوں کی بساط
جسمیں خاک فرش پا انداز ہی ذہن رسا

سن کے اُردوے معلی کی تعلی اسقدر
پہلے فانی مسکرایا پھر ادب سے یوں کہا

جو ہوا ارشاد وہ بالکل بجا یکسر درست
ہی مگر اپنی زباں سے مدح اپنی ناروا

اسپہ فرمایا تعلی یہہ نہیں یہہ ناز ہی
اُن بزرگوں پرجو حامی ہیں مرے صبح ومسا

وہ کہ ہیں سرگرم تکمیل زباں آٹھوں پہر
وہ کہ جنکا ورد ہی میری ترقی کی دعا

چین سے رہنے نہیں دیتا اُنہیں میرا خیال
دم نہیں لیتے گھڑی بھر چین سے رہنا تو کیا

دیکھنا ہو گر مآل اس شوق نامحدود کی
دیکھہ جاکر جلسہ دربار سالانہ مرا

جمع ہیں اہل سخن اور قدر دانان سخن
ہی چمن میں نغمہ سنجان چمن کا جمگھٹا

نظم کے چبھتے ہوئے اشعار تیر و نیشتر
نثر کے چلتے ہوئے الفاظ خنجر سے سوا

نثر کی رنگینیوں پر غلغلے تحسین کے
نظم کے جادو بھرے نغموں پہ شور مرحبا

حسرت آگین حسرت معجزبیاں کا حرف حرف
سربسر اخگر ہی شعر اخگر جادو نوا

تو بھی ہوجانا شریک بزم گوشہ میں کہیں
ہی یقیں ملجائیگی تجھکو صف آخر میں جا

نہ سخن‌فہم ہیں نہ شاعر ہیں * چند باقی ہیں وہ مگر تا کے
قدرداں ہوں سو قدرداں بھی نہیں * کوئی اُردو کا نوحہ خواں بھی نہیں
جب سے اُردو کو تم نے چھوڑ دیا * ہوگیا اس کا حال رنج فزا
چاروں جانب سے ہوتے ہیں حملے * چند اس پر بھی ہیں تلے بیٹھے
کہ مٹا دیں جہاں سے اُردو کو * اس زبان عزیز و نیکو کو
لیک جبتک کہ جان باقی ہی * اور ہمارا نشان باقی ہی
اپنی اُردو کو ہم نہ چھوڑینگے * اس کی الفت سے منہہ نہ موڑینگے
ہاتھہ سے ریختہ کو کیا دینگے * جان تک اپنی ہم کھپا دینگے
رکن سب اُردوے معلی کے * اس کو مرنے کبھی نہ دیوینگے
جوش میں کہل گئی جو آنکھہ مری * نہ وہ حضرات تھے نہ محفل تھی

سید فضل الحسن حسرت موہانی

قصیدہ

ایک دن فانی سے اُردوے معلی نے کہا
سچ بتا کچھہ تو بھی واقف ہی مرا رتبہ ہی کیا
کہہ کے اتنا خود ہی فرمایا کہ تجھکو کیا خبر
جانتی ہی نظم و نثر ہند میرا مرتبا
میرے دم سے نو نہالان بلاغت بارور
میرے گلزار فصاحت کی فضا ہی جانفزا
سکہ رائج مضامیں ہیں تو میں ٹکسال ہوں
گر خبر ہی نغمہ دلکش تو میں ہوں مبتدا
نام میری بندش الفاظ کا دل بستگی
وصف میری شورش تحریر کا ہنگامہ زا
آب حیواں ہوں اگر ہی نظم عمر جاوداں
درج گوہر ہوں اگر ہی نثر لعل بے بہا
میری صبح نظم میں حسن صبیحی کی جھلک
میری شام نثر میں حسن ملیحی کی ادا

تھا کلام اور کونسا وہ دلا * تھاجو صحت میں شعر ناسخ تھا
وضع آتش کي تھي سپاھانہ * اس پر اشعار ان کے رندانہ
نہیں ھوتا بیان نہیں ھوتا * شعر مومن کي دلپذیري کا
بندشیں کچھ عجیب ڈھب کي نہیں * تھیں نرالي مگر غضب کي تھیں
ذوق کا یاد ھی وہ لطف زباں * بندہ گیا تھا مشاعرہ میں سماں
دل ھوا رنج شوق کا طالب * سن کے اشعار میرزا غالب
ھوگئي رو کش دواے فراق * گریہ ھائے الم فزاے فراق
جب لیا شاعروں نے نام نسیم * میں کہ تھا رفتہ کلام نسیم
نام سنتے ھي بیقرار ھوا * بڑھکے استاد سے دو چار ھوا
دیکھنا پاس میري الفت کا * مجھکو حضرت نے پاس بٹھلایا

اجنبي پاکے مجھکو محفل میں * متعجب ھوئے سبھي دل میں
پاس دیکھا مگر جو حضرت کے * عاقبت میر اس طرح بولے
کیوں میاں تم کہاں سے آئے ھو * کیا پرانے جہاں سے آئے ھو

مہر صاحب کا رعب اتنا تھا * کچھہ بھي منھہ سے مرے نکل نہ سکا
میرا حضرت نے دیکھکر یہہ حال * کھولي اس طرح پر زبان مقال
وہ جو دنیا ھمارا مسکن تھا * بس وھیں سے یہہ شخص ھی آیا
طرز مومن سے اس کو الفت ھی * ھمکو بھي اس سے کچھہ محبت ھی
اھل دنیا سمجھہ کے لوگوں نے * پھر تو بے انتہا سوال کیئے
عشق اردو سے جو ولي کو تھا * ھوکے بیتاب مجھہ سے یوں پوچھا
تھے جو ھم ریختہ نکال گئے * کوئي وا رفتہ اس کا اب بھي ھی ؟
اٹھہ گیا یا جہاں سے اس کا نام * کوششیں ساري رہ گئیں نا کام ؟
میر صاحب نے بھي یہي پوچھا * سب میں ھونے لگا یہي چرچا
شوق پر ان کے مجھکو حیرت تھي * ان کو اردو سے کتني الفت تھي
پا کے مشتاق اس قدر ان کو * میري آنکھوں سے بہ چلے آنسو
آنسووں کا بندھا جو تار رھا * دل پہ باقي نہ اختیار رھا
بارے جب روکے جي ھوا ھلکا * خستہ آواز میں یہہ میں بولا
کاے سخن پیشگان بے ھمتا * حال کیا پوچھتے ھو اردو کا
مہر ھی اب نہ میرزا اس میں * ابتو کچھہ بھي نہیں رھا اس میں

درو دیوار کي یهه حالت تهي * سادگي، اُن په لوٹتي تهي پڑي
پهول هر جلوه گاه شبنم تها * مجهپر اک بیخودي کا عالم تها
ناگهاں اک عجب صدا آئي * جس سے ٹوٹا طلسم خاموشي
اس کے الفاظ جو اخیر کے هیں * وه تو بے شبهه شعر میر کے هیں
لو سنو آئي پهر وهي آواز * کوئي پڑهتا هی یوں بسوز و گداز
رنج کهینچے تهے داغ کهائے تهے * دل نے صدمے بہت اُٹهائے تهے
سن کے یهه مجهه سے پهر رها نه گیا * بیخودانه اُدهر کو چل نکلا
شوق میرا جو راهبر آیا * اس مکان عجب میں در آیا
اس کے اندر عجب سماں دیکها * مجمع لطف شاعراں دیکها

میں نه تها گرچه رو شناس ولي * پر پتا دے گیا لباس ولي
دکني وضع دل ربایانه * لب په ذکر شراب و پیمانه
جلوه شاعري نمایاں تها * وه بهواں دیکهه میں بهي حیراں تها
آبرو اک طرف کو بیٹهے تهے * اشک آنکهوں میں بهر کے یوں بولي
همت آرزو جو ٹوٹ گئي * هم ستي شاعري بهي چهوٹ گئي
میر مضموں بهي پاس بیٹهے تهے * اور شاکر اُداس بیٹهے تهے
تها سرا پاے میرزا مظهر * نور ایماں کا سر بسر منظر
مهر تاباں کا چهره تاباں * حسن کے جس میں ابتلک تهے نشاں
اس میں کیا کچهه صفائیاں هونگي * اس نے دهو میں مچائیاں هونگي
شان سودا سے صاف تها یهه عیاں * هیں یهه سودار شاعران جهاں
درد کے وه جو درد پنهاں تهے * سو وه چهرے په سب نمایاں تهے
سوز کي هاے پر اثر باتیں * خوش مزاجي بهي تهي ملي جن میں
ٹک اِدهر دیکهیو خدا کے لیئے * میر صاحب نے اب کے شعر پڑهے
درد هی اور کس غضب کا هی * کچهه عجب حال جس سے سبکا هی
رحم آتا هی حال جرأت پر * یعني وارفتهٔ محبت پر
یاںتلک چشم کو پر آب کیا * اپنا نور بصر خراب کیا
ساري محفل کو کردیا مبهوت * سید انشا کے بهلے رے جبروت
مصحفي اکطرف غزلخواں تهے * کهه مشقي په اپني نازاں تهے
سیکڑوں شاعروں کو هم دیکها * لیک ایسا کسو کو کم دیکها

مزے لیتے هیں شعر پڑھ پڑھ کے * شاعري کے کمال شیدائي
پهول برسائے نظم رنگیں سے * جب طبیعت بہار پر آئي
رونق بزم اک طرف فاني * جن کو زیبا هی ناز یکتائي
طبع رنگیں سے جن کے از سر نو * گلشن نظم میں بہار آئي
آ گئے احتشام بزم میں جب * پهر فصاحت کي خوب بن آئي
ان کے اشعار گرم سننے کا * کان مشتاق دل تمنائي
هیں جناب عزیز وہ جن سے * هی بلاغت نے آبرو پائي
جبکہ هوں ایسے لوگ رنج نہیں * گر نہیں هیں امیر مینائي
سب هیں پر یہہ تلاش کسکي هی * کیوں نظر پهر رهي هی گهبرائي
نہیں افسوس حضرت سجاد * جس کا هر شخص هی تمنائي
اک اُنهیں کے یہاں نہونے سے * کچهہ طبیعت هی سبکي مرجهائي
اپني قسمت کا میں رهي هوں ممنون * کهینچ کر جو مجهے رهي هی لائي

جس کي دل کو تلاش تهي اخگر
آج لو وہ اُمید بر آئي

۱۵ مئي سنہ ۱۹۰۲ع

علیگڈہ

مثنوي

مشاعرۂ شعراے قدیم در عالم خیال

خواب شب کو جو میرا یار هوا * ایک عجب شهر میں گذار هوا
هر طرف نور کي تهي جلوہ گري * چهائي تهي هر مکان پہ بیخبري
اک خموشي کا تها سماں چهایا * تها پڑا هر طرف کو سناٹا
رات کے تهے وہ آخري گهنٹے * بس کوئي چار بج چکے هونگے
لو وہ چلنے لگي نسیم سحر * جس سے هلنے لگا هر ایک شجر
سامنے جو بنے هوئے تهے مکان * انمیں سے ایک کي عجب تهي شان
سنگ مرمر سے جو بنا تها وہ * همہ تن نور هو رها تها وہ

از محمد شمس الضحے اخگر

خیر مقدم

للہ الحمد پھر بہار آئی * مرغ گلشن ہیں محو زیبائی
پتے پتے میں نزہت فردوس * بوٹا بوٹا سراپا رعنائی
مخملیں فرش سبزہ گلشن * شاخوں پر بلبلیں تماشائی
چل رہي ہی نسیم متوالي * مستي نرگس کي آنکھہ میں چھائي
لیکے سوسن زبان بلبل کي * ہمہ تن ہو رہي ہی گویائي
پھول پھولے ہوئے غرور سے ہیں * اور غنچوں میں ناز یکتائي
کتني نکھري عروس گلشن ہی * بلبلوں کي ہی آج بن آئي
خوب فوارے کھول کھول کے دل * آج کرتے ہیں نزہت افزائي
لہلہا اُٹھے سبزے چار طرف * سوکھي شاخوں میں تازگي آئي
کھل کھلاکر کے ہنس پڑي اک بار * باغ میں جو کلي تھي مرجھائي
محو گلگشت باغ تھے ہر سو * موسم گل کے سارے شیدائي
لب جو دل کو جا کے بہلایا * گر طبیعت ذرا بھي گھبرائي
دل تھا ذوق سرور میں ڈوبا * مستي آنکھوں میں سبکے تھي چھائي
محو لطف بہار تھے سب لوگ * اتنے میں یہہ صبا خبر لائي
جلسہ اُردوے معلی ہی * ہوتي ہی آج بزم آرائي
بیٹھے کیا ہو یہاں چلو اُٹھو * دیکھو بزم سخن کي زیبائي
تازے تازے گل مضامین ہیں * بلبل طبع جس کی شیدائي
دلکش و دلپذیر تقریریں * جسپہ صدقی ہو آپ گویائي
نظم و نثر زبان اُردو پر * مدتوں سے تھي مردني چھائي
کوشش اُردوے معلی سے * جي اُٹھي اور تازگي پائي
جمع ہیں کیسے کیسے لوگ یہاں * کي ہي کس کس نے عزت افزائي
محسن الملک محسن الدولہ * کرتے ہیں آج رونق افزائي
نکتہ رس نکتہ داں و نکتہ شناس * بیٹھے ہیں کرکے سب صف آرائي
ہمہ تن گوش قدر داں سخن * آفریں بر زبان گویائي
نشۂ ذوق شعر میں حسرت * لیتے ہیں بیٹھے بیٹھے انگڑائي

نمبر	تاریخ	مضمون	لکچرر	
۱۲	۱۳ جنوري سنه ۱۹۰۱ع	سید محمد خاں رند	جناب سیدفضل الحسن صاحب حسرت	
۱۳	۱۷ مارچ سنه ۱۹۰۱ع	قول فیصل	تلمذ حسین	جس میں اُن اعتراضات سے بحث کي گئي تھي جو اهل یورپ مسلمانوں پر عاید کرتے هیں

سنه ۲ — ۱۹۰۱ ع

نمبر	تاریخ	مضمون	لکچرر	
۱	۱۲ اپریل سنه ۱۹۰۱ع	منیر	جناب سیدفضل الحسن صاحب	
۲	۱۵ نومبر سنه ۱۹۰۱ع	سالک	ایضا	
۳	۸ فروري سنه ۱۹۰۲ع	نظم	جناب نذیر حسین صاحب بي اے	
۴	ایضا	حکیم ضامن علي جلال	جناب مولوي عزیز حسن صاحب عزیز	
۵	ایضا	میر کے بهتر نشتر	جناب سیدفضل الحسن صاحب	

فہرست مضامین جو اُردوے معلی میں پڑھے گئے
سنہ ۱۹۰۱ — ۱۹۰۰ ع

	لکچرر	مضمون	تاریخ	نمبر شمار
	جناب سید سجاد حیدر صاحب رضوی	اُردو کے ساتھہ ھمارا سلوک	۱۵ مئي سنہ ۱۹۰۰ ع	۱
چند عمدہ نظمیں بھي پڑھیں جو انگریزي سے ترجمہ کي گئي تھیں۔	جناب سید فضل الحسن صاحب	اصغر علي خاں نسیم	۲۵ مئي سنہ ۱۹۰۰ ع	۲
	جناب سید علي حسن صاحب ڈپٹي	انساني زندگي	ایضا	۳
	جناب معشوق حسین خاں صاحب	شمس العلما محمد حسین آزاد	۱۰ جون سنہ ۱۹۰۰ ع	۴
ترجمہ	جناب الطاف حسین خاں صاحب	ریکوباصداے بازگشت	ایضا	۵
	جناب عطا حسین صاحب بھوپالي	خواب و خیال	۴ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ ع	۶
	جناب سید علي حسن صاحب	نغمہ الفت	ایضا	۷
	جناب افتخار عالم صاحب آزاد	تعلیم نسوان	ایضا	۸
	جناب عبدالغفار خاں صاحب	امیر احمد امیر مینائي	۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ ع	۹
	جناب شمس الضحی صاحب اخگر	نواب مرزا خاں داغ	۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ ع	۱۰
	جناب سجاد حیدر صاحب	خواجہ الطاف حسین حالي	۱۵ نومبر سنہ ۱۹۰۰ ع	۱۱

دنیا میں قدم رکھینگے اور جب وہ اُردو کی طرف سے ایسے پختہ خیالات دل میں قایم کرکے نکلینگے تو ضرور وہ اس زبان کو بہت فائدہ پہنچاوینگے — جو لوگ اس کے خلاف ہیں ہم ان سے صرف اسقدر درخواست کرتے ہیں کہ وہ اتنا انتظار کریں کہ وقت مقررہ آ جاے پھر وہ خود دیکھ لینگے کہ جو بیج اس انجمن نے بویا ہی وہ کیونکر پھلتا پھولتا ہی اس وقت ہم صرف وہ شعر پڑہ دینگے جو سجاد حیدر صاحب نے اس موقع پر لکھا ہی —

ابھی تو کھیل سمجھے ہو مگر ایک دکھادینگے
قیامت اسکو کہتے ہیں قیامت ایسی ہوتی ہی

راقم
نلمذ حسین

۱۵ مئی سنہ ۱۹۰۲ ع

ضمیمہ جات

ضمیمہ نمبر ۱ — سید سجاد حیدر صاحب کا مضمون " اُردوے معلی " پر (دسمبر سنہ ۱۹۰۰ ع کے کالج میگزین میں چھپ چکا ہی) *

ضمیمہ نمبر ۲ — فہرست مضامین *

ضمیمہ نمبر ۳ — قواعد انجمن (اپریل سنہ ۱۹۰۲ ع کے کالج میگزین میں چھپ چکے ہیں) *

ضمیمہ نمبر ۴ — فہرست ممبران (بوجہ طوالت شایع نہیں کی جاتی) *

ہمکو کامل بھروسہ ہی کہ خدا ہماري مدد کریگا اور ایسے لوگوں کو ہماري کار براري کے لیئے آمادہ کریگا دن کے نزدیک یہہ کوئي مشکل کام نہیں *

اس انجمن کے قواعد اگرچہ ابتداهي میں قرار پا گئے تھے مگر جیساکہ دستور ہی مکمل نہ تھے اس لیئے ضرور ہوا کہ ایک جلسہ خاص واسطے ترتیب ضوابط کے منعقد ہو چنانچہ ۲۷ و۲۸ مارچ سنہ ۱۹۰۲ ع کو دو کمیتیاں ہوئیں جن میں انجمن کے ضروري قواعد مقرر کیئے گئے - یہہ قواعد بہت ہي مختصر اور جامع ہیں اور کالج میگزین کے گذشتہ پرچہ میں چھپ چکے ہیں - اُمید ہی کہ اکثر لوگوں نے دیکھا ہوگا (ضمیمہ نمبر ۴) *

قواعد -

سید احمد علیہ الرحمۃ نے " دنیا باُمید قایم میں " جو تصویر اُمید کي دکھلائي ہی اس کا زیادہ حصہ خیالي اُمید ہی بس جبکہ دنیا میں خیالي اُمید پر ایسے بڑے بڑے کام ہوتے رهتے ہیں تو کوئي وجہ نہیں کہ ہماري توقعات بھي بلند نہوں — ہمارے منصوبے اور اُمیدیں صرف خیالي نہیں ہیں بلکہ ہم اپنے ارادوں میں ایک حد تک کامیابي حاصل کرچکے ہیں البتہ ابھي ہم درجہ کمال کو نہیں پہنچے ہیں اور نہ ہم چاہتے ہیں کہ ایسے درجہ کمال پر پہنچیں جس کو ہم کمال سمجھیں کیونکہ بھي علامت زوال کي ہی - اب ہمیں یہہ بتانا لازمي ہی کہ ہماري حد غایت کیا ہی ؟ ہماري حد غایت یہہ ہی کہ " اُردو جاننے والے کے لیئے کسي دوسري زبان کي ضرورت نہ رهے " — اس فرض کے پورا کرنے کے لیئے ہم نے جو طریقہ اختیار کیا ہی وہ یہہ ہی کہ ہر ممبر پر لازم ہی کہ وہ اپني زندگي میں کوئي نہ کوئي مفید کتاب تالیف یا تصنیف کرے یعني اگر آدھے اراکین نے بھي اپنا وعدہ ایفا کیا تو گویا اس وقت ڈیرہ سو کتابوں کا ذخیرہ اُردو کے لیئے تیار ہو رہا ہی اور ممبروں کي تعداد کے ساتھہ یہہ تعداد بڑھتي جائیگي - بے شک جب یہہ خیال کیا جاوے کہ یہہ دعوی طلبا کي طرف سے کیا جاتا ہی تو بعض لوگ اسے حقیر سمجھینگے مگر انہیں سونچنا چاہیئے کہ آخر ایک دن یہي طلبا

آیندہ کیا توقع ہی ؟ -

بڑھتي رهتي هی — اس کے علاوہ کالج کے قریب قریب کل طلبا اور اسکول کے بھي بعض طلبا انجمن میں شریک هیں — اگرچہ اسوقت تک ممبروں نے سواے مضامین لکھنے کے کوئي بڑي تصنیف یا تالیف نہیں کي مگر اس کو کم نہ سمجھنا چاهیئے یہي بہت هی کہ " زبان کے سب سے بڑے دشمن " اب سب سے بڑے دوست بن رهے هیں — اگر اراکین میں یہي شوق باقي رها جیسي کہ اُمید هی تو وہ دن دور نہیں کہ اس انجمن کے طفیل سے اُردو زبان میں ایک انقلاب عظیم پیدا هو (فہرست اراکین ضمیمہ نمبر ۳ میں دي گئي هی) *

کتب خانہ — انجمن کے ابتدائي زمانہ میں صرف اس پر اکتفاء کي گئي کہ جو کتابیں اُردو کي ممبروں کے پاس موجود تھیں ان کي ایک فہرست تیار کي گئي اور هر ممبر کا یہہ فرض قرار دیا کہ وہ اپني کتابیں دوسرے ممبروں کو بھي دیکھنے کو دے اور ساتھہ هي اُردو کي عمدہ تصنیفیں پڑھنے کي هر ممبر کو تاکید کي گئي — اگرچہ یہہ طریقہ عمل بہت دنوں تک نہ چلا مگر ممبروں کا شوق کتب بیني ان کي تعداد کے ساتھہ بڑھتا گیا — بالآخر اُردو کا ایک مکمل کتب خانہ قایم کرنے کے لیئے غور شروع هوا اور ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۰۲ ع کو راقم نے قیام کتب خانہ کا رزولیوشن پیش کیا جس کے بموجب جب انجمن کے قواعد مرتب هوکر پاس هوئے تو انجمن کے اغراض میں ایک غرض یہہ بھي رکھي گئي کہ —

(۲) (د) اُردو کا ایک مکمل کتب خانہ قایم کرنا *

همیں اس امر کا افسوس هی کہ هم اس کا نتیجہ اس وقت کچھہ نہیں دکھا سکتے مگر اس سے یہہ نہ سمجھنا چاهیئے کہ هم اس خیال سے غافل هیں بلکہ هم اپنے اس اصول کو کہ کام کے سر انجام هونے سے پہلے اسے ظاهر نکرنا چاهیئے اس جگھہ بھي قایم رکھنا چاهتے هیں اور انشاءالله آیندہ سالانہ جلسہ میں هماري کوششوں کا نتیجہ آپ پر ظاهر هوجائیگا — اگرچہ هم یہاں یہہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ بادي‌النظر میں یہہ ایک محال کام هی مگر همت اور استقلال سب کاموں کو سہل کردیتے هیں —

مشکلے نیست کہ آساں نشود * مرد باید کہ هراساں نشود

ناظم اس انجمن کے طلبا میں سے وہ لوگ مقرر کیئے جاتے ہیں جو بلحاظ زبان اُردو کی قابلیت کے سب میں فایق ہوں -

سکرٹری — اول ناظم انجمن کے سید سجاد حیدر صاحب بی اے مقرر ہوئے جن کے اُردو کی انشا پردازی نظم میں ہو یا نثر میں ایسی نہیں ہی کہ کسی تعریف کی محتاج ہو — معارف اور کالج میگزین کے دیکھنے والے اس امر سے آگاہ ہیں کہ ان کے قلم میں خدا نے کیا طاقت دی ہی اور ان کا تخیل کس پایہ پر پہنچا ہوا ہی — سجاد حیدر صاحب آٹھ مہینہ سے کچھہ کم و بیش اس انجمن کے ناظم رہے اور انہیں کی کوششوں کا نتیجہ ہی جو آج ہم دیکھتے ہیں - جب اُنہوں نے کالج چھوڑا تو تمام اراکین کی نظر سید فضل الحسن حسرت پر پڑی — جن کی اُردو زبان کی محویت اور اس میں استغراق ضرب المثل ہی ان کی نکتہ رسی اور جامعیت کی نسبت کچھہ کہنا آفتاب کو چراغ دکھانا ہی - کالج میگزین اور مخزن میں ان کے نتایج افکار ہمیشہ لوگوں کو بے تاب رکھتے ہیں - اگر ان کی کوشش نہوتی تو بہت کم اُمید اس انجمن کے قایم رہنے اور اس کے ترقی کرنے کی ہوسکتی تھی — اسی لحاظ سے ماہ مارچ میں جو جلسہ اُردوے معلی کا ہوا اس میں اراکین نے اُن کی خدمات کا شکریہ ادا کیا اور ایک سال کے لیئے اُنہیں کو ناظم مقرر کیا ہمکو توقع ہی کہ اس عرصہ میں وہ انجمن کو بہت مستحکم بنیاد پر قایم کردینگے *

اراکین — اراکین انجمن کی نسبت اگر یہاں پر کچھہ نہ لکھا جاے تو یہہ ان کی حق تلفی ہوگی - کسی انجمن کا ترقی پانا اور بالخصوص ایسی انجمن کا جو ابھی ابتدائی حالت میں ہو بلا اس کے ممکن نہیں کہ اس کے ممبر اپنے فرایض میں مستعد اور کارگزار ہوں — اُردوے معلی کے ممبروں نے ابتدا سے جو دلچسپی اس سے ظاہر کی ہی وہ برابر قایم رہی اور ممکن نہیں کہ اس کے بغیر انجمن کا ترقی کرنا تو کجا وجود بھی باقی رہتا - ممبروں میں ہر ایک اپنے کو اس انجمن کا سب سے بڑا حامی سمجھتا ہی اور یہی راز اس کی ترقی کا ہی - انجمن کی کارگزاری اس سے زیادہ کیا ہوسکتی ہی کہ اس انجمن میں اس وقت ۳۲ گریجوائٹ ہیں جن کی تعداد دن بدن

بعض اوریجنل اور بعض ترجمے ہوتے ہیں پڑھتے ہیں ـــ ہم ان نظموں کی جو انجمن میں پڑھی گئیں پوری فہرست دینے سے مجبور ہیں مگر جن اصحاب سے مشاعرہ کو فخر ہی ان میں سے بعض کے کلام آج آپ خود سنینگے اس سے آپ کو اندازہ ہوجاویگا کہ یہہ مشاعرے کس پایہ کے ہوتے ہیں *

حسرت کی نکتہ آفرینی اخگر کی زبان اور فانی کی پختگی جس جگہہ جمع ہو وہ کوئی معمولی مجمع نہیں ہی ـــ جن لوگوں نے ان جلسوں کو دیکھا ہی انہیں معلوم ہی کہ کس شوق سے لوگ ان میں شامل ہوتے ہیں - انجمن کا جلسہ نظم کا ہو یا نثر کا ہمیشہ اس میں اتنے طلبا شریک ہوتے ہیں کہ نہ اتنے کاسب کے ڈبیٹ میں ہوتےہیں اور نہ اتنے اخوان الصفا یا لجنۃالادب میں ـــ یہہ ایک دلیل اس انجمن کی ہر دل عزیزی کی ہی *

اس انجمن نے لوگوں میں نہ صرف علمی شوق پیدا کیا بلکہ ایک حد تک اُن میں قدیم آداب کا بھی خیال پیدا کردیا ہی ـــ انگلش سویلیزیشن اپنی خوبی کی وجہ سے دن بدن رائج ہوتی جاتی ہی ـــ ہمارا یہہ منشا ہرگز نہیں کہ لوگ اسے نہ اختیار کریں غرض صرف اتنی ہی کہ اپنے آبائی طریقوں کو بھی بالکل بھول نہ جائیں *

صدارت ـــ انجمن کے مختلف اجلاسوں میں جو حضرات صدر نشین ہوئے ہم ان کی مکمل فہرست نہیں دے سکتے مگر ہم نہایت فخر کے ساتھہ یہہ لکھتے ہیں کہ ہمیشہ انجمن کے اجلاسوں میں وہ اصحاب صدر نشین ہوئے ہیں جو اُردو کی بہت بڑی خدمتیں کر رہے ہیں جیسے منشی بشیرالدین صاحب اڈیٹر البشیر جنہوں نے اپنے کو قوم اور بالخصوص اُردو کے لیئے وقف کر رکھا ہی یا مثلاً مولوی رشید احمدصاحب انصاری سب اڈیٹر انسٹیٹیوٹ گزٹ جو اپنے مفید عربی ترجموں سے زبان کے ذخیرہ کو بڑھا رہے ہیں* - اُن کے علاوہ دوسرے معزز و ہمدرد اصحاب نے بھی جو جلسہ کے وقت کالج میں موجود تھے اس انجمن کی صدارت کی ہی اور خوشی اور حیرت کے ساتھہ انجمن کی کارروائیوں کو دیکھا ہی - اور اُس پر اپنی پسندیدگی ظاہر کی ہی *

تھے مگر چند هي روز کے بعد وہ سب ہوا ہوگئے — خدا کا شکر هی که هماري انجمن اس سے مستثنی رهي اگرچه همکو بهي يهه اعتراف کرنا پڑتا هی که وه ابتدائي ولولے کچهه دنوں بعد قايم نه رهے مگر پهر بهي کام برابر هوتا رها چنانچه ۱۵ مئي سنه ۱۹۰۰ ع سے آج تک ۱۸ مضامين پڑهے گئے (جن کي مفصل فهرست ضميمه نمبر ۲ میں دي گئي هی) *

اس دو برس کے عرصه میں سات مهينه تو کالج بند رها اور دونوں سال دو دو ڈهائي مهينے امتحان کے سبب انجمن کے جلسے نه هوسکے پس اس طرح بعض مهينه میں ایک اور بعض میں دو مضمون پڑهے گئے *

مضامين جو پڑهے گئے وه اپني نوعيت کے لحاظ سے مختلف تهے مگر غالب حصه شعراء متقدمين اور متاخرين کے کلام پر ريويو کا تها ان میں بعض (جیسے سجاد حيدر صاحب کا ريويو کلام حالي پر اور مسٹر شمس الضحی اختر کا ريويو کلام داغ پر) ایسے تهے جو آپ اپني نظير تهے — ريويو کا جو طريقه ابتدا میں چل نکلا وه اب تک چلا جاتا هی — اب اسے خواه لوگوں کي اپني طبيعت کا رجحان سمجهيئے خواه ایک دوسرے کي تقليد مگر اس میں شک نهیں که اگر یهي سلسله قايم رها تو ایک اچها ذخيره زبان اُردو کو مل جائيگا — کیونکه يهه ريويو صرف اشعار کے انتخاب کردينے اور شاعر کي لايف لکهدينے پر هي ختم نهیں هوتے بلکه زياده حصه ان کا تنقيدي هوتا هی — بڑا فائده جو اس سے هی وه يهه هی که جن لوگوں کو کسي شاعر يا مصنف کے کلام کو خود دیکهنے کا موقع نهیں ملتا وه اس ريويو کے ذريعه سے ان کے کلام کي خصوصيات اور اس کے حسن و قبح سے ایسے هي واقف هوجاتے هیں جیساکه ان کا پڑهنے والا — نتيجه اس کا يهه هی که آج اُردو شعرا اور مصنفين کي صحيح وقعت اور عظمت همارے دلوں میں قايم هوگئي هی جو بغير اس کے ممکن نه تهي *

علاوه نثر کے نظم کي طرف سے بهي انجمن نے غفلت نهیں کي بلکه اپنے جلسوں کو دو حصوں میں تقسيم کيا ایک جلسه نثر کا اور ایک جلسه نظم کا مشاعره میں لوگ طرحي غزليں اور دوسري نظميں جن میں سے

جو وجہ قیام انجمن کی لکھی ہی اُس کا بھی یہاں نقل کرنا ضروری ہی وہ لکھتے ہیں کہ —

"یہہ شکایت چاروں طرف سے سنی جا رہی تھی کہ انگریزی خواں مسلمانوں کو اُردو کے ساتھہ وہ بے اعتنائی ہی جو زبان کے دشمن کو بھی نہوگی اس کی تضحیک کرنا ان کا شیوہ ہی - اور اس میں اپنی نا قابلیت ظاہر کرنا اُن کا فخر ہی اُن کے دل میں یہہ خیال راسخ ہوگیا ہی کہ اپنی اُردو زبان کو بھول جانے سے انگریزی آ جاتی ہی — اور اُس کی تحقیر کرنے سے یہہ ثابت ہوتا ہی کہ ہمیں انگریزی لٹریچر اور زبان پر کامل عبور ہی ان کو اُردو لٹریچر میں ترقی دینے کا ذرا بھی خیال نہیں اور اسے دنیا کی مقتدر زبانوں کے درجہ پر پہنچانے کی کچھہ بھی تمنا نہیں — ہم یہہ تو نہ کہینگے کہ اس شکایت کا ایک ایک لفظ صحیح ہی اور اس الزام میں مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا - مگر

تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیز ہا

یہہ ضرور ہی کہ یہہ الزام بے بنیاد نہ تھا اور چونکہ بے بنیاد نہ تھا اس لیئے کوئی دنداں شکن جواب بھی ندیسکتا تھا — اس کا جواب (عملی جواب زبانی جواب نہیں) ان حضرات کو دینا چاہیئے جو انگریزی میں فارغ‌التحصیل ہو چکے ہیں اور اس وقت علمی دنیا میں نام آور ہیں — لیکن جب اُدھر سے خاموشی دیکھی گئی اور مایوسی کے آثار معلوم ہونے لگے تو اس فرض کفایہ کو ادا کرنے کے لیئے طالب علموں نے ہی کمر ہمت باندھی -

قرعۂ فال بنام من نا کارہ زداند

۱۵ مئی سنہ ۱۹۰۰ع کو چند طلبا جمع ہوئے اور ایک انجمن بنام انجمن اُردوے معلی قایم کی — یہہ ہی انجمن کی تاریخ پیدایش ہی " (پورا مضمون ضمیمہ نمبر ۱ میں دیا گیا ہی) *

آجکل ہندوستان میں یہہ ایک عام بات ہوگئی ہی کہ جہاں چند آدمیوں کو خیال پیدا ہوا اور اُنہوں نے ایک انجمن یا میٹنگ قایم کرڈالی - ابتدا میں ایسے ایسے جوش و خروش دکھلائے کہ اُمید سے بلند

خلاصہ کارروائي

انجمن اُردوے معلی بابت سنہ ۲ - ۱۹۰۱ع

بگرامي خدمت

جناب

صدر انجمن اجلاس سالانہ دوم

جناب والا !

سرمہ بھی کوئی عام چیز نہیں ہی جو ہر ایک آدمی کو میسر ہوسکے اور ہر ایک شخص اسکی شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر ہی جسکی تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونان اسکی توصیف میں ہمزبان ہیں — یہہ نئی ایجاد نہیں بلکہ ہزاروں برسوں کا لاکھوں طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا ہی جو خصوصیت سے امراض چشم کے ازالہ میں موثر و مفید ہی — ہمنے اپنے مطب میں تیس سال تک ہزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلی ہوا تو یہہ جرات کی — اور سالہا سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید اور سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر ہوناثابت ہوا ہی — حضرات سرمہ کراماتی اخباری طبیبوں یا عطائی لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر اور حکیم ہی جو سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررہا ہی اور یونانی و ڈاکٹری باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزی سے اعلی درجہ کی سند حاصل کرچکا ہی اور آنکھوں کی تشریح — علاج امراض سے بخوبی واقف ہی افسوس ہی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سی نعمت کی قدر نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کی دوائیاں استعمال کرتے ہیں جو بالکل یونانی اور ڈاکٹری علم سے بے بہرہ ہیں — حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کی تشریح بیماریوں کے اسباب پیدایش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے ہاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت نادانی نہیں تو کیا ہی اور اس نادانی کا لازمی نتیجہ یہی ہونا چاہیئے کہ امراض چشم ایک سے دو اور دو سے دوکھہ نیا پیدا ہو — حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلپذیر حکایت لکھی ہی جیسکا فقرہ یہہ ہی کہ ؛ — اگر کور نبودے پیش بیطار نمیرفتے ٭

قیمت فی تولہ (؏) دو روپیہ

اندھیر ہی — بعض لوگ فرضی نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کرتے ہیں — ناظرین کو چاہیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھکر دیکھہ لیں کہ واقعی اس نام کا کوئی فرضی عہدہ دار ہی یا نہیں — بعض لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے ہیں ان کے سچ جھوٹ کی تصدیق ان کے وارث اور ملازم کرسکتے ہیں ٭

حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء چشتی قادری ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ ٭

نئي روشني کے خوانوں سے بهي خوش نهيں - فرماتے هيں *

هی خشک بدن چهرے پر کيا زردي هی
کم حوصلگي دل ميں هی نامردي هی
پهنے تو هوں تہذيب کي وردي ليکن
کچهہ ان ميں لياقت هی نہ همدردي هی

سوسائيٹي اور تمدن

انسان جو نہ هوتا تو نہ هوتے يہہ بلاد
جنگل کہيں هوتے کہيں حشرات و جماد
دنيا ميں زن و مرد سے رونق هی مدام
يہہ گهر انهيں دونوں کے هی دم سے آباد

عورت کي فضيلت کے بيان کرنے ميں مولوي صاحب گويا اپنے ملک اور اپنے عنصر ميں هيں — لکهتے هيں *

کيا نطق و خرد کي فطرت ميں نهيں
مردانگي کيا زن کي طبيعت ميں نهيں
تفهيم و تفکر و ذکاوت جودت
وہ کونسي قوت هی جو عورت ميں نهيں

تعليم نسواں

لڑکا کوئي تعليم اگر پاتا هی
تو آپ هي کو فايدہ پهنچتا هی
لڑکي کے پڑهانے کا يہہ هوتا هی اثر
لايق سب خاندان هوجاتا هی

الغرض اسي طرح نہايت مختلف مضامين پر رباعيات لکهي هيں — جو صاحب ان کا مطالعہ کرنا چاهيں مصنف سے بذريعہ مطبع معلم شفيق واقع گوشہ محل حيدرآباد دکن منگا سکتے هيں *

هیں - رباعیات کے مضمون نہایت وسیع هیں — اور اس میں شک نہیں کہ هر ایک رباعي کے مضمون کو نہایت سیدھے سادھے مگر پر معني الفاظ میں ادا کیا هی *

جہاں تک هم کو معلوم هی ایشیائي شاعري میں رباعي کا لکھنا غزل قصیدہ - مسدس وغیرہ سب سے مشکل هی هماري رباعیاں لٹریچر میں قریب قریب وهي کام دیتي هیں جو انگریزي میں (Sonnets) سے لیا جاتا هی — اس خیال سے رباعي کا لکھنا اور بهي مشکل هوجاتا هی — کسي خاص مضمون کو صرف چار مصرعوں میں پوري طرح ادا کردینا واقعي شاعر کي کمال قدرت پر دلالت کرتا هی — کیونکہ جب تک زبان پر پورا ملکہ نہو وہ اس قسم کے الفاظ استعمال نہیں کرسکتا جو بہت سے مضامین کو ادا کرسکے - پهر الفاظ بهي ایسے هوں جو عام فہم هوں اُنکي بندش اور جو مضمون کہ ان میں ظاهر کیا جانا مقصود هی ادق نہو — پہلے تین مصرعوں میں صرف ایک ابهار اور اٹهان نمودار هو حتی کہ چوتھے مصرعے پر پورا زور لگادیا جاے - اور اس میں شاعر کي قابلیت کا پورا اظہار هو *

اُن تمام امور کا خیال کرکے هم مولوي صحب حسین کو مبارکباد دیتے هیں کہ ان کي رباعیات فی الحقیقت نہایت اعلی درجہ کي رباعیوں میں هیں — سلاست مضامین اور سادگي الفاظ کے اعتبار سے اپني قسم کي یہہ پہلي کتاب اردو میں شایع هوئي هی *

خیالات کے بارے میں هم اسقدر لکھنا کافي سمجھتے هیں کہ مولوي صاحب ان لوگونمیں هیں جو دنیا کي موجودہ حالت سے کبهي خوش نہیں هوسکتے یہہ رنگ ان کي هر رباعي سے ٹپکتا هی همارے ناظرین اس کو پسند کریں یانہ کریں مگر هم اس قدر وثوق کے ساتهہ کہہ سکتے هیں کہ مولوي صاحب نے اس کا نہایت عمدہ استعمال کیا هی *

رباعیات کے مضامین اس قدر وسیع اور مختلف هیں کہ هم انکي کوئي فہرست درج نہیں کرسکتے — البتہ ذیل میں چند رباعیاں بطور نمونہ کے ناظرین کے لیئے درج کرتے هیں جس سے ان کي قابلیت کا خود اندازہ هوجائیگا *

تعلیم و تربیت کے بارے میں فرماتے ھیں *

موتي کو جو ڈھونڈو تو عدن میں ڈھونڈو
گر لعل کو ڈھونڈو تو یمن میں ڈھونڈو

یورپ میں مگر ڈھونڈو علوم نافع
گر مشک کو ڈھونڈو تو ختن میں ڈھونڈو

انسان ھی بے علم و ھنر کے بیکار
ھر کار میں تعلیم و ھنر ھی درکار

ھوتے نہیں اس ملک میں پیدا گوھر
جس میں کہ نہیں علم و ھنر کا بازار

حب وطن

بلبل کو ھی گلزار و چمن سے اُلفت
آھو کو ھی صحراے ختن سے اُلفت

کیوں ھند سے مجھکو نہ محبت ھو مگر
ھر شخص کو ھوتي ھی وطن سے اُلفت

دنیا کي بے ثباتي

الفت ھی مگر سے کبھي رنجش ھی ھمیں
شادي ھی کبھي مرگ کي خواھش ھی ھمیں

گہوارہ کي مانند مسلسل تازیست
مابین اُمید و بیم جنبش ھی ھمیں

اخبار و تاریخ

جب منفعت ذات فقط ھو درکار
اور بغض و خوشامد پہ ھو سب دارو مدار

حق گو کے جو پڑجائیں یہہ پیچھے ناحق
کیونکر نہ مگر خوار ھوں اردو اخبار

معزز عہدوں پر بھی ہیں-لیکن افسوس کہ سر سیدکا جیسا درد کسی کے دل میں موجود نہیں ہی - لهذا کوئي سر سید کي طرح قوم کے لیئے مفید نہیں ہوا - سر سید فرشتہ نہ تھا - پیغمبر نہ تھا - ملہم نہ تھا-ولي نہ تھا- غیر معمولي دماغ کا آدمي نہ تھا - اُس کي قابلیت ابتدائي تم سے بہت کم تھي لیکن اُس کے دل میں قوم کا سچا درد استقلال — جوش اور دھن تھي اور اسوجہ سے وہ بڑا آدمي ہوا اور قوم کے لیئے مفید *

پس اے عزیز مجھے اُمید ہی کہ تم اپني تمام زندگي کا مقصد یہي قرار دوگے کہ قوم کو نفع ہو — مثلاً کسي حاکم سے ملاقات کرو اور اس نیت سے ملو کہ تمہاري عزت افزائي ہو تو نواب لطف علي خاں صاحب مرحوم سے تم زیادہ قابل عزت نہیں ہوسکتے - لیکن اگر تم اس غرض سے ملو کہ مسلمانوں کي نسبت اُس کے خیالات درست کردیئے جاویں، ذاتي ملاقات کے اثر سے قومي کام نکالے جاویں، تو تمہاري یہہ ملاقات عبادت ہوگي اور تم قابل عزت ہوگے ، جن انگریزوں سے سر سید کي دوستي ہوئي وہ عموماً مسلمانوں کے دوست ہوگئے — علی ھذا اگر تم کونسل کے ممبر ہو ، اس وجہ سے کہ آنریبل کا خطاب ملے، شہرت ہو — عزت ہو تو ہماري قوم کے بعض رئیسوں سے تم زیادہ معزز نہیں ہوسکتے — لیکن اگر اس وجہ سے ممبر کونسل ہو کہ قوم کي وکالت کرو- تو بیشک تم عزت کے مستحق ہو - اسي طرح ہر معاملہ پر قیاس کرو اور جو کچھہ کرو قوم کے لیئے " *

رباعیات محب

ہمارے ناظرین میں سے اکثر مولوي محب حسین صاحب کے نام سے واقف ہونگے - مولوي صاحب ہماري قوم کے ان معدودے چند لوگوں میں ہیں جنہوں نے عورتوں کي آزادي کو اپني لائف کا مشن قرار دیا ہوا ہی ہمکو اسوقت مولوي صاحب کے ان خیالات کا محاکمہ کرنا منظور نہیں ہی - بلکہ پبلک میں ان کي نئي تالیف کو انٹرو ڈیوس کرنا ہی — اس مختصر رسالہ میں چند رباعیات کو ایک جگہہ جمع کیا گیا ہی جو مختلف مضامین پر وقتاً فوقتاً انکے رسالہ معلم نسوان میں شایع ہوتي رہي

انکی برکت سے ملی طلعون وقحط اب ہند سے
صاف ہوں خدشہ سے راہ معبر ہندوستان

پورے ہوں دل کے ارادے حوصلے نکلیں تمام
شاد اور خرم رہے بام و در ہندوستان

ہر رعیت پر رعایت از رہ الطاف و رحم
قیصر ہندوستان اے قیصر ہندوستان

ہی یہہ بے روے ریا سال خطاب لا جواب
لو مبارک ہو خطاب قیصر ہندوستان

سنہ ۱۹۰۱ ع

نئے تعلیم یافتوں کو ایک بزرگ قوم کی نصیحت

جناب من ـــ تسلیم

مولوی بشیرالدین صاحب ایدیٹر البشیر نے میری کامیابی کے موقع پر مجھے ایک خط لکھا ہی جس کے چند جملے نقل کیئے جاتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہہ بیش قیمت نصائح میرے دوسرے دوستوں کے لیئے بھی مفید ہونگے ـــ اُمید ہی کہ آپ اپنے میگزین میں شایع کر کے ممنون فرماوینگے :ـــ

ظفر عمر ـ

عزیز از جان سلمہ ـ دعا ـــ

... ... مجھے خود تم لوگوں کی ذات پر فخر ہی اور خدا سے دعا ہی کہ تم قوم کے لیئے مفید ہو کیونکہ گریجوایٹ ہونا، بڑے عہدے حاصل کرلینا، دولت مند ہوجانا، قوم کے لیئے مفید نہیں ہوسکتا ـ سر سید سے زیادہ عالم موجود تھے اور اب بھی موجود ہیں ـــ انگریزی کے بہت زیادہ قابل اشخاص بھی موجود ہیں ـ دولتمند بھی بہت زیادہ ہیں ـ سر سید سے زیادہ

چھا گئی غم کی گھٹا دلپر رعایا کے تمام
ہی سیہ فرط الم سے چادر ہندوستان

ظلم یہہ کیسا کیا ہی چرخ کجرفتار نے
ہوگیا پیر فلک غارت گر ہندوستان

ہیں سبہی مغموم و محزون طفل وپیرو ہم جواں
تیرہ و تاریک ہی یہہ منظر ہندوستان

اب رعایا کی دعا ہی از پئے سال وفات
ہوں مکیں قیصر جنت قیصر ہندوستان
۱۹۰۱ ع

اسی سلسلہ میں تہنیت خطاب قیصری حضرت اڈورڈ ہفتم دام ملکہ کی

اے خدا تو رکھہ سلامت ساتویں اڈورڈ کو
مثل مادر مہربان و یاور ہندوستان

ایسا ہی امن و امان ہو جسطرح سابق میں تھا
ہو درخشاں ویسا ہی تاج سر ہندوستان

ہو وہی شرق رعایا پروری و عدل و داد
روز افزوں ہوے تاباں اختر ہندوستان

ہوں مثال حضرت وکٹوریا عالی جناب
مادر ہندوستان یہہ فادر ہندوستان

شاہ لندن میں ہوئے اڈورڈ ہفتم اندنوں
چرخ چارم پر نہ کیوں پہونچے سر ہندوستان
تخت پر بیٹھا ہی پور اکبر وکٹوریہ
کیوں دو بالا ہو نہ اب کر وفر ہندوستان

فضل رب العالمیں سے ذات پاک انکی بھی ہی
شاہ جم جاہ و رعایا پرور ہندوستان

ہوگئی تسکین رعیت کو گھٹا حزن و ملال
لو پھر اب چمکا در تاج سر ہندوستان

از پئ تاریخ سال جشن هاتف نے کہا
هو مبارک یهه خطاب قیصر هندوستاں
سنه ۱۸۷۷ ع

تاریخ وفات حضرت قیصرهند

حضرت وکتوریه و ملکه برطانیه
فضل خالق سے هماري قیصر هندوستان
تهیں بیاسي سال تک بامهربانیها و لطف
سائه افکن مثال مادر بر سر هندوستان
حکمراں رانی کبهي ایسي هوئي هی اور نهو
پرورش فرما هماري مادر هندوستاں
باني امن و امان و حامي ایمان و جان
ماحي ظلم و تعدي یاور هندوستان
عدل و انصاف و رعایا پروري پیش نظر
آفتاب بدل چرخ اخضر هندوستان
هی خدا جیسي حقیقي تهي مجازي اُن کي ذات
بیشک و لاریب و شبهه داور هندوستان
سلطنت اتني بڑي امن و اماں سے کس نے کي
کب هوا دنیا میں ایسا افسر هندوستان
خالق اکبر نے اکبر کو دیا طول زماں
ان سے چمکا اور بڑه کر اختر هندوستان
هوئیں ایسي کسکي جبلیاں دنیا میں کب
اس طرح چمکا تها کب تاج سر هندوستان
طول کسکي سلطنت کو اسقدر پهلے هوا
ایسا رخشاں کب تها شاه خاور هندوستان
تیسري جبلي نهونے پائي تهي که نا گهاں
توٹا جور آسماني بر سر هندوستان
ملکه وکتوریه زینت ده جنت هوئیں
اُٹهه گیا سر سے همارے یاور هندوستان

کہیں شیون ہی اہل ماتم کا * کہیں نوحہ ہی جاں پر غم کا
آرزو تھا امید واروں کي * درد مندي ؛ جگر فگاروں کي
نمک زخم سینہ ریشاں ہی * نگہ یاس مہر کیشاں ہی
حسرت آلودہ آہ تھا یہہ کہیں * شوق کي یک نگاہ تھا یہہ کہیں

تھي نظر یا کہ جي کي آفت تھي * وہ نظر ھي وداع طاقت تھي
ہوش جاتا رہا نگاہ کے ساتھہ * صبر رخصت ہوا اک آہ کے ساتھہ
ہاتھہ جانے لگے گریباں تک * چاک کے پہیلے پانوں داماں تک
طبع نے اک جنوں کیا پیدا * اشک نے رنگ خوں کیا پیدا

سید فضل الحسن حسرت موہاني
طالب علم علیگڈہ کالج

چند تاریخي مادے

مندرجہ ذیل تین قطعات تاریخ جو ایک ھي مادہ سے بطرز لطیف مشتق ہوتے ہیں ہمارے محترم دوست مسٹر محمد ہاشم صاحب ڈپٹي کلکٹر میرٹھہ نے بغرض طبع ہمارے پاس بھیجے ہیں ہم ذیل میں ان کو درج کرتے ہیں *

ملک چین و روس کیا ہوں ہمسر ہندوستاں
رشک ہفت اقلیم ہی اب کشور ہندوستاں

قیصر ہند اب ہوئي ہیں حضرت وکٹوریہ
اندنوں کس اوج پر ہی اختر ہندوستاں

جلسہ شاہي جو دہلي میں گورنر نے کیا
اور بھي چمکا در تاج سر ہندوستاں

ہی دعا سب کي رہے با جاہ و اقبال و سرور
یہہ شہنشاہ رعایا پرور ہندوستاں

اے کاش میرے سر پر اکبار وہ آ جاتا
ٹھہراؤ سا ہو جاتا یوں جي نہ چلا جاتا

جگر خون کیا چشم نم کر گیا * گیا دل سو هم پر ستم کر گیا

وہ نہیں اب کہ فریبوں سے لگا لیتے هیں
هم جودیکھیں هیں تو وہ آنکھہ چھپالیتے هیں

صبر کر رہ جو وہ عتاب کرے * ورنہ کیا جانے کیا خطاب کرے

تظلم کہ کھینچے الم پر الم * ترحم کہ مت کر ستم پر ستم

دل جو ناگاہ بیقرار هوا * اُس سے کیا جانوں کیا قرار هوا

مدت سے تودلوں کي ملاقات بهي گئي * ظاهر کا پاس تها سومدارات بهي گئي

جبکہ تابوت مرا جاے شہادت سے اُٹھا * شعلہ آہ دل گرم محبت سے اُٹھا

وعدے هر روز رهے اور تم آتے هي رهے * همکودیکھو کہ لگے چلنے تو جاتے هي رهے

قتل کیئے پر غصہ کیا هی لاش میري اُٹھوانے دو
جان سے هم بهي جاتے رهے هیں تم بهي آو جانے دو

دل کسقدر شکستہ هوا تها کہ رات میر * آئي جو لب پہ بات سو فریاد هوگئي

منتخب از مثنویات میر

عشق هی تازہ کارو تازہ خیال * هر جگهہ اسکي اِک نئي هی چال
دل میں جاکر کهیں تو درد هوا * کهیں سینہ میں آہ سرد هوا
کهیں رونا هوا ملامت کا * کهیں هنسنا هوا جراحت کا
تها کسو کي پلک کي نمنا کي * تها کسو خاطروں کي غمنا کي
کهیں عشاق کا نیاز هوا * کهیں اندوہ جانگداز هوا
خار خار دل غریباں هی * انتظار بلا نصیباں هی

نهیں وسواس جي گنوانے کے * ھاے رے شوق دل لگانے کے
دم آخر ھي کیا نه آنا تھا * اور بھي وقت تھے بھانے کے
اس کدورت کو ھم سمجھتے ھیں * ڈھب ھیں یہه خاک میں ملانے کے

سینه میں شوق میر کے سب درد ھوگیا
دل پر رکھا تھا ھاتھه سو منھه زرد ھوگیا

کیا کہیئے کیا رکھیں ھیں ھم تجھه سے یار خواھش
یک جان و صد تمنا یکدل ھزار خواھش

عشق میں جي کو صبر و تاب کہاں
اس سے آنکھیں لگیں تو خواب کہاں

اب کي بہار میں نرھے فرق ھی یقیں
دامن کي چاک اور گریباں کے چاک میں

اس شوخ سے ھمیں بھي اب یاري ھوگئي ھی
شرم انکھڑیوں میں جسکي عیاري ھوگئي ھی

اس بیوفا کو ھم سے کچھه الفت نہیں رھي
الفت تو در کنار مروت نہیں رھي
پیدا کہاں ھیں ایسے پراگندہ وضع لوگ
افسوس تم کو میر سے صحبت نہیں رھي

کبھو میر اس طرف آکر جو چھاتي کوٹ جاتا ھی
خدا شاھد ھی اپنا تو کلیجه ٹوٹ جاتا ھی

کہتا تھا کسو سے کچھه تکتا تھا کسو کا منھه
کل میر کھڑا یاں سچ ھی که دوانا تھا

جاے ھی جي نجات کے غم میں * ایسي جنت گئي جھنم میں

کیسي وفا و الفت کھاتے عبث ھو قسمیں
مدت ھوئي اُٹھادیں تم نے یهه ساري رسمیں

آرام ہو چکا مری جان نزار کو * رکھے خدا جہاں میں دل بقرار کو

اچھي لگے هي تجهه بن گلگشت باغ کس کو
صحبت رکھے گلوں سے اتنا دماغ کس کو

اس کي طرز نگاہ مت پوچھو * جي هي جانے هي آہ مت پوچھو

آگے تھے ابتداے عشق میں هم * هوگئے خاک انتہا هي یہہ

تاب دل صرف جدائي هوچکي * یعني طاقت آزمائي هوچکي
آج پھر تھا بے حمیت میر واں * کل لڑائي سي لڑائي هوچکي

میر ان نیم باز آنکھوں میں * ساري مستي شراب کي سي هي

رنج کھینچے تھے داغ کھائے تھے * دل نے صدمے بہت اُٹھائے تھے
پاس ناموس عشق تھا ورنہ * کتنے آنسو پلک تک آئے تھے
وهي سمجھا نہ ورنہ همنے تو * زخم چھاتي کے سب دکھائے تھے
کچھہ نہ سمجھے کہ تجھہ سے یاروں نے * کس توقع پہ دل لگائے تھے
میر صاحب رلا گئے سب کو * کل وہ تشریف یاں بھي لائے تھے

جب نام ترا لیجیئے تب اشک بھر آئے
اس طرح کے رونے کو کہاں سے جگر آئے

جبکہ پہلو سے یار اُٹھتا هي * درد بے اختیار اُٹھتا هي

خوب تھے وہ دن کہ هم تیرے گرفتاروں میں تھے
غم زدوں اندھگینوں ظلم کے ماروں میں تھے

اسي تقریب اُس گلي میں رهے * منتیں هیں شکستہ پائي کي

کرے کیا کہ دل بھي تو مجبور هي * زمیں سخت هي آسماں دور هي
کهیں جو تسلي هوا هو یہہ دل * وهي بیقراري بدستور هي

کہ میں نے یہہ کام بڑي احتیاط و تامل سے کیا هی اور اس لیئے اس پر راے زني کرنے کا وهي شخص مجاز هی جس نے میري سي محنت و غور سے کام لیا هو — جس حالت میں کسي تبدیلي مفید کو میں بڑي خوشي سے قبول کرونگا *

وہ بہتر اشعار یہہ هیں

همارے آگے کسونے جو تیرا نام لیا * دل ستم زدہ کو هم نے تهام تهام لیا

وہ اک روش سے کهولے هوئے بال هوگیا * سنبل چمن کا مفت میں پامال هوگیا
قامت خمیدہ رنگ شکستہ بدن نزار * تیرا تو میر غم میں عجب حال هوگیا

مانند شمع مجلس شب اشکبار پایا * القصہ میر کو هم نے اختیار پایا

ابتو جاتے هیں بتکدے سے میر * پهر ملینگے اگر خدا لایا

مہر کي تجهسے توقع تهي ستمگر نکلا * موم سمجھے تهے ترے دلکو سو پتهر نکلا

غیروں سے ملکے چلے تم مست شراب هوکر * غیرت سے رہ گئے هم یکسو کباب هوکر

بیکلي بیخودي کچهہ آج نہیں * ایک مدت سے وہ مزاج نہیں

دیکهیں تو تیري کبتک یہہ کج ادائیاں هیں
اب هم نے بهي کسو سے آنکهیں لڑائیاں هیں

گرچہ آوارہ جوں صبا هیں هم * لیک لگ چلنے میں بلا هیں هم
کوئي خواهاں نہیں همارا میر * گوئیا جنس نا روا هیں هم

مانا کہ شغل رکهتے هو تیر و کماں سے تم
پر مل چلا کرو بهي کسي خستہ جاں سے تم

کہتے هو اتحاد هی هم کو * هاں کہو اعتماد هی هم کو
آہ کس ڈهب سے روئیئے کم کم * شوق حد سے زیاد هی هم کو
نا مرادانہ زیست کرتا تها * میر کي وضع یاد هی هم کو

کا عرصہ ہوا کہ چند وجوہات سے میں نے اُن کے انتخاب کا مصمم ارادہ کرلیا تھا اور آج بعد محنت بسیار اُنھیں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں *

اس موقع پر میرے طریق انتخاب کا ذکر غالباً بے محل نہوگا *

جس دن سے مجھے اس امر کا خیال پیدا ہوا اُسی دن سے اول میں نے کلیات میر دو بار از بسم‌اللہ تا تمت غور سے پڑھا اور تیسری بار اس طرح سے پڑھا کہ جس شعر میں مجھے کسی قسم کا بھی حسن معلوم ہوا اُسے علحدہ نقل کرلیا — اور پھر ان نقل شدہ اشعار میں سے ۷۲ اشعار بڑی احتیاط سے منتخب کر لیئے *

اس قسم کے انتخاب میں انتخاب کرنے والے کی ذاتی پسند کی جھلکیاں ضرور پائی جاتی ہیں اور مجھے انکار نہیں کہ اس قسم کی کیفیت کچھہ نہ کچھہ اشعار مندرجہ ذیل میں بھی ہوگی لیکن حتی‌الوسع میں نے صرف انہیں اشعار کو چنا ہی جن میں زیادہ خوبیاں موجود ہیں اور جو غالبا کسی نہ کسی پہلو سے ہر شخص کے مذاق کے موافق ہونگی *

اپنی جانب سے اسقدر محنت و احتیاط کے بعد بھی مجھے معلوم ہی کہ اکثر اصحاب کو کل سے نہیں تو چند سے ضرور اختلاف ہوگا — کیونکہ اختلاف مذاق مقتضی اسی کا ہی — لیکن میں اسقدر عرض کرنے پر مجبور ہوں کہ اختلاف کرنے والوں کی رائے کو میں اس وقت تک قابل تسلیم نہیں سمجھونگا جبتک کہ وہ خود اپنی پسند کے موافق ۷۲ اشعار نہ چن لیں — اورمجھے یقین ہی کہ جو صاحب ایسا کرینگے انہیں تقریبا میرے انتخاب کو تسلیم کرنا پڑیگا کیونکہ یہہ میرا ذاتی تجربہ ہی کہ دیوان میں سے ایک شعر نکالکر پڑھنے سے اکثر اُس کی ناواجبی وقعت دل نشین ہوجایا کرتی ہی لیکن سارے دیوان سے انتخاب کرنے میں وہی اور صرف وہی اشعار امتحان حسن میں کامیاب ہوتے ہیں جن میں واقعی صفات دلپذیری موجود ہوتی ہیں *

اس تحریر سے میرا یہہ مطلب نہیں ہی کہ میرے انتخاب میں غلطی کا ہونا ممکن ہی نہیں بلکہ جو کچھہ میرا دعوی ہی وہ یہہ ہی

قلقل شیشہ میں ہی سوز عنادل کی صدا
آمد فصل بہاری کی ہی مستوں میں پکار

طوطی سبزہ بھی گلشن میں ہی کیا محو سخن
بار بار آئینہ جو سے جو ہوتا ہی دو چار

عارض گل بھی کبھی پھولے نظر آئے تھے یوں
سینہ غنچہ کا دیکھا تھا کسی نے یوں اُبھار

وغیرہ وغیرہ اکسٹھہ شعر کا یہہ قصیدہ ہی باوجود اس طوالت کے کوئی شعر بھی صنعت سے نہیں گرا اور ساتھہ ہی ساتھہ زبان اور مضمون کا بھی لطف آتا گیا ہی — ایک قصیدہ آپ نے انچہ مکتوب است محبوب است کی صنعت میں بھی تحریر کیا ہی جس کا کوئی حرف تقطیع سے حذف نہیں ہوتا بہر حال آپ فن شاعری میں ہمہ صفت موصوف ہیں اور دولت موجود *

محمد عزیز حسین عزیز متوطن کڑا
طالب علم مدرسۃالعلوم علیگڈہ

میر کے بہتر نشتر

(برائے جلسہ اُردوے معلی منعقدہ ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۰۲ ع)

اکثر اصحاب کا یہہ قول ہی کہ سخن فہمی سخن گوئی سے زیادہ مشکل ہی — جو ایک حد تک درست بھی ہی — اور چونکہ انتخاب اشعار کا تعلق سخن فہمی سے ہی اس لیئے یہہ بھی کوئی آسان کام نہیں خصوصاً اُس حالت میں جبکہ منتخبہ اشعار کی تعداد محدود ہو — کیونکہ درانحالیکہ خوبی اشعار کا دریافت کرنا ہی ایک امر مشکل ہی تو اُن میں سے چند عمدہ اشعار کے انتخاب میں ظاہر ہی کہ اُس سے دونی محنت و ژرف نگاہی کی ضرورت ہوگی *

کچھہ اسی قسم کی دشواریوں کے خیالات مجھے چند روز تک میر کے مشہور عام بہتر نشتروں کے انتخاب سے روکتے رہے لیکن تقریباً پانچ ماہ

لاکن بعض قطعوں میں صرف صنعت هي هاتهه رهي هی چنانچه ایک قطعه جو صنعت مستوي مقلوب میں هی اور بلحاظ تکرار الفاظ قند مکرر کا مزہ دے رها هی هدیه ناظرین هی —

وہ شرابي آئے بارش هو * یارب ابر آئے یارب ابر آئے
خوش هووہ شوخ خوش هووہ شوخ * یارب صبر اے یارب صبر آئے

اپنے دیوانوں میں آپ نے خیرالامور اوسط ها کا زیادہ لحاظ رکها هی اگرچه روز مرہ کا لطف بحر خفیف میں بہت آتا هی اور مضامین بحر طویل میں زیادہ کهپ سکتے هیں لیکن ان دونوں سے آپ نے بہت هي کم کام لیا هی چنانچه دیوان کرشمه گاہ سخن میں صرف ایک غزل بحر طویل میں جس کا مطلع عرض هی تحریر کیا هی —

یهه اشک حسرت جو گر پڑا هی تمهارے آگے ابهي تبک کر
اسي نے آنکهوں میں صبح کردي بهت سي راتیں کهنک کهنک کر

من حیث المجموع آپ کا کلام قابل ستایش هی اور فن شاعري کے جمله راستے کیا قطعه - رباعي - مخمس - غزل - ترجیع بند - قصیدہ — وغیرہ وغیرہ سب طی کیئے هیں لیکن آپکي غزلیں خاص طور پر دلچسپ هیں اور قصاید بهي به لحاظ آپ کے اعلی عروض داں هونے کے صنایع کے رنگ میں البته گونه تفوق رکهتے هیں لهذا اس موقع پر چند اشعار اُن قصاید کے جن میں صنایع اور بدائع کي جانب توجه هوئي هی تحریر هیں — قصیدہ ذو بحرین *

عارض صبح و مسا سے هی عیاں رنگ بہار
کهل گئي شبو و نسرین رخ لیل و نہار

طرفه موسم هی مهکتے هیں گل نقش و نگار
نخل تصویروں کي مانند شجر لائے هیں بار

آہ سوزان عنادل سے عجب کیا هی اگر
پهول اب صحن گلستان میں چڑهیں جائے شرار

گلشن بزم حسینان میں نہیں کچهه بهه بعید
طائر رنگ حنا چهکے جو مانند هزار

کیا کوئي لخت دل زار اور باقي هی ابهي
خار سا کچهه چشم گریاں میں کهتک کررهگیا

شمع کام آئي شب تاریک فرقت میں نه داغ
یهه بهي جلکر بجهگئي وه بهي چمک کر ره گیا

کاروان ضعف نے مجهکو چهوڑایا اے جلال
نقش پائے رفتگاں پر سرپتک کر ره گیا *

ماسوا اس کے طرفه امر یهه هی که اگرچه اکثر موقعوں پر آپ نے تشبیهات وغیرہ میں صائب اور غني کا مذاق اُردو میں یاد دلایا هی لاکن اُس کے ساتهه هي اُن پردہ در مضامین انار نورس حباب بحر ثمر حسن سے جس کو اکثر شاعر – دل کے بهلانے کو غالب یهه خیال اچها هے – سمجهه کو اپنے رنگ میں کهه ڈالتے هیں خاصکر حتی الوسع احتراز کیا هی اور اپنا اصلي رنگ درد و یاس هاتهه سے نهیں جانے دیا چنانچه کچهه بطور نمونه مشتے از خروارے تحریر هی *

کهینچ لیں آہ تو پوچهینگے که یهه تارے هیں
یا تیرے پهلوؤں میں اے فلک انگارے هیں

توڑ کر سینه کو چلتي هیں لهو کي دهاریں
نیر خون دل مجروح کے فوارے هیں

علی هذا جب کبهي شوخي کا رنگ دکهلایا هی تو وہ بهي اک مهذب پیرایه میں هی چنانچه ایک غزل جس کا قافیه صبور ضرور وغیرہ هی اُس کا کیا هي خوب مطلع هی *

کسیکے خواب میں کیوں کوئي نا صبور آیا
پکار هی که میري نیند میں فتور آیا

مثل اهل فارس آپ نے صنایع و بدایع کي جانب بهي توجه کي هی لهذا ایک قصیدہ صنعت تجنیس متلون کا مندرجه ذیل هی ـــ

لب تو شاهد مطلب دل تو خسرو عادل
رخ تو کوکب فرخ سر تو زینت افسر

در تو مامن ششدر ره تو هادي گمره
دم تو شادي هردم بر تو حاصل هر بر

[illegible]

[illegible] منہ سے اپنے کیا نکلے

نہ ہوتے دیدہ گریاں تو بیڑا پار کب ہوتا
بہت سے آشناؤں میں یہی دو آشنا نکلے

فغاں کیونکر کریں ہم دہشت صیاد اک جانب
قفس بھولے گلا گھونٹے جو نالہ کی صدا نکلے

بجھایا خوب فرقت کی لگی کو واہ اے اشکو
تمہیں کیونکر خبر پہونچی کدھر اسوقت آنکلے

اگر باور نہ ہو پانی چھڑک کر امتحاں کرلو
وہ عاشق ہوں میری مٹی سے بھی بوے وفا نکلے

تکلف ہی یہہ اے بیداد گر بیداد کرنے کا
ستم میں لطف کا پہلو جفا میں اک ادا نکلے

الٰہی نزع میں تو لب بہ لب وہ شوخ ہو آ کر
ادھر رگ رگ سے دم نکلے ادھر دل کا مزہ نکلے

تڑپ کر اُس کے آگے دل تو سینے سے نکل آئے
میری حسرت نہ نکلے یار ہی کا مدعا نکلے

لحد میں دفن ہوتے ہی جلال اُسکی گلی میں تھے
کہاں گاڑا احبا نے کہاں عاشق جا نکلے

بعض بعض موقعوں پر آپ نے سنگلاخ زمینوں پر بھی طبع آزمائی کی ہی — اور دشوار قافیوں کو بھی بہت ہی خوبی سے نباہ دیا ہی چنانچہ غزل مندرجہ ذیل میں کھٹک اور پٹک وغیرہ کے قافیہ کو کسقدر بے اٹک چسپاں کیا ہی کہ طبیعت کو عجیب لطف آتا ہی —

نزع میں آئے نہ وہ میں سر پٹک کر رہ گیا
راہ کھوٹی کی اُنہوں نے دم اٹک کر رہ گیا

مار ڈالا ذکر گلشن چھیڑ کر صیاد نے
آج میں کنج قفس میں کیا پھڑک کر رہ گیا

[illegible] حسن صاحب رحمت لکھنوی [illegible]

جعفر لکھنوی – نواب محمد مرزا خان صاحب حشم لکھنوی [illegible]

شرافت علي صاحب کشته اکبرآبادي – مولوي عبدالحق صاحب [illegible]

شاهزاده مرزا محمد منیرالدین صاحب ضیا – شیخ محمد عمر صاحب

جنون – وغیره وغیره – آپ سے فیضیاب هیں – آپ کا کلام حضرت داغ

کي اُسي شوخي بے باکانه اور بے حجابانه کو پهونچا هی جسپر زمانه حال

کے مهذب بے نقط اُڑانے کا آوازه کسیں اور نه حضرت غالب کي طرح

دقت مضامیني هی جو نواب آصف الدوله کے امام باڑه کي بهول بهلیاں

سمجهي جاے نه حضرت ناسخ کي اسپیچ زاهد خشک هی جس کو شعرائے

سلف عمده جانتے تهے – اور ابتداً امیر اور داغ بهي اُس کے پیرو رهے مگر

ناچار به لحاظ مذاق حال اُس کو ترک کرنا پڑا بلکه آپ کے کلام میں

وه لطف خاص هی جو شاعري کي جان هی یعني سوز و گداز جس کے

ذریعه سے جزبات قلبي کا سچا فوٹو کهچ جاتا هی آپ کے اکثر اشعار سے

بوے هجر – یاس و حسرت آتي هی جو سامع کو بیخود کردیتي هی

آپکي سلاست کلام سادگي حسرت خیز آتش و مومن کے هم پله هی

چنانچه ایک مطلع هدیه ناظرین کرتا هوں جو سوز دروني کا ایک

نایاب خاکه هی —

اک آه بهر کے شب هجر دل روانه هوا

هوا کے جهوکے میں رخصت چراغ خانه هوا

اس غزل کے بقیه اشعار بهي خالي از لطف نهیں لیکن چونکه مجهے

یهه بهي بتانا هی که کچهه یهي ایک مطلع نهیں جس سے تفته جگري

ٹپکتي هو بلکه غالبا آپ کي غزلیں اسي رنگ میں ڈوبي هیں لهذا ایک

اور غزل تلافي مافات میں عرض هی –

وفا کهتي هی وقت ذبح بهي منهه سے دعا نکلے

رهے قاتل سلامت زیر خنجر یهه صدا نکلے

تصور نے کسي کے آپ سے باهر کیا هم کو

خدا جانے کهاں بیٹهے تهے کس محفل میں آ نکلے

فلک میں یهه نهیں کهتا که نکلے دل سے غم اُس کا

جواني کي اُمنگیں وصل کا کچهه حوصله نکلے

هیں - جن کے اسما میں آپ کي استعداد ذاتي کا سچا صادق قرار دیا ذیل میں درج کرتا ہوں — دیوان اول شاهد شوخ طبع — دیوان دو گوشه گل سخن — دیوان سوم مضمونهاے دلکش مفیدالشعرا — افادہ تاریخ — گلشن فیض — تنقیح‌اللغات — سرمایه زبان اُردو — منتخب القواعد وغیرہ وغیرہ *

فن شاعري میں بھي آپ کچھ اُن شاعروں کے زمرہ میں نہیں جو مِن قال ثلاث ابیات فهو شاعر کے متبع هیں — یا وہ لوگ جو علم عروض و مصطلحات شعرا سے نا بلدهي نہیں بلکہ ادعاے غلط —

من ندانم فاعلات فاعلات * شعر می گویم بہ‌ازآب‌حیات

کا ڈنکا بجاتے هیں — بلکہ آپ کو علم عروض میں کامل دستگاہ هی — نازکي خیال - مضمون کي بندش - الفاظ کي نشست - قافیه کي چسپاني - ردیف کا چمکانا - آپ هي کا حصه هی - استعارہ کنایہ روز مرہ اِن سب کا بھي لطف آپ کے کلام میں موجود هی چنانچه چند شعر اُس غزل کے جس کا قافیه آہ - ماہ وغیرہ هی نظیراً عرض هیں - جس سے استعمالات روز مرہ پر قادر هونے کا پورا اندازہ هوسکتا هی *

دل اسیر زلف هی اک بندہ اللہ کا
کبھوئے آزاد سودا هی خدا کي راہ کا

مهر اندھا تھا لڑاتا آنکھ‌سےاُسکي جو آنکھ
رخ سے کرتا همسري کیا سر پھرا تھا ماہ کا

وله

بڑہ گیا دل تو جو گھر میں رونق افزا هوگیا
پاوں رکھتے هي کلیجه هاتھ بھر کا هوگیا

علاوہ بریں کہنه مشقي میں بھي آپ مسلم‌الثبوت هیں بہت سے [illegible] شاعر مندرجه ذیل *

[illegible] حسن صاحب یاس لکھنوي - محمد احسان علیخانصاحب [illegible] پوري - [illegible] محمد [illegible] حسین صاحب اقبال

[illegible]

چلتے وهاں بهي آپ مقيم رهے — اور شعر و سخن كا چرچا [illegible]

مجلس قديم كا سماں آنكهوں ميں سما گيا تها — حب وطن [illegible]

گهر كر گئي تهي — ياس و حسرت بهي انقلاب زمانه سے دامنگير [illegible]

افسرده دلي بهي بڑهي جاتي تهي — لهذا وهاں سے بهي طبيعت [illegible]

گئي — نا گزير بمصداق —

در مجلس خود راه مده همچو منے را
افسرده دل افسرده كند انجمنے را

منگرول كو بهي الوداع كهكر وطن مالوف چلے آئے — چند سال [illegible]

والي منگرول نے اپني دريا دلي اور عالي حوصلگي سے مشاهره مقرره [illegible]

ركها — اور ماه بماه لكهنو روانه كرتے رهے — مگر امتداد زمانه اور [illegible]

آمد و شد سے كچهه دنوں بعد جوش نوازش كو بهي نوعے انحطاط [illegible]

هوا — اور رفته رفته وظيفه معطيه موقوف هوگيا — مگر ياد آوري [illegible]

هوتي رهي — جو والي موصوف كے اشتياق اور خوش خلقي پر دال

اور جس كے خود حكيم صاحب بهي بكمال خلوص معترف هيں — [illegible]

حب الوطن از ملك سليماں خوشتر كا سبق صاحب موصوف كو ازبر [illegible]

تها — اور زمانه كي نيرنگيوں نے بهي قافيه تنگ كر ديا تها — لهذا

بهت اشرف سے زمين غير ميں قدم ركهنا روا نه ركها — اور صاف الفاظ

مارا هواے گلشن و باغے نمانده است
اے بوے گل برو كه دماغے نمانده است

ميں انكار كرديا — اب آپ صرف حسبي الله نعم المولا و نعم [illegible]

بهروسه كركے بلده لكهنو محله منصور نگر ميں خانه نشين هيں —

روز محفل شعر و سخن گرم رهتي هے — اور نه صرف اهل بلده [illegible]

اطراف و اكناف كے لوگ بهي آپ سے فيضياب هوتے هيں — اس [illegible]

اگر ميں كچهه آپ كي لياقت علمي و نيز شاعري كے متعلق بهي

كروں تو غالباً بے موقعه نهوگا *

آپ باستثناء اُردو كے اهل زبان هونے كے عربي و فارسي [illegible]

طولى ركهتے هيں — بهتيرے علوم كے د[illegible]ماهر هيں —
[illegible] حوصله نكلے

[illegible] جاتے هیں - آپ کا [illegible] - [illegible]
سخن میں کمال دلچسپی فرماتي ـــ اور وه رواني طبیعت جسے مثل
[illegible] خوني دلاں صرف نشتر هي کي چهیڑ درکار تهي تهوڑے عرصه میں
وه رنگ لائي که آپ شاگرد فخر اُستاد هوگئے - اور وه اچهوتے خیالات جو
مثل نو عروس ابهي تک حجله نشین تهے صفحه قرطاس پر زلف لیلا
بلکو جلوه گر هوئے ـــ اور زبان خلائق پر نوا هاے دلکش کے پیرائے میں
گرم خرام ـــ غرض نہاں کے ماند آں راز می کزو سازند محفل ها ـــ
آپ کي لیاقت علمي کا شهره مانند شعاع مهر عالمگیر هو چلا اور عامة آپ
کے اوصاف حمیده قریب و بعید زبان زد خلایق هوئے - چونکه نواب
کلب علي خاں صاحب مرحوم والي ریاست رامپور کو شعر و سخن سے
کمال دل بستگي تهي اور هند کے نام آور شاعر نواب مرزا خاں صاحب
داغ دهلوي و منشي امیر احمد صاحب مرحوم امیر لکهنوي وغیره کا
دربار میں جمگهتا رهتا تها لهذا نواب صاحب موصوف کو ایک ایسے نازک
خیال رکن سے مجلس کو سونا رکهنا پسند نه آیا ـــ اور حکیم صاحب
کو رامپور بلا بهیجا - آپ کے زمانه قیام میں جو شعر و سخن کا لطف اُن
اساتذه مشهورین کے دم سے رها - اور جو آپس کي وقتیه چهیڑ چهاڑ نے
مشاعروں کا سماں باندها اُس کا اندازه وهي لوگ خوب کرسکتے هیں جو
اُن مجلسوں میں هم جلیس تهے ـــ تماشاے جمال یار پرس از دیدهٔ
عاشق - پچیس سال تک سلسله ملازمت ایسي گرمجوشي سے قایم رها *

آخرالامر اُسي حیرت افزا تفرقه پرداز زمانه کي کایه پلٹ نے جس
کو کسي نے خوب لکها هی ـــ

هی باگ اس کے هاتهه میں کس شهسوار کي
کایه غضب هیں ابلق لیل و نهار کے

حکیم صاحب سے رامپور کو خیر باد کهلوا هي چهوڑا اور جب ولي نعمت
نے اُن کو یهه رخصت نه دي که جس کي مجلس میں وه چلبلے اشعار
اور عمده مضامین پڑهتے تهے ـــ اُس کے ماتم میں جگر خراش مرثیه اُس
کے خاموش مزار کو جا سنائیں ـــ ناچار لکهنو واپس آئے مگر آکر تهوڑے
هي روز گذرے تهے که والي منگرول نے ایک بهت هي پر اشتیاق عقیدت

[illegible] ہی چلے آئے ہیں
اور ہی جوش و خروش آئیگا اسجا پہ نظر

ابھی چشمہ ہی مگر ہوگا وہ بحر ذخار
سیکڑوں جسمیں گریں دور سے دریا بہکر

باغ اک قوم کا پہر پہولنے پہلنے کے لیئے
سبز و شاداب ہو بے شبہہ بہ فضل داور

جس کا ہر ایک شجر جہوم کے رہجائیگا
سجدہ شکر بجا لائینگی شاخیں جہکر

دوربیں خود ہی سمجہہ جائیں یہہ ہی کون مقام
صفہ صدق و صفا چشمہ فرہنگ و ہنر

کیوں بتانے لگے ہم - ہی یہہ ایم اے او کالج
آپ نواب سمجہہ جائینگے ارباب نظر

خاکسار

سید نواب علی نیوتنوی

مضمون مندرجہ ذیل جلسہ اُردوے معلی منعقدہ ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۰۲ ع میں پڑھا گیا

جلال لکھنوی

میر ضامن علی نام جلال تخلص خلف جناب میر اصغر علی لکھنوی فن شاعری میں آپ کا سلسلہ تلمذ امام الشعرا امام بخش ناسخ تک پہونچتا ہی — اولاً میر علی اوسط رشک کی خدمت میں آپ نے مشق سخن بہم پہونچائی — بعد ازاں - فتح الدولہ بہادر مرزا محمد رضا برق لکھنوی سے اصلاح لیتے رہے — چونکہ آپ کی موزونی طبع اور فطری ذکاوت اوائل عمر ہی میں نمایاں تھی — مرزا صاحب بھی بقول — عالی دماغ طفل چو بنہا میں آتے ہیں اچہی سب اُن کے پہلے سے

خیر جب حد نظر شوق نے طے کر ڈالي
یک بیک کهل گئیں آنکهیں جو گیا کچهه اوپر

ماہ و خور جنکو ادهر شام و سحر دیکهتے هیں
اور هي لیل و نهار انکا نظر آیا اودهر

† جگر مهر میں لاله کي طرح داغ دروں
‡ چاند اوڑهے هوئے هی آب روانکي چادر

معرفت کي کهیں زهرہ نے غزل چهیڑي هی
حال آیا هی ملائک کو هوا هی یهه اثر

نکههٔ شوق بهکتي هی کدهر تو - بس بس
دوربیں ایک عجب طرحکي دیکهه آکے ادهر

اس میں آتا هی نظر جلوہ معني ایسا
تهام لیتا هی جسے دیکهه کے هر ایک جگر

فضل و دانش کا دکهاتي هی یهه منظر دلکش
چار سو علم و هنر صدق و صفا جلوہ گر

سیر گلزار جهاں کي هی تمنا لیکن
بیٹهے بیٹهے همیں سب آیا اسي جا په نظر

باغ کا آئینه جس طرح سے هی گلدسته
هی اسي طرح سے عالم کا یهه ٹکڑا منظر

جسنے دیکها نهو آنکهونسے "علاءالدین چراغ"
دیکهلے آکے وہ جادو کے تماشے کو ادهر

چین و ایران سے قلات سے افریقه سے
اک اشارے په چلے آتے هیں الله رے اثر

چشم بد دور یهه سعدي کا هی "شیریں چشمه"
"مردم و مور و ملخ" جمع هیں سب اکجا پر

---

† سورج میں جو یهه داغ هیں انکي طرف اشارہ هی —
‡ چاند کے گرد جو ابخرات هیں ان سے مراد هی —

محمدن اینگلو اوریئینٹل کالج میگزین

علیگڈہ

سلسلہ جدید — جلد ۱۰ | مئي سنہ ۱۹۰۲ ع | نمبر ۵

دوربین

دور بیں جب سے بنائي گئي اے اهل نظر
نگہہ شوق کے یہہ لیجیئے وہ لگ گئے پر

اب کسي طرح سے نچلا نہیں بیٹھا جاتا
اس کو تاکا کبھي جھانکا کبھي اُسکو چھپکر

ایک جا اب تو ٹھہرتے نہیں یہہ جا وہ جا
نگہہ شوخ کے پیروں میں سنیچر هی مگر

تھے زمیں پر ابھي جا پہنچے فلک پر دم میں
هوئي گلگشت چمن سیر سپہر اخضر

گھر میں هیں عالم بالا کي هوا کھاتے هیں
خراب معلوم نہیں چھوڑ زمیں کچھہ هی خبر؟

سیر افلاک میں کیونکر نہ مزہ آجاوے
دور بیں چرخ میں چکتي هی لگاتي جاکر

آسماں جس کا بہت شہرہ سنا کرتے تھے
دور سے دیکھا تو تھا دھوکے کي ٹٹي یکسر

گرچہ یہہ دھوکے کي ٹٹي هی مگر آڑ تو هی
کھیل لو خوب شکار آج فرشتو چھپ کر

The M. A.-O. College Magazine

Is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs. 3-4, for which Subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If Subscribers desire it, the first number will be sent them per V.-P. P.

Terms for advertisements on application.

All communications should be addressed to

THE MANAGER,

The M. A.-O. College Magazine,

ALIGARH.

ایم اے او کالج میگزین سال ۰یں دس ماہ اور ہر مہینے میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہی *

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چار آنہ معہ محصول ڈاک ہی *

پس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچہ میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہی *

اشتہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہی *

کل خطوط " مینیجر ایم اے او کالج علیگڈہ " کے پتہ سے آنے چاہیئں *

سلسلۂ جدید
جلد ۱۰
نمبر ۵

اپریل سنہ ۱۹۰۲ ع

محمڈن اینگلواورینٹل کالج مگزین

علیگڈہ

فہرست مضامین اُردو

مطبوعہ انسٹیٹیوٹ پریس علیگڈہ

No. 3

March 1902.

THE M. A.-O. College Magazine

ALIGARH.

CONTENTS.

PRINTED AT THE INSTITUTE PRESS, ALIGARH.

THE DUTY SHOP, M. A.-O. COLLEGE, ALIGARH.

WE have in stock all the works of standard authors of Urdu literature, chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shibli, M. Nazir Ahamed, M. Azad, Nawab Mohsin-ul-Mulk, Haji Ismail Khan, Dr. Ghulam Husain, Abdul Halim Shafar, and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the public is invited to the following recent publications:—

	As.	a.	p.
Dawat-i-Islam, *i. e.*, the Urdu translation of the Preaching of Islam, by Professor T. W. Arnold ...	3	0	0
Alfaruq, by M. Shibli	3	8	0
Darbar-i-Akbari, by M. Muhammad Husain Azad ...	3	0	0
Albaramika, by M. Abdul Razzaq	2	4	0
History of India, by M. Zakkh-ullah, in ten vols. ...	14	0	0
Ajaib-ul Asfar, *i. e.*, the second volume of the travels of Ibni Batuta	2	4	0
Sukhandan-i-Pars, (a book on Persian Philology, by M. Azad)	0	10	0
Yadger Ghalib, by M. Hali	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed ...	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia, *i. e.*, the twelve Essays, by Sir Syed, on religious and historical topics (In the Press).

The book once formed part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors, the Duty Shop can supply all the SCHOOL AND COLLEGE BOOKS used in these Provinces at a very low price, and sells STATIONERY, STOCKINGS, UNDERVESTS, HANDKERCHIEFS, SOAP, and several other articles of every day use at moderate prices.

THE

Mahomedan Anglo-Oriental College Magazine,

ALIGARH.

New Series. Vol. X. | March 1902. | No. 3.

AN ARTICLE ON THE M. A.-O. COLLEGE CRICKET,

BY

AHSAN-UL-HAQ,

An Old M. A.-O C. Cricketer.

In this age of progress the cricket at our College must have improved a great deal since I left, though, with pardonable pride, I think that "our times" were the best. The following article has nothing very original in it, nor has it been written with the desire to teach the College cricketers anything that they don't know, but with the object of drawing their attention to some important points of the game, and I hope that it will be of some use to them I have also suggested a few alterations, which, after the study of the game and my short experience in England, I think, are necessary and essential for retaining the high position acquired by our College To keep up this position we must practice hard and try to be ahead of others. Too much confidence in one's power is very harmful and the penalty of defeat generally follows very quickly. I sincerely hope that the Simla and Lahore defeats will serve as an awakening to our College team.

I now proceed to deal with :—

BATTING.

The object of batting in the nets is practice and practice only. Of course you can take a fair amount of liberty with the bowling to cultivate strokes which you intend to use in a match, but don't forget the real object and give way to the wanton desire of hitting skiers and thrashing a particular bowler to please the onlookers or to satisfy your own vanity as it can never do any good to you.

Patience is a great virtue specially in a match If a bowler is bowling straight and keeping a good length and you can't hit him to the boundary every time, don't lose your patience, and try to make blind swipes, but try to tire him out by playing steadily. Runs are bound to come if you stay at the wicket. Never treat any bowling too lightly however easy it may seem. Against an indifferent bowler people often get themselves out by playing carelessly. Above all never make up your mind to score a boundary off a ball before it is actually bowled to you. You may succeed once or twice but the chances are that you will find yourself in the pavilion before long.

Boys are often anxious to "crack their ducks" and make some silly strokes in their attempts to do so. If you come to think about it, there is not a very great difference after all in making a "duck" or 2 or 3 runs.

Any one who aspires to be a good bat ought to be able to adopt a game suitable to the wicket on which he is playing Forward play is perhaps the safest on a hard and fast wicket, but it is almost fatal on a slow wet wicket. A good bat must have the capacity to distinguish between different wickets, judge their pace and play accordingly. The artificial system of watering our Col-

lege ground affords an excellent chance for practising this, as wicket is wet and slow a day after it has been watered and gets harder and faster by degrees.

Of course some wickets are more favourable to batsmen than others, but a hard and fast wicket is generally the best for scoring purposes.

It is said that we lost the Lahore match on a fast wicket and nearly came to defeat on a similar wicket in the Ajmere match. Why did we fail to make big scores on a wicket which is acknowledged to be the best for scoring purposes? It is because there is such a vast difference between our practice and match wickets. The match wickets are very much rolled while the practice wickets never are. The practice wickets generally play slow and have a great tendency to kick which makes boys nervous when playing against a fast bowler in the nets. The abrupt change from a slow practice wicket to fast match wicket is too much for most of the players. The pace is faster which upsets their calculations and though the wickets seldom kicks they can't rid of the idea of getting hit which they have got hold of in the nets and are generally funky when facing a fast bowler. To get out of this difficulty the only way is to make the match and practice wickets as uniform as possible. This can be done by having the practice wickets rolled every evening as is the rule all over England.

The evil of allowing too much time in practice to important batsmen and too little to beginners has caused many a promising batsman to leave off cricket in disgust and if it exists, ought to be stamped out at once.

Just a word about the selection of a team. Some batsmen after acquiring a certain standard of the game became sure of their places in the team, grow careless and leave off practice.

Players of this sort ought to be cleared out at once to give the rising generation a chance.

BOWLING.

Every good team ought to have at least four good reliable bowlers. We have usually kept up to that mark, but our bowling strength has generally lacked variety (almost all of our bowlers have been of one pattern, medium pace with a break) and so our bowling, though much above the average, has not been quite so formidable as it might have been if we had a few more very fast and slow bowlers in our ranks. There has been a tendency, as is generally the case with school and College teams, to place too much reliance on one or two "Stars" and though these "Stars" have almost always justified the trust we have more than once found ourselves in a fix when they have failed to "come off." The young rising bowlers are given very few chances of bowling in matches and the result is that when they are put on to bowl "at a pinch" either through nervousness or in anxiety to do themselves justice they do not bowl quite up to their form. The best way to remedy this would be to give the young bowlers greater chances in matches. Of course it would be scarcely wise to try them for the first time in important matches, but there is no reason why they should not start the bowling in ordinary matches.

We have had, from time to time, excellent raw material for turning out bowlers, but except in a few notable cases the results have been far from satisfactory. This is either for want of encouragement or perhaps owing to the lack of study or of pluck on the part of the young bowlers themselves. People have often wondered why some bowlers have not improved after years of

practice. It is because they never have taken the trouble to study bowling. A bowler who takes a measured run up to the wicket and lets fly at the batsman anyhow without attempting to change his pace or length or trying to take advantage of the batsman's weak points can never become a good bowler.

Every bowler is more or less keen to be able to make the ball break back. A break is of course a useful thing and has great terrors for a nervous batsman, but unless the bowler has mastered his length he will find a break of no avail against an experienced batsman. A breaking ball without a good length is a god-send to a batsman and means 4 runs in his bag if he knows what he is about.

Our bowlers, even the best of them, have often forgotten that there are other ways of getting rid of a batsman than by bowling him out. The "off theory" which is so predominant in England is conspicuous by its absence at our College Here the bowlers generally bowl 2 or 3 balls an over six inches or a foot from the off stump. They are good traps and often the most experienced batsmen are got rid of in this way. Feeding a man's pet strokes, though sometimes expensive, is another good way of getting rid of him. Every batsman, however perfect, makes some mistakes and these often happen when he is making his favorite stroke. Some are fond of glancing straight balls, some pull good length balls to leg some cut at balls on the off stump. That is where the bowler's chance comes in if he has the courage to take advantage of it.

It is impossible to lay too much stress on bowling. It is in bowling that the real strength of a team lies. The best batting teams are subject to "rots," but it is very seldom, if ever, that a good bowling side fails altogether. Yorkshire have been the

champions for some years. They occupy this proud position because they have the best English bowlers in their team.

In the batting average list you will not find one Yorkshireman in the first 15.

They do not make sensational scores, but their bowlers don't let their opponents score very much and thus win the matches.

Sussex on the other hand have Ranji and C. B. Fry, the two leading batsmen of England. They both have a habit of making centuries and it is quite a usual thing for Sussex to make about 500 runs an innings. And yet Sussex win very few matches, the majority of their games being drawn.

As regards bowling in the nets there are two things that want seeing to.

The bowlers generally bowl at uncertain distances in the nets. This is fatal to cultivating a good length and care should be taken to measure off the distance every evening before starting practice.

Our bowlers bowl from outside the "pitch" from rough ground and when in a match they are required to bowl on a smooth and slipping wicket they can't find their footing and feel ill at ease. These trifles may not seem important at first sight, but there is no doubt that they make a great difference in the bowling.

Perhaps to let the bowlers bowl from the pitch a few days before a match will do away with this defect.

FIELDING.

A very important and curiously enough, at our College, is the most neglected branch of Cricket. In batting and bowling we have generally been much above other teams, but that can

scarcely be said of our fielding. During the last 10 years we have had scarcely as many brilliant fielders.

The fact, that we have too much of net practice and very few matches, is responsible for it. In England there is a great deal of net practice, but they generally have one or two matches a week during the season and so the players are kept in good practice for fielding. Unfortunately our College XI play very few matches in the course of a season. This not only leads to bad fielding for want of practice but also tends to make batsmen nervous. It will be very useful to play a scratch game once a week. Since the object would be to afford practice the matches orght to be played out. A match begun on Friday afternoon should be continued on Sunday if left unfinished on Friday. This would also give the Captain a chance to judge the player's merits when actually "under fire".

Any one with a fair amount of keenness and practice can become a good if not a brilliant fielder. As Mr. A. E. Stoddart says* "It is only a question of backing up". There is quite as much glory in being a brilliant fielder as there is in being a shining batsman or bowler. Mr. G. L. Jessop receives quite as much applause for a smart bit of fielding as for hitting a ball out of the ground. Denton or Trott are applauded quite as much for their fielding as "Ranji" is for his pretty glances and cuts. Yet there are very few students who make any efforts to practice fielding. Perhaps they require encouragement.

It is very doubtful whether any player has ever been chosen to play for our College on his fielding merits only. Such a thing is quite common in England and it often happens that a moderate batsman who is a good fielder is preferred to a good batsman who is an indifferent fielder. And it stands to reason too. A man who makes 20 runs and saves fifty by good fielding

is certainly more useful to his side than one who makes 60 or 70 runs and gives away 50.

A bowler, however good, is helpless without good fielders. Only a bowler knows the heart-aches caused by fielders dropping catches or letting easy balls slip to the boundary. There are more matches won and lost by good and bad fielding than one would believe. Yorkshire would not be the champions if their bowlers were not helped by excellent fielders who bring off almost impossible catches and save almost sure boundaries.

Most of us have seen batsmen, who were missed very early in their innings running into three figures and winning the match for their side. The Simla match will serve as a good example.

Placing the field requires a great deal of judgment and a Captain should always consult the bowler as to the most suitable way of doing so and also take into consideration the peculiarties of the opposing batsmen.

All positions are equally important, but there are some that require more practice than others. These are the wicket-keeper, slips, third man and cover point. The present system of net practice at our College ought to be modified to meet the requirements by removing the off side net occasionally.

The position of slip is quite as difficult as that of a wicket-keeper and of course requires a great deal of practice. Only boys who have a very safe pair of hands and are very quick in their movements ought to attempt it as the balls come at all heights and angles and, when a fast bowler is on, like a flash of lightning and don't give one much time to get ready.

All fielders must practise catching and picking up balls while running and to return them to the bowler or wicket-

keeper as soon as they come to hand. The best way to return the ball is to throw the ball with a square arm in such a way that it reaches the bowler or wicket-keeper at an easy length. When returning to the bowler please remember that his hands are not made o' steel and a bruised finger may put him "out o' action."

When a ball is thrown at the wicket always back up.

Our bowlers do not place enough men in the slips. It is quite a usual thing in England to place 3 slips to a fast bowler and the fielders are o' more use there than any other position. A fast bowler can get a lot o' wickets by placing 3 men in the slips and bowling on the "off theory."

Some cricketers have curious notion about fielding. They think that after making a big score they are perfectly justified in being as slack in the field as they like. It may be pointed out that it is an extremely selfish and unsportsman-like view and no true lover of cricket should entertain it.

Finally I would strongly recommend every cricketer to study Ranjit Sinji's book on cricket. It is undoubtedly the best one ever written on the subject and deals very fully with every branch of the game and is sure to repay the trouble taken in studying it.

THE ANJUMAN HIMAYET ISLAM, LAHORE.

THE Seventeenth Anniversary of the Anjuman celebrated on the 21st, 22nd and 23rd of February, was a grand success. The meetings were attended by a very large audience some of whom had come from out-stations. Messrs. Abdul Kadir Khan and Abul Hassan, represented the Aligarh College in the

anniversary. The proceedings consisted chiefly of lectures and poems some of which were exceedingly interesting and lively. On Friday evening a very learned paper was read by Mr. Fazl-ul Hussain, Barrister-at-Law. The subject of the essay was "A Message from England." On Sunday Maulvi Hafiz Nazir Ahmad's lecture specially attracted a very large audience. The learned Maulvi laid great stress on the necessity of imparting secular along with religious education. He was supported in his views by many other speakers. The day closed with an interesting lecture delivered by Hakim Amin-ud-din, Barrister-at-Law, on a somewhat quaint subject.

"قیاس کن ز گلستان من بہار مرا"

But the Anjuman is to be specially congratulated on the unique favour conferred upon it by His Honour Sir Mackworth Young, Lieutenant-Governor of the Punjab, who accompanied by Mr. Bell, Director of Public Instruction, paid a visit to the Anjuman, on Saturday, when the Anniversary Meeting was going on. Maulvi Nazir Ahmad thanked His Honour on behalf of the Anjuman. In the afternoon the Anjuman was fortunate in having another distinguished visitor in Mr. Atkins, the popular Deputy Commissioner of Lahore, who was thanked by Shaikh Abdul Qadir, B. A. The subscriptions collected in the meetings amounted in aggregate to about Rs. 9,000.

We offer our sincere congratulations to the Anjuman at the success achieved by it during the past 17 years. The Anjuman has a College up to the B. A. Standard and conducts other useful institutions like the Orphanage, the Hamidiah School for oriental learning, and the Medical School. The majority of the workers belong to the enterprising middle class of the Punjab, and judging from the success achieved within so short time and with so many things in their hands their work deserves much

admiration and sympathy. We will be glad to notice the work of the Anjuman in our columns from time to time.

THE ANNUAL SPORTS.

THESE were held on Friday and Saturday, Febuary 7th and 8th, and proved on the whole very successful. One or two events were disappointing, notably the Pole Jump and throwing the Cricket ball, in which Ashfaq, who won this event in the University Tournament with an excellent throw of 107 yards, was only able to throw 97 yards. The Long Jump, too, was very poor and both in this and Putting the Weight there was an evident want of practice on the part of the competitors. Another noticeable fact was the poorness of the entries in some of the events, especially the 100 yards and in most of the junior races. About this there seems to be some confusion as though all under 16 are eligible to compete in the junior events, the number of these between 12 and 16 competing was very small. The small boys under 12 set an excellent sporting example to their elders, many of them going in for as many events as possible.

بخوبی پتہ لگ گیا ہوگا کہ ہر سین کے بیان کرنے میں اُنکا قلم اور تخیلہ کسقدر قادر اور حاوی ہے۔

(باقی آئندہ)

تعمیل احکامات اسلام و تکمیل کاروبار دنیوی کے لیئے اس کی ضرورت

(۴)

X تجارت پیشہ مسلمانوں کیواسطے حج کسقدر مفید ہے علاوہ اسکے کہ یہ فرقہ اپنا تجارتی مال مکہ کو لیجاکر
وہاں خاطر خواہ تمتع حاصل کرے حج میں مختلف دیار و امصار کے مسلمانوں سے اپنے مفید مطلب معلومات
حاصل کر سکتا ہے۔ ہر ملک کی ضروریات سے پورے طور پر ماہر ہو سکتا ہے اور اس ذریعے سے وہ

[illegible] حضرت بادشاہ جہانگیر کی بیگم نہایت آب و تاب سے [illegible] کے منتخب کر دیکھتی تھی وہ یہاں
جسکے پردہ کے سامنے سے اُمرا و وزرا پنج ہزاری ہفت ہزاری خلعت پہنکر چلے جاتے تھے۔ اب
نظربندی کے خیمہ سے سکھپال میں بیٹھکر آئی ہے۔ میلے کچیلے کپڑے پہنے۔ چہرہ پر ہوائیاں اُڑتیں
ہاتھوں میں سونے کی ہتکڑیاں۔ پاؤں میں بیڑیاں پہنے بالکل مایوسی کی سچی تصویر بنی کھڑی ہے
مُنھ سے کچھ نہ بولی مگر اس انداز سے آکر کھڑی ہوئی کہ مایوسی اور بے اختیاری کی تصویر سامنے
کھینچ دی۔ اسکی صورت دیکھتے ہی بادشاہ (جہانگیر) کا جگر پانی پانی ہوگیا اور آنکھوں سے آنسو نکل پڑے
اسکے بعد وہ دوسری طرف رُخ کرتے ہیں اور کچھ اشارہ کرکے بتلاتے ہیں کہ یہی شاہجہاں بادشاہ کا دربار
ہے اور یہی تخت جسپر یہ بیٹھا ہے تخت طاؤسی ہے اور یہ دہلی کا قلعہ ہے جو سر سے پاؤں تک سرخ پتھر
کی گلکاریوں سے مرصع۔ خوشنما عمارتوں اور باغوں اور نہروں سے آراستہ تمہارے سامنے ہے۔ اور
دیکھو اس سے ذرا جنوب اور مغرب کی طرف ہٹکر اُس کی پیاری بیوی کا روضہ ہے جو قیامت تک اسی طرح
اسکی شان و شکوہ کو بتلاتا رہیگا۔" اچھا اب ایک اور طرف دیکھو یہاں اورنگزیبی جھنڈا لہرا رہا ہے اور
ہائے اس کے ساتھ ہی زمانہ کا یہ ظالمانہ انقلاب ہے کہ یہ دارا شکوہ اورنگزیب کا بھائی ہے جو
احمدآباد کا راستہ ہے۔ ہر جگہ پہاڑ ہی پہاڑ اور جنگل ہیں اور اس بیچارے کے پاس سوائے بے سامانی اور دشمن
کے تعاقب کے خطرے کے اور کوئی سامان نہیں ہے۔ بیبیوں کی آہ و زاری سے حیران و پریشان ادھر سے
نکلا ہے سب (مصاحبوں) نے تعظیم دی مگر چپ کھڑے تھے۔ اُسکے چہرے سے معلوم ہوتا تھا کہ گویا زمین
و آسمان میں اُسے کہیں ٹھکانا نظر نہیں آتا۔ اور سوائے مایوسی کے کسی کی آس نہیں"۔ اس غمناک سین
سے پھیر کر پھر ہمیں زمانہ کی بالکل ہی دوسری طرف متوجہ کرتے ہیں کہ "وہی تخت جسپر اکبر۔ و اورنگزیب
بادشاہ بیٹھے تھے اب محمد شاہ رنگیلے بیٹھے ہیں۔ اُنکی صحبت اور مصاحبوں کا نظارہ ایک عجیب نظارہ
ہے جیسے کہ عیش و عشرت میں ڈوبا ہوا۔ بادہ ناب میں مست۔ دین و دنیا سے بے خبر ہے"۔

[illegible]

حالت کو دیکھ ہی رہے تھے کہ ہمیں ایک دوسری ہی جانب متوجہ کرکے اور عنایت اور ادب بادشاہ
کی طرف اشارہ کرکے بتلاتے تھیں کہ "دیکھو یہ شہنشاہ بابر ہے اسکی طبیعت خدا نے ایسی شگفتہ بنائی تھی کہ جس حال
میں ہو دل خوش رکھتا تھا۔ چنانچہ اسی عالم میں جب گلزار یا سبزہ زار میں گذر ہوتا مصاحبوں کو لیکر
بیٹھ جاتا۔ کبھی عالم آب کی سیر کرتا۔ کشتی آہستہ آہستہ چلی جاتی ہے۔ آپ غزلیں کہتا ہے۔ رباب بجواتا ہے
تُرکی ترانے سنتا جاتا ہے" پھر ایک دوسری ہی طرف ہمیں لیجا کر ابراہیم لودی اور ہمایوں کو لڑتے
دکھلاتی ہیں اور پھر اس سے ذرا دور اشارہ کرکے ہم سے یہ کہتے ہیں کہ "دیکھو یہی مشہور نیک نیت شاہنشاہ
اکبر بادشاہ ہے جسکے زمانہ میں سنگھاسن بتیسی کی پتلیوں نے ایرانی کپڑے پہنے اور بہت سی کتابیں
سنسکرت۔ عربی۔ ترکی سے فارسی میں ترجمہ کرائیں۔ اُسکے دل میں ابتداءً دینداری اور خوش
اعتقادی کا دریا جوش میں تھا مگر آخر میں قبلہ عالم سے صاحبی بن گئے۔ اسلام کی رسموں کو سلام
کرکے ڈاڑھی کے ساتھ رخصت کیا۔ مگر نیک نیت اور صلح کل ایسا تھا کہ مسلمان اسکو مسلمان سمجھتے تھے
ہندو اُسے ہندو جانتے تھے۔ آتش پرستوں کو آتش پرست دکھائی دیتا تھا۔ نصاریٰ اُسکو نصاریٰ
سمجھتے تھے"۔ اسکے بعد ایک اور طرف ایک عورت کیجانب اشارہ کرکے کہتے ہیں کہ اسے دیکھو جب یہ
پیدا ہوئی تھی اسکے ماں باپ کی ایسی حالت تھی کہ "بے سامانی کا سفر جنگل کا مقام۔ محلوں کے بیٹھنے
والے ماں باپ نے ساری رات جنگل میں روتے دھوتے کاٹی صبح ہوتے پھر روانہ ہوئے۔ مگر لڑکی
جو ایسی نحوست کے وقت پیدا ہوئی تھی۔ اس کا لے چلنا سخت مشکل ہوا۔ آخر باپ نے اپنی حالت
اور بیٹی ذات کے انجام کو سوچا اور جب کچھ بن نہ آئی تو ماں نے کلیجہ کے ٹکڑے کو زمین پر رکھدیا
اور روتے چلے۔ ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔ تھکجاتی۔ تو بات جو سنے لگتی تھی۔ مگر قسمت
سرہانے کھڑی ہنستی تھی۔ کہ جلدی نکر جس محل میں تجھے ملکہ بنا کر بٹھانا ہے وہ ابھی تعمیر نہیں ہوا"۔

ایک ایسے شخص کے دل میں جسکو آزاد کی سی وسعت نظر حاصل نہیں ہو ان تمام واقعات کی صرف ایک دھندلی تصویر ہوتی ہے جسے وہ قلم سے درست کرکے ہی ہمارے سامنے نہیں پیش کرسکتا ہو لیکن بالکل جس طرح سے کہ ڈراما میں پہلے ایک سین آتا ہے اور پھر دوسرا اور پھر تیسرا اور ہمارے دماغ میں ہر سین کا الگ الگ نقشہ کھنچتا جاتا ہے اور پھر ہم اُس کل کو ایک ساتھ خیال کرکے ہر چیز کو اپنے سامنے موجود پاتے ہیں۔ اسی طرح آزاد کا قلم ہر بات کو موقع سے سجا سجا کر ہمارے سامنے پیش کرتا ہے اور ایک بالکل سچا اثر ہمارے دلوں میں پیدا کر دیتا ہے۔

کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ آزاد میں یہ کمال خداداد نہیں ہو اور جس قابلیت سے اُنہوں نے اس طرز کو نباہا ہی خود ظاہر ہے۔ اُنکے تذکرہ اور تاریخوں میں گو کہ واقعات کی اسقدر کثرت ہو کہ جن کا حال لکھا ہوا انکی عمر کی اکثر ذری ذری سی باتیں ہی بیان کر دی ہیں لیکن کسی جگہ ایسا نہیں ہوا ہو کہ عبارت بے ربط اور فضول ہوگئی ہو اور واقعات کا نظارہ صاف نہ معلوم ہوتا ہو۔ وہ کبھی کسی قلعہ کے محاصرہ یا اُسکے حالات اور موقع کو بلا اُسکے واقعات کی پوری پوری تصویر کھینچے اور وہاں کے طور و طریقوں کا اظہار کیے نہیں بیان کرتے یہ تمام چیزیں تاریخی واقعات کے ساتھ ملی ہوئیں آبدار موتیوں کی طرح چمکتی معلوم ہوتی ہیں اور میرے خیال میں اس طرز میں مشکل سے انکی مثال کوئی بیان کیجا سکتی ہو۔ اُن واقعات کا نظارہ وہ ہمیں اس طرح دکھاتے ہیں کہ گویا ہم اور وہ دونوں ایک اونچے مینار پر کھڑے ہیں جہاں سے ہر چیز کا مکاشفہ اس طرح ہو رہا ہو کہ گویا وہ اُس ہی کے نیچے موجود ہی۔ ایک جانب لیجا کر وہ ہمیں اشارہ سے دکھلا کر یہ کہتے ہیں کہ "دیکھو دیول دیبی کی تلاش میں یہ علاؤ الدین کا لشکر جا رہا ہے اور بے خبر راجہ کرن پر حملہ آور ہوتا ہے اور اُسکے لشکر کی گھبراہٹ کا یہ عالم ہو کہ جیسے ہی ترکی اور تاتاری گھوڑوں کے ہنہنانے کی آوازیں کانوں میں پہنچیں راجپوت بھی جس حال میں تھے ایسے چمک کر اُٹھے جیسے تیر سے شرارہ یا سپند اور انگارہ۔ اگاڑی پچھاڑی تلواروں سے کاٹ ننگی پیٹھوں پر چڑھ بیٹھے۔ پیادہ کو ہوش نہ تھا

جوڑے وار پگڑیاں۔ کمر میں کٹار۔ ایک ہات میں گیگا۔ ایک میں آرسی۔ جوڑتے جاتے ۔۔۔
تھے۔ آگے پیچھے چرکٹے۔ سانٹے مار۔ بھالے بردار۔ برچھیت۔ باندار۔ فیلے سلگاتے بھاگتے جاتے ۔۔۔

"پھر ہزاروں سواروں کے پرے۔ سے گھوڑے پاؤں تک لوہے میں ڈوبے۔ بہادر نوجوان ترک نیچے۔ افغان حبشی۔ راجپوت۔ دو دو تلواریں باندھے۔ فولادی خود سروں پر دھرے۔ کمر میں قرولی دکھار۔ پشت پر گینڈے کی ڈھال۔ چار آئینہ سجے۔ کہنیوں تک دستانے چڑھے۔ ہاتوں میں سات گز کا برچھا۔ نگاہوں سے خون ٹپکتا۔ موچھوں کو تاؤ دیتے گھوڑا اُڑاتے چلے جاتے تھے۔ پھر ہزاروں سانڈنیاں خوش رفتار۔ جنکے سو سو کوس کے دم۔ اُنپر بانکے راجپوت۔ لال پگڑیاں باندھے۔ زرد انگرکے پہنے۔ آبی بانات کے پاجامے چڑھائے۔ ہتھیار لگائے۔ مہاریں اُٹھائے۔ جب یہ گذر گئے تو سواری کے خاص خاصے نظر آئے۔ کسی پر جڑاؤ زین دھرا۔ کسی پر چار جامہ کسا۔ کچریاں اور پاکھریں پٹھوں پر پڑیں۔ جنپر قاقم و سمور کی جھالر۔ کلابتون کے پھندنے۔ گلے میں سراگانے کی چوریاں لٹکتیں۔ انکے بعد عربی۔ رومی۔ تاتاری۔ فرنگی۔ ہندی باجے۔ انکے بعد احدیوں۔ اور خواصوں کا انبوہ۔ پھر خاص برداروں کا غول۔ انکے بعد سقوں کا غول آیا کہ چھڑکاؤ سے روئے زمین کو تر و تازہ کر دیا۔ غلام و خواجہ سرا انگیٹھیاں اور عود سوز لیئے۔ خوشبوؤں سے دماغ معطر کرتے چلے گئے۔ پھر ارکان دولت کا جمگھٹ۔ بیچ میں شاہ خورشید کلاہ۔ ہوا دار میں سوار۔ سواری سے کوس بھر پیچھے سیکڑوں ہاتھی مست دیوزاد کی صورت مستکوں پر فولادی ڈھالیں ایک کالی گھٹا چلی آتی تھی۔ پیچھے چیتوں کے چھکڑے۔ ساتھ ہی شکاری کتے۔ پیچھے کوسوں تک شاہزادوں اور ارکان دولت کے لشکر۔ راجاؤں اور مہاراجاؤں کی فوجیں۔ جدا جدا پھریرے اُڑاتے چلے آتے تھے۔ بہیر و بنگاہ کا تانتا لگا تھا کہ جسکا صبح سے شام تک خاتمہ نہ تھا"

بیچ میں سے کچھ کچھ چھوڑ دینے سے عبارت کا پورا لطف باقی نہیں رہا۔ مگر خوف طوالت تھا مجبور تھا۔

زندہ جاوید اُن کی قوم کو مالا مال کرتے ہیں۔ وہ ایک جالاک عیار ہے جو ہوا پر گرہ لگاتا ہو اور دل کے قفل کھولتا ہو اور بند کرتا ہے۔ یا مصور ہے کہ نظر کے میدان میں مرقع کھینچتا ہو یا ہوا میں گلزار کھلاتا ہے اور اُسے پھول۔ گل۔ طوطی و بلبل سے سجا کر طیار کر دیتا ہے۔"

آزاد کے اوصاف بحیثیت ایک ایسے مورخ کے جسکا ذکر ہوا ہے اُس وقت معلوم ہوتے ہیں جب ہم اُن کی کتاب قصص ہند (حصۂ دوم) پر نظر ڈالتے ہیں۔ اس موقعہ پر یہ کہنا بیجا نہوگا کہ بہت سی ایسی مشکلیں جو تاریخ لکھنے والوں کو پیش آتی ہیں اور بہت سی چیزیں جنکی تصویریں وہ کھینچتے ہیں اور نہیں کھینچ سکتے اُنہیں آزاد نے اپنے خوبصورت طرز میں لاکر اسقدر دلفریب بنا دیا ہے کہ بالکل وہی تمام نقشے نظروں کے سامنے پھر جاتے ہیں ایسی تاریخ لکھنے میں سب سے بڑی دقت جو پیش آتی ہے وہ یہ ہے کہ جس زمانہ کا واقعہ مورخ لکھ رہا ہو اُس کا بالکل نقشہ ہمارے سامنے ہو اور اُسکے تمدن۔ معاشرت۔ رزم بزم کی تصویر ہو بہو ہماری آنکھوں کے سامنے کردی جائے۔ مثلاً رزم کو عموماً مورخ اس طرح لکھتے ہیں کہ صرف دو جملوں میں سب کچھ ختم ہو جاتا ہے جس سے نہ تو اُسکا پورا نقشہ ایک ساتھ ہماری نظروں میں قائم ہو سکتا ہے اور نہ اُسکی اصلی شکوہ و شان کا کچھ بھی اظہار ہوتا ہے۔ بخلاف اسکے محمد حسین آزاد ان تمام چیزوں کو ایک ساتھ ہمارے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں اور اس طرح سے بیان کرتے ہیں کہ ہر چیز کا لطف ہمیں اچھی طرح آجائے۔ مثلاً عالمگیر کا دکن پر جانا بیان کرتے ہیں۔

"سب سے پہلے ایک ہاتھی پر علم اژدہا پیکر۔ پیچھے اُسکے ہاتھیوں پر ہندوستان کا ماہی مراتب۔ اپنی ولایت کے طوغ و علم۔ برنجی اور فولادی نقارے اور دمامے۔ بعد اُنکے ہزاروں ہاتھی۔ ہودج۔ عماری سے سجے۔ سونڈوں میں فولادی زنجیریں لیئے۔ گلے میں گھنٹیاں۔ پیشانیاں شام شفق کی طرح رنگین۔ اُسپر سنہری رپہلی ڈھالیں۔ زربفت کی جھولیں پاؤں تک لٹکتی۔ کسی پر ہودج کسی پر عماری ریشمی اور کلابتونی رسیوں سے کسے۔ گردنوں پر مہاوت جنکے گلے میں زربفت کی کرتیاں۔ سر پر

بہت کم ایسے مصنف ہیں جنہیں چپ بٹھایا گیا معلوم ہوتا ہے مگر انہوں نے کسی طمع
افزائی کو دخل نہیں دیا ہے جس سے کہ تصنع ظاہر ہونے لگے اور نہ کسی ایسی چیز کو جگہ دی ہے جس کو
پڑھنے والا گھبرا کر چھوڑ دے۔ اُنکی تصانیف میں تشبیہات کا بہت اہتمام کیا گیا ہے کہ زبان بھی ایسی ہو
جس سے اُنکے خیالات کا انکشاف دوسروں پر نہایت صاف اور روشن لفظوں میں بخوبی ہو جائے
اور خیالات کا رشتہ بھی کہیں سے منقطع یا اُلجھا ہوا نہ ہو۔ اُنمیں ایک بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ اپنے
خیالات کو اس عمدگی سے ظاہر کرتے ہیں اور اس خوبی اور لطافت سے نہیں بیان کرتے ہیں کہ کوئی
بات تاریکی اور ابہام کی حالت میں باقی نہیں رہتی اور جیسا کہ خود اُنکے دل میں اُن باتوں کا اثر ہوتا
ہو اُسی زور اور اُسی خوبی کے ساتھ دوسروں پر اُنکا اظہار ہوتا ہے۔ اُنمیں مہملیت۔ کمزوری اور
ابہام کا بالکل دخل نہیں۔ اُنکی تمثیلات اور تشبیہات اسقدر مطابق اور حاوی ہوتی ہیں کہ ہر چیز کی
صحیح تصویر سامنے پھر جاتی ہے۔ بہت کم لوگ ایسے ہونگے جنکے دلوں سے اُنکے کلام کا اثر پڑھنے کے بعد ہی فوراً
زائل ہو جائے جسطرح تم پہلی پہل کسی تھیٹر میں جاؤ اور جسطرح کا اثر پہلی رات تماشا دیکھکر تمہارے دل پر ہوگا
وہی کیفیت اُن کے مضامین کے بعض حصے پڑھکر پیدا ہوتی ہے۔ ایک ہی ساعت میں وہ ایسے
خوبصورت مناظر تشبیہات کے ہمارے سامنے کر دیتے ہیں کہ ہماری نظریں بے اختیار اُسطرف
پھر جاتی ہیں۔ مثلاً جہاں اُردو اور انگریزی انشاپردازی پر اپنے چند خیالات ظاہر کیئے ہیں وہاں
ہی زبان کو ایک جادوگر بنا کر الفاظ کے طلسمات اُس سے تڑواتے ہیں اور کبھی ایک چالاک
بار فرض کرتے ہیں جسنے اپنی عیاری سے ہر ایک کو محو تماشا کر رکھا ہو۔ وہ کہتے ہیں کہ "زبان
ساحر جادوگر ہے جو طلسمات کے کارخانے الفاظ کے منتروں سے طیار کر دیتا ہے اور جو اپنے مقاصد
ہتا ہو اُنسے حاصل کر لیتا ہے۔ وہ ایک نادر صنع کار ہے کہ جسکی دستکاری کے نمونے کبھی شاہوں
سروں کے تاج اور کبھی شہزادیوں کے نولکھے ہار ہوتے ہیں۔ کبھی علوم و فنون کے خزانوں سے

(تقلیرخا

اب چھپا ہو انکے ایک شاگرد نے پرانے منتشر مسودے سے جمع کرکے چھاپا ہے۔

یہی تمام خوبیاں ہیں جنہوں نے خود انکے ہمعصروں کی زبان سے بھی انکی تعریف کروائی اور بقائے دوام کا طرہ انکے سر پر آویزاں کیا۔ کیونکہ جو ڈھنگ انہوں نے اختیار کیا ہے وہ خود بخود ہر قابلیت اور ہر درجہ کے آدمی سے برابر داد طلب کرسکتا ہے۔

جو لوگ کہ اُن کی تعریف کرتے ہیں اور جو لوگ کہ انکی برائی کرتے ہیں انکے خیالات کو دو مختلف مرکز ہوتے ہیں۔ انکی تعریف کرنیوالے صرف انکے اُن اوصاف کو دیکھتے ہیں جنمیں اُن کا کوئی ہمسر نہیں ہے لیکن وہ اس جگہ سے اور آگے نہیں بڑھتے۔ اور جو لوگ کہ انکی برائی کرتے ہیں وہ ان کمالات پر ایک سرسری بے اعتنائی کے ساتھ نظر ڈالکر انکی چھوٹی لغزشوں کو پکڑ لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک مورخ کو یہ شایاں نہ تھا کہ واقعات کو دیکھنے میں ذرا سا بھی نظر کو کج کرتا۔ اگر جانبین کی زیادتی کو دور کرکر اصلیت کو نظر کے سامنے رکھا جائے تو وہ مولوی آزاد کی حقیقت میں ایک سچی تصویر ہوگی۔

آزاد کو لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اپنے خیالات میں اُن کی دلچسپی پیدا کرنیکا ایک عجیب گر معلوم ہے جو بالکل فطرۃ سے تعلق رکھتا ہے اور کسی طرح اکتساب سے نہیں حاصل ہوسکتا سخندان پارس میں جس طرح کا سخت مضمون اُنہوں نے اختیار کیا ہے اسکے بیان کی حاجت نہیں۔ الفاظ کی تحقیق کہ پہلے کیا تھے اور اب کیا ہوگئے اور دوسری آریہ زبانوں سے انکی کیا مشابہت ہے ایک ایسا ادق مضمون ہے کہ معمولی پڑھنے والوں کو بمشکل سے اسمیں دلچسپی پیدا ہوسکتی ہے لیکن اس طرح سے نمک مرچ لگا کر اسے مزیدار بنا دیا ہے کہ کسی اور شے کل سے ممکن ہوسکتا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ جس چیز کو وہ بیان کرتے ہیں پہلے اسمیں بالکل ڈوب جاتے ہیں اور پھر اس میں سے ایسے آبدار موتی باہر نکالکر لاتے ہیں کہ طبیعت خود بخود اسی طرف کھنچی جاتی ہے۔

قصص ہند میں جہاں کہیں اورنگ زیب کا ذکر آیا ہے اُسپر بہت سی ایسی چوٹیں کی ہیں جنکا وہ حقیقتاً مستحق نہ تہا اور بعض ایسی حکمت عملیوں کو جنسے اُسکی قابلیت کا اظہار ہوتا تہا اور جو اُسکے زمانہ کے لحاظ سے نہایت موزوں تہیں آج کل کے خیالات کے پیمانہ میں تولکر منصف نہیں دشمن کی نظر سے دیکہا ہے ایسی چہوٹی چہوٹی باتوں کو نظر انداز کرکے اگر دیکہا جائے تو جس طرز میں وہ خود چلے ہیں اُسکا مقابلہ کرنا تو کیا کوئی اُنکا تتبع بہی نہیں کر سکا۔ اُنہوں نے واقعات پارینہ میں ایک ایسی دلچسپی پیدا کر دی اور اس خوبی سے انہیں بیان کیا کہ قصوں اور کہانیوں کا سا لطف آنے لگا۔ مثلاً۔ دربار اکبری میں اُس عظیم الشان بادشاہ اکبر کی پیدائش اور اُسکی زندگی کے واقعات کو اس طرح سے لکہا ہے کہ برجستہ ہماری نظروں کے سامنے اُس زمانہ کے مرقعے پہرنے لگتے ہیں۔ بہت سے ایسے معمولی واقعات جو بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں مثلاً جس طرح اکبر کی کشتی جو اُس کے چچازاد بہائی سے ہوئی تہی جب دونوں بالکل ہی بچے تہے اور یہ واقعہ کہ جب ہمایوں نے اپنے بہائی پر حملہ کیا اور اکبر کے بیرحم چچا نے اُسے دایہ کے ساتھ قلعہ کی فصیل پر بٹہا دیا تاکہ ہمایوں فتح کر نہ سکے اور جب توپ اُسطرف چلائی جاتی تو بچہ چاٹ چاٹ جاتی۔ اسی قسم کے معمولی واقعات کو اُنہوں نے بیان کیا ہے جو بڑے لوگوں اور اولوالعزم شاہنشاہوں کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں اور جنکا ذکر کرنا دلچسپی میں بہت کچھ زیادتی کر دیتا ہے۔ جہاں پر اکبر کے حملوں اور اُسکی یلغاروں کو بیان کیا ہے بائسکوپ کی طرح تمام واقعات مسلسل ہماری نظر کے سامنے لائے جاتے ہیں۔ زبان میں اسقدر حلاوت کوٹ کوٹ کر بہری ہے اور اس سادگی کے ساتھ دلچسپ طریقہ سے بیان کیا ہے کہ انجمن دکنار اشتیاق ہی دامن نہیں چہوڑتا اور ختم کرنے کے بعد بہت دیر تک انہیں طبل و نقاروں کی آواز کانوں میں گونجا کرتی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ کتاب بالکل انہیں کے لکہے ہوئے نسخے سے نہیں ہو سکی۔ اصل کتاب چہاپنے کے لیے مانگی جانے پر اُنہوں نے اُسے ردی میں پہینکدیا اور جو کچھ

آزاد اور دیگر ہی انشاپردازی پر جہاں خود آزاد نے اپنے خیالات ظاہر کیے ہیں وہ کہتے
ہیں کہ جب ایک جذبہ موہوم کو مجسم فرض کرتے ہیں اور اُسکی صفات اور لوازمات کو آنکھوں کے سامنے
سجاتے ہیں تو اُسپر طبیعت کی تاثیر پوری پوری قائم ہوتی ہے۔ جو خیالات اُسپر نکلتے ہیں ٹھیک اور
درستی کے ساتھ ہوتے ہیں اور برجستہ الفاظ میں ادا ہوتے ہیں کہ یہی انشاپردازی کا ایمان ہے
انشاپردازی کی یہ تعریف بالکل اُنکی طرز تحریر کے مطابق ہے اور حقیقت میں جو تصویر کہ اُنہوں نے
اپنی نظر میں قائم کی تھی اُسکی مطابقت اُنہوں نے خوب کی اور اُس میں خوب پھلے پھولے۔ پروفیسر شبلی نے
کلکتہ کی کانفرنس میں اپنی سپیچ میں آزاد کو اُردو زبان کا ہیرو بیان کیا تھا اور میں نہیں سمجھ سکتا
کہ اُنکی تحریر کو دیکھکر کسی کو بھی قابل پروفیسر کی رائے سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ مل سکتی ہے۔
آزاد کو یہ بات حاصل ہے اور حقیقت میں یہ اُنکے کمالات میں سے ہے کہ تاریخ کو ایک کہانی
کے ڈھنگ پر بیان کرتے ہیں۔ اگر ہم انکا مقابلہ اس قسم کے مورخین کے ساتھ کریں تو ہم کہہ سکتے ہیں
کہ یہ اپنے رنگ میں عدیم المثال ہیں۔ اگر کوئی صاحب میرے اس لفظ "عدیم المثال" سے اختلاف
کریں تو میں اُنسے درخواست کرتا ہوں کہ کسی ایک کو بھی انسے افضل یا برابر ہی پیدا کر دیں لیکن
اسبات کو ملحوظ رکھیں کہ طرز تاریخ نویسی بالکل قصہ کہانی بیان کرنیکا سا ہو اور تاریخی واقعات
اس دلچسپی کے ساتھ لکھے گئے ہوں کہ پڑھنے والا سوائے پڑھنے کے اور کسی چیز کی خواہش نکرے
لیکن اگر ہم اس مقابلہ کے دائرے کو اور وسعت دیں اور ایک منصف مورخ ہونے کے تمام لوازمات
اپنے محاکمہ میں داخل کریں تو آزاد کا درجہ کچھ گر جاتا ہے مثلاً وہ ایسے واقعات کو جو اُنکے ذاتی عقیدہ سے
کسیقدر موافق ہیں انصاف کی نظر سے کم دیکھتے ہیں اور ذاتی رجحان کی طرف بہت زیادہ مائل
ہو جاتے ہیں جیسے تذکرہ آبحیات میں اُستاد ذوق کی تعریف کرتے وقت اُنہوں نے کوئی شاگردی کا
حق اُٹھا نہیں رکھا اور تمام متقدمین اور متاخرین سبھوں سے بڑھا کر ساتویں آسمان پر پہنچا دیا ہے

ایسے لکھنے والے ہیں جو ایک نئے پہلو پر بات ڈالتے ہیں اور آگے بڑھنے سے حسن کا پتہ پانا مشکل
ہیں۔ اُنکی جانب معترضین نہایت سنبھل کر قدم اُٹھاتے ہیں اور جگہ جگہ لغزش کھانے کے خوف سے
ہوشیار رہتے ہیں۔ بہت سے ایسے لکھنے والے ہیں جو گو اُنسے کم درجہ پر ہیں لیکن اُن کے الفاظ میں
ایک بالکل نئی اور عجیب چاشنی ہوتی ہے مگر اُس کے حسن و قبح دیکھنے والوں کو اُسکے پرکھنا اور
اُسپر اپنی رائے قائم کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ لیکن ان دونوں کے علاوہ ایک اور قسم
کے بھی لکھنے والے ہیں جو نہ اسقدر جدت الفاظ سے کام لیتے ہیں اور نہ اسقدر زیادہ اُس میں
چاشنی ڈالتے ہیں جس سے اُنکی لغزشیں فوراً معلوم کیجا سکیں بلکہ سیدھی سادی تشبیہوں اور
نزدیک کے استعاروں کو خرچ کرکے اس طرح سے عمدہ عمدہ اور نازک مطالب کو بیان کرتے ہیں
جو دیکھتے ہی یا سنتے ہی سمجھ میں آسکیں۔ اس قسم کی تشبیہیں اور استعارے چیچے سے ایک خاص
چیز کا نام ہمارے کان میں لیکر تمام مطالب کو نہایت رنگینی اور لطافت کے ساتھ ہمارے سامنے پیش
کردیتے ہیں اور اسطرح اپنی سادگی اور سلاست کیوجہ سے سب کے دلوں پر پورا پورا اثر پیدا کرتے ہیں۔ آزاد کی طرز
تحریر کو میں اسی قبیل میں شامل کرتا ہوں۔ پڑھنے والے اُسے پڑھکر اُس کی تعریف ہی کرنے میں اسقدر
محو ہو جاتے ہیں کہ اُنکی نظر اُسکے قبح پر نہیں پڑتی اور قابل سے قابل نکتہ چیں بھی بہت سی لغزشوں کو
نظرانداز کرجاتا ہے۔ مثلاً ایک جگہ آبحیات میں کوئی واقعہ بزرگوں سے نقل کرتے وقت کہتے ہیں کہ
"بزرگوں سے سنا ہوا ہے" جس سے پنجاب میں رہنے کا کچھ اثر مترشح ہوتا ہے۔ مگر ایسی لغزشیں
حقیقت میں نظرانداز کرنے کے قابل ہیں۔ انگریزی میں کچھ اسی طرح کا طرز لارڈ مکالے کا تھا۔ ان
دونوں کو خوبی مضامین اور لطافت خیال حاصل تھی۔ دونوں کو اپنی اپنی زبانوں پر پوری قدرت
تھی۔ دونوں کے لکھنے اور بولنے کا طرز یہ تھا کہ چھوٹے چھوٹے جملوں میں اپنے مطالب کو ادا کرتے
جملہائے موصولہ کو بہت ہی کم جگہ دیتے تھے۔

آزاد اور اُردو لٹریچر (نثر)

(سلسلہ کے لیئے دیکھو میگزین نمبر ۵ا یکم اکتوبر سنہ ۱۹۰۶ء)

مولوی آزاد کہتے ہیں کہ "فلاسفہ یونان کا قول ہی کہ دنیا میں دو چیزیں نہایت عجیب اور حیرت انگیز ہیں' جن میں سے ایک "شعر ہے کہ اس میں الفاظ کے پس و پیش سے کلام میں موزونیت اور اُس سے ایک تاثیر عجیب و لپذیر پیدا ہوتی ہے" نظم انسان کی جوشش طبیعت اور قوت گویائی کا پہلا نتیجہ ہی اور بمقابلہ نثر کے زیادہ تر موثر ہوتی ہے اور زیادہ طبیعت کے جوش و خروش اور اُسکے زور کو ظاہر کرتی ہے۔ اُسکے گلزار فصاحت میں اُسوقت پھول آئے تہے جب نثر کا اس دنیا میں وجود بہی نہ تہا۔ اس سے طبیعت کو وسعت اور خیالات کو عروج حاصل ہوا۔ پہر مجہ سے کیسے ہوسکتا تہا کہ نظم کو چہوڑکر نثر کو پہلے ہات میں لیتا۔* میرے خیال میں یہ ایک بیجا ترجیح تہی جسے میری طبیعت نے ہرگز گوارا نہیں کیا۔

میں مولوی آزاد کو اُن لکہنے والوں میں سے سمجہتا ہوں جنپر معترض بہت مشکل سے قلم اُٹہا سکتا ہی۔ اُنکی غلطیاں خود اسقدر نمایاں ہوتی ہیں کہ بمشکل اُنہیں غلطیاں کہا جا سکتا ہی۔ جو تصویر کہ وہ کہینچتے ہیں اگر اُس میں کسیقدر کمی یا زیادتی ہوجاتی ہی تو اسکا الزام اُنپر نہیں دیا جا سکتا اور صرف اسیقدر کہا جاتا ہے کہ اس دلچسپ تصویر کے تکمیل کرنے میں اُنہیں یہ باتیں واقع ہوگئی ہونگی بہت

* پہلے حصہ میں اس قسم کا اعتراض کیا گیا تہا۔

The M. A.-O. College Magazine is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs.3-4 for which subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V.P.P.

Terms for advertisements on application

All communications should be addressed to the Manager, the M. A.-O. College Magazine, Aligarh.

ایم اے او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینہ میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چار آنہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچے میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشتہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خط "مینیجر ایم-اے-او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہئیں

جدید سلسلہ جلد ۹   یکم جنوری ۱۹۰۱ع   نمبر ۱

محمدن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین و علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

فہرست مضامین اردو

New Series
VOL. IX. January, 1901. No. 1

THE

M. A.-O. COLLEGE MAGAZINE

AND ALIGARH INSTITUTE GAZETTE.

CONTENTS.

PRINTED AT THE C. C. MISSION PRESS, CAWNPORE.

THE DUTY SHOP, M.A.-O. COLLEGE, ALIGARH.

We have in stock all the works of standard authors of Urdu literature chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shiblie M. Nazir Ahmed, M. Azad, Nawab Mohsin ul Mulk, Haji Ismael Khan, Dr. Gulam Husain, Abdul Halim Sharar and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the Public is invited to the following recent publications :—

	Rs.	As.	P.
Dawat-i-Islam *i. e.* the Urdu Translation of the preaching of Islam by Professor T. W. Arnold.	3	0	0
Alfaruq by M. Shiblie.	3	8	0
Darbar-i-Akbaree by M. Mohammed Hussain Azad.	3	0	0
Albaramika by M. Abdul Razzaq.	2	4	0
History of India by M. Zakka Ullah in ten vols.	14	0	0
Ajaibul Asfar *i.e.* the second volume of the travels of Ibni Batuta.	2	4	0
Sukhandan-i-Pars (a book on Persian Philology by M. Azad.)	0	10	0
Yadgar Ghalib by M. Halie	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed.	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia *i.e.* the twelve Essays by Sir Syed on religious and historical topics. (In the Press).

The book once formed a part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors the Duty Shop can supply all the School and College books used in these Province at a very low price, and sells Stationery, Stockings, Underveests, Handkerchiefs, Soap and several other articles of every day use at moderate prices.

Wilayat Husain,

Hon. Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine, Aligarh.

New Series Vol. IX.	1st January, 1901.	No. 1.

Mohammedans and Education.

Every year about this season the attention of the Mohammedans of India is drawn to the claims of Education by the meeting of the Mohammedan Educational Conference, and the fact that this call meets, year by year, with a readier response is full of hopeful augury for the future.

Much has been done in the past and much will undoubtedly be done in the future by the Conference to emphasize the teaching of our great leader, and to enforce upon the Mohammedans the supreme importance of Education as a means of national regeneration. Sir Syed sprung as he was from the noblest Muslim stock and closely associated by family and tradition with the past glories of Mohammedan rule in India, must have reflected with the most intense grief upon the decay and ruin of his people. That he did so feel, is well known to all who were ever associated with him. But it was not in his nature to indulge in empty grief or idle retrospection. With the insight of genius he realized once for all, that the old order had

passed away and must give place to new; that the times had changed and men must change along with them or be left hopelessly behind in the race of life. Though scholarship and tradition drew him constantly towards the past, he never hesitated but stretched out a ready welcoming hand to the new Learning. He recognized the greatness of the new force that was making its influence felt and perceived in it, not an enemy, but an ally, whose assistance neither his people nor his religion could afford to despise, and having once come to this conclusion he straightway threw the whole forces of his intellect and his ardent, dauntless spirit into the work of bringing the new learning within the reach of the Mohammedan people.

He met with strenuous opposition chiefly on the part of the devout and rigidly orthodox section of the community; and it was natural that this should be so, for the history of the world, is full of examples of the fierce struggles of established religions against innovations in knowledge which threaten to remove their ancient landmarks. It is difficult for men to preserve such a measure of the historic sense as will transport them back to the time when their own oldest and most cherished beliefs were looked upon as dangerous innovations. If it had been possible to cultivate and retain this frame of mind, we should have heard far less of bigotry, intolerance and religious persecution. And therefore the greater honor and reverence are due to men who, like Sir Syed, can see with a wider and fuller vision than those around them and recognize truth, though it appear before them in a new and unfamiliar guise.

There is something noble and at the same time pathetic in the sight of an ancient institution, or long established belief fighting against change and progress in the mistaken idea, that the battle is for its very life; but there is something infinitely more noble in that broader and higher faith, which in spite of every claim of habit and prejudice grasps instinctively at the truth, no matter how or whence it comes.

Again and again has religion despised and rejected learning only to find out, often after sore trial and suffering, that it has been thrusting its best and most powerful friend from the door; and has had to lament the loss it has inflicted upon itself by its narrow short sighted policy. To reject learning is to give into the hands of the enemies of religion what is, and should always be, its most powerful weapon; and this no religion, however strong, can safely venture to do.

The new learning is with us now and it has come to stay, and as a passport to immediate profit and advancement we cannot afford to neglect it. But it will not be till it is frankly and sincerely accepted, not merely as a profitable investment but as the only available means of social reform and the surest bulwark of religious faith, that we may look for the realization of the aspirations of our great leader, Sir Syed, and the regeneration of the Mohammedan people.

College News.

The students who did such excellent work during the last vacation collecting money for the 'Duty' Society were entertained at a Garden Party by Mrs. Morison on Saturday the 8th of December. A very pleasant time was spent and everyone thoroughly appreciated the entertainment provided for them by their hostess. After games and refreshments Abdul Qadir Khan B.A., read a witty and amusing topical poem, by an unknown author, and Mr. Morison brought the proceedings to a close by thanking the students who had been working for the College and expressing the pleasure Mrs. Morison had in receiving them as her guests.

On Wednesday, December 18th Mrs. Tipping entertained the students who had collected during the vacations for the Beck Memorial Fund. On account of the rain it was found impossible

to hold the garden party out of doors so it took place in the Strachey Hall. Some members of First Year Class gave a number of recitations, this was followed by Mr. Abul Hosan's trial of strength machine, then tea and games brought a pleasant afternoon to a close.

The entries for the different Examinations have been completed; 31 students are to appear in the B.A., Examination, 61 in the Intermediate, 35 in the Entrance Examination, and 6 in the School Final. It only remains for us now to wish them all success; it can scarcely be hoped that every student will pass though it is almost impossible to convince any individual student that he will be among the unfortunates.

The Union Elections took place on the 10th of December and were unusually exciting, there was a great deal of active canvassing by the different candidates and as a result an unusually heavy poll something like 300 voters being present.

The following are the office—bearers for the ensuing year.

VICE-PRESIDENT.—K. Gholamus Sibtain.
HON.-SECRETARY.—Md. Faiq.

COMMITTEE;—Md. Hashim, Zarif Ahmed, Wajid Hosain, Mustafa Hosain, Jalil-ur-Rahman, Abdul Ghaffar Khan. We wish the new officers a happy and prosperous session.

It is unfortunate in some respects that the Conference could not be held this year at Patna as at first proposed. Raza Ali and Wahed Hosain who have been both actively engaged in arousing local interest in the Conference brought back the most favourable reports, and everything pointed to a most successful meeting. But the Plague intervened and consequently the Conference went to Rampur. It has been a matter of regret to us and to our friends in the Patna district that the original arrangement

could not be held to. Another year we hope to see a most successful Conference at Patna.

The number of Boarders in the College is slowly but steadily increasing and now stands at 400. Our present accommodation is insufficient to meet the growing demands upon it, and therefore it is with the greatest satisfaction that we have seen the completion of the remaining rooms in the Pucca Boarding House actively taken in hand and hear of the new Boarding House to be built by a loan from the Duty Society This excellent and hardworking Society is thus adding another to the many obligations it has laid the College under, and thus establishes an increasing claim upon the friendship and assistance of every student and of all concerned with the welfare of the College. And with its activities we must always thankfully associate the name of Prof. Zia-ud-din.

The new English Boarding House is to be opened at the beginning of the new year, the middle of January is the date fixed under the supervision of Mr. Gardner Brown as a Resident Head. There has been for a long while a demand for accomodation in the College on a better and more expensive scale than that usually supplied and therefore there is little doubt as to the success of this new venture on the part of the Trustees, we hope in our next number to give some account of its inauguration.

The cricket team is intending this year to extend its annual tour still more widely and has practically arranged to visit not only the Madras Presidency but also to go on to Ceylon. We wish the team every possible success and congratulate it upon its enterprise. The tour of the cricket team is always a matter of interest not only to cricketers but also to all interested in the diffusion of the ideas and teaching of the College; for there is no doubt but that the cricket team has often succeeded in awakening

an interest in the Aligarh movement in places where other means have failed.

The proposal lately brought before the University to institute a new Matriculation Examination for the benefit of the few students who pass the Entrance Examination at the age of 15 and to reduce the College Course to three years is meeting with much opposition.

The University seems to have suddenly repented of its resolution to exclude students under 16 years of age from the Colleges and perhaps it is right; but it is scarcely fair to punish the vast majority who do not pass the Entrance Examination, till past 16 years of age, by depriving them of the advantage of an additional year under the more invigorating influences of College life.

The College Course of four years is almost universally admitted to be none too long and any attempt to curtail it threatens at once to diminish the moral influence of the University upon its students and to lower the general standard of education among its graduates. It seems rather an unwise policy to inflict these two serious wrongs upon the great majority of University students in order to confer a slight privilege upon a mere handful of clever boys.

The fourteenth Anniversary of the Siddon's Union Club was celebrated at last on the 19th December. An evening party, too, was given on behalf of its members at which no less than 300 persons attended. The union was most artistically decorated as usual for the Penny Reading Entertainment, which commenced at 9 P. M. "Revenons a nos Moutons" and the "Scheming Lieutenant" were the chief comic pieces in the first part. "The most lamentable Comedy of Pyramus and Thisbe" acted in the second part was undoubtedly the best performance. The entertainment was on the whole a thorough success yielding in

interest or attendance to none given in former years. The only regrettable feature of the evening's entertainment was the Vice-President's report which in its egotistical and often offensive tone departed from all former precedents and shewed few traces of good taste and feeling. We hope to give a full account of the proceedings in our next issue.

SIDDON'S UNION CLUB.

"The old order changeth, yielding place to new."

Having governed for a year or more the Union's Ministry retired on December 10th.

Following have been elected officers and members of the Select Committee:—

Mr. Khwaja Ghulamus Sibtain .. Vice-President.
" Mohd. Faiq ... Secretary.
" Mohd. Hashim ...
" Zarif Mohd. ...
" Wajid Hossain ...
" Abdul Ghaffar Khan ...
" Mustafa Hossain ...
" Jalil-ur Rahman ...
} Members of the Select Committee.

Messrs: Nasiruddin Hyder and Mohd. Mohsin have been declared ex-officio members of the Select Committee.

Before concluding my last report, I, on behalf of the old ministry, wish every success to the new Committee during their tenure of office.

ABDUL KADIR KHAN.
Ex-Honry Secretary,
S. U. Club.

CRICKET.

We have played no big matches yet, but expect a very grand tour in Southern India after our University Examinations. Our Second XI went to play the Mission College Delhi on the 7th December: and won easily by an innings and 46 runs.

The Second XI Captain, Bashir Ali Khan, won the toss and put his team in. For the visitors Nawab Ali played a beautiful innings of 59 runs. His leg hits being particularly fine. Samad who is a promising bowler showed a piece of fine bowling. His leg breaks proved very deadly to the home team. The following is the Score :—

M. A. O. COLLEGE SECOND XI.

Nawab Ali c. Iqbal b. Samad	59
Akram c. Debi Singh b. Samad	3
Ahmad Ali b. Samad	13
Muzaffar b. Arjan Nath	2
Shafqat c. Iqbal b. Shib Mal	26
Hashim run out	8
Aiyub b. Samad	4
Imam b. Samad	31
Samad c. Iqbal b. Samad	2
Abid not out	4
Bashir b. Samad	4
Extras.	3
	159

MISSION COLLEGE XI.

Debi Singh b. Shafqat	5	b. Samad	4
Buland Iqbal c. Abid b. Samad	8	b. Shafqat	3
Rev. Mr. Wright b. Shafqat	2	b. Samad	9
Suraj Narain b. Samad	9	st. Aiyub b. Samad	4
Abdus Samad c. Akram b. Shafqat	16	run out	17
Hakim Singh run out	6	c. Samad b. Shafqat	1
Arjan Nath not out	14	b. Shafqat	2
Mushtak Ahd. st. Aiyub b.Shafqat,	0	c. Aiyub b. Shafqat	1
Shib Mal b. Ahmad Ali	3	c. & b. Shafqat	6
Shive Prasad c. Abid b. Ahmad Ali	0	not out	4
Suraj Narain b. Ahmad	3	b. Inam	0
Extras	0	...	2
	60		53

The result of the Shield Matches is as follows :—

1st Round.

	Winners.		Losers.
1.	Entrance	*versus*	Second year.
2.	Third year	„	Sixth class.
3.	Ninth class	„	Seventh class.
4.	First year	„	Lower class.
5.	Fourth year	„	Eighth class.

LAW CLASS BYE.

2nd Round.

1. Third year class *versus* Law and M. A.

We could not finish the other ties owing to the departure of School XI to Lucknow; but hope to finish them after X'mas vacation. Entrance class is expected to be the Champion team this year, and we will very soon have cause to congratulate Abid Husain Khan for his success.

Our School team has gone to play the Lucknow and Bareilly Schools. Lucknow School team is the Champion team of Second circle and it should be a grand spectacle to look at those two Champion teams contesting for supremacy.

SAID MOHD. KHAN,

Offg. Cricket Captain.

FOOTBALL.

SHIELD MATCHES.

2nd year beat 1st year	...	...	2 to 0
2nd year beat 2nd class	...	...	2 to 0
3rd year beat law and M. A.	...	...	2 to 0
Lower classes beat 3rd year	...	...	3 to 1

ENTRANCE CLASS BYE.

2nd ties,

Entrance beat lower classes	...	.	1 to 0
2nd year beat 3rd class ...	...	...	2 to 0

4TH YEAR CLASS BYE.

3rd ties.

2nd year beat 4th year ..	...	2 to 0

ENTRANCE BYE.

4th and final tie.

2nd year versus Entrance class undecided. Drawn for 3 days.

The football shield matches began from the 13th ultimo, on the first day the 4th year played against the 1st year and the 2nd year versus the 2nd class. The 4th year had a very easy victory over the 1st year as nearly all of them were beginners and the result stood 2 to 0 for the 4th year.

The match on the other side between the 2nd year and the 2nd class was an interesting one. After a continual struggle the 2nd year scored one goal and then another, thus defeating the 2nd class by 2 goals.

On the 14th, the 3rd class played against Law and M.A., and lower classes against the 3rd year. The former match was no less interesting than the latter one, as they were all old Veterans playing for Law and M.A., classes.

The contest was very hard in the first half time and Zaman Mehdi Khan and Hamid Husain Khan played with enormous zeal. Zaman Mehdi Khan had once a clear run to the opponent's gaol and was just on the point of scoring a goal when the goal keeper rushed to him. He tried to strike the ball with his fist, but he missed it and the fist struck right against the belly of the latter, at which he fell nearly senseless. The game was

stopped for some minutes. He recovered soon after and the game recommenced. After a short time 3rd class got a goal and some 15 minutes after it got another one. The 3rd class had the upperhand in the next half owing to the lighter weight they had to carry about compared with the old Veterans, and they became more and more quick. Thus they defeated the Law and M. A. classes by 2 goals to nothing.

The other match between the lower classes and III year was a very interesting one. In the first half Amir Hussain scored a goal for 3rd year. But the youngsters equalised soon after, and then scored 2 goals more in the next half Irfan Ali, Faizher Rahmad and Afzal Khan played very well and missed little.

The first ties were over to this time and two new lots were drawn on the 15th and in these series Entrance played against lower classes and 2nd year against 3rd class. The lower classes renewed their attacks from time to time, but they could do little against Mohd Masih, the best goal keeper. At the same time their charges were not heavy as they were of far lighter weight than entrance's people. It was just a fight Cranes against Pygmies. In the end of the first half time it was just against all probabilities and chances that the Entrance took the ball the youngster's goal and by a hard scrummage scored a goal against them. By this the youngsters were greatly excited and shot at their opponents' goal for no less than 100 times; but were disappointed as usual by Mohd Masih their goal keeper. At last against the sympathies of all the visitors the time was called and the poor littlets retired being defeated by one goal.

In the second match 2nd year defeated the 3rd class by two goals to nil. Islam Homid and Sheikh for 2nd year and Sadiq Ali and Sattar for 3rd class played very hard the 3rd.

On the 16th the 3rd lots were drawn and the 2nd year played against the 4th year class. The match was very rough all through out. In the first half the 4th year played well, and their backs had a lot of work to do which they did creditably well. In the

end of the first half time Islam Hamid got the ball to the 4th year goals very easily, but the goal keeper saved it. But unfortunately he had not enough time to come back in the goals when the ball was reshot, and passed through clearly. The ends were changed by 1 to nil. In the next half the 2nd year scored another goal thus defeating the 4th year by two goals to zero.

On the 17th ultimo came the last and the final match between the Entrance and the 2nd year classes. This match is worth remembering in the history of the M. A. O. C. Foot-ball Club. Before the match was started, set speeches were given to the XIs by their Captains, the chief purport being " To win or to die," and the shield was placed on a table by the foot-ball field. The match began at 4-15 p.m. The sympathies of School were for Entrance of College for 2nd year. No sooner had the match begun than the shouts were given by School and College respectively. The 2nd year made an exhaustive effort to score a goal but they were discouraaged by excellent goal keeping of Masih. Both the parties were utterly out done near the end but they soon refreshed their energies by looking at the shield, the which they were striving for. All the through out the entrance played a defensive game and Mahommed Salim was the most prominent figure seen for Entrance class. Our best back Islam Homid renewed attacks from time to time but was little helped by others. Thus to the further expectation and anxieties the Match remained drawn.

It was replayed on the 18th again, but to no furthur result.

The third time it was played on the morning of the 19th ultimo. Entrance was handicaped by losing one of its best full backs, and the 2nd year had a better chance of getting the shield. The morning was rainy and the players were full of energy and spirit. It was amidst incessant showers that the game went on. This morning, the Entrance proved no less an adversary. They returned the attacks with equal strength. For 2nd year Islam Hamid and Hamid Shibli played well, and Masih and Salim

were the main stay for the Entrance. The match was again drawn and is postponed to be played after the vacation.

This year the shield matches were more interesting than we ever had before. All the boarding house was emptied at the evening times, and were far more interested beyond the exceptations. The days were so very nice and cloudy that every heart leapt to kick about and play.

I have to mention especially about Mohammad Masih the goal keeper who is as good a goal keeper as our College ever produced.

ABDUL MAJID KHAN.

Foot-Ball Capt.

M. A. O. College Employment Agency.

Wanted 2 Mohammedan graduates who have taken Arabic as their Second Language for appointment.

(1) A Translator in the offices of Aziz Jung Hyderabad Deccan on an initial Salary of Rs.100 rising by increments of Rs.10 to Rs.150 a month.

(1) A Munshi in the Presidency College Madras on Rs.60 a month with large opportunities of examining in the Madras University.

Apply to

Theodore Morison.

Principal.

12th Dec. 1900.

M. A. O. College.

Aligarh.

۴ — قیافہ علم فرینا لوجي یعني دماغي تحقیقات *

۵ — چند مفید اور کار آمد باتیں — وغیرہ وغیرہ *

مگر همکو جنتري کي ترتیب مضامین میں کچهہ نقص معلوم هوتے هیں - علم قیافہ پر جو مضمون هی اس کے بعد جو کار آمد باتیں درج کي گئي هیں معلوم هوتا هی کہ وہ کسي اصول پر مبني نہیں هیں — هماري راے میں ان کو بهي اسي طرح ترتیب دینا چاهیئے جیسا کہ ایک علمي کتاب کے مضامین کو - ان میں ایک اصول ایسا پایا جاے جو کتاب کے سلسلہ مضامین کے مطابق هو علاوہ اس کے جنتري میں تقویم سال آیندہ کے علاوہ سال گذشتہ کے واقعات پر ایک سرسري نظر اور سال آیندہ پر ایک نجومي کي نظر سے نہیں بلکہ ایک مدبر و محقق کي نظر سے پیشگوئي هو — اس سے اول تو هر سال کي مختصر تاریخ طیار هوتي رهی گي اور علاوہ ازیں هر سال کے اختتام پر هم کو یهہ معلوم هوسکے گا کہ شروع سال میں همارے کیا خیالات تھے *

جنتري کے سر ورق پر جو آیت هی اُس کے بجاے همارے ایک دوست صلاح دیتے هیں کہ " الشمس والقمر بحسبان " هوني چاهیئے *

بهر حال موجودہ حالت میں بهي جنتري ایک نہایت مفید اور کار آمد کتاب هی منشي رحمت اللہ صاحب رعد مہتمم نامي پریس ذکاپور سے مل سکتي هی *

ریویو

نامي پریس کي بڑي جنتري سنه ۱۹۰۲ع

اس جنتري کا بیسواں ایڈیشن حال میں چھپکر شائع ہوا هی - اور کیا بلحاظ نفاست مضامین اور کیا بلحاظ پاکیزگي طبع یا عمدگي کتابت گذشته ایڈیشنوں سے فوقیت لیگیا هی - یوں تو ملک میں کئي قسم کي جنتریاں شائع ہوتي هیں اور خریدي بهي جاتي هیں - بعض کسي تاجر کي دوکان سے بعض کسي حکیم کے مطب سے اور بعض کسي اور غرض کي اشاعت سے مگر انمیں سے اکثر کامقصد صرف اشاعت کرنیوالے کا اشتہار دینا ہوتا هی - علمي یا تاریخي معلومات کاذخیرہ جو جنتري کاغایت مقصد هی - انمیں بہت کم پایا جاتا هی - ان ضروریات کو پورا کرنا صرف نامي پریس کي جنتري کے لیئے مخصوص هی *

اس جنتري میں چند خاص باتیں ایسي هوں جن کا ذکر کرنا دلچسپي سے خالي نہیں - شروع صفحه پر شہنشاہ ادورڈ هفتم خلدالله ملکه کي تصویر هی — هم کہه سکتے هیں که هندوستان میں ایسي تصویر اس قدر رنگ آمیزیوں کے ساتهه لیتہو پریس میں شائع کرنا صرف نامي پریس کا کام هی — بلاک پرنٹنگ میں هر طرح کے رنگ کي تصویر چهپ سکتي هی مگر پتهر کے چهاپه پر ایسي تصویر چهاپنا جس میں کئي رنگ هوں بہت مشکل هی — اس کے بعد حضور ممدوح کي مختصر سوانح عمري هی — ذیل میں هم جنتري کے چند مفید مضامین کي فہرست درج کرتے هیں جس سے معلوم هوسکتا هی که مصنف نے اس کو علمي جنتري بنانے کي کسقدر کوشش کي هی *

۱ — جنتري سنه ۱۹۰۲ ع کے علاوہ چند نقشے استوانومي وغیرہ کے دیئے هیں *

۲ — تاریخ روم — ابراهیم خاں سے محمود خاں اول تک سات سلاطین کے حالات معه تصاویر صحیحه درج هیں *

۳ — مختصر جنتري چار رساله از سنه ۱۸۹۹ ع سنه ۱۹۰۳ع *

ذاتي کي بهي جهلکيں نظر آتي هيں - اور خوبي ترکيب کے لحاظ سے تو ان کا رنگ ناسخ سے بالکل جداگانہ هی اور اکثر مومن اور کہيں کہيں غالب سے بهي ملتا هی - نيز ناسخ کے انداز کے خلاف ان کے کلام ميں کہيں کہيں درد کي بهي چاشني هوتي هی - پس ان کا کلام اگرچہ بالکل موضع نہيں هی اور اس ليئے خواجہ وزير کے کلام سے کسي قدر مرتبہ ميں کم هی ليکن ان ديگر خوبيوں کو بهي ساتهہ ملاکر ديکهنے سے معلوم هوتا هی کہ منشي منير کا درجہ شاعري ميں خواجہ وزير کي برابر تها *

شعراے دربار رامپور ميں سے منشي امير احمد البتہ ان کے هم پلہ کہے جاسکتے هيں ورنہ داغ و جلال کا رتبہ تو ان سے بدرجہا کمتر هی - خصوصاً داغ تو اُنہيں شعرا کے زمرہ ميں آجاتے هيں جن کو اُنہوں نے ديباچہ ميں نہايت بے وقعتي سے ياد کيا هی *

استعداد شاعري و غزليات ميں منشي منير کا درجہ اُستادي منشي اميرالله تسليم سے کہيں بڑهکر هی ليکن مثنوي ميں تسليم کي فوقيت کا اُنہيں خود اقرار تها *

غرض کہ ايسا با کمال شاعر آج اس گمنامي کي حالت ميں پڑا تها کہ بہت سے لوگ شايد اس بات سے بهي واقف نہونگے کہ اس نام کا کوئي شاعر بهي گذرا هی — اس ليئے ميں نے اپنا فرض سمجها کہ کم از کم ايک بار تو اُن کي ياد لوگوں کے دلوں ميں تازہ کردوں — اُميد هی کہ ميري طرح ديگر شايقين سخن بهي ملاحظہ دواوين منير سے لطف اُٹهائينگے *

ابوالوفا سيد فضل الحسن حسرت موهاني
از عليگڑه کالج

۲ — ڈر کر تري ٹھوکر سے کہاں بھاگ گئي ھی
عقبیٰ میں بھي ڈھونڈھا تو قیامت نہیں ملتي

۳ — کیا ھاتھہ مھرے پھونچینگے دامان بتاں تک
اپنے ھي گریبان سے فرصت نہیں ملتي

۴ — ڈھونڈھے ھیں تصاویر خیالي کے مرقے
آنکھوں میں جو پھرتي ھی وہ صورت نہیں ملتي

کیا خوب کہا ھی ۵ — لي ھمنے زمانہ کي کئي بار تلاشي
دل تم کو دیا جس میں وہ ساعت نہیں ملتي

۶ — مرقد میں بھي ھم نام تیرا لے نہیں سکتے
اس بھید کے لایق کوئي خلوت نہیں ملتي

۷ — اے ترک یہي ھاتھہ ترے ھیں یہي تلوار
رھتي ھی یہیں اور شہادت نہیں ملتي

۸ — کس طرح دکھاؤں انھیں روداد جدائي
وہ آئے تو ڈھونڈھے شب فرقت نہیں ملتي

بہت خوب کہا ھی — دل کو ھی وھیں خاک میں ملنے کي تمنا
اے عیش گذشتہ تري تربت نہیں ملتي

بن پڑتي ھی صحبت تو بگڑ جاتے ھیں تیور
ملتا ھی دل اُن کا تو طبیعت نہیں ملتي

روداد منیر اپني زمانہ سے جدا ھی
دنیا میں کسي سے مري قسمت نہیں ملتي

ترجمہ تربت کے قافیہ کو شہیدي نے بھي خوب ھي نباھا ھی — کہتا ھی

نا کامي جاوید کي ھم مانتے منت
افسوس شہیدي تري تربت نہیں ملتي

غرضکہ دیوان منیر میں عام طور پر ناسخ کا رنگ پایا جاتا ھی لیکن ساتھہ ھي جا بجا اُس میں استعداد علمي و ذھانت خدا داد و تصرف

۶ — جس لب نازک کو تھا بار تبسم بھی گراں
پاتھال نالہ ھی چولانگہ فریاد ھی
۷ — عشق نے گو حسن کو لوٹا ھی پربانی ھی شان
اب بھی رونق پاسبان خانۂ برباد ھی
۸ — حسن عالمگیر کو دیوانہ اپنا کرایا
کان پکڑا چاھیئے لے عشق تو اُستاد ھی

بعض بعض غزلوں سے اس بات کا بھی پتا چلتا ھی کہ اُنھوں نے انداز شوخی و روز مرہ کی جانب بھی توجہ کرنے کا ارادہ کیا تھا جیسا کہ اپنے دیباچہ فارسی میں بیان کیا ھی — یہاں پر مثلاً ایک غزل درج کی جاتی ھی جس سے صاف معلوم ھوتا ھی کہ اگر منشی منیر اس انداز کی جانب ذرا سی بھی اصلی توجہ کرتے تو اس میں بھی کسی سے کم نہ رھتے —

وھو ھذا — نشہ میں ھمنے کی تھی توبہ * ھوش میں آو کیسی توبہ
نشہ میں سہواً کرلی توبہ * ایسی بھول ! الہی توبہ !!
حج میں جب یاد آئیں وہ آنکھیں * طاق حرم پر رکھدی توبہ
شرم گنہ سے غرق عرق ھوں * ساتھہ اپنے لے تو بی توبہ
پی کے منیر اب بادۂ کوثر * مست ھوئی ھی میری توبہ

منشی منیر کے کلام میں اگر کوئی عیب ھی تو یہہ ھی کہ اُس میں شیخ ناسخ کے کلام کی مانند اثر درد نام کو بھی نہیں ھی — لیکن جابجا ایسی پر درد غزلیں بھی ھیں جنکو دیکھکر پھر طبیعت نہیں مانتی کہ انھیں ناسخ ثانی کہدیا جائے — مثلاً شہیدی کی ایک غزل ھی —

دلجوئی عشاق سے فرصت نہیں ملتی
یا ناز سے اپنے تمھیں رخصت نہیں ملتی

اس ردیف و قافیہ میں اُن کی جو غزل ھی وہ قیامت کی درد انگیز ھی ھم اس کے چند اشعار بطور نمونہ نقل کرتے ھیں *

۱ — طفلی کی جوانی میں بھی راحت نہیں ملتی
جو کھیل میں کھوئی ھی وہ دولت نہیں ملتی

۵ — دامیں هی کبھی دیر میں هی گاہ حرم میں
بهکا هی بہت جلوهٔ مستانه کسی کا

۶ — کعبه سے چلے آئے هیں میخانه کو بادل
پہونچا هی کہاں نعرهٔ مستانه کسی کا

۷ نیند آتی هی هر ایک کو آغوش لحد میں
شاید که اجل کہتی هی افسانه کسی کا

۸ — ساقی مئے دیدار دیئے جاے و لیکن
اتنی که نه لبریز هو پیمانه کسی کا

۹ — عاشق هوں منیر اپنے هی انداز سخن کا
وارفته کسی کا هوں نه دیوانه کسی کا

کهیں کہیں ایسے ایسے نئے مضامین ان کی غزلوں میں هیں جن میں دلچسپی کرت کرت کر بهری هی مثلاً ایک غزل " یوں عاشق شدن معشوق " میں لکهی هی اور اسی کے ساتهه دوسری غزل هی جس کا مضمون " خطاب به معشوق محبوب هی " — ان میں باوجود نوئی مضمون خوبی ترکیب کو بهی هاتهه سے نهیں جانے دیا هی فرماتے هیں *

۱ — میرے شیریں لبکو شوق صنعت فرهاد هی
تیشهٔ مایوس کو جانے مبارکباد هی

۲ — جب سے اس گل کے قدم برهے سرجوش جنوں
دست نازک بوسه گاه نشتر فصاد هی

۳ — علم انداز و ادا و دلفریبی بهول کر
مکتب الفت میں درس هرچه یادا باد هی

۴ — غم غلط کرتا هی وه دیوانگی سے اندنوں
جوش وحشت ضامن عیش دل ناشاد هی

۵ — هی کلیے کا هار اسکے آنسوئوں کا سلسله
غازهٔ رخسار گرد خاطر ناشاد هی

یا وہ اپنے کو میر علی اوسط رشک کا متبع بتاتا ھی — ان میں خیالات بھی نہایت نازک ھیں اور مضامین و ترکیب بھی نہایت صاف جنکے پڑھنے سے بے اختیار دل میں آتا ھی کہ اس رنگ میں منیر نسیم دھلوی کے ہم پلہ ھیں — اس موقع پر ھم اُن کی چند غزلیں نقل کرنے بغیر نہیں رہ سکتے *

۱ — بدمست خفتہ کا تھکانا کوے جاناں میں نہ تھا
خواب غفلت کا گذر چشم نگہباں میں نہ تھا

۲ — دیکھنا پیمانہ گردوں ھوا لبریز کب
جبکہ درد آشام کوئی بزم امکاں میں نہ تھا

۳ — لطف کی صحبت ندیکھی زندگی بھر اے اجل
مجمع دلچسپ اس خواب پریشاں میں نہ تھا

خوب کہا ھی ۴ — فصل گل میں عام تھا دربار سلطان جنوں
راندۂ درگاہ تھا اب کے جو زنداں میں نہ تھا

۵ — راہ و رسم خانۂ زنجیر کس سے پوچھئے
کوئی اگلے وقت کا دیوانہ زنداں میں نہ تھا

خوب کہا ھی ۶ — جادۂ میخانہ ڈھونڈتا راہ وحشت چھوڑ کر
کوچۂ خود رفتگی چاک گریباں میں نہ تھا

We have learned with deep regret the sad news of the untimely death at Rampore of Mr. Ziaullah Khan, B. A. He had been suffering from consumption since last year and although the decline in his health was quite apparent the death news have been quite sudden.

The deceased was a member of the school staff and Honorary Secretary and a member of the College Cricket. He was known as a most charming conversationalist and his death will be mourned by a large number of his friends.

On April 25 a meeting was held in the Strachey Hall to mourn over the sad loss and send condolatory messages to the bereaved family of the deceased.

The Cricket team will have a pleasent tour in the next month. Two matches have been fixed to be played at Kassauli and Simla. The club as a matter of fact could not afford to meet with the heavy expenses of a Simla Tour and therefore an appeal was made on behalf of Cricket. The list of donors will be published in our next.

SCHOOL NOTES.

By a mistake in the last number 43 was given as the number of candidates sent in for the Entrance Examination. It should have been 41.

The numbers of School students during this month have risen to 310.

—o—

Minhaj-ud-din of class viii has been given a scholarship of Rs. 3 a month as a reward for good and promising work.

—o—

The building of the new class-rooms is proceeding rapidly. The wall fronting the School Compound is also making progress; but there is plenty of space for more subscribers' names.

On Saturday April 20th a successful entertainment was given in the School by about twenty performers, who had been kindly helped and wached by Mr. Vines. The chief item on the programme was a play called "William Tell." We hope the performance will be repeated at a later date.

About 20 Rupees were taken as the price of tickets, and the whole amount was given to the Wall Fund.

PERSONAL.

—o—

Mr. and Mrs. Tipping left Aligarh for England on April 12, 1901. We wish them good health and safe return.

—o—

Syed Ashan Shah has been appointed Naib Tehsildar and posted to Bhognipore in the Cawnpore District.

In recognition of his services in the Famine works Ch. Mumtaz Hossain Naib Tehsildar Amballa was awarded a *khelat* and *Samad* in a Public Durbar held at Delhi on March 3.

— o —

M.A.-O. MEN IN ENGLAND.

We have learned with great pleasure from the Bombay Gazette Budget that Mr. Ahsanul Haque (the famous M. A.-O.

Cricketer) is given a trial to play for Middlesex in the present Cricket season. Prince Ranji too, is one of the members.

Messrs. Hyder Hassan and Abul Hassan have left the College to study Law in England. We wish them every success.

A NEW BOOK.

We acknowledge with thanks the receipt of a copy of Madan-i-Tehzib a valuable treatise on English and Hindustani etiquette. The book will be reviewed in our next.

Siddons Union Club.

Since I submitted my last report, I am glad to say that the Club has been at its fullest swing in point of it usual routine. It has also been singularly fortunate to have had the privelege of having been visited by H. E. Lord Curzon, the Viceroy and Governor-General of India, an occasion which will remain an ever-to-be-remembered record in the annals of this institution. The beginning of a new College Sessions has brought in a fresh influx of members who, it is none the less gratifying, have already begun to display an unusual amount of zeal and energy in all affairs tending to the improvement and wel-fare of the Club.

We shall now give a fuller account of the Debetes held and the other work done during the last month.

Debates.

A very interesting proposition was brought forward by Mr. Abu Muhammad on Saturday the 30th March 1901. It ran as follows:—In the opinion of this House public spirited students of a fair university career are more useful to the community

than those who confine themselves to their books and aim at academical distinctions only."

The motion had to be dropped however.

On the 6th of April a set of Extempore Debates was held to test the Impromptu speaking power of the members. The scheme of the Debates was very abley drawn up by Mrs. L. Tipping who also offered a prize to the most successful speaker of the evening. The subjects were kept secret and the pairs of proposers and opposers were decided by lot. The proposers were given a choice of taking up one out of two subjects which fell to their lot. It would be long and tedious business to give the details about each subject, we would therefore content ourselves with the giving of a list of the propositions discussed with the names of proposers and opposers.

	Proposition	Speakers
I.	War is injurious to human interests.	Prop.—Abdul Kadir Opp.—Abu Mahomed.
II.	Sword is mightier than pen.	Prop.—Captain Abdul Majid Khan Opp.—Fazul Hasan.
III.	The study of Literature is better than that of Mathematics.	Pro.—Wajid Hosein Opp.—Raza Ali.
IV.	Ghosts are delusives.	Prop.—Captain Ali Hassan Opp.—Abdul Ghani.
V.	No education which is not directly useful should be encouraged.	Prop.—Wahid Hossein Opp.—Md. Yaqub.
VI.	Learning is preferable to wealth.	Prop.—Mahomed Sibtain Opp.—Tafir-ud-din.
VII.	In education alone is the regeneration of the Mahomedans of India.	Prop.—Md. Hyat B. A. Opp.—Shamsuzzaha.
VIII.	Examinations are an unnecessary evil.	Prop.—Mustafa Hossein Opp.—Mahomed. Ashraf

At the end of the Debates Mr. Tipping announced that Mrs. Tipping approved Mr. Abu Mohammad's speech best, both

with regard to the points it raised and also the English which as he was good euough to remark was "axceedingly good." The prize book was then awarded by the kind lady to the winner amidst loud cheers. We are very thankful to Mrs. Tipping who along with her worthy husband takes a keen interest in all affairs of the Union.

The old order set in again on the 13th of April when our great orientalist Maulana Fazl-ul Hasson proposed in Urdu that

" مشرقي شاعري كو مغربي شاعري پر فضيلت هے "

The proposition was carried by an over-whelming majority of 43 votes.

The subject of a Mohammadan revival in India which was favourably passed by two different tribunals in our House last year was once more put on the debating anvil by Mr. Abdul Kadir on the evening of Saturday the 20th April 1901. "Mahomedans of India will never rise again." The opposition was very ably led by Mr. Abdul Majid Khan, Captain of the Football Club, who was supported by a full eleven of oppositionists, while only two spoke for the motion, which was therefore easily kicked out of the House by a majority of 25 votes.

We are indebted in particular to Dr. Zia-ud-din Ahmed whose excellent speech threw great light on the subject, and truly represented the opinion of the House.

On the evening of the 23rd April the day of the Viceroy's visit to our College we held a debate in honour of His Excellency's visit to which all the guests who had come to Aligarh to witness the grand occasion were invited. Among those who adorned the meeting were Nawab Mohsin-ul-Mulk, Sirdar Md. Hayat Khan, K. B. Barkat Ali Khan, K. B. Mirza Shujaat Ali Beg, Nawab Mahmood Jan and many other persons of rank too numerous to mention. T. Morison Esquire was in the chair. Mr. Sajjad Hyder B. A. proposed that in the opinion

of this House "the rising generation has done less and promises less for the welfare of the nation than a few old gentlemen who have devoted their lives to the cause of Mahomdans but yet who do not boast of having acquired modern education." The proposition had created a peculiar sensation among the old Boys, present at the occasion, who it may well be supposed were the chief party charged. It is needless to comment on the well-worded and excellent speeches of the proposer and the oratorical reply made by another distinguished speaker of the Union Mr. Mahomed Hyat, B. A. the leader of the opposition. A complete list of the speakers for and against the motion is given below :—

For.	Against.
Mr. Sajjad Hyder B. A.	Mr. Mahomed Hyat B. A.
Kh. Ghulam-us Saqalain B. A., LL. B.	" Zain-ud-din, M. A., Deputy Collector.
T. Morison Esquire.	" Ahmad Ali, M. A., Deputy Collector.
Mr. Zarif Mahomed.	" Abdul Majid Khan.
" Wajid Hussein.	

The voies being equal the proposition was dropped by the casting vote of the Vice-President then in chair. We are extremely obliged to our guests and especially to the Old Boys who took part in the Debate and proved that although their College life has long been over, they are yet at heart only too ready to taste of the past joys when opportunity affords itself to them.

THE VICEROY'S VISIT TO THE UNION.

The report could not be wound up better than with an account of LORD CURZON'S gracious visit to our institution

We regard it a very great mark of favour and encouragement indeed, on the part of the illustrious ruler of the land to have condescended to honour our Club by his visit and we shall

never forget the kind sympathy and keen interest shown by His Excellency on seeing it. The interior of the Club was decorated in a simple unostentatious manner while the outside of it was most richly and tastefully adorned with flowers wreaths and various other devices. A shade of leaves was very artistically made. It was 180 ft. long and presented the scene of a natural bower. A large gate with tree entrance doors was made and painted in a bright green colour. At the main door there was hung a most beautiful "welcome" with the words "LORD CURZON" very ingeniously made into the pattern of a very lovely-looking flower. The shade was decorated with beautiful small flags and a large Union Jack fluttered majestically on the top of the Gate. The hanging flower pots added largely to the beauty of the shade, which was lined with long prices of red *Banat* cloth.

His Excellency stepped into the shade at about 5 P. M. accompained by our President Mr. Theodore Morison and others. The mumbers of the Cabinet and ex-officios waited at the outer verandah in two rows to receive and show him in. The Viceroy was pleased to put several questions relating to the procedure and work of the Club, and what was even more gratifying than the rest he desired the Honorary Secretary to show him the Proceeding Book. His Excellency looked over somereports of the Debates, and other meetings.

In conclusions, I congratulate the members of the Union upon the honour that has been done to their institution by H. Excellency's visit and express my fervent hope that by the kind encouragement of such illustrious visitors our Club will very soon be in a position to shake hands with its name sakes at Cambridge and Oxford after which it was modelled.

I have also to thank Mr. Ali Akhtar a new and very zealous member of our Union who designed the beautiful

" Welcome" on the gate for the occasion of H. Excellency's visit.

MOHAMMED FAIQ,
Honorary Secretary,
S. U. Club.

CORRESPONDENCE.

To the Edior

Sir,—I wish some one would try to put some new life into the working of the Duty Shop, and especially in the matter of keeping books in Stock. I do not refer only to class books, but I should like to see a good supply of Standard English works kept, suitable for private reading, and for the attainments of the students of the upper part of the school. There is nothing calculated to do their English more good than a regular habit of wide reading. I am trying to encourage this in a humble Entrance Class Reading Club; but one hour a week cannot do more than put the desire for books into the boys' hearts; and indeed if this is accomplished the rest is easy. There are cheap *editions of Stevenson's Treasure Island, of Robinson Crusoe, and* of Kingsley's Westward Ho!, and here is a list of more, published by Blackie and Son, price 12 annas each :—

Goldsmith 's Vicar of Wakefield.
Miss Austin's Northanger Abbey.
Marryat's Childern of the New Forest.
Scott's Talisman.
Cooper's The Pathfinder
Miss Milford's Our Village

These are well within the reach of all above, say, the IXth Class, and a Course of such literature (we will not say "study" for the word seems linked to the gaining of "marks") would go

far to raise the standard of intelligence and to increase general interest in life.

I am Sir,

Yours &c.,

J. R. Cornah.

——o——

EDITOR'S NOTICE.

We apologize for the late appearance of our present issue and the subsequent one. We could not help it. Certain circumstances of unavoidable nature have caused this delay. We trust, however, to issue the July number in time.

پانچ کتابیں شرقي طبعیات و غربي طبعیات اور اُن پر محاکمات اور اهل یونان کي طبعیات کي تاریخ اور مسلمانوں کي طبعیات اور تمدن کي تاریخ سب طبعیات سے متعلق هیں جن کے مطالعه سے یهه معلوم هوگا که هندو — مسلمان — عالموں کے دماغ میں یهه خیال جو سما رها هی که جس علوم طبعیات کي ترقي کا غل و شور یورپ میں مچ رها هی وه همارے هي علوم کا سرقه و صدقه هی — وه جهالت اور حماقت و تعصب پر مبني هی دونوں شرقي و غربي طبعیات کا مقابله کرکے اور تاریخ لکهه کے اور پهر ان پر محاکمات لکهکر بتلایا هی که ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق هی — حال کي طبعیات کے سامنے پہلے طبعیات کي کچهه اصل نهیں — دونوں کے اُصول هي جدا گانه هیں *

اب ایک اور کتاب سائنس و مذهب کي بزم و رزم هی جس کا مضمون ضروري ایسا هی که مذهب کے متعصبین کے نزدیک تو کوئي اور مضمون اُسکي برابر ملعون نهیں مگر وه بڑا ضرور هی اور دلچسپ هی — اس کتاب سے طلبه کو معلوم هوگا که مذهب اور سائنس میں کیا کیا رزم آرائي هوئي هی — اور جب دونوں میں کوئي ایک اپني حد سے پرے نکل کر لڑا هی تو اُس نے شکست پائي هی — سائنس کو مذهب سے ایسا تعلق هی که سائنس کے بغیر مذهب اچهي طرح سمجهه میں نهیں آسکتا — جسقدر سائنس کي ترقي هوتي جاتي هی — اُسیقدر مذهب فضول ناپاک آلائشوں سے پاک هوتا جاتا هی — ان دونوں میں غلط فهمي سے جو لڑائیاں هوتي تهیں وه روز بروز کم هوني جاتي هیں اور عنقریب زمانه آنے والا هی که مهذب قوموں میں مذهب اور سائنس دونوں متحد هوجائینگے — اور مذهب کي بنیاد سائنس پر قایم هوجائیگي جس کے سبب سے کبهي کوئي خلل اُس میں نهیں آئیگا *

یهه کتابیں نه قصه کهاني کي هیں — نه صرف نحو کے قواعد میں هیں که جنکو پڑهتے اور سمجهتے چلے جائیں — یهه کتابیں بالکل عقل و دماغ سے متعلق هیں وه مشکل سے سمجهه میں آتي هیں مگر ان میں جو کچهه لکها هی وه سچ هی اور بالکل سچ هی — سواء سچ کے کچهه اور نهیں هی جو سچ کو عزیز رکهتا هی وه ضرور ان کتابوں کو پڑهیگا جس شخص کو اِن کتابوں کي خریداري منظور هو وه درخواست اس پته پر بهیجدے *

محمد عطاءالله دهلي چیلوں کا کوچه

بہت افسوس ھے اگر ان سے یہاں کے لوگ بالکل محروم رھیں - اول تین اکسیر دولت و کیمائي دولت و فلسفہ سیاسیہ و مالیہ پولیٹکل سائنس یعني علم سیاست مدن کے بیان میں ھیں — ان کے پڑھنے سے معلوم ھوگا کہ انقلابات زمانہ کي تاریخ میں یہہ ایک انقلاب عظیم بڑا حیرت فزا مطالعہ میں آتا ھی کہ پہلا زمانہ جو گذرا ھی اس میں جو قومیں علم و ھنر و تعلیم و تربیت و شایستگي و تہذیب میں - اپنا علم بلند کرتي تھیں اور سطوت و حشمت و شان و شوکت عظمت و حکومت و تسلط میں اپنا سکہ جمانی تھیں — وہ تلوار چلا کے ملکوں کے فتح کرنے اور غیر قوموں پر حکومت چلانے اور پرائي دولت کو اپني دولت بنانے کو اپنا منفاد شرافت اور سرمایہ دولت جانتي تھیں — زراعت کي تو کچھہ قدر کرتي تھیں مگر تجارت کے پیشوں اور صنعت کے حرفوں کو ایسا ذلیل و رذیل سمجھتي تھیں کہ اُن کے ھمسایہ سے دور بھاگتي تھیں اور کمینے رذیل قوموں اور غلاموں سے انکو مخصوص کرتي تھیں- چنانچہ ھم دیکھتے ھیں کہ ھندوستاني شرفاء اھل حرفہ و پیشہ‌بنے کو کیسي اپني کسر شان جانتے ھیں کیا تو زمانہ کا یہہ حال تھا یا اب اس کے بالکل برعکس یہہ حال ھی کہ جو قومیں دولت مند صاحب علم و عمل و ھنر مند و مہذب ھیں اور تعلیم و تربیت میں کمال اور سلطنت و حکومت میں جاہ و جلال رکھتي ھیں وہ تجارت و صنعت کو سلطنت و حکومت سے بہتر جانتي ھیں — اُنہوں نے یہہ علم مدون کیا ھی جس کا موضوع دولت ھی - اور نہایت تحقیق و تدقیق و تفتیش و تفحص و تصفح کرکے اور بال کي کھال نکال کے وہ اُصول و قوانین دریافت کیئے ھیں جن کے موافق ایک قوم دوسري قوم سے زیادہ دولتمند و مرفہ‌الحال ھوتي ھی — مفلسوں کي تعداد حتي‌الامکان گھٹتي ھی - ھر شخص اپنے کام کي مزد خاطر خواہ پاتا ھی اور باسلیقہ محنت سے اپنے اوپر دولت کا دروازہ کھولتا ھی اور افلاس کو گھر سے نکال کر جلاء وطن کرتا ھی بس ایسے علم کے مطالعہ سے زیادہ بکار آمد کونسا علم ھوسکتا ھی ان تینوں کتابوں کے پڑھنے سے طلبہ کو معلوم ھوگا کہ آج کل اھل یورپ کیونکر اپني دولت بڑھا رھے ھیں — اور ھم کیونکر مفلس ھو رھے ھیں وہ اپني ھي دولت نہیں بڑھاتے بلکہ دنیا کي دولت بڑھاتے ھیں *

نئي نئي كتابون نئے نئے مضامين

مصنفه خان بهادر شمس العلماء مولوي محمد ذكاءالله فيلو الهآباد يونيورسٹي

نمبر	نام كتاب	قيمت في جلد	محصول	كيفيت
۱	اكسير دولت	۸/	۱/	قوموںكي دولت كے گھٹنے بڑھنے كے أصول
۲	كهمائے دولت	۸/	۱/	ايضا
۳	فلسفة سياسيه و ماليه	۶/	۰/	دولت و سلطنت كے متعلقات كا بيان فلسفيانه
۴	شرقي طبعيات كي ابجد	۴/	۰/	فن جسميات كا بيان علوم طبعيه شرقيه ميں سے
۵	غربي طبعيات كي ابجد	۴	۰/	علوم طبعيه غربي كے مبادي كا بيان
۶	شرقي غربي طبعيات پر محاكمات	۲/	۰/	دونوں غربي و شرقي طبعيات پر محاكمات
۷	اهل يونان كي طبعيات كي تاريخ	۴/	۰/	يوناني طبعيات كا حال لكها هى
۸	اهل اسلام كي علوم طبعيه كي تاريخ	۴/	۰/	اهل اسلام كے علوم طبعيه كا بيان
۹	سائنس و مذهب كي بزم و رزم	عمر/	۱/	مذهب اور سائنس كي مخالفت و موافقت كا بيان

ان نو كتابوں ميں اكثر مضامين ايسے هيں جو أردو زبان ميں اس سبب سے كمتر لكهے گئے هيں كه وه درس و تدريس ميں جاري نهيں هيں — اور لوگوں كو أن كا شوق و مذاق نهيں هى — اسي ليئے ان كتابوں كي صرف سوا سو جلديں چهپوائي گئي هيں جس كے سبب سے ان كے چهپوانے ميں صرف زيادة هوا هى مگر ان كي قيمت ان كي لاگت كے قريب قريب ركهي گئي اپني منفعت كے سبب سے قيمت پر كچهه اضافه نهيں كيا گيا هى — يهه كتابيں ان علموں كے هيں جن پر آج مهذب قوموںكو فخر و نازو مباهات هى

فاسفورس و ڈمیانہ کی کمپونڈ گولیاں

جو کارخانہ اے پلومر اینڈ کمپنی لاہور و شملہ میں تیار کیجاتی ہیں

ان گولیوں میں فاسفورس اکسٹرکٹ کوکا - اکسٹرکٹ ڈمیانہ — اکسٹرکٹ کیفے بس انڈیکا سب برٹش فارمیکو پیا کے مطابق ملائے جاتے ہیں — صرف خالص فاسفورس ۱/۲۰ گرین ہوتا ہی *

جس عمدہ صورت میں فاسفورس ان گولیوں میں داخل کیا گیا ہی - وہ پیش از وقت کمزوری کا نہایت مفید علاج تسلیم کیا گیا ہی - تمام ڈاکٹر اس کو سالہاے گذشتہ میں بڑی کامیابی سے استعمال کرتے رہے ہیں -- کوکا اور کیفے بس انڈیکا - اعصاب پر کامل اثر کرتے ہیں - غرض ان تمام اجزا کو مرکب کرکے یہہ گولیاں بنائی گئی ہیں - امراض مندرجہ بالا کے لیئے کوئی اور نسخہ ان سے بہتر نہیں ہوسکتا *

خوراک - ایک ایک گولی دو یا تین دفعہ دن میں کھانے کے ساتھہ یا فوراً کھانے کے بعد استعمال میں لانی چاہیئیں یا دو دو گولیاں دو دفعہ روزانہ استعمال کرنی چاہیئیں - اگر ضعف بدنی بدرجہ کمال ہو تو دو دو گولی تین دفعہ روزانہ استعمال کرنی چاہیئیں *

قیمت صمہ ۱۰/ چوبیس گولیوں کی ڈبیا کی — اور للعہ چھہ در جن گولیوں کی بوتل کی *

مرکب عرق ڈمیانہ

جس میں خالص فاسفورس ۱/۲۰ گرین اور اکسٹرکٹ آف ڈمیانہ و کوکا و کچلا اور خوشبودار اجزا ہر ایک خوراک میں کامل طور پر تحلیل ہوگئے ہیں *

خوراک — ایک چمچہ چاے یا ۶۰ بوند تھوڑے پانی میں ملاکر دو یا تین مرتبہ کھانے سے نصف گھنٹہ بعد استعمال کرنا چاہیئے — فائدہ اور استعمال اس کا مثل مذکورہ بالا گولیوں کے ہی مگر اس مرکب کے بنانے میں کیفے بس انڈیکا کے بجاے جو ہماری مشہور مذکورہ بالا گولیوں میں ہی نکس و امیکا ملایا گیا ہی - اور یہہ ضعف عضلاتی کی بیماریوں میں نہایت مفید پایا گیا ہی *

قیمت فی بوتل مصامہ ۸/ علاوہ محصول *

المشتہران

اے پلومر اینڈ کمپنی دوا فروشان لاہور و شملہ زیر سرپرستی نواب گورنر جنرل بہادر کشور ہند *

سرمہ میوا کراماتی

ممیریکا سرمہ کوئي عام چیز نہیں هی جو هر ایک آدمي کو میسر
هوسکے اور هر ایک شخص اسکي شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر بوٹي هی
جسکي تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونان اسکي توصیف
میں همزبان هیں — یہہ نئي ایجاد نہیں بلکہ هزاروں برسوں کا لاکھوں
طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا هی جو خصوصیت سے امراض چشم کے
ازالہ میں موثر و مفید هی — همنے اپنے مطب میں تیس سال تک
هزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلي هوا تو یہہ جرات کي — اور
سالها سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید اور
سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر هونا ثابت هوا هی — حضرات سرمہ کراماتي
اخباري طبیبوں یا عطائي لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر اور
حکیم هی جو سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررها هی اور یوناني و ڈاکٹري
باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزي سے اعلی درجہ کي سند حاصل
کرچکا هی اور آنکھوں کي تشریح — علاج امراض سے بخوبي واقف هی
افسوس هی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سي نعمت کي قدر
نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کي دوائیاں استعمال کرتے هیں جو بالکل یوناني
اور ڈاکٹري علم سے بے بهرہ هیں — حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کي تشریح
بیماریوں کے اسباب پیدایش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے
هاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت ناداني نہیں تو کیا هی
اور اس ناداني کا لازمي نتیجہ یہي هونا چاهیئے کہ امراض چشم ایک
سے دو اور دو سے دوکھہ نیا پیدا هو — حضرت شیخ سعدي علیہ الرحمۃ نے
ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلپذیر حکایت لکھي هی جسکا فقرہ یہہ
هی کہ : — اگر کور نبودے پیش بیطار نمیرفتے *

قیمت في تولہ (۱۲ ماشہ) دو روپیہ

اندهیر هی — بعض لوگ فرضي نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کرتے
هیں — ناظرین کو چاهیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھکر
دیکھہ لیں کہ واقعي اس نام کا کوئي فرضي عهدہ دار هی یا نہیں — بعض
لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے هیں ان کے سچ جھوٹ کي تصدیق
ان کے وارث اور ملازم کرسکتے هیں *

حکیم ڈاکٹر غلام نبي زبدۃ الحکماء چشتي قادري ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت
لاهور موچي دروازہ *

شاهزادے حارث ابن حشام کا حکم پاتے هي وہ موقع سے تیار هوکر کھڑے هوگئے اور ایسا جي توڑکر حمیریوں پر گرے که خود شماس ابن ابي الجوزن جو نعمان کے هراول فوج کا سردار تھا سامنے نہیں ٹھرسکا – وہ پیچھے هٹا اور هٹکر ابن منذر کي فوج سے ملگیا اور حمیري اب کل فوج کے ساتھہ بنو اسد پر حمله آورهوئے – یہه مقابله نہایت سخت تھا۔ابرها ابن ابي ثعلب جو شماس ابن ابي الجوزن کےساتھه تھا اور ابن شمراپني دو دستي تلواروں سے اس طرح لڑے که اُن کي قوم کي عورتوں نے مدتوں اپنے گیتوں میں گایا هوگا — ابن ثعلب نے زور سے چلاکر حارث ابن حشام کو مبارز طلب کیا لیکن بہادر اسدي ابو سلمه کے مقابله میں بہت تھک گیا تھا اس لیئے اُسنے اس مقابله کو کسي دوسرے وقت پر ملتوي رکھا *

اس حالت میں جبکه تمام میدان کشتوں سےبھرا هوا تھاحمیریوں کي ایک جماعت قلب فوج سے علحدہ هوکر اسدیوں کي ایک جماعت کے ساتھه لڑتي هوئي الگ هوگئي – اس وقت بنو اسد میں صرف ایک شخص تھا جو کسي طرف لڑتا نہیں معلوم هوتا تھا اور میدان سے الگ کھڑا تماشه دیکھه رها تھا که حمیریوں کے چند آدمیوں نے اسے دور سے بنو اسد کیطرف اکیلا کھڑا دیکھا – پہلے تو اُنہیں کچھه تعجب هوا که یہه شخص الگ کیوں چپ چاپ کھڑا هی جبکه اس کي قوم لڑائي میں مصروف هی — بہر حال اُنہوں نے اسے بھي بنو اسد میں سے تصور کرکے پکڑلیا اور اُس کے کہنے کا کچھه بھي خیال نہیں کیا اور پکڑ کر اپني فوج کے ساتھه لیگئے *

اس وقت شام هوگئي تھي اور لڑائي کا شور کم هوچلا تھا دونوں قوموں نے لڑائي کو ختم کیا اور اپني اپني فرودگاہ پر لوٹیں – بنو اسد اپنے زخمیوں کو لیئے هوئے کامیابي کي خوشي کے نعرے مارتے هوئے عکابه کے اندر داخل هوئے اور جس وقت که اس لڑائي کا هیرو اپنے وفادار سیاہ گھوڑے پر عکابه کے پھاٹک کے اندر غایب هوا تمام میدان اور پہاڑ تاریکي میں چھپ گئے تھے *

اور اُس کے ساتھي اب ان لوگوں سے لڑنے لگے - جوانمرد سپاهي ولید جو کبھي لڑائي میں نہیں گھبراتا تھا یہہ حالت دیکھکر یاس اور ناامیدي میں لوگوں سے کہنے لگا کہ " اب همارا وقت آ پہونچا - تمام عرب پر اپني بہادري کا نقش جماکر همیں یہیں کٹ جانا چاهیئے " - اُس کي زبان سے ابھي یہہ الفاظ نکلنے بھي نہیں پائے تھے کہ کچھہ غبارسا دکھائي دیا - ابو سلمہ ولید کے ایک سردار نے گردن اوٹھاکر بہت سے حمیري سواروںکو اپني اپني مدد کے لیئے آتے دیکھا اور خوش هوکر کہنے لگا کہ " اب هماري مدد آگئي گھبرانا نہ چاهیئے " وہ یہہ الفاظ کہکر پھر لڑائي کي طرف جھکاهي تھا کہ اُس کي نظر شہزادے حارث ابن حشام کے سیاہ گھوڑے پر پڑي جو اُس کے سامنے آ پہونچا تھا — ولید سردار کے دل میں آج تک شاید کسي لڑائي میں هراس نہ پیدا هوا هوگا مگر اپنے مقابل اُس شخص کو دیکھکر جو ابو ضحاکہ جیسے سردار کا قاتل تھا اُس کا بدن ٹھنڈا پڑگیا اور اپنے دل میں کہنے لگا " نہ معلوم کونسي بلااسکي تلوار میں هي خدا اُس سے بچائے میں آجتک کبھي کسي کے مقابلہ میں نہیں رکا تھا " اس خیال کے ساتھہ اُسکي غیرت نے جوش مارا اور وہ بھي گھوڑا بڑھاکر نوجوان اسدي کے مقابل هوا لیکن شہزادے کا گھوڑا جو اُس کے مقابلہ کے لیئے بڑھا تھا لاشوں سے ٹھوکر کھاکر خون میں پھسلا اور شاهزادہ بالکل نیچے گر پڑا - حمیري کا وار جو چل چکا تھا اوچھاسا کسیقدر اُس کے عمامہ پر پڑا — ابو سلمہ یہہ سمجھا کہ میں نے دشمن کا کام تمام کیا اس لیئے جھوم کر بولا " میں هوں حارث ابن حشام سردار بنو اسد " وہ یہیں تک کہنے پایا تھا کہ اُس کا گھوڑا لڑکھڑاتا معلوم هوا کیونکہ اسدي کي تلوار نے اُسکا پیٹ چاک کردیا تھا- گھوڑے کے ساتھہ هي اُس کا سوار بھي گرا اور دونوں اسدي اور حمیري زمین پر خون میں لت پت هوگئے - اس اثناء میں حمیري کے سر پر جو گرمي کي وجہہ سے ننگا هوگیا تھا ابن حشام کا خنجر پڑا - اپنے دشمن کو قتل کرکے شاهزادہ پھر اپنے گھوڑے پر جو چپ چاپ اُس کے پاس کھڑا تھا سوار هوا اور دشمنوں کے بیچ میں غایب هوگیا *

لڑائي ابھي ختم نہیں هونے پائي تھي کہ دور سے خود نعمان ابن منذر معہ کل فوج کے آتا دکھائي دیا اسدي بھي جن کي اب اور مدد آ پہونچي تھي ان نئے دشمنوں کے مقابلہ کے لیئے بالکل تیار تھے - اپنے سردار

حقیقت میں یہہ اک بڑا خوفناک مقابلہ اور اب اور زیادہ خوفناک ہوگیا کیونکہ حمیریوں میں اپنے سردار کے مارے جانے کی وجہہ سے نہایت جوش پھیلا ہوا تھا — اُنہیں کسیقدر تعجب بھي تھا کہ کسطرح سے اتنے اسدیوں نے اپنے تئیں اتنے چھوٹے درے میں چھپا رکھا تھا — بنو اسد کے تمام پیدل اور سواروں نے سردار ولید کے ساتھیوں کو گھیر لیا مگر حمیری بھي نہایت زور کے ساتھہ مقابلہ کر رہی تھے اور کسیطرح قدم ہٹانے کا نام نہیں لیتے تھے — ان کے بیچوں بیچ شہزادہ حارث ابن حشام تنہا اپنے سیاہ گھوڑے پر کھڑا لڑ رہا تھا *

سردار ولید نے انتہاے نا اُمیدي میں یہہ خیال کیا کہ جسطرح ہو لڑ بھڑ کر اپنا بھي یہیں خاتمہ کردے لیکن لڑائي سے ایک قدم بھي نہ ہٹے اس لیئے اُس نے اپنے لوگوں کو اور جوش دلایا اور خود بھي نہایت استقلال سے دشمنوںکے بیچ میں کھڑا لڑتا رہا یہہ ابو ضحافہ کي طرح بھاري جسم کا نہ تھا مگر اس کي تلوار کا شہرہ تمام حمیر میں تھا اور ابن شمو اور ابرھا ابن ابي ذعلب کے بعد یہي سمجھا جاتا تھا اور کمال بہادري کے ساتھہ قدم زمین پر گاڑے ہوئے ایک شیر کي طرح جسکو بھاگنے کي کوئي جگھہ باقي نہیں رھي ہو وہ اسدیوں سے مقابلہ کر رہا تھا کہ یکایک ہوا کا ایک بگولہ آیا اور میدان کي ریگ میں دوست دشمن سب چھپ گئے — تھوڑي دیر میں جب ہوا صاف ہوئي تو اُس کي نظر حارث ابن حشام کے سیاہ گھوڑے پر پڑي جو اُسي کي طرف آرہا تھا — بہادر شہزادے کے ہاتھہ میں وہي نازک اور مصقل تلوار تھي اور اُس کي آستین کہنیوں تک لپٹي ہوئے تھي — سردار ولید اپنے ایک افسر کے قاتل کو اپني طرف آتے دیکھکر غصہ میں اُس کے مقابل ہوا شہزادے نے اُس کي بھاري تلوار اپنے اوپر دیکھکر اپنے گھوڑے کو جو اشاروں پر کام کرتا تھا ایڑ لگاکر دشمن کي بغل کے نیچےلا پہونچایا اور اپني تلوار کا ایک ستا ہواہاتھہ دشمن کي کمر پر جو اُسوقت خالي تھي مارا ولید اگر فوراً ہٹ کر ڈھال کو سامنے نکردیتا تو ابو ضحافہ کي طرح فوراً دو ٹکڑے ہوکر زمین پر پڑا ہوتا مگر اُس نے نہایت پھرتي سے ہٹکر دشمن کے اس وار کو ڈھال پر لیا اور خود نیزہ لیکر مقابل ہوا حمیري اپنے افسر کو اس حالت میں دیکھکر سب کےسب ایک ساتھہ ٹوٹ پڑے اور اس طرح اُن کے بہادر سردار کي جان بچ گئي — ابن حشام

طرف پھیر کر ایک دفعہ اس تیزی سے ابو ضحافہ پر نیزہ کا وار کیا کہ اگر وہ سمبھل کرفوراً ھی تھال کو سامنے نکردیتا تو بس خاتمہ ہوگیا ہوتا - وار کو روک کر حمیری سنبھلا اور اپنا بھی نیزہ لیکر حملہ آور ہوا حارث ابن حشام نے اپنی چھوٹی اور ہلکی تھال پر ابو ضحافہ کے بھاری نیزے کو لیا اور خود اپنا نیزہ دوبارہ اوٹھاکر دشمن کے خود میں ایسا تاک کر مارا کہ صدمہ سے گھوڑے کی پیٹھ سے گرپڑا — لیکن قبل اس کے کہ ابن حشام اُسے اسی حالت میں پکڑے وہ سنبھلا اور نیزے کو پھینک کر ایک پتلی اور نازک لیکن جوھر دار تلوار ھاتھہ میں لیکر اسدی پر حملہ آور ہوا - حارث ابن حشام کی بھی تلوار ساتھہ ھی ہوا میں نظر آئی اور اس سرعت کے ساتھہ متواتر وار ہوتے رھی کہ ایک چمک کے سوا اور کچھہ نہیں معلوم ہوتا تھا — تھوڑی دیر تک دونوں اسیطرح لڑتے رھی اور اشعار رجز دونوں کی زبانوں پر جاری تھے اور اپنے اپنے قبیلوں اور خاندانوں کا نام لے لیکر لڑتے جاتے تھے *

یکایک وہ تھر گئے اور اس ارادے میں تھے کہ سستاکر دوبارہ لڑائی شروع کریں کہ موقع پاکر فوراً اسدی نے اپنے گھوڑے کی باگیں ڈھیلی کردیں اور بہادر وفادار گھوڑا اپنے مالک کا اشارہ سمجھکر ھنھناکر نہایت زور سے حمیری پر حملہ آور ہوا - ابو ضحافہ نے یہہ دیکھتے ھی تلوار کا وار کیا اور کاوہ دیکر اپنے گھوڑے کو الگ کرلیا - ابن حشام تلوار کے وار سے بچنے کے لیئے رکا اور کسیقدر اپنے گھوڑے کی گردن پر جھک گیا اور قبل اس کے کہ حمیری اپنے وار کا لنگر سنبھالے ابن حشام نہایت سرعت کے ساتھہ اُس کی خالی بغل کے نیچے جا پھونچا اور ایک نازک و برق وش تلوار اس زور سے حمیری کی گردن پر پڑی کہ صراحی دار گردن نے شانے - اور پسلیوں کو کاٹتی ہوئی نکل گئی - حمیری کے مہنہ سے ایک لفظ بھی نہ نکلا اور وہ دو ٹکڑے ہوکر گھوڑے پر سے گر پڑا اور اُسی وقت داھنی طرف سے یہہ آواز گونجتی ہوئی سنائی دی کہ " میں ہوں بنواسد کا نوجوان اور بنو حمیر کے سردار کا قاتل " - ایک خوشی کا نعرہ اسدیوں کے مہنہ سے نکلا اور بڑے جوش کے ساتھہ صرف تلواریں ھاتھہمیں لے لیکر وہ دشمنوں پر گرے *

جاري تھي — اسدیوں کي ایک بہت بڑي جماعت جس طرح کوئي زور دار چشمہ پہاڑ کے کسي کونے سے جوش مارتا ہوا نکلتا ہی اور پھر تمام میں پھیل جاتا ہی جبل العاشر کے اُس درے سے ننگے تلوار ہاتھوں میں لیئے — کمانیں کندھوں پر ڈالے نکلتي دکھائي دي — ابھي یہہ لوگ نکلکر سنبھلنے بھي نہیں پائے تھے کہ سردار ولید اپنے سپاھیوں اور سواروں کے ساتھہ اُن پر حملہ آور ہوا — لیکن دشمن بھي اب مقابل تھا ایک ھي حملہ میں بہت سے اسدي اور حمیري نیزوں سے چھدے ہوئے زمین پر نظر آئے دونوں طرف کے سردار اب اپني اپني فوج کے وسط میں اور زیادہ استحکام کے ساتھہ جمگئے اور لڑائي اور زور سے ہونے لگي اسي اثنا میں لڑائي کي آواز سنکر اور زیادہ حمیري سوار اور پیادہ آگئے جن میں سب سے آگے ابن شمر کا نیزہ ہوا میں ہلتا ہوا معلوم ہوا اس مدد نے حمیریوں میں اور اُسطواري پیدا کردي اور سردار ابو ضحافہ بازوے فوج سے نکلکر مبارز طلب ہوا اور بنو اسد کي جانب سے ایک سوار نہایت تیزي کے ساتھہ ابو ضحافہ کے مقابل ہوا — اُس کے بدن پر ایک ہلکي سي زرہ تھي اور سر پر صرف ایک عربي طرز کا عمامہ تھا جس کي سفیدي آفتاب کي کرنوں میں چمکتي معلوم ہوتي تھي کمر میں ایک پٹکہ بندھا تھا اور بائیں ہاتھہ میں ایک ہلکي سي ڈھال تھي - اسدي نے اپنے لمبے اور لچکدار نیزہ کو جو دھنے ہاتھہ میں تھا جھکاکر اور اپنے بالکل سیاہ گھوڑے کو ایڑ لگاکر حمیري کے نکاور مارا — اس صدمہ سے دونوں سکوت کي حالت میں تھوڑي دیر تک کھڑے رھے *

سردار ولید نے اس حملہ آور کو دیکھکر بیتابانہ کہاکہ " ابو ضحافہ تیرے باپ کي روح تجھے بچائے — سیاہ گھوڑے والے سے سنبھل کو لڑنا " کیونکہ جسوقت اُس کي نظر حارث ابن حشام کي ڈھال اور اُس کے سیاہ گھوڑے پر پڑي وہ خوف سے تھرا گیا اور اپنے سردار کو ایک ایسے کے مقابل دیکھا جس کي بہادري کي دھاک تمام حمیریوں میں بیٹھي ہوئي تھي *

بہادر حمیري نے جسوقت اسدي کو اپنے قریب پہونچتے دیکھا تو یکایک مڑ گیا اور اپنے گھوڑے کو کاوہ دیکر زور کے ساتھہ اُس پر حملہ کرنا چاھتا تھا کہ اسدي نے فوراً اُس کا مطلب سمجھکر اور اپنے گھوڑے کو ایک

ایک غنیم پر حملہ کرتے ھیں - اسي لیئے باتیں کرتے ھوئے اور رجز کے اشعار کي تانیں لوڑاتے ھوئے بہادري کے جوش میں جھوم جھوم کر جا رھے تھے ان میں سے ایک سپاھي دوسرے سے اپنا نیزہ ھلا کر کھنے لگا " *

" اسي نیزے سے میں دشمن کے بڑے بڑے جوانوں کو مارونگا " *

دوسرا - " مگر میرا نیزا اُس کے سینے کو توڑ کر باھر نکل جائیگا خواہ وہ کتني ھی مضبوط زرہ پھنے ھو " *

" اچھا دیکھاجائیگا - جب نیزے پر نیزہ پڑیگا اور تلوار پر تلوار ٹوٹے گي تو مستقل مزاجي کي آزمایش ھوتي ھی " *

" میري مستقل مزاجي کا بھلا کون مقابلہ کرسکتا ھی -- حمیر کے میدانوں اور پہاڑوں سے میري بہادري کو پوچھہ جب میں دن بھر نیزہ لیئے نصف النھار کے وقت ریتیلے میدانوں میں کالے کالے ھرنوں کا شکار کیا کرتا تھا " *

ان دونوں کے تعلي آمیز الفاظ ابھي کم نہیں ھوئے تھے کہ ایک نے جاکر سردار کے کان میں کچھہ آھستہ سے کہا جسے سنکر وہ نہایت استقلال سے پوچھنے لگا " کہاں کہاں - اچھا ٹھیرا اور اپنے ساتھیوں سے کھو کہ اک صف میں ھوجائیں " اور ساتھہ ھي سردارنے پہاڑ کي اک چھوٹے سے حصے پر اپني فوج کو کو چڑھا دیا اور وھاں سے کچھہ اسدي سواروں کو دور سے دیکھکر اُن پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا -- حکم کے پاتے ھي گھوڑوں کي باگیں چھوڑ دي گئیں اور ھتیاروں کي جھنکار اور ٹاپوں کي آواز سے میدان گونج اوٹھا لیکن اس سے پہلے کہ یہہ لوگ وھاں تک پھونچیں دشموں کے لوگ پہاڑ کے کسي درے میں غایب ھوگئے - سردار ولید نے اپني فوج کو وھیں ترتیب سے کھڑا کرکے اک ساتھہ پہاڑ کے اُس درے پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا ان میں سے اک چھوٹا سا رسالہ سب سے آگے نہایت تیزي سے جا رھا ھی - اس کا سردار ابو ضحاکہ ایک تیز اور تجربہ کار سپاھی ھی - یہہ چاھتا ھي تھا کہ اپنے تیز اور سرنگ گھوڑے کو مسلکر درے میں کودے پڑے کہ یکایک " الیوم یوم الھمھمہ " کا ایک شور پیدا ھوا اور اک ساتھہ ھي سو تیر حمیري سواروں پر پڑے -- ان کے پاس اگر زرہ و بکتر نہوتے تو بس لڑائي کا خاتمہ ھوچکا تھا سردار ابو ضحاکہ یہہ دیکھکر کچھہ رکا اور کل فوج کے ساتھہ ھوگیا جو اب سردار ولید کے حکم سے میدان کي طرف ھٹتي

حمیري نے اس دھمکي سے بالکل نہ ڈر کر اُسي استقلال کے ساتھہ جواب دیا ھاں لیکن عمرو بن لیث کے خاص خاص مصاحب اس سے مستثنی ھیں " یہہ سنتے ھي اسدي شہزادے کے دل میں فوراً بجلي کیطرح ایک خیال دوڑ گیا اور اُس نے چونک کر متاسفانہ لہجہ میں کہا " آہ ! کیا یہہ صحیح ھی کہ بنو اسد کا سردار حمیریوں کے ساتھہ صلح کرنا چاھتا ھی " اور پھر ایک ملائم لہجہ میں اسطرح عبدالغرے سے مخاطب ھوا " حمیري — سچ سچ بتا کہ تو نعمان ابن منذر کے پاس امیر کا کوئي پیغام لیکر گیا تھا " *

" ناتجربہ کار شہزادے — فرض کر کہ ایسا ھي ھی مگر کیا تو مجھے باغیوں میں شامل کرکے یہہ چاھتا ھی کہ بادشاہ کا مورد عتاب بنے ؟ " *

شہزادے نے جواب دیا " تجھپر مجھے بہت زیادہ شبہہ ھوتا ھی اور میں تجھے ھمیشہ سے اپنا اور اپني قوم کا دشمن سمجھتا ھوں — تونے ھي میري طرف سے بادشاہ کے کان بھرے ھیں — مگر خیر کوئي مضائقہ نہیں تیري جان تھوڑي دیر کے لیئے سلامت رہ سکتي ھی اور تو میرے ساتھہ رھیگا اور میرے ھي ساتھہ بادشاہ کے پاس جائیگا " *

" لیکن بہادر شہزادے " *

" میں اب زیادہ نہیں سنتا — اسکي اچھي طرح حفاظت کرو اور ھروقت اپنے ساتھہ رکھو " *

دن نکل آیا اور اب آفتاب کي کرنیں جبل العاش کي چوٹیوں پر پڑنے لگیں اور حمیري سپاہ میں لڑائي کے سامان معلوم ھونے لگے — فوجوں کے بہت سے دستے مختلف سرداروں کي ماتحتي میں ادھر اودھر بھٹکے بھٹکانے دستہ دشمنوں سے مقابلہ کرنیکے لیئے بھیجے گئے — اُن میں سے سب سے زیادہ مضبوط اور زبردست دستہ سردار ولید کي ماتحتي میں تھا اور اسکا بہادر بھائي خالد بھي اُسی کے ھمرکاب تھا *

آفتاب اب اونچا ھوگیا تھا اور اُس کي کرنیں اُن کے خودوں اور عباؤں پر پڑ رھي تھیں — کمپ سے علحدہ ھوکر یہہ رہ سالہ پہاڑ کے دامن میں پھونچا — اس موقعہ پر اُنھیں یکجا رھنے کا بھیکے خیال تھا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ نجد کے رھنے والے اکثر پہاڑیوں کي گھاٹیوں میں چھپکر کیا

عبدالغرے اب ہزار کوشش کرتا تو بھي اُس کي رھائي ممکن نہ تھي - مجبورا کسي قدر بے سود کوشش کرنے کے بعد اُسنے پھر کوئي مزاحمت نہیں کي اور تھک کر صلح پسند لہجہ میں اُن سے مخاطب ھوا " کیا تم ایک آدمي کو پکڑ نے سے اتنے خوش ھو اور سمجھتے ھو کہ وہ تنہا تمھیں کوئي نقصان پھونچاسکتا ھی " *

ایک آدمي جو پاس ھي کھڑا تھا اسے پھچانکر کھنے لگا " یہہ تو عبدالغرے ھمارے امیر کا مصاحب ھی اسے جانے دو " *

دوسرا - " نہیں ھمارے سردار کا حکم ھی کہ جو کوئي ملے ھم اُسے پکڑ کر اُس کے پاس لیجائیں - اسے بھي ھمیں سردار کے پاس لیچلنا چاھیئے " *

اس بات پر سب لوگ راضي ھوگئے اور حمیري غصہ پیتا ھوا مجبورا آھستہ آھستہ اُن کے ھمراہ روانہ ھوا — یہہ لوگ چلکر جبل العاش کے ایک غار میں تھہرے جہاں اسي قیافہ کے اور بہت سے لوگ بیٹھے ھوئے تھے اُنہیں میں سے ایک آواز جسے سنتے ھي عبدالغرے کے بدن میں تھرتھري پڑگئي یہہ کہتے ھوئے سنائي دي " کسکو تم یہاں لائے ھو " اور ساتھہ ایک اسدي سردار ایک جانب سے ظاھر ھوا جس نے اس قیدي کو دیکھتے ھي کہا " بنو اسد کي تلوار کي قسم یہہ تو عبدالغرے حمیري ھی ! (پھر قیدي سے مخاطب ھوکر) حمیري تجھے اس وقت عکابہ کے باھر جانے کي کیا ضرورت تھي ? " *

عبدالغرے کچھہ دیر تو حیرت میں رھا کہ جسے خود اسنے اپنا شکار بنایا تھا اب وہ کسطرح سے آزاد ھوکر خود اسي پر قابض ھی - مگر اُس نے اپني طبیعت کو بہت سنبھالا اور ایک مستقل مزاجي کے ساتھہ جواب دیا " بہادر حارث ابن حشام - میں اس کا جواب صرف اپنے آقا کو دونگا جس کے حکم کي میں نے تعمیل کي ھی " *

ابن حشام نے اس جواب سے چیں بجبیں ھوکر کہا " تو جانتا ھی کہ تیري جان بچنے کي اب کوئي تدبیر نہیں ھے - عکابہ کا جو کوئي رھنے والا ھو - سورج کے ڈوبنے اور پھر نکلنے کے درمیان میں اگر شہر پناہ کے باھر پایا جائیگا تو وہ باغي قرار پاکر سزاے موت کا مستحق ھوگا " *

کا حاکم کہلاتا ہی نہیں ہوتا ہے ؟ اسلیئے اگر میں اپنے ایک دشمن کے ساتھہ بیوفائی کرتا ہوں تو کیا کسی دوست کے کام بھی نہیں آسکتا اور اُس سے کبھی وفاداری نہیں کرسکتا ؟ " *

نعمان نے عبدالغرے کی یہہ تقریر سنکر آہستہ سے مسکراکر کہا — " تو ایک عقلمند اورچالاک آدمی معلوم ہوتا ہی۔ اچھا جا اور اپنا کام کر " اُس کے جانے کے بعد ہی نعمان نے تجربہ کار اور بڈھے عبدالشمس سے پوچھا " عقلمند عبدالشمس تونے ہماری گفتگو سنی ؟ " *

" ہاں میں نے سنی " *

" تجھے کیا خیال ہی کیا یہہ حمیری جو کچھہ کہتا ہی صحیح کہتا ہی ؟ " *

" ہاں اگر وہ اپنے باپ کے قتل کا تذکرہ نہ کرتا تو میں مشکل سے اُس کے باتوں کا اعتبار کرتا ۔ میرے خیال میں اُسکی تمام حرکات صرف اُس کی ذاتی غرض پر مبنی ہیں " *

یہہ کہکر بڈھا تجربہ کار عبدالشمس اوٹھا اور رخصت ہوکر اپنے خیمہ میں چلا گیا *

فصل دوم

(کھڈی کاڑ)

صبح صادق کی روشنی تہامہ کے میدانوں پر ابھی پھیل رہی تھی کہ عبدالغرے خرگاہ بنو حمیر سے لوٹتا ہوا شہر کی جانب جا رہا تھا ۔ فصیل شہر کے نیچے پہونچتے ہی اُس کا سایہ دیوار کے اندھیرے میں غایب ہوگیا — اسی طرح چھپا چھپا وہ کچھہ دور نہ گیا ہوگا کہ اُس کی نظر دو مہیب صورت آدمیوں پر پڑی جو اس کی حرکات کو اس غور سے دیکھہ رہے تھے کہ گویا اس کے منتظر تھے ۔ حمیری اُنہیں اس صورت میں دیکھکر یکایک رک گیا اور فورا اپنے خنجر پر ہاتھہ لیجاکر کسی ناگہانی حملے کے لیئے تیار ہوگیا۔لیکن ابھی اسی طرف متوجہہ تھا کہ دو دوسرے آدمیوں نے پیچھے سے اس کا خنجر چھین کر اور اُس کے ہاتھہ باندہ لیئے —

ابن منذر نے خوشي کے لہجہ میں کہا " اور تیرے بادشاہ کي عنایتیں ہمیشہ تیرے حال پر رہے گي اور تو اُس کا مصاحب ہوگا " *

حمیري نے ابن منذر کے اس کہنے کي کچھہ پروا نہیں کي اور اپني وفاداري کو اُس پر اور زیادہ نقش کرنے کے لیئے یہہ بے لگاو جواب دیا " میں ان خدمات کو کسي لالچ کي وجہہ سے انجام نہیں دیتا — میري یہہ صرف قومي حمیت هی اور سب سے زیادہ مجھے اپنے باپ کے خون کا خیال هی جو ایک اسدي ظالم کے ہاتھوں ہوا تھا اور جب تک اُسکا ہاتھہ چپ نہوگا مجھے چین نہ پڑیگا لیکن تجھسے میري صرف خواهش یہہ هی کہ ایک اپني قوم کے ناچیز آدمي کي اس خدمت کو قبول کر اور جو تو اُس کا اجر سمجھے انعام کے طور پر اُسے بخش " *

نعمان نے حمیري کے اس اخیر فقرے سے متاثر ہوکر جواب دیا " حمیري — تو بہادر اور فیاض دل معلوم ہوتا هی اور تو اپنے امیر کي بڑي بڑي مرحمتوں کا مستحق ہوگا — اب تجھے چاهیئے کہ اُن دو کاموں کو جلدي انجام دے یعني حارث ابن حشام یا تو قید یا قتل کرڈالا جاے اور دو هفتوں کے اندر عکابہ کا امیر میري طاعت پر راضي ہوجاوے اور اس کے صلہ میں جو کچھہ حمیر کے امیر نے تیرے واسطے تجویز کیا هی وہ تو حاصل کریگا — مگر ذرا ٹھہر — مجھے کچھہ تجھپر شبہہ ہوتا هی — میں یہہ کسطرح یقین کرلوں کہ ایک شخص اپنے موجودہ آقا کو ایک دوسرے کے ہاتھہ اس آساني سے بیچ ڈالیگا جس طرح تو کرنے کہتا هی " *

عبدالعزے نے یہہ سنکر جوش میں آکر یہہ جواب دیا " اے اگر امیر تو اس میں میرا کوئي ذاتي نفع خیال کرتا هی تو تجھے لازم هی کہ میري خدمات کا لحاظ میري ذاتي منفعت کے ساتھہ کرے — پھر تجھے معلوم ہوجائیگا کہ تو نے ایک کیسا وفادار آدمي پایا هی — اور اگر تو میري یہہ تمام خدمات صرف ایک قومي حمیت پر محمول کرتا هی تو هرگز تجھے یہہ نہ سمجھنا چاهیئے کہ اسطرح پر تونے ایک آدمي کوبیوقوف بناکر اپنے مطلب کے واسطے آمادہ کیا هی — اگر میں ایک کے ساتھہ بیوفائي اور بد عہدي کرتا ہوں تو یہہ جان لے کہ وہ میرا بہت هي بڑا دشمن ہوگا اور ایک دشمن کے ساتھہ فریب و دغا بازي کرنے کا خیال کیا تجھے جو تمام حمیر

یہہ سنکر عبدالغرے ایک درد آمیز آواز سے کہنے لگا — " امیر — اب تیرے ہاتوں میں وہ چیز ہی جسپر تیرے غلام کي زندگي کا دار ومدار ہی اور جس کے اوپر تیرے غلام کي تمام اُمیدیں منحصر ہیں — میں نے اُس چیز کو جو میري جان و مال سے زیادہ عزیز تھي ' تیري سپردگي میں بطور ضمانت کے دیا ہی لیکن یہہ یاد رکھہ کہ تیري طرف سے میرے پاس سوائے ایک وعدہ کے اور کچہہ بھي نہیں ہی " *

نعمان ابن منذر نے تمکنت کے ساتھہ جواب دیا " مگر یہہ وعدہ ایک ایسے امیر کا وعدہ ہی جو تمام حمیر کا سردار ہی " *

عبدالغرے — " اچھا اِن عورتوں کو پہلے یہاں سے بھجوادے پھر میں اور باتیں کرونگا " *

طارق ابن منذر یہہ سنتے ہي فوراً کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا " بھائي اِنکو میرے حوالہ کیجئے - میں حفاظت کے ساتھہ زنانے خیمے میں پہونچا آونگا " نعمان نے مسکراکر کہا — " اچھا تم انہیں پہونچا کر جلد یہاں آجاو — تمہاري ہمیں ابھي ضرورت ہوگي " *

ادھر یہہ باتیں ہو رہي تہیں اودھر عبدالغرے نے اپني لڑکي اور بیوي کے پاس جاکر آہستہ سے کچہہ کہا اور الوداع کہکر اُنہیں رخصت کیا *

خیمہ میں اب صرف امیر حمیر - عبدالغرے اور بڈھا عبدالشمس رہ گئے اُسوقت نعمان نے اُس آدمي سے مخاطب ہوکر کہا " عبدالغرے ہمیں بتا کہ تونے اب تک کیا کیا ہی اور کس حد تک ہمیں تیري ذات سے اُمید رکھنا چاہیئے " *

عبدالغرے نے نہایت سنجیدگي سے جواب دیا " عمرو بن لیث اپني رعایا اور اپنے بہادر بھتیجے حارث ابن حشام سے بد ظن ہوگیا ہی اور لڑائي کے واسطے کبھي اپني جگہہ سے نہیں اوٹھیگا — آج صبح جس وقت میں نے عکابہ چھوڑا تھا تو دیکھا کہ وزیر حارث کو جلاد کے حوالہ کرنے کے لیئے اُدھر جا رہا تھا " *

نعمان نے بیساختہ اپني جگہہ سے اوچھلکر کہا " یہہ کیونکر ہوا ! " *

عبدالغرے نے اُسے استقلال سے جواب دیا " پس یہي میرا کام ہی اور یہي میري خدمت ہی جو تیرے ایک غلام نے اپنے بادشاہ کے لیئے کي ہی " *

مگر ہم چاہتے ہیں کہ چند باتوں کي اصلاح کي طرف شيخ عبدالقادر صاحب کي توجہ خصوصيت سے مبذول کرائيں — رسالہ کا حصہ نظم زيادہ پر زور اور عمدہ نظموں سے مملو ہی بمقابلہ حصہ نثر کے — اور ہميں يہہ کہنے کي ضرورت نہيں کہ نثر کا حصہ بہت زيادہ توجہ کا محتاج ہی — حصہ نظم ميں بهي ہم اسے پسند نہيں کرتے کہ مختلف ديوانوں کے مختلف اشعار کچکول کے عنوان کے نيچے شائع کيئے جائيں يہہ کام تنت بيتسن اور انتخاب لاجواب کا ہی اور شايد ہم غلطي نہيں کرتے جب کہ ہم يہہ خيال کرتے ہيں کہ شيخ صاحب " مخزن " کي شان اِن رسالوں سے ارفع و اعلى رکهنا چاهتے ہيں - ہر مضمون نگار کي تعريف ميں تمہيدي مضامين لکهنے بهي کچهہ ايسے ضروري نہيں ' مگر شايد يہہ اڈيٹر کي طرف سے انعام ديا جاتا ہوگا *

نظم کے ليئے ايک خاص حصہ مقرر کرديںا ہمارے خيال ميں بہت بڑي ذمہ داري کا کام ہی - کيونکہ پهر چونکہ يہہ کوشش کرني ہوگي کہ يہہ حصہ بهرا جاے لہذا مجبورا جب عمدہ نظم دستياب نہ ہوگي - دوم درجہ کے اشعار مخزن کے صفحوں پر نظر آئيں گے *

بهر حال ہم اس کي ترقي کے خواہاں ہيں اور ہم چاہتے ہيں کہ اس رسالہ کي حسب دل خواہ ترقي ہو *

—

ریویو

مخزن

اُردو میں ماهواري رسائل اور میگزینوں کي کچهه ایسي بهتات نہیں هی که کسي نئے رساله کے اجرا پر تحصیل حاصل کا اعتراض کیا جاسکے اور جب ایسي حالت میں کوئي عمده رساله ملک میں شائع هونا شروع هو تو اس اعتراض کي ذرا سي بهي گنجایش نہیں رهتي - حال میں همارے پاس مخزن کي ایک کاپي پهونچي هی یهه ایک ماهواري رساله هی جسے شیخ عبدالقادر صاحب - بي اے اڈیٹر پنجاب آبزرور نے نکالنا شروع کیا هی - همارے نزدیک یهي اطلاع کافي ضمانت هی اس امر کي که رساله بلحاظ مضامین اعلی درجه کا هوگا - شیخ صاحب موصوف نے جس اراده سے اس میگزین کو نکالا هی وه غالباً هر بهي خواه اُردو کے دل میں موجزن هوگا — پنجاب آبزرور کے لائق اڈیٹر "مخزن" سے ایک ایسي ضرورت کو پورا کرنا چاهتے هیں جو اب روز بروز زیاده تر محسوس هوتي جاتي تهي یعني اُردو میں ایسا موقت الشیوع لٹریچر کا مہیا هونا جو ملک کے مذاق کي آهسته آهسته مگر با قاعده اور دلچسپ طور پر اصلاح کرے — اسي بنا پر "مخزن" کا ادعا نہایت دقیق (اور اس لیئے اکثر طبیعتوں کے واسطے خشک) مضامین پیش کرنے کا نہیں هی - تاهم وه دلچسپي کا اتنا بهي بهوکا نهوگا که لطیفوں اور لایعني قصوں سے اپنے صفحات پر کرے *

یهي وجهه هی که هم نه دل سے اس میگزین کا خیر مقدم کرتے هیں اور همیں یقین هی که پبلک بهي همارے ساتهه شریک هوگي - یهه خیر مقدم زیاده اس ایک کاپي کے دیکهنے کي وجهه سے نہیں (کیونکه اس کاپي میں بہت سے ایسے نقص هیں جو غالباً ضرور رفع هوجائینگے) بلکه اُن اُمیدوں کي وجهه سے جو اس سے وابسته هیں *

رساله کي چهپائي لکهائي وغیره نہایت عمده هی اور قیمت بهي ایسي نہیں جس کي وجهه سے خریدار هچکچائیں عمده دبیز کاغذ پر معه محصول للعه ۱/ اور دوم درجه کے کاغذ پر للعه ۹/ سالانه قیمت هی اور هم خیال کرتے هیں که اس سے کم هو بهي نہیں سکتي تهي *

کردیا ہی مگر ہماري عام مجلسیں ابھي ایسي شایستہ نہیں ہوئي ہیں جہاں اِن اشعار کو اُس نظر سے دیکھیں جس نظر سے آج ہم دیکھتے ہیں *

حضرت داغ کي زباندانی — سحر بیاني — معاملہ بندي اور نازک خیالي مسلم ہی اگر کوئي شعر یا کوئي حصہ اُن کے اشعار کا اُنکے پایہ اور اُس عالي مرتبہ پر نہیں ہی جیسا ہونا چاہیئے تو اُن کي اوستادي میں کوئي فرق نہیں آتا اور نہ اُن کے کمال میں کوئي نقص واقع ہوسکتا ہی اگر کسي بڑے سے بڑے اُستاد کا دیوان اُٹھا لیجیئے اور اُس کے رطب و یابس کا موازنہ کیجیئے تو کوئي اُستاد اس عیب سے معرا نہ ملیگا — بہر کیف اُن کي خداداد طبیعت سے وہ شوخ چلبلے اور نئے نئے مضامین اشعار کا جامہ پہنکر نکلتے ہیں کہ جنکي صورت دیکھتے دیکھتے بے اختیاري کے ساتھہ دیکھنے والا دل پکڑکر رہجاتا ہی — محاورات کو اس خوبي سے باندہ جاتے ہیں کہ آدمي منہ دیکھتا رہجاتا ہی *

حضرت داغ پر منجملہ اور اعتراضوں کے کم استعدادي کا بھي الزام لگایا جاتا ہی مگر لوگوں کا کم استعدادي سے کیا مطلب ہی سمجھہ میں نہیں آتا — جس قدر قابلیت اور معلومات ایک شاعر کے لیئے ضروري ہی کبھي حضرت داغ کو اُس سے کم نہیں ہی — علاوہ اس کے شاعر کا دل آپ خیالات اور معاني ومضامین کاایک ذخیرہ ہوتا ہی — اُسکا اپنے خیالات ہي کا اظہار کرناهی اُسکا کمال ہی — یہہ اعتراض ایسا ہي مہمل ہی جیسا کہ شیکسپیر پر بے علمي کا اِعتراض کیا جاتا ہی پھر بھي جس قدر شیکسپیر سے لطف اُٹھاتے اور اُس کي قدر و منزلت کرتے ہیں آج کسي دوسرے شخص کو نصیب نہیں ہی *

غزلیت میں بلاشبہہ حضرت داغ مسلم الثبوت اُستاد اور بے مثل شاعر ہیں اُن کے قصاید البتہ اُن کے اُس رتبہ کے نہیں — جس پایہ کي اُن کي غزل ہوتي ہی مگر یہہ کوئي ضرور نہیں ایک شاعر ہر اصناف شعر میں یکساں عبور اور قابلیت رکھتا ہو ہمیشہ شعرا ایک نہ ایک خاص رنگ میں اور خاص فن میں اُوستاد ہوئے ہیں *

ابوالفیا محمد شمس الضحی عفي عنہ
اِخگر قاضي پوري

حضرت داغ پر یہہ اکثر اعتراض کیا جاتا ہی کہ اُنکا کلام کبھی کبھی
ایسا ہوتا ہی کہ مہذب جلسوں میں پڑھنے کے قابل نہیں ہوتا - میں
نہیں کہہ سکتا کہ یہہ اعتراض کہانتک درست و چسپاں ہی یہہ بات مسلم
ہی کہ انسان کی دنیاوی حالت کا اور اُن صحبتوں کا اثر جس میں وہ
رہتا ہی اُسکے خیالات اور بیان پر بہت پڑتا ہی - حضرت داغ کی شاعری
کا زمانہ وہ زمانہ ہی جبکہ پرانی طرز معاشرت اور محبت کے انداز اور
دلبستگی اور دلچسپی کے سامان کے زہریلی اثر دلوں سے تمام و کمال محو
نہیں ہوئے تھے - اور شعراے فارسی اور اُردو کی تقلید و تتبع جنکے نقش
قدم پر چلنا ہماری شاعری کے لیئے لازمی امر ہی اس بات پر مجبور کر رہا
تھا کہ ایسے مذاق کے شعر لکھے جائیں — شاعر مجبور ہوتا ہی کہ وہ عام
خیال و مذاق عام کی تقلید کرے اور اسی پر اُس کی تمام شاعری کی
شہرت کا انحصار ہوتا ہی اور یہہ کچھہ ہمارے ہی شاعروں کا حال نہیں
ہی بلکہ کسی ملک اور کسی زمانہ کی شاعری اس خیال سے اور اِن
قیود سے خالی نہیں ہی سچ تو یوں ہی کہ کسی زمانہ کی شاعری اُس
وقت کے انداز صحبت اور اصلی مذاق کا سچا فوٹو ہوتی ہی باوجود اِن
تمام مجبوریوں کے جو مذاق عام کی مطابقت کی وجہہ سے پیش آتی
رہیں حضرت داغ کا دامن اس دھبے سے کبھی پاک نہیں ہوسکتا کہ اُنہوں
نے اپنی خدا داد شوخی سے بعض موقعوں پر نہایت بڑا کام لیا ہی جس
وقت یہہ شعر پڑھتا ہوں تعجب معلوم ہوتا ہی کہ کیوں ایسا شعر لکھا
گیا :— شعر *

جوش پر اور قیامت کی جوانی آتی
ہاتھہ میرا جو تیرے سینے پہ اکثر پھرتا

اور یہہ شعر *

حوروں کا انتظار کرے کون حشر تک
متی کی بھی ملے تو روا ہی شباب میں

کم فحش نہیں ہی -

اگر حضرت داغ کے کلام سے ایسے کانٹے نکال دیئے جائیں - تو میں نہیں
کہہ سکتا کہ اس سے بڑھکر بھی کوئی دل کش اور دلچسپ شعروں کا
مجموعہ ہوسکتا ہی — یہہ الزام اکثر ہمارے نئے تعلیم یافتہ لگاتے
ہیں جنکے دماغ کو نئی تعلیم اور مغربی علم ادب کے عبور نے بہت روشن

فرماتے ھیں —

اُمید وار ھوں کرم بے حساب کا
پیتا ھوں ڈگڈگا کے پیالہ شراب کا

روزہ رکھیں نماز پڑھیں حج ادا کریں
اللہ یہہ ثواب بھي ھی کس عذاب کا

خوشبو وھي وھي ھی نزاکت وھي ھی رنگ
معشوق کیا ھی پھول ھی تو بھي گلاب کا

سب لوگ جدھر وہ ھیں اودھر دیکھہ رھے ھیں
ھم دیکھنے والوں کي نظر دیکھہ رھے ھیں

ھے تاک میں دزدیدہ نظر دیکھئے کیا ھو
پھر دیکھہ لیا اُسنے ادھر دیکھئے کیا ھو

وعدہ پر اُن کے بات بنائي ھوئي سي ھی
کھائي ھی وہ قسم کہ جو کھائي ھوئي سي ھی

چھایا ھوا ھی بزم عدو کا خمار سا
آنکھوں میں تیرے نیند سمائي ھوئي سي ھی

تم دل سے مہرباں ھو اسکا یقین نہیں
یہہ طرز التفات اُڑائي ھوئي سي ھی

ھی چشم نیم باز پہ دھوکا خمار کا
یہہ تو لڑي ھوئي سے لڑائي ھوئي سے ھی

میرا نشاں جو کوچہ جاناں میں پوچھئے
ایک مشت خاک وہ بھي اوڑائي ھوئي سے ھی

دست فلک سے ھاے میري سر نوشت بھي
موھوم ایک لکیر مٹائي ھوئي سے ھی

چشمک زني نہ کي ھو کسي چشم مست نے
نرگس کي آنکھہ آج جو آئي ھوئي سے ھی

رنگت اوڑي ھوئي سے ھی کیا آج داغ کي
چھرے پہ مردني بھي تو چھائي ھوئي سے ھی

جا بجا اس میں بھی پائی جاتی ہی مگر غالب حصہ اس بات پر دلالت کرتا ہی کہ اس میں اُس بے باکانہ شوخی کو سن اور بڑھاپہ نے نہایت سنجیدہ و پسندیدہ بنادیا ہی ـ مجموعی حیثیت سے کلام نہایت پاکیزہ اور بول چال اور لطف بیان اور انداز ادا اور پیرایہ اظہار نہایت برگزیدہ ہے چند اشعار ان کے پچھلے دیوان کے بھی لکھتا ہوں *

تعریف پر میری نہ اُلجھتا سخن میں کیا
پھرتا ہی نام غیر کا تیرے دھن میں کیا
ہی ساتھہ ساتھہ شام غریبی کے کچھہ دھواں
داروں نے گھر کو آگ لگادی وطن میں کیا
کیوں سخت گفتگو نہیں کرتے رقیب سے
کچھہ چوٹ لگتی ہی لب پیماں شکن میں کیا

تجھکو بھی ہی خبر میرے ملنے کے ڈھنگ ہیں
خلوت میں کیا خیال میں کیا انجمن میں کیا
عرض وصال پر یہہ دو حرفی جواب ہی
ہرایک سخن میں کیوں کبھی ہرایک سخن میں کیا

اے داغ قدر داں سخن اب وہیں تو ہیں
تعریف اس غزل کی نہوگی دکن میں کیا

معلوم ہوتا ہی کہ جس زمانہ میں آپ نے قصد دکن کیا تھا اُس وقت کی یہہ غزل ہی *

ایک غزل کا ایک شعر ہی مگر خوب شعر ہی *

ہم سناتے جو کوئی درد ہمارا سنتا
دل دکہاتے جو کوئی دیکھنے والا ہوتا
اب دل ہی مقام بیکسی کا
یوں گھر نہ تباہ ہو کسیکا
گلشن میں تری لبوں نے گویا
رس چوس لیا کلی کلی کا
اتنی ہی تو بس کسر ہی تم میں
کہنا نہیں مانتے کسی کا

حضرت داغ نے ایک غزل میں جس میں کلکتے سے چلتے وقت کا حسال لکھا ھی - معلوم ھوتا ھی که کوئي شخص ھی جو کلکته چھوڑنا نهیں چاھتا اور کوئي اُسکو کشاں کشاں کھینچ رھا ھی- اُس غزل کا ھر ھر شعر اس بیتابي کا عجیب انداز سے اظہار کررھا ھی — جس کا مقطع یہه ھی *

یهه حسین یهه مهه جبین یهه شهر ایسي لہر بھر
داغ کلکتے سے لاکھوں داغ دلپر لیچلا

ایک غزل کے شعر ھیں —

زمانه بہت بدگماں ھورھا ھی
کسي شخص کا امتحاں ھو رھا ھی
سریلي صدائیں ھیں اُس شوخکي سي
الهي یہه میله کہاں ھو رھا ھی

اُس زمانه کي چاھے کیسي ھي غزل یا شعر کیوں نہو - دل یہه کہتا ھی که ضرور بالضرور کسي خاص موقع کا مرقع ھی بھر کیف جو کچھہ ھو *

اس موقع پر میں فریاد داغ کے متعلق یہه کہنا چاھتا ھوں اور یقین ھی که یہه بیموقع نہوگا که محبت کوئي جرم نہیں ھی اور نه محبت کے لیئے کسي پابندي باقیود کي ضرورت ھی — انسان کا دل مختلف خیالات سے بھرا ھوا ھی جدھر آگیا آگیا - میرے خیال میں سچے جذبات کے بیان اور اصلي تپش و سوز و گداز عشق کا اظہار ھزار گونه بهتر ھی به نسبت اُس کے که مصنوعي عاشق بنکر عشق و محبت کے جذبات کو بے اصل کیفیتوں سے بدنام کریں *

تیسرا دیوان مہتاب داغ به نسبت دونوں پچھلے دیوانوں کے ھر اعتبار سے عمدہ اور نفیس ھی — نه تو وہ پہلے دیوان ایسا بے انتہا شوخ اور دلگداز ھی اور نه دوسرے دیوان کي طرح محبت کي کیفیات کا طلسم خانه ھی — اس دیوان سے نہایت متانت اور اُستادي کي بو آتي ھی - جس میں اگرچه بظاھر کچھه سن کا اثر و پر تو تو نہیں پایا جاتا کیونکه جس شوخي اور بانکپن سے پہلا دیوان اوتہرایا ھی اُس کي جھلک

قریب‌القیاس اور واقعی امور کو نظم کرتیں اور خیالی حسن وعشق کے فسانے نہ گھڑتیں تو ان کی بلند پرواز طبیعتیں کیا کچھہ نہ خوبی ہماری نظم میں بھر دے سکتی تھیں – جس کی کمی کی وجہہ سے ہمارے دوسرے ملکوں کی شاعری کے سامنے محض بے وقعت معلوم ہوتی ہی *

matches in fearful attacks of fever and cold. Also I pay hearty thanks to Pundit Kansi Nath, M.A., ex-Captain of Bareilly for his excellent and impartial umpiring. It is good luck to find of such a just umpire and our football team won the shield and 11 first silver medals.

In Sports our school got 6 1st and 5 2nd medals out of 22. Assadullah did remarkably well in long jump clearing 18 feet and 8½ inches, which is perhaps the school record. Bashir Ali won ¼ mile with a good pace after a long struggle, Sadiq stood first in 100 yards beating Assadullah quite unexpectedly, and Shafkat too showed a good pace in Hurdles. Among the juniors, Ali Raza and Ahmad Husain give promise to turn-out all round good athletes.

We had no marks in Drill and Gymnastics and it is a pity no doubt, losing 15 marks for Drill and 30 for Gymnastics. We can hardly be blamed for this because we have no instructor, and we stand badly in need.

In cricket we put in the final, being the winners of the shield. On the 1st of March we began our match against Bareilly which went in first and returned after making 106 runs. After that we began our batting but the time was over when we made 45 runs for 4 wickets.

On the next day our side was all out for 105 being a run behind on the first innings. Bareilly going in again got 59 runs leaving us 61 runs to make. It had been understood fully expected that the match would be played out but to the surprise by every one the officer-in-charge of the sports, suddenly declared that match was to be decided on the first innings. Bareilly were thus declared winners to the great disgust of our men who were anxious to play the match out.

According to the present marking an undue importance is attached to Gymnastics which places athletics at a serious disadvantage, I hope to see this remedied another year.

ABDUL MAJID KHAN,
Hon. Secretary, Sports Committee.

Football

Our College XI played a football match against the first XI of the 30th Royal Artillery on the 14th of March, and the the College team was follows:

Islam Hamid, Ahmad Husain, Zaffer Umar, Abdul Qaim, and Amir Husain (forwards) Sadiqul Ali, Mahmood-ul-Hassan and Abdul Mutabh (half back) Abdul Majid Khan, Captain Hamid Shibh (full backs) Mohammed Masih goal keeper.

The coin was tossed at 5 p.m. but the College lost, and it played against sun and wind. The soldiers pressed us hard at first 15 minutes as they had a great advantage of wind and also they were decent fast runners. After that the College forwards tried to carry the ball by low passes so as to keep it safe by strong wind, and thus succeeded in shooting some balls at their goals, but their full backs gave little chance of doings so. Both the parties were exhausted when the time was called. The game was restarted from centre and the College having been renewed by short rest struggled very hard and just after 5 minutes Zaffer Umar succeeded in securing a goal for College by dashing against the goal keeper, who being a stout man brought him to the ground, but the ball passed through.

After starting the ball from centre the soldiers tried very hard, but were disappointed by the College full backs. The College forwards too played a nice combined game and Islam got the ball many times to their goals, but was sent back owing to the excellent goal keeping of the soldiers.

The soldiers' out side forwards, were the life of the team and they sent the ball to our goals very often, and once after a contested meele near our goals, they succeeded in equalising. After that the College forwards showed a great deal of energy and shot at their goals from time to time, but were disappointed.

by the Regimental goal keeper. Time was called and the game remained even.

ABDUL MAJID KHAN,

General Football Captain.

Siddons Union Club.

Since last of December 1900, we have had eight very successful debates and seven Select Committee Meetings, in spit of the disturbance caused by the University examination. This shews a considerable increase in the number of debates and other meetings of the Club held during the same space of time in former years as the following table will show :—

Years.	Number of Debates.	No. of Select Committee Meetings.	
1895-1896	5	4	
1896-1897	4	1	
1897-1898	6	3	
1898-1899	8	3	
1899-1900	5	3	

Besides the meetings mentioned to have been held in the present term we have also had a most successful Penny reading entertainments in connection with the anniversary of the Club which was celebrated with great eclat on the 20th December, 1900. At that time the union was most tastefully decorated and the illuminations were very rich. The ladies and gentlemen of the station graced the occasion by their kind and encouraging presence.

The whole thing was decidedly a great success, and was, chiefly due to the supervision of our popular Professor Mr. G. Gardner Brown whose keen interest in all affairs of the College is unfailing.

A special prize offered to the best actor was given to Mr. Said Hosain of the 1st year class.

A debate was held on 16th February, Mr. Md. Shafi, B.A. proposed that Lawyers were of the 1st rate importance to a country, The opposition headed by Mr. Sajjad Hyder was too strong for him and notwithstanding the sound arguments put forth by him the conviction of the House was so shaken that the casting vote of the Chairman had to be taken and that being in the favour of the opposition the proposition was dropped.

On the 9th March, 1901 Mr. Fazl-ul-Hasan moved in Urdu that
اس انجمن کي رائي مين پرده کي رسم کو هندوستان سے اٹھا دينا چاهئي

It was passing strange to see the honorable proposer a conservative to the extreme advocating the violent scheme of abolishing the Purda system. Naturally the odds were against him and the motion was dropped by the majority of 23 votes. The subject for the next debate was proposed by Mr. Md. Shafi, B.A. and was to be discussed on the 16th of March but owing to the unavoidable inability of the Hon President to attend it was considered desirable to put it off till the 23rd March. An extempore debate however took place which proved a complete success notwithstanding that the subject was difficult to deal in so off-hand a manner.

Mr. Md. Shafi, B.A., denounced the system of education as prevalent in the Indian Universities. The motion was passed by 12 votes. Mr. Md. Hayat was specially congratulated upon his excellent oration on that occasion.

col.
After the subject originally proposed by Mr. Md. Shafi, B.A., and shot up by Mr. Fazl-ul-Hasan who on the 2nd March
the Regeneration of India without the Revival of

Religeon was impossible. The great importance of the subject was so fully realised by the members of the Club that almost all the members including the College staff came to the debate and remained up to the last to hear the ultimate settlement of the difficult Problem. Mr. Theodore Morison was in chair. The discussion, which followed the philosophic speech of the Honorable proposer of the evening, was very interesting

The motion was carried by an enormous majority of 67. One thing which we must mention is the expression of our best thanks to Mr. Śri Lal, C.S., District and Session Judge, and Mr. Kazi Aziz-ud-din Ahmed, Dy., Collector of Aligarh, for their very kindly honouring our Club by their kind visit that evening.

After the announcement of the result Mr. Abu Mohomed proposed the following motions which were unanimously passed and promptly carried into effect.

1. That a congratulatory telegram be sent to Molvi Nazir Ahmed Saheb of Delhi, who has lately received the well merited degree of LL.D. from the Edinburgh University.

2. That Mr. Mumtaz Husain an old student of this College who has received his law degree with merit at the Grey's Inn with a Scholarship of £60 should be congratulated by letter for his well earned success.

Before concluding this report I also beg to notify with great pleasure that the Cambridge speaking prize for the year 1899-1900 has been awarded by the President to Mr. Sajjad Hyder, B.A., whose reputation as a good speaker is too well established to require any comment.

MD. HASHIM.

Offg. Honorary Secretary.

The Beck Memorial Fund.

The following subscriptions have been received during the past month :—

M. Shujaut Ali, special member Hyderabad	50	0	0
Jemadar Gholam Jelani, Hong-Kong Regiment	50	0	0

Collected by Haji Hosain Khan (Gilgit)—

Haji Hosain Khan	20	0	0
M. Hifiz-ur-Rahman	16	0	0
M. Abdul Ali	10	0	0
M. Iftekhar Ahmed	5	0	0
M. Amir Ali	5	0	0
Hafiz Hidamat Ali ...	5	0	0
M. Hashmat Ullah Khan ...	2	0	0
M. Gholam Mohammad ...	3	0	0
M. Hisamudden ...	3	0	0
	69	0	0

M. Siraj Ahmed (omitted by error from previous list)	100	0	0

Collected by Syed Mustafa Hosain in Baraich—

Nawab Abdul Salam Khan ..	10	0	0
Haji Ahmad Ullah Shah .	12	0	0
M. Md. Baqir Khan	10	0	0
M. Md. Saddiq Ali Shah	5	0	0
S. Zahoor Ahmed Sahib ..	2	0	0
	39	0	0

Collected by Abdur Rahim Khan—

M. Ahmed Shafi, E.A.C. ...	1	0	0
M. Ali Beg Beg. Dept. Inspector	1	0	0
M. Zaman Khan ..	2	0	0
M. Mir Ali Yar	5	0	0
M. Mokim-ud-Din	0	8	0
M. Syed Md. Amin	1	0	0
M. Md. Abdullah	2	0	0
M. Md. Hayat Khan	1	8	0
M. S. Munir Hosain	2	0	0
Dr. Diwan Ali	5	0	0
	20	0	0

It is particularly gratifying to find that such an interest is taken in the College, and its work in places so far distant as Gilgit, and we would take this opportunity for thanking Md. Iftakhar Ahmed Sahib and other friends who have assisted our old student Haji Hosain Khan in realizing subscriptions forthis fund.

College Mosque Fund.

We publish herewith the list of subscribers to our College Mosque Fund. Syed Nazir Hosain Faruqi, one of the most energetic old students of our College has raised this subscription from his friends at Hyderabad (Deccan). The sums paid were in Hali Coin of Hyderabad and their equivalent in British Coin Rs. 36 have been paid to the keeper of the Duty to be devoted to the College Mosque Fund.

	Rs.	a.	p.
Moulvi Abdul Ghani, old student of the M.A.O. College Aligarh	6	0	0
Through Moulvi Abdul Ghani Sahib ...	2	0	0
Ditto Ditto	3	8	0
Moulvi Abdul Qadir Sahib, Assistant Sadar Mahasib	5	0	0
Moulvi Altaf Hussain Sahib, Muntazim Legislative Council	5	0	0
Syed Md. Ismail Sahib, Assistant Motamid Tamirat	4	0	0
Moulvi Qadar Hassan Khan Sahib Muntazim Motamid Tamirat	4	0	0
Moulvi Md. Hyder Sahib	2	0	0
Mohammed Jasin Sahib	2	0	0
Yaqub Ali Sahib, Sakhunvar	1	0	0
Yaqub Ali Sahib	1	0	0
Ikbal Khan Sahib	1	0	0
Hasan Khan Sahib, Siddiqi	1	0	0
Ghulam Mohammed Sahib	1	0	0
Munshi Niamat Ullah Khan Sahib	1	0	0
Moulvi Nizam-ul-Haq Sahib	1	0	0
Mohammed Alla Sahib	1	0	0
Ibn Sayed Ahmud Sahib	1	0	0
Manzoor Ahmad Sahib	0	8	0
Moeyed-ud-din Sahib	0	8	0
Ahlisham-ud-din Sahib	0	8	0
Abdul Karim Sahib	0	8	0
Abdul Hafiz Sahib	0	8	0
Qadir Ali Khan	0	4	0
Ghulam Mohammed	0	4	0
Total	45	8	0

THE

MAKHZAN.

AN URDU MONTHLY,

With Hindu and Muhammadan contributors,

Is perhaps the first journal in India, decidedly the first in the Punjab, that proposes to bring to light hidden talent for Urdu literature among the products of our Universities, and desires to produce a solid, healthy literature

IN URDU PROSE AND POETRY

In which Hindu and Muhammadan readers may feel equal interest. It is the first experiment in Urdu Journalism combining neatness of get up and excellence of reading matter with cheapness of price. It is also proposed for the first time in the history of Urdu journalism, to examine what success can be gained by insisting with extreme rigour on prepaid subscriptions from each and all. The success of the idea depends on

WIDE SUPPORT

from those who like the improvement of indigenous literature and the importation of the best portions of English thought and expression into the vernacular, and who feel the want of decent, respectable and enterprising monthly journalism in Urdu.

Annual subscription on superior glazed paper, Rs. 3	Postage extra annas 6
Annual subscription on demi Royal paper, Rs. 2	

The FIRST number will be out on APRIL 15.

Intending subscribers should remit their advance subscriptions to the undersigned immediately, or signify their consent to receive the first number per V.P.P. Specimen copies may be had for four annas, sent in postage stamps.

SHAIKH ADUL QADIR,

EDITOR, "PUNJAB OBSERVER,"

and *Proprietor of Makhzan.*

سرمہ میرا کراماتي

ممیریکا سرمہ کوئي عام چیز نہیں هی جو هر ایک آدمي کو میسر
هوسکے اور هر ایک شخص اسکي شناخت کرسکے یہہ وہ اکسیر بوٹي سی
جسکي تعریف میں اطباء قدیم متفق البیان اور مفسران یونان اسکي توصیف
میں همزبان هیں — یہہ نئي ایجاد نہیں بلکہ هزاروں برسوں کا لاکھوں
طبیبوں ویدوں کا آزمودہ شدہ دوا هی جو خصوصیت سے امراض چشم کے
ازالہ میں موثر و مفید هی — همنے اپنے مطلب میں تیس سال تک
هزاروں مریضوں پر آزمایا جب اعتماد کلي هوا تو یہہ جرات کي — او
سالہا سال لاکھوں بیماروں کو مفت تقسیم کر کے تجربہ سے اسکا مفید او
سریع التاثیر فوائد میں بے نظیر هونا ثابت هوا هی — حضرات سرمہ کراماتي
اخباري طبیبوں یا عطائي لوگوں کا ایجاد نہیں اسکا موجد وہ ڈاکٹر او
حکیم هی سینتیس سال سے پیشہ طبابت کررها هی اور یوناني و ڈاکٹري
باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے سرکار انگریزي سے اعلی درجہ کي سند حاصل
کرچکا هی اور آنکھوں کي تشریح — علاج امراض سے بخوبي واقف هی
افسوس هی کہ آج کل کے کوتہ اندیش لوگ آنکھوں سي نعمت کي قد
نہیں کرتے اور ایسے لوگوں کي دوائیاں استعمال کرتے هیں جو بالکل یوناني
اور ڈاکٹري علم سے بے بہرہ هیں — حضرات ؟ جو شخص آنکھوں کي تشریح
بیماریوں کے اسباب پیدایش و نام وغیرہ سے واقف نہو تو ایسے شخص کے
هاتھہ آنکھہ جیسے نازک عضو کو سپرد کردینا سخت ناداني نہیں تو کیا هی
اور اس ناداني کا لازمي نتیجہ یہي هونا چاهیئے کہ امراض چشم ایک
سے دو اور دو سے دوگنہ نیا پیدا هو — حضرت شیخ سعدي علیہ الرحمۃ نے
ایسے لوگوں کے بارے میں ایک دلپذیر حکایت لکھي هی جسکا فقرہ یہ
هی کہ : — اگر کور نبودے پیش بیطارے نمیرفتے *

قیمت في تولہ (۱۲ ماشہ) دو روپیہ

اندھیر هی — بعض لوگ فرضي نام و پتہ کے سارٹیفکٹ درج کر
هیں — ناظرین کو چاهیئے کہ دو چار جگہہ مندرجہ پتوں پر خط لکھ
دیکھہ لیں کہ واقعي اس نام کا کوئي فرضي عہدہ دار هی یا نہیں — بعض
لوگ فوت شدہ لوگوں کے نام لکھدیتے هیں ان کے سچ جھوٹ کي تصدیق
ان کے وارث اور ملازم کرسکتے هیں *

حکیم ڈاکٹر غلام نبي زبدۃ الحکماء چشتي قادري ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت
لاهور موچي دراوازہ *

فاسفرس وڈمیانہ کي کمپونڈ گولیاں

جو کارخانہ اے پلومر اینڈ کمپني لاهور و شملہ میں تیار کیجاتي هیں
ان گولیوں میں فاسفوس اکسٹرکٹ کوکا - اکسٹرکٹ ڈمیانہ — اکسٹرکٹ کینےٴ بس انڈیکا سب برٹش فارمیکو پیا کے مطابق ملائے جاتے هیں — صرف خالص فاسفرس $\frac{1}{40}$ گرین هوتا هی *

جس عمدہ صورت میں فاسفرس ان گولیوں میں داخل کیا گیا هی - وہ پیش از وقت کمزوري کا نہایت مفید علاج تسلیم کیا گیا هی - تمام ڈاکٹر اس کو سالهاے گذشتہ میں بڑي کامیابي سے استعمال کرتے رهے هیں — کوکا اور کینےٴ بس انڈیکا - اعصاب پر کامل اثر کرتے هیں - غرض ان تمام اجزا کو مرکب کرکے یہہ گولیاں بنائي گئي هیں - امراض مندرجہ بالا کے لیئے کوئي اور نسخہ ان سے بہتر نہیں هوسکتا *

خوراک - ایک ایک گولي دو یا تین دفعہ دن میں کھانے کے ساتھہ یا فوراً کھانے کے بعد استعمال میں لاني چاهیئیں یا دو دو گولیاں دو دفعہ روزانہ استعمال کرني چاهیئیں - اگر ضعف بدني بدرجہ کمال هو تو دو دو گولي تین دفعہ روزانہ استعمال کرني چاهیئیں *

قیمت عہ ۱۰/ چوبیس گولیوں کي ڈبیا کي — اور للعہ چھہ درجن گولیوں کي بوتل کي *

مرکب عرق ڈمیانہ

جس میں خالص فاسفرس $\frac{1}{40}$ گرین اور اکسٹرکٹ آف ڈمیانہ و کوکا و کنچلا اور خوشبودار اجزا هر ایک خوراک میں کامل طور پر تحلیل هوگئے هیں *

خوراک — ایک چمچہ چاے یا ۶۰ بوند تھوڑے پاني میں ملاکر دو یا تین مرتبہ کھانے سے نصف گھنٹہ بعد استعمال کرنا چاهیئے — فائدہ اور استعمال اس کا مثل مذکورہ بالا گولیوں کے هی مگر اس مرکب کے بنانے میں کینےٴ بس انڈیکا کے بجاے جو همارے مشہور مذکورہ بالا گولیوں میں هی نکس و امیکا ملایا گیا هی - اور یہہ ضعف عضلاني کي بیماریوں میں نہایت مفید پایا گیا هی *

قیمت في بوتل عہ ۸/ علاوہ محصول *

المشـــــــــــــــــــــــــــــتہران

اے پلومر اینڈ کمپني دوا فروشان لاهور و شملہ زیر سرپرستي نواب گورنر جنرل بہادر کشور هند *

جنگی پیدا کراکر اُن پر فتح حاصل کرنا چاہتا ہوں کیونکہ لڑائی میں یہہ سب اِس طرح کی چالیں چلنا جائز ہی" *

اتنا کہکر نعمان نے ایک آواز دی جس کے ساتھہ ہی ایک غلام حاضر ہوا — امیر نے پوچھا " عشبہ جس آدمی کا ہمیں انتظار تھا وہ آیا ؟ "

" جی حضور وہ اپنی بیوی اور ایک لڑکی کو بھی لیکر آیا ہی " *

اس عرض کرنے کے بعد غلام کچھہ اشارہ پاکر باہر گیا اور ابھی اُس آدمی کو لانے نہیں پایا تھا کہ پاس ہی کے ایک خیمہ سے ایک بوڑھا ایک بہت بڑی عبا پہنے ہوئے داخل ہوا اور امیر کو سلام کرکے اُس کے پاس بیٹھہ گیا - اُس کے آنے کے بعد تھوڑی دیر تک بالکل خاموشی رہی *

اُس بڈھے آدمی نے نعمان کے چہرے کو بغور دیکھکر کہا " میرے بچے عبدالشمس جس کے ہاتھوں نے تجھے بچپن میں کھلایا ہی کیا اُس کی موجودگی تیری باتوں میں حارج ہوتی ہی " *

نعمان نے فوراً ہی جواب دیا " نہیں نہیں ہرگز نہیں " اور پھر ایک غلام کی طرف مخاطب ہوکر کہا " عبدالعزئے کو یہاں بلا لاؤ " *

بڈھے عبدالشمس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں متجسسانہ نعمان اور اُسکے بھائی پر پڑیں اور تھوڑی دیر تک اسی طرح رہکر خیمہ کی ایک جانب اُٹھہ گئیں کہ اسی اثناء میں غلام ایک آدمی کو لیئے ہوئے جس کے ساتھہ دو عورتیں بھی تھیں کمرے میں داخل ہوا *

امیر حمیر کو دیکھتے ہی عبدالعزئے اس طرح مخاطب ہوا " اے حمیر کے سردار جس وقت میں تجھہ سے پہلی ملا تھا تونے صداقت اور وفاداری کی ضمانت اپنے غلام سے طلب کی تھی - تونے اپنے ایک ہمقوم سے اس کی تصدیق چاہی تھی کہ وہ اپنے وعدہ پر قایم ہی - اب یاد رکھہ تو قوم کا ایک ناچیز آدمی بھی کہیں اور کسی حالت میں کیوں نہو ہمیشہ تیرا وفا دار رہے گا — میں اپنی اِس بیوی اور لڑکی کو تیری خاص حفاظت میں دیتا ہوں تاکہ جب تک میں تیرے کام میں رہوں تیرے ناچیز غلام کے بیوی بچے تیری حفاظت میں رہیں " *

نعمان نے نہایت نرمی اور ملاطفت سے جواب دیا " حمیری تو نے اپنے امیر سے بد عہدی نہیں کی — یہہ عورتیں جنھیں تو ہماری سپرد کرتا ہی ہماری خاص حفاظت میں رہینگی " *

حرج نہیں ہوگا کیونکہ لڑائی میں مکر و فریب ہرطرح جایز ہی ـ مگر میری غرض یہہ ہی کہ قلعے کے اندر کی سازشوں کا ہمیں کبھی منتظر نہیں رہنا چاہیئے مبادا ہماری تمام تدبیریں اسی انتظار ہی انتظار میں خاک میں مل جائیں اور ہمیں سوا افسوس کے اور کچھہ ہاتھہ نہ آئے " *

ادھر ابن ابی ثعلب نے اس کی تائید میں نہایت زور سے کہا " ابوالجوزن کے عقلمند بیٹے کی رائے نہایت صائب ہی اور اِن کمینہ طبیعت اسدیوں سے فریب یا طاقت جس طرح بن ہو کام لیکر اب بہت جلد فیصلہ کرنا چاہیئے " *

ابن منذر اپنی فوج کے عزیز سردار کی زبانی یہہ الفاظ سنکر ذرا مسکرایا اور اپنے دوسرے سردار ولید کی طرف متوجہہ ہوکر کہنے لگا " اور تو اے ولید اس میں کیا کہتا ہی " *

ولید نے اپنے سردار کا اشارہ پاکر اسطرح جواب دیا " میں یہہ نہیں چاہتا اے امیر کہ تجھسے اُن تدبیروں کو جو دمابہ کے اندر عمل میں لائی جارہی ہیں دریافت کروں مگر صرف یہہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اِن تدبیروں کے علاوہ لڑائی بھی برابر جاری رکھنا چاہیئے کہ کہیں ہماری خاموشی سے جرات پکڑکر اسدی زیادہ گستاخ نہ ہوجائیں " *

نعمان ابن منذر نے کچھہ ٹھیر کر کہا " میرے لوگو تم نہایت درست کہتے ہو اور میں تم میں سے ہر ایک کو ایک ایک دستہ دیکر شہر کی طرف بڑھنے کے لیئے حکم دونگا ــ اچھا اب اِس جلسہ کو برخاست کرو " *

حمیر کے بہادر سردار سوائے طارق ابن منذر کے اپنے اپنے خیموں میں اُٹھکر چلے گئے تو نعمان نے اپنے بھائی سے اِس طرح مخاطب ہوکر " میرے باپ کے بیٹے ــ یہی تیرا زمانہ ہی کہ اپنے بھائی کے قریب رہکر تو اپنی مردانگی کے جوہر دکھلائے ــ تو دیکھتا ہی یہہ سب سردار کتنے بہادر اور شجاع ہیں ــ تو دیکھتا ہی یہہ حمیر کے بیٹے اپنی قوم کے واسطے کس قدر جوش میں بھرے معلوم ہوتے ہیں بے شک اگر ہمارے دشمن لڑنے کے لیئے نہ ہوتے تو حمیر کا خون آپس ہی میں کٹ مرکے بہہ جاتا ' کیونکہ لڑائی ہی اُن کی غذا ہی جس کے بغیر اُن کا جینا محال ہی ــ جان

هزار پردوں میں مشتاق دیکھ لیتے ہیں
اُسے حجاب تھا موسی کو تو حجاب نہ تھا

بغیر داغ کے جنت تمہاری بزم رہی
ہزار شکر کہ وہ خانماں خراب نہ تھا

پہلے اُن کے سامنے اول تو خنجر رکھدیا
پھر کلیجا رکھدیا دل رکھدیا سر رکھدیا

قطرۂ خوں جگر سے کی تواضع عشق کی
سامنے مہمان کے جو تھا میسر رکھدیا

کل چھوڑالینگے یہہ زاہد آج تو ساقی کے ساتھہ
رہن ایک چلو پہ ہمنے حوض کوثر رکھدیا

شام ہی سے لوٹتا ہے مجھکو انگاروں پر آج
اسلیئے ہمنے الگ نہ کرکے بستر رکھدیا

داغ کی شامت جو آئی اضطراب شوق میں
حال دل کمبخت نے سب اُن کے منہ پر رکھدیا

عرصہ حشر میں اللہ کرے گم مجھکو
اور پھرو ڈھونڈتے گھبرائے ہوئے تم مجھکو

سالیا اس میں کھچی کیا کسی مجذوب کی روح
کوئی کھینچے لیئے جاتا ہی پس خم مجھکو

دیکھنا چھیڑ سر حشر مرے پاس آکر
تھے ہو کون ہوں میں جانتے ہو تم مجھکو

دیکھا پیر مغاں حضرت زاہد تو نہیں
کوئی بیٹھا نظر آتا ہی پس خم مجھکو

باقی آیندہ

—o—

انداز بیان رکھتا ھی – جس سے اُنکي شاعري میں جو رفتہ رفتہ تغیر ھوتے رھے ھیں اور ھوئے ھیں پورے پورے طور پر ظاھر ھوئے ھیں – اس سے اُن کے کلام کي مختلف حالتیں بھي معلوم ھوجاوینگي جو وقت اور امتداد ایام کے لحاظ سے عموماً کلام پر پڑتي ھی *

حضرت داغ کا پہلا دیوان گلزار داغ اُن کے ابتدائي کلام کا مجموعہ ھی – اور جس میں گمان غالب ھی کہ اکثر غزلیں ذوق مرحوم کي اصلاحي بھي ھوں مگر اسکا پتہ چلنا دشوار ھی ایک مقطع میں آپ فرماتے ھیں کہ –

بعد اُستاد ذوق کے کیاکیا * شہرت افزاکلام داغ ھوا

اس شعر سے یہہ بات تراوش کرتي ھی کہ پہلے دیوان میں کچھہ اصلاحي اورکچھہ‌غیر اصلاحي غزلیں ھیں – پہلے دیوان کا عام انداز کہہ رھا ھی کہ شاعر اپني عنفوان شاعري کي اُمنگوں میں بھرا ھوا ھی – اور شوخیوں اور چلبلا پن نے جواني کے ولولوں کو اور بھي چمکایا ھی جابجا کلام میں ایک شوخي آمیز زور بھي پایا جاتا ھی – جو شباب اور اُٹھتے ھوئے جوش کا مقتضا ھی – لیکن سادگي اور سلاست بیان باوجود اِن رنگ آمیزیوں کے ابتداھي سے ٹپکي پڑتي ھی — ابتدائي مشق اور اغاز شاعري کي وجہہ سے کلام میں وہ متانت نہیں ھی جو حال کے کلام میں پائي جاتي ھی – اس جگہہ ھم اُن کي چند قدیم غزلوں کا انتخاب درج کرتے ھیں جس سے اُن کے ابتدائي کلام کا کچھہ اندازہ ھوسکتا ھی *

وہ رات کبن سي گذري جو اضطراب نہ تھا
جب آنکھہ دي تھي خدانے مجھے تو خواب نہ تھا

یہہ داغ رند کب آلودہ شراب نہ تھا
خراب آج ھوا آج تک خراب نہ تھا

نہ پوچھئے مہرے روز سیاہ کي ظلمت
چراغ لیکہ بھي ڈھونڈا تو آفتاب نہ تھا

لگي نہ آنکھہ مہري چشم پاسباں کي قسم
شب فراق کہیں دیکھنے کو خواب نہ تھا

کہ ہماری عام گفتگوئیں نہایت سلجھتی اور پاکیزہ ہوتی جاتی ہیں - اور اب دور دراز شہروں میں بھی اچھی خاصی اُردو بولی جاتی ہی - میرا یہہ مطلب نہیں کہ بالتخصیص حضرت داغ ہی کے کلام کو یہہ رتبہ حاصل ہی - نہیں بلکہ ہر شاعر اپنی حیثیت کے مطابق یہہ خدمت انجام دے رہا ہی مگر شہرت عام اور زبان پر کمال قدرت کی وجہہ سے حضرت داغ کو سب پر امتیاز ہی - اس جگہہ ہم حضرت داغ کے چند مشہور غزلوں کا مطلع درج کرتے ہیں - جو اسقدر مشہور ہیں کہ کوئی شہر ایسا نہوگا جہاں اِن کے ترانے گلی کوچوں میں لوگ پڑھتے ہوئے نہ نظر آئیں *

آرزو یہہ ہی کہ نکلے دم تمہارے سامنے
تم ہمارے سامنے ہو ہم تمہارے سامنے

ترے وعدے کو بت حیلہ جو نہ قرار ہی نہ قیام ہی
کبھی شام ہی کبھی صبح ہی کبھی صبح ہی کبھی شام ہی

دوستی کا ہو زمانہ میں بھروسا کس پر
تو مجھے چھوڑ چلا اے دل ناداں کس پر

زیادہ تر حضرت داغ کی غزلیں گانے کے کام کی ہوتی ہیں جو بکثرت جلسوں میں گائی جاتی ہیں کچھہ یہہ نہیں کہ یہہ غزلیں محض اس ڈھب کی تصنیف کی جاتی ہیں بلکہ یہہ کہ مضامین کی خوبی سلاست روز مرہ کے حالات اور معاملہ بندی کے لطف کی وجہہ سے عموماً یہہ غزلیں آپ منتخب ہوجاتی ہیں - یہہ اُنکی قادرالکلامی و مقبولیت عام کا ایک ثبوت ہی کہ اُن کے کلام کس قدر دلکو لگتے ہوتے ہیں کہ ہر شخص اُنکے سننے کا مشتاق اور سنکر بیتاب ہوتا ہی *

میں بہتر سمجھتا ہوں کہ بجاے حضرت داغ کے مختلف اشعار انتخاب کرنے کے جو مختلف مذاق کے اعتبار سے مختلف حیثیت کے ہیں اور جو اپنے موقع اور حالت کے لحاظ سے جداگانہ کیفیت اور خوبی رکھتے ہیں اور اُس پر اور اُس کے خاص انداز اور خصوصیات شعری پر جداگانہ نظر ڈالنے کی اُن کے تینوں دیوانوں پر جدا جدا ایک سر سری نظر ڈالوں - کیونکہ حضرت داغ کا ہر دیوان ایک خاص وقت کی تصنیف اور خاص زمانہ کا کلام ہونے کی وجہہ سے ایک علیحدہ اور خاص

اُردو کے اچھوتے سے اچھوتے محاورے سے اپنے کلام کو مرصع بنادیا ہی — کہ سادہ سے سادہ شعر عجیب کیفیت خیز ہی ۔ اس امتیاز سے اُن کے کلام کو اوروںکے کلام پرایک خاص امتیاز ہی فرماتے ہیں *

جو سر میں زلف کا سودا تھا سبکو ٹالدیا
بلاؤں میں بھی کہ آئی بلا کو ٹالدیا

نہیں معلوم اک مدت سے قاصد حال کچھہ واں کا
مزاج اچھا ہو ہی یادش بخیر اُس آفت جاں کا

دل لیکے وہ اب جان طلب کرتے ہیں مجھہ سے
یہہ ایسی دھری ہی کہ اُٹھائی نہیں جاتی

ہر چند ہی افشاے محبت میں خرابی
یاروںسے مگر آنکھہ چرائی نہیں جاتی

غیر ہی خواب شب وصل میں اے آہ رسا
کام بنجائیگا سوتے کو اگر جالینگے

جو اپنے دلسے آپ کرے بد مزاجیاں
ایسے اکلکھرے سے بھلا کوئی کیا ملے

دل کا سودا تری زلفوں سے بنا رکھا تھا
کیا خبر تھی کہ نکہ مفت میں ہتھیالینگے

افسوس کہ اُنکا تمام کلام پڑھنے اور اُس میں اُن کے جواہرات کے انتخاب کرنے کی فرصت نہیں ورنہ سارا کلام اُن خوبیوں سے بھرا پڑاھے کہاں تک مختصر انتخاب سےکل کا انحصار ممکن ہی — بظاہر تو حضرت داغ کے کلام سے صرف یہی فائدہ ملک کو پہونچ رہاھی کہ ہماری دلبستگی کا ایک نہایت معقول ذریعہ ہی اور ہر طبقہ اور ہر درجہ کے لوگ پڑھتے ہیں اور مزا لوٹتے ھیں مگر حقیقت میں انکا کلام سب سے زیادہ جو کام کررہا ہی وہ یہہ ہی کہ اُردو کی صاف شستہ زبان جو خاص طبقے میں بولی جاتی ہی اور جس سے عام لوگوں کو فائدہ اُٹھانے کا بہت کم موقع ملتا ہی اور اسوجہہ سے وہ اُردو ٹکسالی زبان کی خوبیوں سے بالکل نابلد رہتے ہیں ۔ اس کثرت اور اس سرعت سے تمام ملک میں انکا کلام پھیلرہا ہی

هرگز یهه نهیں معلوم هوتا که قصداً یهه کهپائے گئے هیں = جیسا که حضرت ناسخ کا مشهور مطلع هی *

میرا سینه هی مشرق آفتاب داغ هجران کا
طلوع صبح محشر چاک هی اپنے گریبان کا

جس میں داغ هجراں کو آفتاب کهنے کے بعد اسباب کی خواه مخواه کوشش معلوم هوتی هی که اس رعایت سے مشرق = آفتاب = طلوع خواه مخواه کهینچ تان کے لائے گئے هیں = مگر حضرت داغ کا شعر قدرتی معلوم هوتا هی اس هلکی تشبیهه نے اور بهی خوبی بڑهادی هی = شعر هی

لیئے تو چلتے هیں حضرت دل تمهیں بهی اُس انجمن میں لیکن
همارے پہلو میں بیٹهه کر تم همیں سے پہلو تهی نکرنا

یهه انداز بیان ایسا نادر هی که ان کے پیروؤں کو بهی نصیب نهیں هی اُن کا خاص حصه هی *

زبان اردو پر حضرت داغ کا بہت بڑا احسان هی — اُنهوں نے اُس سلاست بیانی کو جس کی بنیاد میر و درد نے ڈالی تهی اور جسکو جرأت و آتش و مومن نے خوب چمکایا اُنهوں نے حد کمال پر پہونچا دیا مگر فرق یهه هی که اُن شعراے قدیم کے کلام بہت چوتیلے اور پر درد هوتے تهے = کچهه اس وجهه سے که وه تصوف کے دل دادہ تهے اور کچهه اس وجهه سے که خود درد مند دل لائے تهے = اُن کے کلام دلوںپر عجیب حسرتناک اثر ڈالتے هیں * جرأت مومن و آتش اور کسیقدر غالب نے اُن کی سادگی * انداز بیان کو لیکر اور کچهه شوخی ملاکر کلام کو خوب مزیدار بنایا جو تصوف اور حقائیت کے دائره سے نکل کر عام لطف زندگی دینے لگا — مگر داغ نے سادگی اور محاوره بندی اور شستگی بیان تو وهی قایم رکهی مگر شوخی اور بانکپن اس قدر کوٹ کوٹ کر بهر دیا هی که سنکو بے ساخته دل لوٹ جاتا هی عام فهم اور کمال سلیس هونے کی وجهه سے ان کا کلام بچه بچه کی زبان پر هی اور هر شخص علی القدر حیثیت لطف اُٹهاتا هی = اور باوجود اس کے خوبی یهه که زبان کے لطف کو کهیں هاتهه سے نہیں دیا هی

زمانہ میں جب کہ اردو کا علم ادب انگریزي خیالات اور طرز تحریر کي ترویج سے جلد جلد رنگ بدل رہا تھا یہہ نہایت ضرور تھا کہ کوئي جادو نگار ہماري شاعري سے جو زبان کي اصلاح اور ترقي کي خاص ضامن ہی اُس استعارہ اور تشبیہات کے جنگل کو جس سے ہماري ساري شاعري کا میدان اٹا پڑا تھا صاف کرتا اور اُس میں شاہراہیں قایم کرتا تاکہ ہم بے کھٹکے اپنے اظہار مطلب کے منزل مقصود تک پہونچ جاتے - جو بات سیدھے سادھے طور سے بیان کي جاتي ہی بلا شبہہ اُس کا اثر اُس سے ہزار گونہ زیادہ پڑتا ہی اگر وہي بات استعارہ اور تشبیہات سے مرصع کرکے بیان کي جاے - استعارہ اور تشبیہہ سے یہہ تو ضرور ہوتا ہی کہ شعر شاندار اور پر شکوہ ہو جاتا ہی اور اِسي طرح پر اکثر معمولي اور بے مزہ مضامین کي کھوٹي اس انداز میں ہو جاتي ہی جس کے حقیقي عیوب الفاظ اپني متانت اور شکوہ کے جامہ میں چھپائے ہوتے ہیں - اور سادگي کي حالت میں اگر شعر میں بنفسہ کوئي خوبي مضمون یا لطف زبان نہیں ہی تو وہ شعر کے رتبہ سے گرجاتا ہی - اس وجہ سے ایسي کلام کو پر مزہ بنانا دشوار ہوي ہی — اس جگہہ میں چند اشعار حضرت داغ کے لکھونگا — کہ کس شوخي اور سادگي سے اُنھوں نے اپنے مطالب کو ادا کیا ہی - یہہ خوبي ایسي ہی کہ کسي دوسرے شعراے معاصر کو نصیب نہیں ہی جو بات کہي گویا دل میں اُتر گئي — روز مرہ کي بول چال میں کس خوبي سے مضمون کو نبایا ہی کہ اگر ایسے موقع پر تشبیہہ اور استعارہ سے کام لیتے تو ہرگز یہہ خوبي پیدا نہوتي ٭

ایک غزل کا مطلع ہی

ستم ہي کرنا جفا ہي کرنا نگاہ الفت کبھي نکرنا
تمھیں قسم ہی ہمارے سر کي ہمارے حق میں کمي نکرنا

شعر لفظي حیثیت سے تو بہت سادہ ہی مگر جو لطف اور اثر اس میں ہے اُس کا فیصلہ ہم خود ناظرین پر چھوڑتے ہیں - اِسي غزل کا شعر ہے

ہماري میت پہ تم جو آنا تو چار آنسو بہاکے جانا
ذرا رہے پاس آبرو بھي کہیں ہمارے ہنسي نکرنا

اِس شعر میں آنسو — رونا — آبرو — ہنسي یہہ الفاظ لائے ہیں مگر

یہہ اب تک صدر انجمن رہے ہیں اُن کو اُن کی خدمتوں سے سبکدوش کرکے اُن کی جگہہ آپ لی لی ہو - کیونکہ یہہ نیا شاعر ضرورت زمانہ کے پورے لوازمات سے پورا پورا آراستہ ہوتا ہی اور یہہ جو خیال اپنے کلام میں نظم کرتا ہی وہ قریب قریب گویا ایک عام خیال ہوتا ہی جو اُس طبقہ کے لوگوں میں سے ہوتے ہیں اور جس سے قدرتاً طبیعتیں مانوس ہوتی ہیں — اور ایک شاعر اُن خیالات کو لفظی جامہ میں ظاہر کرتا ہی تو طبیعتیں جو پہلے ہی سے اُس کی قبولیت کا مادہ رکھتی ہیں فوراً قبول کرلیتی ہیں — اگر ایسا نہو تو ایک شاعر کا دور شہرت تا بہ دہامست ختم نہو — اسی اُصول پر جب کہ میر و سودا کا بازار شاعری گرم ہوا تو درد و سوز وغیرہ سرد پڑگئے — اور جب غالب و ذوق اور شعرائے لکھنؤ آتش و ناسخ اس میدان میں معرکہ آرا ہوئے تو اُنہوں نے ہتیار ڈالدیئے اس لیئے کوئی تعجب کی بات نہیں ہی اگر حضرت داغ کی جادو بیانی کا اَلدنوں طوطی بول رہا ہو —جیسا کہ حقیقت میں ہی اور پچھلے شعرا نہ اس وجہہ سے کہ وہ نا اہل ہیں بلکہ اس خیال سے کہ زمانہ نے اُن کا دور ختم کردیا ہی بے قدر اور کم رواج ہوگئے ہیں - اس سے یہہ مطلب نہیں کہ ہمارے قدیم شعرائے اُردو سے حضرت داغ حقیقی لطافت و خوبی میں بڑہ گئے ہوں — جو نا ممکن نہیں تو محال ضرور ہی *

حضرت کا کلام زیادہ تر غزلوں میں ہی باستثنائے چند قصائد اور ایک مثنوی فریاد داغ کے اِس لیئے اُن کی غزلوں میں ہی اُن کے دل و دماغ کے انمول و بے بہا جواہرات ہیں — اس لیئے اُن کے کلام کو باعتبار غزلیت کے دیکھنا اور اسی لحاظ سے رائے زنی کرنی لازمی ہی حضرت داغ کا کلام بہ نسبت شعرائے معاصرین کے زیادہ سلیس و سادہ ہی اور اس وجہہ سے زیادہ مرغوب اور ہر دل عزیز ہی — سارا دیوان پڑہتے چلے جائیئے معلوم ہوگا کہ گویا ایک تصویر خانہ کی سیر کر رہے ہیں اس کی ساری تصویریں ایسی سادہ اور دلربا لباس میں کچھہ ایسے بھولے پن کے ساتھہ نظر آئینگی کہ معلوم ہوگا کہ صناع ازل نے نہایت چابکدستی سے انہیں کھینچا ہی اور بناوٹ و تصنع کا ہاتھہ اُس کے دامن تک ابھی نہیں پہونچا ہی — اس

رهے — اور سادی سادی عبارت — چھوٹے چھوٹے فقروں - دلکش پیرایوں اور دلربا اندازوں میں وقتاً فوقتاً اُن ساری باتوں کو ظاہر کردیا جو دلوں پر گذرتی یا گذر سکتی ہیں — جو ہمارے روز مرہ کی زندگی کے لیئے دستورالعمل بن گئی ہیں — شادی و غم کے مختلف اثر کو جو طبیعتوں پر پڑتا ہے — اس خوبی و بے ساختہ پن سے ادا کرگئے ہیں کہ سننے والوں کی نظروں کے آگے گویا مرقع کھنچ جاتا ہے — اور اُس میں وہ اپنی خود کسی نہ کسی حالت کا نقشہ دیکھ کر بیتاب ہو جاتا ہے یہی وہ لوگ ہیں جو ہمارے دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں اور جس طرف چاہتے ہیں ہمارے خیالات کی باگ موڑ دیتے ہیں یہہ اپنی تصویروں کو غیر معمولی زیوروں سے آراستہ نہیں کرتے اور نہ فوق العادہ زرق برق اور شاندار لباسوں میں ظاہر کرتے ہیں جو ہماری آنکھوں کو دھوکہ دیکر ہماری پرشوق نگاہوں کو قدرتی سادی مگر دلکش حسن سے لطف اُٹھانے نہیں دیتے - بلکہ اپنی ظاہری چمک دمک سے ہماری آنکھوں کو چکا چوندھ میں ڈالدیتے ہیں - اور انہیں لوگوں کی پیروی حضرت داغ نے بھی کی ہے — ان کا رنگ لیکر اور اپنی شوخی ملاکر ان کے رنگ کو خوب خوب چمکایا ہے - بلکہ بعض جگہہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہہ قدرتی انہیں کا رنگ ہے اور کسی دوسرے لوگوں سے اُنہوں نے ہرگز نہیں لیا ہے - مگر ذرا غور سے دیکھنے سے کیفیت معلوم ہوتی ہے - کہ کس قدر اُنہوں نے اُن پچھلے شاعروں کا انداز لیکر اپنا کر دکھایا ہے - کہ اُن کے کلام اُنکے آگے کچھہ بے لطف سے نظر آنے لگے — کیونکہ وہ مثل پرانے و زمانہ خوردہ سکوں کی طرح رواج میں نہیں ہیں نہ اِس وجہہ سے کہ وہ ناکارہ و بے مصرف ہیں بلکہ وہ سانچے جس میں یہہ ڈھالے گئے ہیں کچھہ بھدے اور بد نما سے ہیں - یعنی وہ زبان جس میں ہمارے قدیم شعرا اپنے خیالات ادا کرگئے ہیں اُس میں سے بہت کچھہ ہمارے کانوں سے مانوس نہیں ہے - اس وجہہ سے ہم اُسے زیادہ کام میں نہیں لاتے اور یہی وجہہ ہے کہ ہر طبقہ کے شعرا دور گذشتہ کے شاعروں کو پیچھے ہٹاتے گئے ہیں اور حقیقت میں کسی شاعر کی اُستادی کا اُسی وقت آغاز ہوتا ہے جب کہ اُس نے اپنے ماسبق کلاموں کو بے رونق کردیا ہو - اور وہ مجالس و بزم سے چھپاں

کہدینا مناسب سمجھتا ہوں جو اُنہوں نے خود اپنے ایک مقطع میں فرمایا ہی *

کوئی نام و نشاں پوچھے تو اے قاصد بتا دینا
تخلص داغ ہی وہ عاشقوں کے دل میں رہتے ہیں

یہہ تو شاعرانہ مذاق سے اپنا وطن عاشقوں کا دل ٹھہرایا ہی — مگر تھوڑی دیر کے لئے اگر ہم شاعرانہ مبالغہ کو قطع نظر کرکے دیکھتے ہیں اور اُن کے کلام کی عالمگیر مقبولیت کا اندازہ کرتے ہیں تو بے سلختہ کہنے کو جی چاہتا ہی اُنہوں نے اپنے کمال محویت کے عالم میں جب کہ طائر خیال بعد مکانی وزمانہ کے تعلقات سے آزاد ہوتا ہی — اس شعر کو لکھا ہی — اس میں شک نہیں کہ کوئی وہ شخص جس کو حسن و عشق کی کرشمہ سازیوں سے سابقہ پڑا ہو اور جو چوٹہلا اور درد بھرا دل اپنے پہلو میں رکھتا ہو ایسا نہیں کہ حضرت داغ کا ایک ایک شعر پڑھکر بے تاب نہو جاتا ہو — گویا اُس وقت وہ اُسی کے دلی حالات کی ہمزبانی کرتے ہوتے ہیں اور اُس کے دل میں جو شعلہ محبت افسردہ ہو رہا تھا پھر مشتعل ہو جاتا ہی — اِن خصوصیات سے اگر حضرت داغ نے اپنا وطن عاشقوں کا درد مند دل ٹھہرایا تو چنداں بے جا نہ ٹھہرایا *

جبہیں دیکھتا ہوں کہ اس جگہہ اپنے فرط شوق سے میں نے کچھہ دائرہ اعتدال سے باہر قدم رکھدیا ہی — یہہ کہدینا کہ حضرت داغ کا کلام سب سے پیارا و دلکش ہی اور ہر دل عزیز ہونے کی وجہ سے سب سے زیادہ مقبول عام و خاص ہی ہمارے قدیم شعرائے اُردو — درد — میر — غالب و آتش و مومن پر ایک گونہ ستم کرنا ہی — جنہوں نے اپنے کلاموں سے ہماری خوشیوں اور ذرایع مسرت کو بہت وسیع کردیا ہی اُردو کو اِس قابل بنا دیا کہ ہم اس سے بلا تکلف — رنج و راحت و خوشی و غم غرض کہ ہر موقع و محل پر کام لے سکتے ہیں — ان چند متبرک ناموں کو خصوصیت کے ساتھہ لینے کی یہہ وجہہ تھی کہ یہہ بہ نسبت اور شعرااُردو کے لفظی صنایع و بدایع پر فریفتہ نہوئے اور اپنے دل کے گلدستہ کو بہت غور سے دیکھا — اور طبایع انسانی اور اُس کے ہنگو گونگی کو نہایت غور و تامل سے اپنی ساری عمر جانچتے اور پرکھتے

بہت سے اسباب ایسے مانع ہیں کہ عورتوں کی تعلیم کے ہرگز وہ نتائج نہیں پیدا ہونے دینگے جو انگلستان میں ہوئے ہیں - یہاں یہہ صرف دیکھنے میں آیا ہی کہ جن مسلمانوں نے اعلیٰ درجہ کی تعلیم پائی ہی یا انگلستان کی ہوا کھائی ہی اُنہوں نے اپنی عورتوں کو تعلیم کرکے انگریزنوں کی برابر بنالیا ہی — انگریز اِنکے گھر میں آنکر یا یہہ عورتیں انگریزوں کے گھر میں جاکر بے تکلف ملتی ہیں اور انگریزی بڑی بڑی پارٹی اور بال میں جاتی ہیں اور انگریزوں کے ساتھہ خوب ناچتی ہیں مگر وہ مسلمانوں سے جداہی رہتی ہیں اور اُن سے ایسا پردہ کرتی ہیں جیسے کہ پہلے کرتی تہیں — آپ دیکھینگے کہ اِنکی اولاد کیا اپنی خوبیاں دکھاتی ہیں تھوڑا تھوڑا روز بروز رفتہ رفتہ زیادہ ہوتا جائیگا *

ذکاء اللہ

نواب مرزا خاں صاحب داغ دہلوی

نواب مرزا خاں داغ کے کلام پر ایک محاکمانہ نظر ڈالنا اور اُس کے حسن و خوبی و نقایص کو دکھانا کوئی ایسا آسان کام نہیں ہی جو مجھ جیسوں اور قلیل البضاعت آدمیوں سے سرانجام ہوسکے میں اس مختصر مضمون میں صرف اتنا ہی بیان کرسکونگا کہ میں اُن کے کلام کو کس نظر سے دیکھتا ہوں اور میرے دلپر اُس کا کیا اثر پڑتا ہی - برخلاف اس کے کہ میں عروض و فن نظم کے اصول پر استدلال کروں - یا زبان و محاورہ بندی کی صحت و سقم کے انداز سے اُن کے کلام کو جانچوں — مینے اس موقع پر حضرت داغ کی سوانح عمری بہی قلم بند کرنا چاہا تہا - مگر مجھے پورے حالات دستیاب نہوئے اور جو کچھہ سامان بہم بہی پہونچا تہا وہ ضائع ہوگیا - اِس لیئے اُن کے حالات زندگی کے متعلق اِس جگہہ کچھہ نہ کہونگا - اِس کو کسی دوسرے موقعہ کے لیئے اُٹھا رکھتا ہوں — اُن کے نام و نشان کے بارہ میں میں یہاں صرف اتنا ہی

ہوتی ہوتی ہے تو وہ عمر بھر تک ہوری بیوی ہی رہتی کوئی دوسرا مرد دیکھکر پسند کرکے خاوند نہ بنا لیگی بے پردگی عورتوں کی عصمت میں خلل نہ ڈالیگی مگر کثیرالازدواجی و طلاق و خلع کی آسانی اِنکی عصمت شکن ہوگی اگر پردہ نہوگا - اس لیئے مسلمانوں میں سے عام پُردہ کا اُٹھہ جانا محال نہیں تو مشکل بہت ہی اشراف جن میں پردہ کا رواج ہی اِن میں اراذل کی نسبت زیادہ لوگ مفلس ہیں — یہہ پردہ اِنکے افلاس کو آدہا ڈھکے رہتا ہی - جب اِن کی عورتیں پردہ سے باہر آئینگی تو اِنکا افلاس پورا ظاہر ہوگا جو مسلمانوں کو لوگوں کی نظر میں نہایت حقیر و ذلیل بنائیگا — جب کوئی اشراف زادی اس صورت سے نکلے کہ تاگہ کا تار ہاتھہ میں نہو اور کپڑے ثابت نہوں تو اسکی کیا عزت ہوگی - اب یہہ کہا جاتا ہی کہ اگر پردہ نہ اُٹھے تو عورتوں کی تعلیم کیونکر ہو اور جب تعلیم نہو تو عورتیں شایستہ اور مہذب کیونکر ہوں اور جب عورتیں شایستہ اور مہذب نہوں تو مرد کیونکر شایستہ اور مہذب ہوں - یہہ سچ ہی کہ عورتوں کی تعلیم و تہذیب کو مردوں کی تعلیم و تہذیب میں دخل عظیم ہی مگر یہہ سمجھنا کہ صرف عورتوں کی تعلیم و تہذیب ہی قوموں کے مہذب ہونے کا سبب ہی بڑی غلطفہمی ہی قوموں کی تعلیم وتہذیب کے اصول بڑے پیچدار اور دقیق ہیں اُنکو شاید تھوڑے ہی مسلمان سمجھتے ہونگے - جو مسلمان بر خود غلط ہیں وہ انپے شتاب اپنی راے کے اظہار کرنے میں کچھہ دریغ نہیں کرتے کہ ہم جس بات میں انگلستان کی نقل اُتارینگے تو اِنکی مثل ہوجائینگے - یہہ کہنا کہ انگلستان میں تعلیم جو نتایج اپنے دکہا رہی ہی وہی ہندوستان میں اسکی نقل دکہائیگی ایسا ہی جیسے یہہ کہنا کہ اگر انگلستان میں روئی کی کاشت ہو تو وہاں ہندوستان کی برابر روئی پیدا ہوگی اور اگر گنگا کے کنارہ پر ایک انگائی جاوے تو وہ ایساہی نشو ونما پائیگی جیسا کہ دریاے ٹیمس کے کنارہ پر انگلستان میں — تعلیم و تہذیب کے اصول کے بیان کرنے کے لیئے ایک کتاب کی ضرورت ہی جس کی اس مختصر مضمون میں گنجایش نہیں - اسکے سمجھنے کے لیئے بہت علم کی ضرورت ہی - ایسی مباحث درکار ہی فقط یہی جاننا کافی ہی کہ مسلمانوں میں

لگا - اس آخر بات کا اثر لیڈی صاحبہ کے دل پر ایسا ہوا کہ پھر اُن کے دل میں پردہ کا برا خیال نہیں رہا جو پہلے تھا کہ مسلمان عورتیں اسطرح رہتی ہیں جیسے کہ جیلخانہ میں دائم الحبس قیدی عورتیں *

بعض انگریز یہہ بھی کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی عورتوں کی نسبت جو یہہ کہا جاتا ہی کہ وہ اپنے پردہ کو ایسا عزیز سمجھتی ہیں کہ گھر میں مرجانے کو گھر سے باہر قدم رکھنے کی نسبت اچھا جانتی ہیں - اُنکا حال جانوروں کا سا ہی جو پنجرے میں بہت دن رہتے ہیں تو اُن میں طاقت پرواز ہوتی نہیں وہ اپنے پنجرے ہی میں پھر آجاتے ہیں - یا بعض دائم الحبس قیدیوں کو رہائی ہوتی ہی تو وہ جیلخانہ سے باہر جانے کو پسند نہیں کرتے کہ ہماری عمر قیدھی میں گذری ہی ہم یہیں رہنے سے خوش ہیں * یہہ خیال بھی قیاس مع الفارق ہی *

اب یہہ دیکھنا چاہیئے کہ جن قوموں میں مسلمانوں کا پردہ مروج نہیں ہی اُن میں عورتوں کی عصمت کی نگاہ داشت کے لیئے اور باتیں کیا ہیں جو مسلمانوں میں نہیں — مثلاً فرنگی اور ہندو ہیں - فرنگیوں میں مرد ایک بیوی کرسکتا ہی دوسری بیوی کا کرنا مذہباً منع اور قانوناً جرم ہی - میاں بیوی میں طلاق خواہ کسی طرف سے ہو بغیر زنا کی صورت کے اور کسی طرح نہیں ہوسکتی - ہندوں میں زوجیت کا رشتہ کسی طرح توٹ ہی نہیں سکتا نہ خاوند بیوی کو چھوڑ سکے نہ بیوی خاوند کو اب یہہ دونوں باتیں مسلمانوں کے ہاں نہیں ہیں - کثیرالازدواجی — طلاق - خلع تینوں مذہباً جایز ہیں اور مروج ہیں - اِن تینوں باتوں ہی کے سبب سے عقلاے اسلام نے مصلحتاً عورتوں کے لیئے پردہ تجویز کیا - اور اسکا رواج ہوگیا — اگر پردہ نہوتا تو وہ تینوں باتیں جو اُوپر بیان ہوئیں عورتوں کو بہت بے عصمت بناتیں - یہہ تینوں باتیں اسلام کے مذہب میں داخل ہیں وہ کسی طرح ممنوع نہیں ہوسکتیں پردہ اِن کے لیئے لازمی ہی وہ اُٹھیں تو یہہ اُٹھے - کوتہ مغزوں کے دماغ میں یہہ باریک بات ذرا مشکل سے آئیگی — مگر سمجھہ دار اس نکتہ کو سمجھینگے کہ جس قوم میں کثیرالازدواجی مذہباً مروج ہو اس میں جب تک پردہ نہو کسی شخص کو وثوق کے ساتھہ اعتماد نہیں ہوسکتا کہ جو عورت آج

ایک انگریزی صاحبہ تشریف لائیں — انہوں نے اُس گھر میں ایک عورت سے جو گھر کی سرپرست تھی گفتگو شروع کی کہ جب تم اس گھر کی چار دیواری کے اندر بند رہتی ہو اور باہر نہیں نکلتی ہو تو تم پر کیا گذرتی ہوگی — تم اس دنیا میں آکر اسکی کیا بہار دیکھتی ہوگی — زندگی کے لطفوں سے محروم رہتی ہوگی تو اُس شریف زادی نے ہنسکر کہا کہ آپ ہماری خوش و خورمی کی حالت سے واقف نہیں جو یہہ ارشاد فرماتی ہیں ہم اپنے اسی گھر میں ایسی شاد و بشاش رہتی ہیں جیسے کہ آپ اپنے مکان میں جیسے آپ کو ہمارے مقید رہنے پر حیرت ہوتی ہی ایسی ہم کو آپ کے باہر پھرنے پر تعجب ہوتا ہی کہ عورت ہوکر آپکی حیا و عزت کیسے اجازت دیتی ہوگی کہ اپنی صورت غیروں کو دکھاتی ہو — ہم نہیں جانتے کہ بازاروں میں پھرنے کی کونسی خوشی ہی جو ہم کو حاصل نہیں ہوتی اور ہمارے عزیز و اقارب عورت مرد ملنے جلنے آتے ہیں ہم اُن کے گھر جاتے ہیں — ہمارے نوکر اور مامائیں ساری چیزیں بازار سے خرید کر لاتی ہیں — ہمارے گھروں پر طرح طرح کے سودا سلف بیچنے والے آتے ہیں ہم ان سے چیزیں خریدتے ہیں — بہت سی عورتیں چیزیں بیچنے والی ہمارے گھر میں آتی ہیں — تہوار اور شادیاں ہمارے یہاں بہت سی ہوتی ہیں جن میں ایک ملکاؤ شادی ہمارے گھر میں ہوتا ہی — عورت مرد مہمان ہوتے ہیں — ہم عمر عورتیں باہم ملکر مزے مزے کی باتیں کرتی ہیں — نوجوانیں ایک دوسرے کو چھیڑتی ہیں اور خوشی اور دل لگی کی باتیں کرتی ہیں طرح طرحکی خبریں ایک دوسری کو سناتی ہیں — راتوں کو کہانیاں پہیلیاں کہتی ہیں — ہم پانچوں وقت وضو کرکے اپنے خدا کی عبادت کرتی ہیں صبح اُٹھکر قرآن شریف کی تلاوت کرتی ہیں گو ہم میں ایسی بہت تھوڑی عورتیں ہیں جو قران شریف کے معنی سمجھتی ہوں مگر اُسکے الفاظ جنکو ہم اپنے خداتعالی کا کلام جانتی ہیں اپنی تعظیم و تکریم و پاک خیال ہمارے دل میں ایسے پیدا کرتے ہیں کہ گویا ہم ان کے معنی سمجھتی ہیں — ہم میں گو لکھی پڑھی عورتیں کم ہوتی ہیں مگر وہ احکام مذہبی کو جنکا جاننا اُن کے لیئے ضرور ہی جانتی ہیں — ہماری بیسیوں پیڑھیاں گذر گئی ہیں کہ ایک عورت کی پاکدامنی پر داغ نہیں؟

نہیں مگر وہ طبیب کو اُن کی نبض نہیں دکھلائینگے زبانی بیان پر علاج کرائینگے — بعض اشراف عورتوں کا نام چھپاتے ہیں اُنکا نام نکاح کے وقت بھی مجلس میں اعلان نہیں کرتے — دستاویز میں عورتوں کا نام نہیں لکھاتے خواہ انکی کیسی ہی حق تلفی ہوجائے — کوئی اُنکا عزیز کسی رنڈی کو گھر میں ڈال لے یا اُس سے نکاح کرلے تو وہ اس سے عمر بھر کے لئے زنانہ ملاپ جلاپ چھوڑ دیتے ہیں — گھر کی دیواریں اُونچی اُونچی بنائینگے اور کہیں کوئی موکھہ ایسا نہیں رکھینگے جس میں سے عورتیں گلی بازار کو دیکھہ سکیں — ان کے گھر پر جاکر کوئی شخص اُنکو پکارے اور وہ گھر میں نہوں تو کوئی عورت پکارنے والے کو جواب نہ دیگی جو وہ گھر میں نہیں ہیں — اِس جواب نہ آنے ہی سے پکارنے والا سمجھہ جاتا ہی کہ وہ گھر میں نہیں ہیں — ایسے مسلمان اشراف بہت تھوڑے سے ہوتے ہیں کہ جن کی عقل پر ایسا پردہ پڑا ہوا ہوتا ہی کہ وہ عورتوں کے اس طرح مقید کرنے کو شرعی پردہ سمجھہ کر خوش ہوتے ہیں یہہ اُن کا خوش ہونا ایسا ہی جیسے اُن پاگلوں کا جو اپنے پاؤں کی بیڑیوں کی جھنکار سے خوش ہوتے ہیں کہ کیا اِن میں گھنگروں کے سر نکل رہے ہیں — یہہ تو مشتہر صورتیں ہیں جن سے بحث عبث ہی مگر انہیں کو بعض مسلمانوں کا قاعدہ کلیہ سمجھہ کر اُن مسلمانوں پر اعتراض کرتے ہیں ایک دفعہ پائنیر الہآباد کے اخبار میں مسٹر ایس فلر نے ایک مضمون مسلمانوں کی نسبت چھپوایا جسمیں لکھا تھا کہ مسلمان کچھہ ہماری عصمت کی نسبت بد گمان نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنی بہو بیٹیوں اور بیویوں کی عصمت کی نسبت بدگمان ہوتے ہیں وہ یہہ جانتے ہیں کہ جب تک اُنکی عصمت کی محافظت کے لئے ہم پہرہ دیتے ہیں وہ محفوظ ہیں جہاں ہماری آنکھہ بچی مال ہی یاروں کا — بہت سے انگریز ہیں جو یہہ سمجھتے ہیں کہ مسلمانوں کی عورتیں مکانوں میں ایسی طرح سے بند رہتی ہیں جیسے مرغیاں کھانچے میں یا کبوتریاں کابک میں یہہ خیال ان کا اپنے رواج رسم عادت کے موافق ہی دوسری قوموں کی باتوں کا اپنی قوم کے مذہب و رواج و رسم و عادت کے موافق کرنا غلطی و حماقت و جہالت ہی ایک دفعہ بمبئی میں ایک اشراف مسلمان کے گھر میں

عورتوں کي پردہ داري میں نہایت اهتمام کرتے هیں — جب گھر سے باهر جاتے هیں تو گھر کو قفل لگا جاتے هیں یا بیوي کو کوٹھري میں بند کرکے قفل لگاتے هیں اور قفل پر کاغذ کي چٹي چپکاتے هیں اور اُسپر اپنا نام لکھتے هیں — بعض بیبیوں کے پاجاموں پر ایسے گورکھ دھندے لگاتے هیں جنکو وہ خود هي کھول سکتے هیں — ڈولي پینس یا کسي اور سواري میں عورتوں کو سوار نہیں هونے دیتے هیں اور اگر هونے دیتے هیں تو اُسکے پردہ کو ایسا سیتي هیں کہ اُس کے اندر سے کچھہ دکھائي نہ دے یا خود پہرہ دیتے هوئے ساتھہ جاتے هیں — بعض ڈولي میں پتھر رکھہ دیتے هیں کہ کہاروں کو سواري کا وزن نہ معلوم هو کہ کیا هی — گھر میں بے پرد عورتوں کو آنے نہیں دیتے ان کے آنے کو بھي غیر مرد کے آنے کي برابر سمجھتے هیں — جب پولکن سقفي دھوان گھر میں آئیگي تو عورتوں کو ایسا هي پردہ کرنا پڑیگا جیسے کہ کوئي غیر مرد آیا — مولوي محمد مرحوم شاهجہاں پوري اپني حکایت فخریہ یہہ بیان کرتے تھے کہ میں ایام غدر میں اپنے بھائي کي بغاوت کے سبب سے مشتبہ بغاوت هوکر حوالات میں تھا اور مسٹر او صاحب مرحوم جو اُسوقت بورڈ کے سکرٹري تھے میرے سچے دوست تھے جب اُنہوں نے سنا کہ میرے گھر میں فاقے هوتے هیں تو اُنہوں نے اپني میم صاحبہ سے جو عالي جناب سر ولیم میور سابق لفٹننٹ گورنر ممالک مغربي و شمالي کي صاحب زادي تھیں کہا کہ تم ڈپٹي صاحب کے گھر جاکر انکي بیوي کي تسلي و تشفي کرو اور مدد خرچ کے لیئے کچھہ روپیہ دے آو — میم صاحبہ نے میري بیوي سے کہلا بھجوایا کہ میں اسوقت فلاں روز آونگي اور آپ سے ملونگي اسپر میري بیوي نے کہلا بھجوایا کہ یہہ آپکي نہایت عنایت هی کہ آپ غریب خانہ پر قدم رنجہ فرمائیں مگر میرے خاوند کي اجازت نہیں هی کہ میں اُن عورتوں کے سامنے هوں جو بے پردہ مردوں کي طرح پھرتي هیں — میں آپ کے سامنے نہیں آسکتي — غرض میم صاحبہ وقت موعود پر تشریف لیگئیں اور مکان کي دهلیز میں ٹھیري رهیں اور تسلي آمیز الفاظ کہکر اور مدد خرچ کے لیئے روپیہ دیکر اپنے گھر چلي آئیں — بعض اشراف اگر اُنکي عورتیں بیمار هوکر مرنے هي کو کیوں

میں کہا ہے فقط مسلمانوں کے پردہ کا ذکر کرتا ہوں — گھر سے باہر
نکلنے والی عورتوں کے لئے ایک پنجابی ضرب المثل ہے کہ گھونگھٹ
میں لہر لہر — برقع میں سارا شہر — ڈولی میں خدا کا قہر — گھونگھٹ
برقع ڈولی یا گاڑی اور سواری یہی تین پردے باہر نکلنے کے لئے عورتوں
کے واسطے ہیں — جن کا بیان اس ضرب المثل میں ایک شوخی کے
ساتھ کیا گیا ہے کہ گھونگھٹ میں لہر لہر ہے یعنی عورت کو اختیار ہے
کہ جس مرد کو اس کا دل چاہے جتنی دیر چاہے جھانکے تاکے اور اپنا
چہرہ نہ دکھائے — برقعہ میں سارا شہر — برقعہ ایک ایسا پردہ ہے
کہ جس میں عورت کا سارا جسم سر سے پیر تک ڈھک جاتا ہے —
صرف اس میں دو سوراخ آنکھوں کے سامنے ہوتے ہیں جس میں سے
وہ دیکھتی ہوئی سارے شہر کی سیر کرسکتی ہے اور کوئی اس کو
پہچان نہیں سکتا کہ وہ کون ہے — ڈولی میں خدا کا قہر — ڈولی دو
کہاروں کے کندھے پر ہوتی ہے عورت کو خود کچھ اختیار نہیں ہوتا
کہ جہاں چاہے چھپی چھپائی جائے آئے — یہہ تین پردے عورتوں کے
گھر سے باہر جانے کے ہیں — اب ایک پردہ گھر میں بیٹھنے کا ہے —
اب اس پردہ کا حال یہہ ہے کہ ہر قوم میں اراذل فرقہ بہ نسبت
اشرافوں کے فرقوں کے زیادہ ہوتے ہیں — مسلمانوں کے اراذل فرقوں میں
عورتیں پردہ میں نہیں بیٹھتیں بے پردہ بے تکلف مردوں کی طرح
بازاروں میں کام کرتی ہوئی پڑی پھرتی ہیں — سارے کام وہی کرتی
ہیں جو انکے مرد کرتے ہیں بوجھہ اٹھاتی ہیں — ٹوکری ڈھوتی ہیں
کپڑے دھوتی ہیں پانی بھرتی ہیں — کپڑے بنتی ہیں — اور علیٰ ہذا القیاس
بہت سے پیشے مردوں کی طرح بے حجابانہ کرتی ہیں — پھر اشراف
مسلمانوں کے گھر ایسے بھی ہیں کہ ان میں عورتوں میں دن کو پردہ
ہوتا ہے گھر سے باہر قدم نہیں نکالتیں اور رات کو وہ چادر اوڑھے
اپنے عزیزوں کے گھروں میں آتی جاتی ہیں — ایسے گھر بھی تھوڑے
ہیں کہ جن میں عورتیں دن کو برقع اوڑھ کر گھر سے باہر آتی جاتی
ہیں — میری غرض اس بیان سے یہہ ہے کہ مسلمانوں میں تین
چوتھائی عورتوں سے کم نہ ہونگی جو اور قوموں کی طرح پردہ
میں نہیں رہتیں — بے شک اشرافوں میں عورتوں کا مکانوں کے اندر
رہنا اور باہر نہ نکلنا اشرافت کی علامت ہے — بعض اشراف

اس کی آرائی — غرض جیسےکہ انگریزوں کو ہندوستانی لباس سے نفرت ہے ہندوستانی عورتوں کو انگریزوں کے لباس سے نہیں — امیر زادیاں تو اس تمنا میں رہتی ہیں کہ خاوند ہم کو ان کا لباس پہنائیں مگر اس کی سادگی پسند نہیں اس میں زردوزی کام ہونا چاہتی ہیں — اس کی مثالیں بہت سے مسلمانوں کے گھروں میں موجود ہیں — ہر قوم میں عورت کے لباس میں زیادہ تکلف بہ نسبت مرد کے لباس کے کیا جاتا ہے — سو اب یہہ تکلفات انگریزی ہوتا جاتا ہے — سارا لباس انگریزی کپڑوں کا بنایا جاتا ہے غرض ہر طرح سے انگریزی لباس ہندوستانی لباس سے اچھا سمجھا جاتا ہے ٭

اب اس لباس کے پردہ کے سوا عورتوں کی عصمت کی حفاظت کے واسطے اور پردے ہیں — کسی قوم میں مرد کی طرح عورت بے پردہ نہیں رہتیں کسی ہندو کو نہ دیکھا ہوگا کہ وہ ہندنیوں کی طرح نکوبتے کا گھونگھٹ چہرہ پر ڈالے نہ کسی فرنگی کو دیکھا ہوگا نہ وہ فرنگنوں کی طرح چہرہ پر نقاب ڈالے نہ کسی مسلمان کو دیکھا ہوگا کہ وہ مسلمان عورتوں کی طرح برقع اوڑھے پردہ کی ضرورت عورت کے لیئے اس لیئے زیادہ ہے کہ ہر قوم میں عورت کو بہ نسبت مرد کے زنا کاری پر زیادہ لعنت ملامت ہوتی ہے اور اس کو سزا دی جاتی ہے — مرد باوجود زناکار ہونے کے اپنی سوسئیٹی سے ملتے جلتے ہیں ان کی عزت میں ذرا فرق نہیں آتا برخلاف اس کے عورت زنا کار ہوجاے تو وہ اپنی سوسئیٹی سے خارج ہو جاتی ہے — سب اس کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اگر ایک خاندان میں سارے مرد زنا کار ہوں تو اس کی عزت خاک میں نہیں ملتی مگر ایک عورت کے زنا کار ہونے سے سارے خاندان کی ناک کٹتی ہے — پس ہر قوم نے اپنی عورتوں کی عصمت کی حفاظت کے واسطے اپنی عقل و خرد و فہم سے زمانہ کی مصلحت دیکھکر تدابیر نکالی ہیں ایک زمانہ ایسا بھی گذرا ہے کہ عورت کا حسین چہرہ ہزاروں مردوں کا خون کراتا تھا — اب بھی بہت سے مقدمات خون کے عورتوں کے سبب سے سنے میں آتے ہیں مثل مشہور ہے کہ زر — زمین — زن سے سارے فساد اٹھتے ہیں — میں اس وقت پردہ کی تاریخ نہیں لکھنی چاہتا کہ عورتوں کا پردہ ہر قوم

جس کسی نے ذرا بھی توجہہ اس مضمون پر کی ہوگی وہ ضرور جانتا ہوگا کہ گھر پر حکومت کرنے کی بنا انصاف اور اسی لیئے سچائی پر ہی — لیکن اس مسئلہ پر مشکل سے اُس کی نظر گئی ہوگی کہ اگر سچائی اور انصاف سے گذر کر دستور مروجہ کی طرف رجوع کیا جاے تو اس سے کن کن برائیوں کا آغاز ہوتا ہی — مثلا ایک یہہ معمولی ضرب المثل ہی کہ '' ذرا ذرا سی باتوں پر چشم پوشی کرنا چاہیئے '' — اس کی تشریح میں بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ جبکہ کہلم کہلا کسی بات کے اقرار کرنے کی ہمارے پاس کوئی وجہہ نہیں ہی تو ہم کیوں یہہ ظاہر کریں کہ ہم نے اسے دیکھا یا معلوم کیا ہی *

اس تشریح میں وہ لوگ بھول کو غلطی کا جامہ پہناتے ہیں اور جن کاموں سے کسی قسم کا نقصان بھی متصور نہیں ہوتا اُن سے ایسی ایسی باتیں اختراع کرتے ہیں جن میں سراسر قصور ہوتاہی — جس کو وہ غلطی سمجھتے ہیں اُس کے خیال کرنے کی اور پھر اُسکی درستی کرنے کی کچھہ پرواہ نہیں کرتے — وہ یہہ سمجھنے لگتے ہیں کہ چونکہ اس کی موجودہ حالت میں کوئی چیز مزاحم اور اسی لیئے قابل اعتراض نہیں ہی اس لیئے اسپر عمل کرنے والوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہوسکتا — مگر اُنکا فرض ہی کہ ہر معاملہ کو نہایت داورانہ دیکھیں *

جسقدر سچائی اور صفائی تم اپنی حرکات و سکنات میں ظاہر کروگے اتنا ہی بہتر ہی — چشم پوشی کرنے سے دل میں یہہ شک پیدا ہونے لگتا ہی کہ کس کام کے کرنے کی اجازت دینا چاہیئے اور کس کی نہیں — اس سے حیلہ بازی کی ایک مثال قایم ہوجاتی ہی — تم کو اکثر خود ہی معلوم ہوتا ہوگا کہ جس چیز سے تم چشم پوشی کرتے ہو اُسکی طرف سے تمہارے دل میں خود شک ہی اور تمنے

کسی کام کے کرنے پر اصرار کرو لیکن یہہ کبھی نہیں چاہیئے کہ اوروں
کو بھی تم اپنے ہم خیال اور ہم زبان بناؤ اور اُن سے یہہ توقع رکھو کہ
وہ تمہارے ہاں میں ہاں ملائیں اور نہایت ادب سے کہیں کہ " جو
کچھہ آپ نے کیا ہی نہایت بجا و درست ہی اور اس سے زیادہ
مناسب کبھی ہو ہی نہیں سکتا تھا " - اُن کی راے کو کسی کام میں
دخل دینا ہی فضول ہی اور اگر دخل دیا ہی تو یہہ یاد رکھو کہ
عقل اور امتیاز کا دربار ایسا ہی کہ اُس میں سب لوگ برابر ہیں
اور کسی میں کسی قسم کا فرق نہیں پایا جاسکتا — یہہ ممکن ہی
کہ تمہاری مرضی نہایت آسانی کے ساتھہ اُن کے دلائل کے پلے کو اُونچا
کردے لیکن اگر درستی یا نادرستی کے خیال سے اسے دیکھا جائے تو
حقیقتا اسکو اُس سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہی *

گھر پر حکومت کرنیکا دار و مدار سچائی اور محبت پر ہی اور
اگر ان دونوں میں سے ایک بھی مفقود ہو تو وہ حکومت ایک
ظالمانہ اور خودسر حکومت کیطرح ہی - اس میں اسبات کی ضرورت
ہی کہ ہر ایک سے نہایت فیاضانہ محبت کا برتاو کیا جاے — اپنے
محکومین کی طبیعتیں تمکو اور تمہاری اُن کو سمجھنا چاہیں اس
لیئے تمہیں چاہیئے کہ اُن کے ساتھہ ہمدردی ظاہر کرو اُنہیں یقین
دلاو کہ تمہیں اُنکے ساتھہ بہت ہمدردی ہی کیونکہ زیادہ تو تمہارے ہی
ہمدردانہ برتاؤ پر اُنکی سچائی کا انحصار ہی - اگر تم چاہتے ہو
کہ ایک لڑکا نہایت راست باز اور سچا آدمی ہوے - تو اُس کی
طبیعت اسطرف مائل کرو کہ وہ تمہارا اعتبار کرنے لگے — تم اُسے ڈرا
ڈرا کر سچا نہیں بناسکتے - بخلاف اس کے اگر اُس سے شروع شروع
میں کوئی جھوٹی بات سرزد ہوئی ہی تو کیا تم کہہ سکتے ہو کہ بمقابلہ
کسی کام کو مکر و فریب سے حاصل کرنے کی خواہش کے اس عادت
کی بنا خوف اور ڈر پر نہیں ہی ؟ — جو لوگ اپنے گھروں پر حاکم
ہوتے ہیں کسقدر زیادہ اس بات کے شاکی ہوتے ہیں کہ اُنپر کوئی
بھروسہ یا اعتبار نہیں کرتا — لیکن یہہ لوگ بالکل نہیں جانتے کہ
ایک بزرگ کے لیئے یہہ کسقدر زیادہ مشکل ہی کہ اپنے خردوں کی
طبیعتوں کو اسطرح اپنی جانب مایل کرے کہ وہ اسکا اعتبار کرتے

هیں جو یہہ خیال کرتے هیں کہ بلا اپنے ماتحتوں کو جالے اور اُن سے همدردی ظاهر کیئے وہ گھر کا بخوبی انتظام کرسکینگے مگر یہہ سخت غلطی هی — جبر حکومت کا ایک تھوڑا سا حصہ هی اور جبکہ حکومت کا قیام قوت پر منحصر هی تو اُسکا پورا دار و مدار عقل سلیم - انصاف اور سچائی پر هونا چاهیئے *

همکو همیشہ چاهیئے کہ جو لوگ همارے ماتحت هیں اُن کے دلوں کو کبھی ایسا نہ دکھائیں کہ وہ لوگ همارا مقابلہ کرنے پر تیار هو جائیں — همکو کبھی نہ چاهیئے کہ جو کام هم نے اُن کی سپرد کیا هی اُس کی رسیوں میں اُنھیں ایسا سخت جکڑے رکھیں جیسے جہازوں پر غلام کھیتے وقت پتوار سے جکڑ کے باندہ دیئے جاتے هیں — همکو اس بات کا بہت خیال رکھنا چاهیئے کہ کسی کام کو ظاهرا اپنے موافق بنانے کی کوشش کریں جس کی دقتوں میں پھنسکر کہیں طبیعت کی فطرتی روانی نہ بند هوجائے کیونکہ یہی ایک ایسی چیز هی جو کام کو کچھہ وقعت کی نگاہ سے دیکھنے کے قابل بنادیتی هی' یعنی اس ڈھنگ سے حکومت کرے کہ اطاعت کا جوش خود بخود همارے مطیعین کے دل میں پیدا هو اور کسی قسم کے جبر اور اکراہ کا خیال بھی اُن کے دلوں میں نہ آئے — خدا نے برے اور بھلے کی تمیز کے لیئے هر ایک کی طبیعت کو آزاد پیدا کیا هی اور بہت زیادہ قرین قیاس هی کہ همکو یہہ آزادی اسی لیئے ملی هو کہ هم اپنے احکام سے اپنے ابنائے جنس کو نیک بنائیں - همیں اس پر زور دینا چاهیئے کہ هر ایک کام اپنے وقت پر نہایت باقاعدہ طریقہ سے پورا کیا جاے لیکن پھر بھی همیں یہہ ملحوظ رکھنا چاهیئے کہ آدمیوں کے دلوں کو هم کسیطرح مجبور نہیں کرسکتے اور نہ اُس کے لیئے کوئی قاعدہ مقرر کرسکتے هیں - یہی بہت بڑی بات هی کہ گھر کے تمام کاروبار ایک طریقہ سے مناسب حدود میں منتظم رهیں اور اختیارات کے کام میں لانے کے لیئے ایک معتدل اور موزوں حالت مقرر رهے جسکی بنیاد عقل و شعور پر نہایت استواری کے ساتھہ قایم هو *

اس بات کا خیال چاهیئے کہ هم دوسروں کی راے کو اپنے مطابق همیشہ نہیں بناسکتے هیں خیر اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ هم

کي سي هی جو کنارے پر ٹکرا ٹکراکر غایب هوجاتي هیں مگر ان کي
رفتار صرف ایک طرفي هوتي هی اور ایک دفعه غایب هوکر پهر دوبارہ
کوئي نهیں آتي - اسیطرح کوئي کام ایسا نهیں هی جس میں
ذمه داري تو بهت هو اور اُس کي تعمیل میں نقص بهي پیدا هوجائے
اور لوگ اُسکے کرنے والے کو جو اس کام کا ذمه دار سمجها جاتا هو مورد
الزامات نه بنائیں - اسي طرح یهه بهي سمجهنا چاهیئے که کوئي کام
ایسا نهیں هی جس میں بمقابله اُن امور کے جو تعلقات خانه داري
سے پیدا هوتے هیں زیادہ هوشیاري اور عقلمندي کي ضرورت هو اور کسي
آدمي سے اگر وہ اُن تمام لوگوں کے خیالات کو نهیں جانتا جنکي صورتیں
سے گهر میں وہ آشنا هی کسي معقول حد تک یهه اُمید نهیں کي
جاسکتي که وہ گهر کے تمام کاموں کو نهایت خوبي سے انجام دیگا -
گهر پر حکومت کرنے کي حد اور اُس کے اقتدارات بهت وسیع هیں
لیکن اکثر وہ لوگ جنکو یهه حاصل هوتے هیں ان کے استعمال میں
نهایت بے توجهي اور سستي سے کام لیتے هیں اور اپنے اختیارات کا
اندازہ بهت کم کرتے هیں اور جب تک که کسي طرح نهایت ظاهر اور
محسوس طریقه پر اُنهیں یهه نه معلوم هوجائے که دوسروں کے دلوں
میں اُن کي کیا وقعت هی اور اُن کے اقتدار کو وہ کسقدر مانتے هیں
اُنهیں بالکل هي خبر نهیں هوتي که اُن کے اختیارات کي وسعت کهاں
تک هی — ایک اور غلطي اُن سے اپنے چهوٹوں سے برتاو کرنے میں
جو تعلیم اور رتبه دونوں لحاظ سے چهوٹے هیں سرزد هوتي هی اور
یهه غلطي لاعلمي اقتدار کي غلطي سے ملکر اور زیادہ مضر ثابت هوتي
هی - اس حالت میں آدمي یهه خیال کرنے لگتا هے که قدرتي
مناسبت اور لیاقت کا امتیاز صرف اچهے تعلیم یافته اور صحیح النسب
لوگوں کے لیئے هی — اور بهي خیال اُس کے تعارف اور جان پهچان
کي ایک حد صحیح هوتي هی اور انهیں زعم باطل کي وجهه سے وہ
اپنے اختیارات میں ایک قسم کي سخت مزاجي کوجو خوداسکي طبعي
نهیں هوتي دخل دینے لگتا هی اور یهه خیال کرتا هی که جن لوگوں
سے اُسے سابقه هی اگر ذرا بهي اُن کے خیالات سے آگاهي حاصل هوگي
تو مجبوراً اُنهیں کسیقدر آزادي آپ دیني پڑیگي جو اُس کے غلط
خیال کے موافق مضر تصور کي جاتي هی - شاید بعض لوگ ایسے بهي

بہادر نے ایک نہایت فصیح اور لمبی تقریر اخوان الصفا کے مقاصد کے متعلق کی۔ اور ممبران انجمن اور عام طلباء کو نہایت پر درد طریقہ سے باہمی محبت اور اتفاق اور خلوص رکھنے کے متعلق نصیحت فرمائی — اور جیسا لکچرر خواجہ غلام الثقلین نے اپنے آخری جواب کے وقت کہا وہ تقریر اس قدر پر معنی اور مفید ہی کہ اُس کا ایک ایک لفظ قابل عمل ہی اور یہہ درخواست کی کہ نواب صاحب اُسکو قلمبند فرمالیں اور چھپواکر سب ممبروں کو اپنے پاس رکھنی چاہئے فقط *

,, گھر پر کسطرح حکومت کرنا چاہیئے ‘‘

ترجمہ از ہلپس

رومیوں کا مورخ طیسیطس اگریکولا کے متعلق جو اُسکا سسر بھی تھا اور ڈامیشن کے زمانہ میں برطانیہ اعظم کا حاکم تھا اپنی یہہ راے ظاہر کرتا ہی کہ وہ اپنے کنبے پر پوری بخوبی حکومت کرتا تہا اور یہہ ایک ایسا کام ہی جس کو بہت سے لوگ کسی ملک پر حکومت کرنے سے بھی زیادہ مشکل بتاتے ہیں — اس میں سب سے بڑی دقت یہہ ہی کہ جب تک کہ کوئی دشواری بخوبی ظاہر نہ ہوجاے اکثر نہیں معلوم ہوتا کہ کن کن مشکلوں کا سامنا ہی — کیونکہ آدمی یہہ خیال کرتا ہی کہ اُسکے لئے یہہ ضروری ہی کہ اُن لوگوں کی طبیعتوں کو جنہیں وہ روز دیکھتا ہی بخوبی سمجھہ لے اور ممکن ہی یہہ بھی خیال کرتا ہو اگر وہ اپنے فرایض کو اُن کے ساتھہ پورا کرنا چاہتا ہی تو وہ اُن کی طبیعتوں کو سمجھے یا نہ سمجھے کوئی مضائقہ نہیں ہی یا چونکہ وہ گھر پر حکومت کرنے کے میدان کو وہ نہایت وسیع سمجھتا ہی اس لئے یہہ خیال کرتا ہو کہ جب کوئی بات آپڑیگی تو حسب موقعہ اُسکے انجام دہی کی تدبیر بھی ہوجائیگی اور اگر کوئی کام کاج وہ کل کے لئے اُٹھا رکھیگا یا غیر مکمل طریقہ سے اُسے انجام دیگا تو اُس کے مکافات کسی اطمینان کے وقت جبکہ دنیا کی جھک جھک ذرا کم ہوگی اچھی طرح ہوجائیگی — لیکن ہر ایک دن اپنے ساتھہ ایک نیا کام لیکر آتا ہی اور اپنے ہی ساتھہ اُسے لیجاتا ہی - اُسکی مثال لہروں

برادران یہہ فرائض ہیں جو مختصر طور پر میں نے عرض کئے ہیں — یہہ اصلاحیں ہیں اور یہہ کام ہیں جن کی ضرورت ہی — آخر میں مسلمانوں میں باہمی اخلاص اور نیک نیتی اور اتفاق رکھنے کی سخت ضرورت کے واسطے کچھہ عرض کرنے کی حاجت نہیں ہی جب ہم یہہ کہتے ہیں کہ اتفاق ہونا چاہئے تو اس کے ہرگز یہہ معنی نہیں ہیں کہ آزادی رائے اور سچا اختلاف نہونا چاہئے بلکہ اس کے یہہ معنی ہیں کہ جہاں جہاں اپنی قوم اور بھائیوں کی بھلائی ہوتی ہو تو وہاں ذاتی رنجشوں کو ہمیشہ بھول جانا چاہئے اور جب ہم دیکھیں کہ ہمارے اختلاف اور مخالفت سے قوم میں بلا وجہ نا اتفاقی پھیلتی ہی اور جب ہم یہہ جانتے ہیں کہ جس طرح یہہ ممکن ہی کہ ہم صحیح رائے پر ہیں اسی طرح یہہ بھی ممکن ہی کہ دوسرا فریق صحیح رائے پر ہو اور ہم دونوں میں نفسانیت کا جزو ملا ہوا ہی اس صورت میں ایسی اختلاف کو جہاں تک ہوسکے مٹانا چاہئے *

یہہبات گویا تاریخ کا مسلم مسئلہ ہی کہ مسلمانوں میں باہمی عداوت اور نا اتفاقی کا مرض بہت سخت ہی اور دنیا کے جس حصہ میں اُن کو پولیٹکل — مذہبی — اخلاقی حیثیت سے گزند پہنچی ہی — وہ یقینا اور قطعاً قبیلوں اور مذہبی فرقوں اور قوموں اور ذاتی اورنفسانی اختلافات کی وجہ سے ہوئی ہی — پس ہمارا اختلاف ایساہی مہذب ہونا چاہئے جیسا انگریزوں کی مہذب قوم میں ہوتاہی یعنی سب لڑتے ہیں اور پھر سب ایک ہوتے ہیں خدائے تعالی ہم کو بھی ایسی ہی توفیق دے بطفیل محمد و آلہ الا مجاد *

خاتمہ ————————————————————

لکچر کے بعد برادر سجاد حیدر — برادر زمان مہدی خاں بی اے — برادر غلام السبطین — برادر ضمیر حسن نے مداہنت اور اولوالعزمی کے مسئلہ پر تقریریں کیں جس میں برادر سجاد حیدر نے کہا کہ ہمکو دو ٹوک بات کہنی چاہئے اور دیگر برادروں نے اپنے ابنائے زمانہ سے مصالحت اور مداہنت کرنے پر زور دیا لکچرر نے خواہش کی کہ اولوالعزمی پر بحث کی جاوے برادر زمان مہدی اسکوا استثنائ

اِن چند سرسری کلمات کے بعد مجھہ کو اب چند باتیں اور کہنی ہیں — کل انتخاب عہدہ داران یونین کلب کے متعلق جو جوش و خروش ہوا تھا اور جس کے متعلق مجھے کو یقین ہی کہ اب بعد تصفیہ حاشیہ خیال میں بھی بے لطفی باقی نہ رہیگی — اور اگر بفرض محال ہوگی تو جلد دور کردی جاویگی — اُس سے روز روشن کی طرح طلبا کی زندہ دلی اور دماغ اور عملی قوتوں کے زندہ ہونے کا ثبوت ملتا ہی *

اِجازت دیجئے کہ میں یہہ عرض کروں کہ یہی ولولہ اور جوش و خروش اُس وقت بھی باقی رہنا چاہیئے جب کہ ہم دنیا میں منتشر ہو جاویں — زندگی کے فرائض اور معاش کا بار ہمکو تھکا دیوے — ایک پر جوش آدمی عموما ایک سچا اور مفید آدمی ہوتا ہی اور وہ اُس سرد طبیعت شخص سے جو اپنی متانت کے بوجھہ سے کچلا جاتا ہو — بدرجہا بہتر ہی - دنیا کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ ہمت اور ولولہ اور جوش والی قوموں ہی نے کچھہ کیا ہی *

ایک اور امر جس کی بابت میں پہلے اشارہ کر چکا ہوں اور اب پھر کچھہ کہنا چاہتا ہوں یہہ ہی کہ ہم میں سے سب یہہ توقع نہیں کرسکتے کہ دنیا میں جو مراتب عزت اور حکومت کے سمجھے جاتے ہیں وہ حاصل کرلینگے - بہت سے طلبا کو ماتحتی اور ابتدائی حالت سے زندگی بسر کرنی پڑیگی - اُن کو اپنی اُس حالت سے ہرگز افسردہ نہونا چاہیئے - بلکہ اُسکو اپنے نفس کی ایک عمدہ تعلیم سمجھنی چاہیئے اور ماتحتی میں اور کم بضاعتی میں بھی اپنی ہمت اور جوش اور خود داری کو ایک لمحہ کے لیئے ہاتھہ سے ندینا چاہیئے *

میرے نانا میر محمد حسین مرحوم ایک بانئے کا مقولہ کہا کرتے تھے وہ مجھے یاد ہی کہ جب اُس کو گرد کے لوگوں نے مکان بنانے کے لیئے جگہہ ندی اور مکان تنگ ہوا تو اُس نے کہا تھا کہ تم مجھہ کو آسمان تک چڑھنے کے لیئے تو نہیں روک سکتے یہی خیال ہمارا ہونا چاہیئے — اگر دولت اور وجاہت میں زمانہ ہماری ترقی کا مانع ہو تو ہو ہمکو اپنی سچائی - قومی محبت - ایمانداری میں ترقی کرنے سے کوئی شخص دیر تک نہیں روک سکتا *

یہہ گیارہ سوال میں نے کیئے ہیں جن میں ہر ایک کا جواب ناقابل اطمینان ہی - اور ایک ایک خرابی کے دور کرنے کے لئے دس دس رستم دل پہلوان بہی کم ہیں پس یہہ کہنا کہ علیگڈہ کالج کے ہر طالب علم کو ایک مشنری ہونا چاہیئے - دوسرے لفظوں میں اُس کے یہہ معنے ہیں کہ اِن سب خرابیوں کی اِصلاح میں اُن کو کوشش کرنی چاہیئے - سب سے اول تعلیم اور روشن ضمیری کے پہیلانے میں سعی لازم ہی اُس کے بعد وہ تمام خرابیاں دور کرنی چاہیئیں جن میں سے چند اوپر عرض کی گئی ہیں *

مگر جب ہم اپنے چاروں طرف دیکھتے ہیں تو ہم کو نظر آتے ہیں کہ نہایت عمدہ عادات کے نوجوان ہیں جن کا لباس اور طریقۂ معاشرت عام معیار سے بدرجہا بہتر ہی جن کے دلوں میں قومی محبت بیشک موجود ہی جن کے خیال عموما اچہے ہیں -- جو نیک و بد کی تمیز بخوبی کرسکتے ہیں - مگر ہم بے فائدہ کسی ایسے مصلح یا مشنری کو تلاش کرتے ہیں جو اصلاح کا بوجہ اپنے کاندھے پر لے - ہم سب اچھی تنخواہوں اچھے عہدوں آرام اور آسایش کے متلاشی ہیں بعض سست ہیں کہ جفاکشی اور بے غیرتی یا تکلیف کو قومی خدمت میں برداشت نہیں کرسکتے بعضوں کو یہہ خیال بہی نہیں آتا کہ یہہ اُمور بہی ہمارے فرائض میں ہیں - بعض اِن باتوں کو جانتے ہیں مگر یہہ سمجھہ کر خاموش ہوجاتے ہیں کہ ہم نے ہاتھہ پاوں ہلائے بہی تو کیا ہو سکتا ہی — ہماری کون سنتا ہی ایک سورما چنا بہاڑ کو پہوڑ نہیں سکتا - حالانکہ وہ اپنے آگے اور پیچھے اور دائیں اور بائیں دیکھیں و معلوم ہوگا کہ بہت سے سورما چنوں نے پہاڑ کو پہوڑ دیا ہی - اور پہوڑ رہے ہیں *

میرا یہہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم قومی خدمات نہیں کرتے بے شک کرتے ہیں مگر ایسے بہت کم ہیں اور ہم میں وہ اخلاقی سنجیدگی اور عمیق ذمہ داری نہیں پائی جاتی جس سے ہم بظاہر کسی بڑے ارادے کو پورا کرسکیں لیکن کچھہ تعجب نہیں کہ بڑے بڑے آدمی ہم میں پنہاں ہوں — اور بقول خواجہ حافظ —

* مردے از غیب بروں آید و کارے بکند *

(۴) کیا ہم میں بیشمار تباہ کن رسمیں موجود نہیں ہیں جن سے رہی سہی دولت ضائع ہوتی جاتی ہی کیا فضول خرچی بیاہ میں شادی میں ختنہ میں بسم‌اللہ میں عید میں محرم میں مرنے میں چھہ ماہی اور سہ ماہی اور چوتھی اور چہلم میں بند ہوگئی اور کم ہوگئی ہی ؟ *

(۵) کیا صنعت و حرفت اور تجارت میں ہماری قوم بقدر ضرورت شریک ہی ؟ *

(۶) کیا ہماری قوم میں بیشمار بد چلن آوارہ مرد اور عورت ہر طرف نظر نہیں آتے ہیں اور اخلاقی حالت ہو چکی ایسی ہی عمدہ ہی جیسا ہم اپنی چاردیواری میں سمجھتے ہیں *

(۷) کیا مسلمانوں میں ذات اور خون کے لغو خیالات موجود نہیں ہیں جن سے شریف خاندان کے لڑکوں اور خصوصا لڑکیوں کو رشتہ و ازدواج میں سخت وقتوں کا سامنا ہوتا ہی اور گھر کے گھر مصیبت میں مبتلا ہیں *

(۸) کیا عورتوں کی تعلیم - اُن کی اصلاح اور اُن کے حقوق کی محافظت کی جاتی ہی *

(۹) کیا خاص کر ہماری قوم میں پست ہمتی موجود نہیں ہی اور مسلمانوں کی جو قومیں رذیل کہی جاتی ہیں اُن کی طرف آپ شرفا نے کافی توجہہ کی ہی - اور اُن کو مساویانہ حقوق یا کم از کم عمدہ تربیت اور تعلیم کی طرف متوجہہ کیا گیا ہی ؟ *

(۱۰) کیا مسلمانوں نے ایک چھوٹی سی یونیورسٹی بھی بنائی ہی یہہ تو بڑی بات ہی کیا وہ روزانہ انگریزی بلکہ کوئی روزانہ اُردو اخبار بھی نکالتے ہیں ؟ *

(۱۱) کیا مختلف صوبوں اور احاطوں کے مسلمانوں میں رشتۂ آخوت کافی طور پر قایم ہی ؟ یا مختلف فرقوں میں خانہ جنگی موقوف ہوگئی ہی ؟ *

ہمارے دلوں کے پردوں اور دماغ کے حجروں میں موجزن ہے پھر حال تعلیم اور تربیت اور غور و خوض سے ہم کو معلوم ہوجاتا ہے کہ حق اور مفید بات کونسی ہے - ناحق اور مضر امر کونسا ہے *

اس دفعہ جب سے مجھے یہاں آنے کی خوشی ہوئی ہے - میں نے چاند طلبا اور دوستوں کی زبانی یہہ فقرہ سنا ہے کہ ہمارے کالج کے ہر طالبعلم کو مشنری ہونا چاہیئے یہہ ظاہر ہے کہ مشنری سے مراد عرفی معنی نہیں ہے کہ ہم باپ بیٹے اور روح القدس کی الوہیت کا وعظ کہیں — بلکہ کہنے والوں کا منشاء یہہ ہے کہ ہم ایک خاص مقصد کے لیئے قوم کے رہبر بنیں - مگر جب میں یہہ پوچھتا ہوں کہ وہ کیا مقصد ہے تو یا تو جواب نہیں ملتا یا بہت مختلف جواب ملتے ہیں مگر منطقی قاعدے کے موافق اگر ہم اختلافات کو دور کرتے کرتے مشترک صفات لے لیویں تو نتیجہ یہہ نکلتا ہے کہ قوم کی اصلاح اور بہبودی ہمارا مشن مقصد ہونا چاہیئے - یہہ مقصد اگر ہے تو نہایت ہی اعلی اور پاک اور قابل عمل ہے بفضل الہی ہماری قوم میں قابل اصلاح برائیوں کی کوئی حد نہیں ہے - مگر یہہ بات ہمکو یاد رکھنی چاہیئے کہ اپنے نفس کی اصلاح مقدم ہے - اپنے نفس کے ساتھہ ساتھہ دوسروں کی اصلاح کرنی چاہیئے جو لوگ اِس مبارک مشن کے لیئے جسکو ایک مخالف لاہوری اخبار نے علیگڈہ مشن نام رکھا ہے طیار ہیں خدا کرے وہ آئیں اور اپنی ہمتوں کو صرف کریں میدان نہایت وسیع ہے اور ہزاروں نوجوانوں کی اُس میں کھپت ہوسکتی ہے *

(۱) کیا ہماری قوم میں اِنگریزی بلکہ عربی بلکہ فارسی کی تعلیم قابل اِطمینان یا کافی ہے ؟ جواب ہے کہ ہرگز نہیں اصلاح کی ضرورت ہے *

(۲) کیا ہماری قوم میں سوائے معدودے چند معمر بزرگوں کے اُردو یا اِنگریزی کے بڑے مصنف ہیں ؟ *

(۳) کیا ہماری قوم میں خود غرضی اور حسد کا مادہ جوش زن نہیں ہے کیا کروروں آدمیوں کو معقول اور روشنضمیر خیال قومیت کا پیدا ہوگیا ہے ؟ *

انگلستان کانے کی پرستش میں غلاظتوں کے کھانے پینے سے اجتناب
نہ کیا تھا نہ لوگوں کو اپنی باتوں اور عادتوں سے اِس قدر متنفر کریں —
جس قدر اُس بیوقوف اور کم علم مسلمان بورسٹر نے کیا تھا جسنے
(دروغ بر گردن راوی) اِسلام کے احکام نہ ماننے کی معقول وجہہ
یہہ بتائی تھی کہ آنحضرت علیہ الصلواۃ و السلام اونٹ کے ایک
معمولی چرواہے تھے — مجھکو پورا یقین ہی کہ ہم میں سے کوئی نہ
اول الذکر بورسٹر صاحب کی طرح — بزدل اور پست ہمت اور نہ
آخرالذکر بزرگ کی طرح کوزہ مغز اور بد دین ہی بلکہ میں نے
دو مثالیں جو حد اعتدال سے گذری ہوئی ہیں آپ کے سامنے بیان
کیں ہیں — بلا وجہ معقول اور سخت ضرورت کے لوگوں کو بھڑکانا کسی
دانشمند ملت یا فلسفہ نے جائز نہیں ٹھہرایا ہی — خصوصا اپنی
معاشرت اور تمدن کی اچھی باتوں میں نہایت خوشی کے ساتھہ شریک
ہونا چاہیئے اور یہہ خام خیال ہمارے ذہن میں نہ ہونا چاہیئے کہ
طالب علمی میں جس جس بات کے ہم عادی نہیں ہیں یا جو باتیں
ہمارے سامنے نہیں آئی تھیں وہ سب عبث اور لغو اور قابل نفرت ہیں *

قومی اصلاح — ساتھہ ہی اِس کے ناجائز مداہنت بھی ضرر رسان
صفت ہی — دنیا میں جتنے بانیان مذاہب اور انبیا اور مصلحین ہوئے
وہ سچی بات کے کہنے سے جہاں اُس کے کہنے کا موقع ہوتا تھا نہیں ڈر
تے تھے — اِسی واسطے کلوری کے عالی رتبہ واعظ (علی نبینا و
علیہ الصلواۃ والسلام) نے صاف کہا تھا کہ تم یہہ مت سمجھو کہ آدم کا بیٹا
دنیا میں صلح اور محبت بڑھانے کے لیئے آیا ہی — بلکہ وہ اِس لیئے آیا
ہی کہ بھائی بھائی اور بیٹے بیٹے میں تلوار چلے — اور اِسی واسطے
کربلا کے شہید نے اپنے تئیں اور تمام خاندان اہلبیت کو قتل ہونے دیا
کہ لوگ سچ بات کی عظمت کو سمجھہ کر متنبہ ہوں — چنانچہ
ایسا ہی ہوا — اب آپ شاید سوال کریں کہ وہ سچ بات کونسی ہی
جس کے کہنے کے لیئے پروا نہ کرنی چاہیئے — اس کا جواب بہت مشکل
اور بہت بڑا ہی — بعض حکما کہتے ہیں کہ " سچ کنوے کی تہ میں ہی "
بعض بزرگ فرماتے ہیں " وہ آسمان اور زمین اور دھوپ میں ننگا نظر آتا
ہی " اگر میں اِس اہم مسئلہ کے متعلق کچھہ عرض کرتا تو کہتا کہ سچ

ہمارے جائز ارادوں میں کسی قسم کا خلل نہیں ہوسکتا - مگر چونکہ ہم بھی اُسی کل کے پرزے ہیں جو خدا نے بنائی ہی - اِس لئے جو کام ہمارے لئے مقرر ہے اُس کو چستی سے کرنا لازم ہی *

اہل زمانہ کے ساتھہ سلوک

دوسرا سوال جس پر میں آپ کی اجازت سے کچھہ کہنا چاہتا ہوں یہہ ہی کہ ہم کو اپنے زمانہ کے لوگوں سے کس طور پر برتاؤ کرنا چاہیئے ـــ اِس بحث کے متعلق ہماری فارسی کی اخلاقی کتب خصوصا گلستاں اور بوستاں اور تمام شعراے متصوفین کلام میں ایسی بامزہ اور لطیف بحثیں اور حکایتیں موجود ہیں کہ آیندہ ہر لکھنے والے کو لازم ہی کہ اپنے قلم توڑ دیں اور وہی پرانے نسخے کسی قدر اِنتخاب کے ساتھہ بزرگوں اور نوجوانوں کے سامنے رکھدیں ـــ افسوس ہی کہ فارسی لٹریچر کا مذاق کم ہوتا جاتا ہی ـــ بلکہ مبالغہ نہیں اگر یہہ کہیں کہ مرگیا ہی ـــ ایسے کتنے لوگ ہیں جنہوں نے طالب علمی کے بعد گلستاں یا بوستاں کو یا کبھی اے سعادت کو بنظر اِستفادہ اور اخلاقی ہدایت حاصل کرنے کی غرض سے دیکھا ہوگا شاید اِس وقت تین چار آدمی بھی نہ ملیں - اور اب جب کہ مدارس سے اِن کا درس بھی موقوف ہوجاویگا تو یہہ بھی ہمکو معلوم نہ رہیگا ـــ کہ جو فقرہ پرانی کتابوں میں نقل ہی وہ گلستاں کی عبارت ہی یا بہار دانش کی - یا مہا بھارت کی - ابناے زمانہ یعنی بھائی بہن - ماں - باپ - دوست - دشمن اجنبی اور ہرایک شخص کے ساتھہ سلوک کا طریقہ الگ الگ ہمارے مصنفین نے بتایا ہی جس سے بہتر نہ ہمکو اتیہس سکھا سکتا ہی نہ بیکن - خلاصہ اِس فلسفہ کا یہہ ہی -

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف است
با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

باہمی معاشرت کے لیئے سب سے مختصر اور جامع حکمت عملی یہہ ہی کہ ہم ہر بات میں میانہ روی اور اعتدال کو اختیار کریں نہ تو عوام کے خیالات کا اِس قدر لحاظ کرنا چاہیئے جس قدر چند روز ہوئے ایک بنگالی بیرسٹر نے ہندوؤں میں شامل ہونے کے لیئے اور بجرم سفر

ایسا کام کرینگے جس سے ہم - ہمارے عزیز - ہماری قوم اور ملک زیادہ معزز اور دولتمند بنیں — ہم اپنے اخلاق کو اعلی کرینگے اور جس قدر کہ سود مادی ہمارے دم سے ہمارے بھائیوں کو پہنچتی ہی خدا ہمکو توفیق دے کہ آیندہ اِس سے زیادہ مفید کام اِختیار کریں *

بے شک ہر شخص کو اعلی مناصب پر پہونچنے کی جائز سعی کرنی ضرور ہی مگر اِس میں دو باتوں کا خیال رکھنا لازم ہی - اول یہہ کہ جو شخص وہاں تک نہ پہونچے وہ افسردہ دل نہ ہو اور حسرت نہ کرے — وہ یہہ سمجھے کہ اِنتظام عالم میں میرے لیئے شاید کچھہ اِسی میں بھلائی ہی - نہ میں اِس ظاہری منزلت کو نہ لے سکا — اپنے دائرہ میں نیک نیتی اور بشاشی سے کام کیئے جاوے دوسری بات یہہ ہی کہ جو شخص اپنے خیال کے موافق اعلی درجہ پر پہونچ جاوے مثلاً منصف یا ڈپٹی کلکٹر ہو جاوے — وہاں پہنچکر اپنے فرایض منصبی کے انجام دینے کے بعد یہہ نہ سمجھے کہ بس ہم نے بہت اچھا کیا - وہاں جاکر اِسی طرح آرام نہ کرے کہ اب کچھہ کرنے کو باقی نہیں ہی " گویا اُس نے چھہ دن میں دنیا کو بنا یا اور ساتویں دن دیکھا کہ وہ خوب ہی اور آرام کرلیا " بلکہ جس قدر وقت اُس کا بچے — جس قدر لیاقت یا ہمت اُس میں ہو اُس کو عمدہ خیالات کی اشاعت - عمدہ کاموں کی اِمداد - عمدہ اخلاق کا نمونہ قایم کردینے میں صرف کرے اور جو عزت یا دولت اُس کو حاصل ہو اُس میں اِسقدر غرق نہو کہ دنیا و ما فیہا سے کوئی تعلق نہ رکھے - کیونکہ طبیعت کو ایسا بنا لینا در اصل پستی ہمت کا ثبوت ہی — ہم کو چاہیئے کہ دولت کی خواہش کریں - عزت کے متمنی ہوں - مگر اُسکو اپنا خدا اور ایمان نہ سمجھیں اِس تمام بیان کا خلاصہ یہہ ہی کہ ہمکو اولوالعزم ہونا نہایت درجہ لازم ہی — بلکہ اِنسانی عقل کا تقاضا یہی ہی — مگر اِسکے ساتھہ ہی اولوالعزمی کو بوالہوسی یا لالچ نہ بنانا چاہیئے - ہر اولوالعزم آدمی کا فرض ہی کہ وہ خداے تعالی پر بھروسہ رکھے اور اپنے اِرادوں اور نیتوں کو خالص رکھے ورنہ ہم کیا اور ہمارے ارادے کیا - ۵ منٹ کے اندر ایک درد اُٹھکر یا ایک ٹھوکر کھاکر یا چھت کے گرنے سے ممکن ہی کہ نہ ہم رہیں اور نہ ہمارے ارادے - اور زندگی کی ناپائداری سے

بلند ارادوں اور آسمان پر چڑھنے والی ہمت کو دیکھکر متحیر ہوجاویگا
اُن میں سے بعض شخص ایک ایک دنیا کے پلٹ ڈالنے کا ارادہ رکھتے
ہیں - اور اُن میں سے بہت سے ان ارادوں میں کامیاب ہوتے تھے -
سلف کی یاد تو ہم بھول گئے ہیں اور پرانی داستان کا دُھرانا شاید
دل کو پژمردہ بھی کرے مگر اِس حال میں آپ دیکھئے کہ مسلمانوں
کے معاشرت اور خیالات میں جو در حقیقت ایک عقلی اور روحانی
عالم تھا ایک شخص سید احمد خاں نے کیا بڑا انقلاب پیدا کیا ہی ---
علی مرتضی رضی اللہ عنہ کا مشہور مقولہ ہی کہ عرفت ربی بفسخ
العزائم یعنی اپنے ارادوں کے ٹوٹ جانے سے میں نے اپنے خدا کو پہچانا -
ایک مولوی جو بیحد لایق اور ذہین تھے آج کل کے لڑکوں کا حقارت
سے ذکر کرکے بیان کرتے تھے کہ اِن عزائم سے ہمارے لغو اور بے معنی
ارادے مراد نہیں ہیں --- خیال کرو کہ وہ عزایم کیسے بلند تھے جن کے
ٹوٹنے پر کہتے ہیں کہ اُن کے ٹوٹنے سے پہچانا کہ ہمارے سر پر ہم سے
زیادہ اور بلند تر ایک قوت ہی --- مگر اولوالعزمی جیسی ایک صفت
ہی ویسے ہی ذراسی غلط فہمی سے ایک بڑا عیب بن جاتی ہی ---
اخلاق میں ایک مسلمہ مسئلہ ہی کہ سب اخلاق حسنہ پل صراط کے سے
باریک راستے پر چلتے ہیں - ذراسی لغزش دائیں یا بائیں ہو جاوے
تو وہی عادتیں اخلاق ذمیمہ ہوجاتی ہیں - پس گو عالی ہمتی
عمدہ چیز ہی مگر ہر جا کہ گل ہست خار ہست - اگر ہم اپنی
غلطی سے بہت سی دولت بیکار جمع کرنے - گھوڑوں اور برتنوں اور
عورتوں اور فرنیچر کا انبار رکھنے کو عالی ہمتی سمجھیں یا غایت نظر
چند عہدوں کا حصول خیال کریں جن کی عزت زندگی سے بھی
زیادہ عارضی ہی تو در اصل یہہ ہمارے خیالات کی پستی ہی --- میرا
یہہ مطلب نہیں ہی کہ صاف اور اچھے کپڑے اور سامان رکھنا کوئی عیب
ہی --- یا بڑے عہدوں کی خواہش نہ چاہیئے بلکہ میں یہہ کہنا
چاہتا ہوں کہ اِن باتوں کو اپنا منتہائی خیال سمجھنا کوئی عالی
ہمتی نہیں ہی - عالی ہمتی یہہ ہی کہ ہم کسی حالت میں ہوں -
خواہ بادشاہ کے دربار میں کرسی نشیں یا بازاروں میں ٹوٹی جوتیاں
گھسیٹنے والے مگر ہمارے دل میں یہہ اُمنگ اور حوصلہ ہو کہ ہم

تحریک کے باوجود اِس قدر بڑا گروہ اپنے تئیں سنبھالے رہتا ہے اور دنیا کے لیئے مفید ثابت ہوتا ہی و علی اللہ اجرہم مگر جیسا میں نے اول عرض کیا ہی میں اِس قسم کے خیالی اگرچہ ضروری مباحث کی طرف نہیں جانا چاہتا بلکہ چند موٹی موٹی باتیں لکھتا ہوں جو میری راے ناقص میں زندگی کی کشمکش میں ہمارے مفید ہوسکتی ہیں *

اولوالعزمی اور بوالہوسی

ایک ضروری سوال جو ابتداے زندگی میں ہمکو حل کرنا پڑتا ہی وہ یہہ ہی کہ آیا ہم اپنے ارادوں اور حوصلوں اور ہمتوں کو بلند رکھیں - بڑے درجوں کی توقع کریں یا قناعت اور صبر کے ساتھہ اپنی خواہشوں کو دباکر آہستہ آہستہ چلیں- دوسرے لفظوں میں اولوالعزمی یا قناعت و گوشہ گمنامی زیادہ اچھی بات ہی یہہ تو ظاہر ہی کہ اِس سوال کا جواب ہر ایک شخص کی اپنی اپنی طبیعت پر منحصر ہی اور جہانتک میرا تجربہ ہی اگر اِس چار دیواری یعنی اِس کالج اور بورڈنگ کے طلبا کو جمع کرکے راے لی جاے تو بہت بڑے گروہ کی راے اِس مسئلہ میں صاف طور پر اور ایک خاص رخ میں ہوگی اور آپ کو معلوم ہوجائیگا کہ رجحان خیال اور طبیعتوں کی رفتار جس طرف کو ہی، وہ شاہزادہ قناعت کی بٹیا اور گمنام سود مندی کی کچی سڑک سے بہت بچکر چلتی ہی *

اب سوال یہہ ہی کہ در اصل یہہ اولوالعزمی اور عالی ہمتی کوئی بُری چیز ہی ؟ میں عرض کرونگا کہ ہرگز نہیں ہرگز نہیں — یہہ ہمارے آیندہ کے لیئے ایک فال نیک ہی — اور ہمارے دلوں کے زندہ اور خیالات کے شگفتہ ہونے کی دلیل ہی — ہمکو بقول شاعر فارسی اپنی ہمت بلند رکھنی چاہیئے کیونکہ خداے تعالی اور مخلوق کے سامنے ہماری عزت ہماری ہمت کے مطابق ہوگی -

ہمت بلند دار کہ پیش خدا و خلق * باشد بقدر ہمت تو اعتبار تو

مسلمانان سلف کی تاریخ میں پڑھنے والوں کو اور ہی کچھہ قابل تعریف یا قابل اعتراض باتیں ملیں مگر ہر تاریخ کا پڑھنے والا اُن کے

هر گمنام لیکچرر یا دوسرے لفظوں میں هر روشن ضمیر مسلمان جو خود سے متنفر هے — پامال کرچکا هو اُس کو بار بار چھیڑنے سے کیا فائدہ — مگر یہہ کہ * حدیث درد دلاویز داستانے هست *
کہ ذوق بیش دهد چوں دراز تر گردد *

تاهم آپ کو یقین دلاتا هوں کہ اِس مضمون میں ایسی کوئی بات نہوگی جو کسی کان نے نہ سنی هو اور کسی آنکھہ نے نہ دیکھی هو یا کسی دل میں نہ گذری هو بلکہ قندیل سخن کو موڑکر وهی پچھلے برس کی تیلیاں آپ کو دکھائی جاوینگی *

اولاً اِس بات کے صاف کردینے کی ضرورت هے کہ لفظ هم سے اِس مضمون میں کیا مراد هے — یہاں هم سے تعلیم یافتہ یا تعلیم یاب جوانوں کا وہ گروہ مراد هے جو اِس ملک کے کالجوں اور سکولوں سے تعلیم پاکر نکلتے هیں یا اُن میں تعلیم پا رهے هیں اور از روے سخن خاصکر شمالی هندوستان کے نوجوان مسلمانوں سے هے *

دشواری منزل

میں عام طور پر زندگی کی سخت گذار دشواری کا فلسفیانہ بیان چھیڑنا نہیں چاهتا کیونکہ یہہ قصہ دراز هے — هر شخص جانتا هے کہ دنیا میں عاقل کو بڑی بڑی ذمہ واریوں اور نازک مشکلات کا سامنا هوتا هے — بہت سے ایسے راستے ملتے هیں جن میں سے ایک کے اِستجاب کرنے میں دل کی مضبوطی اور عقل کی سلامتی اور ایمان کی پختگی کی حد درجہ ضرورت هے — نفسانی خواهشیں اور دلی جذبات ایک طرف کو کھینچتے هیں — تعلیم و تربیت یعنی مذهبی اور تمدنی (سوشل) قوتیں دوسری طرف زور لگاتی هیں — بھائی برادری اور عزیزوں کے تعلقات اور تمدنی طریقے زندگی کی طرف اور زمانہ کی مجبوریاں تاتار کیطرف کھینچتی هیں اِس صورت میں جس نوجوان شخص پر یہہ سب خاموش مگر بے حد قوی حملے هو رهے هوں اُس کا قدم سچی اور سیدهی بتھا سے لڑکھڑا جائے تو همکو کچھہ تعجب نہ کرنا چاهیئے بلکہ تعجب اِس بات کا هوتا هے کہ دنیا میں بظاهر جہالت اور غفلت اور نفسانی خواهشوں کی، پر زور

خیر خواہ ہیں - اور اُن کو کالج سے جو محبت ہی اس تے آپ سب کو نظیر لینی چاہئیے اور جب آپ تعلیم پاکر نکلیں تو اسی طرح اپنے کالج کو بھولنا نہ چاہئیے - اسی قسم کی گفتگو کے بعد صدرانجمن نے مولوی غلام الثقلین بی اے ایل ایل بی انسپکٹر مدارس صوبہ گلبرگہ سے درخواست کی کہ وہ اپنی تقریر شروع کریں لکچرر نے اول بیان کیا کہ نواب صاحب ممدوح نے جن الفاظ میں دیر تک میرا بیان کیا ہی - در اصل وہ اُن کی عنایت ہی - آپ یہہ نہ سمجھیں کہ میں اُن کا مستحق ہوں — پھر انہوں نے کہا — کہ مجھے اِس کالج کے حالات دیکھنے سے روز بروز زیادہ خوشی ہوتی ہی — اور در اصل جو ولولہ اور زندہ دلی اور عمدہ عادات یہاں طالبعلموں میں میں نے دیکھی ہیں ایسی کسی زمانہ میں نہ دیکھی تھیں مگر اس تمام خوشی میں تھوڑا سا بلکہ بہت کچھہ افسوس یہہ ہی کہ طلبا کی دماغی اور اخلاقی قابلیتوں کی تربیت کے لیئے اور تصنیف و تالیف کے مادہ کو ترقی دینے کے لیئے جو صرف ایک انجمن اخوان الصفا کالج میں عرصہ سے موجود ہی — اُسکی طرف اِس نئی نسل نے کافی توجہ نہیں کی ہی کیا یہہ بات افسوس کی نہیں ہی کہ جہاں بیس ممبر انجمن کے موجود ہوں تو وہ سال بھر میں دس ماہ تک اُسکے جلسے نہ کرسکیں - قاعدہ کے موافق ہر دو ہفتہ میں ایک مضمون ہونا چاہئیے - اس حساب سے سال بھر میں اوسط ایک مضمون ایک ممبر کے ذمہ پڑیگا - مدرسۃالعلوم کے ذہین اور شوقین طلبا سے تعجب ہوگا اگر وہ سال بھر میں ایک مضمون بھی اخوان الصفا کے لیئے نہ لکھہ سکیں مجھے اُمید ہی کہ آیندہ اس شکایت کا کبھی موقع نہ ملیگا - اسقدر ابتدائی تقریر کے بعد لکچرر نے اصل مضمون پر گفتگو شروع کی جو مفصلہ ذیل تھی •

ہمکو کیا کرنا چاہیئے

تمہید

آپ کو عنوان مضمون دیکھکر کسی بزرگ کا پرانا مقولہ ضرور یاد آئیگا کہ ملا کی دوڑ مسجد تک جس بحث کو مرحوم سید سے لیکر

ٹھکانا بنایا تجھے بے گھروں نے
لگائی ھی لو تجھسے اجڑے ھوؤں نے
اندھیرے گھروں کا دیا بن گئی
چھپی تو دواؤں میں تاثیر بن کے
طبیبوں نے دست شفا پایا تجھسے
عجایب ھیں معجز اثر تیرے نسخے
ھراک رنج و غم کو کیا محو تونے
ھراک درد دکھ کی دوا بن گئی تو
زمانہ کی مطلوب اُمید پیاری
نہ اخگر سے اسدرجہ رکھہ سرد مہری
نہیں تجھسے دنیا میں محروم کوئی
یہاں کے سوا تونے سب سے نباھی
یہیں آکے بس بے وفا بن گئی تو

سید شاہ محمد نذیر ھاشمی غازیپوری
سابق طالب علم کالج علیگدہ
۲۶ نومبر ۱۹۰۰ ع

جلسۂ اخوان الصفا علیگدہ

ھمکو کیا کرنا چاھیئے

۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۰۰ ع کو سٹرنس یونین کلب میں ۶ ½ بجے شام کو انجمن اخوان الصفا مدرسۃالعلوم علیگدہ کا جلسہ ہوا — اس میں کالج کے طالبا قریبا ایکسو علاوہ ممبران انجمن کے موجود تھے — نواب محسن الملک بہادر صدر انجمن نے اول اخوان الصفا کو رونق دینے کی ضرورت پر تقریر کی — اور اُس کے بعد بیان کیا کہ اس کالج کے نہایت لایق اور قدیم طالب علم اور ہمارے عزیز خواجہ غلام الثقلین لکچر دیں گے — اور جو نصیحتیں اور عمدہ باتیں وہ اپنی تقریر میں بیان کریں گے اُمید ھی کہ آپ سب صاحب اُن کو بغور سنیںگے — ہمارے عزیز خواجہ غلام الثقلین نہایت درجہ لایق اور اپنی قوم کے ہمدرد

"اُمید کی اچھوتی صورت"

ہراک قوم میں پیشوا بن گئی تو
ہراک رنگ میں خوشنما بن گئی تو
خدا جانے بس کیا سے کیا بن گئی تو
کلیسا میں بت کی ادا بن گئی تو
حرم میں پہونچکر خدا بن گئی تو

دہن میں زبان ہوکے گویا ہوئی تو
نہاں ہوکے لفظوں میں معنے ہوئی تو
پہنچکر دماغوں میں سودا ہوئی تو
دلوں میں اُتر کر تمنا ہوئی تو
زبانوں پہ چڑھ کر دعا بن گئی تو

چھڑایا مصیبت میں پکڑے ہوؤں کو
سنوارا زمانے کے بگڑے ہوؤں کو
بسایا نئے سر سے اُجڑے ہوؤں کو
اکٹھا کیا تو نے بچھڑے ہوؤں کو
کہ جنگل میں بانگ درا بن گئی تو

عجب ہیں دلاویز تیرے کرشمے
نئے گل کھلاتے ہیں تیرے شگوفے
اڑاتے ہیں بے بال و پر تیرے جھونکے
رہے تیرے چھینٹوں میں بے بس پیاسے
بیاباں میں کالی گھٹا بن گئی تو

ہراک عارضہ کی دوا تجھکو پایا
تن مردہ کو تو نے دم میں جلایا
پکڑ ہاتھ مارے ہوؤں کو جلایا
تیری لاگ سے زور گھٹنوں میں آیا
کہ دکھیا تنوں کی عصا بن گئی تو

بھروسہ کیا ہے تیرا بیکسوں نے
کیا تجھ پہ تکیہ مصیبت زدوں نے

" کل امور متعلقۂ هند سے حضور ملکۂ معظمہ بہت سخت اور غیر متغیر ذاتی دلچسپی رکھتی تھیں — اور ہمیں اچھی طرح سے معلوم ہی کہ اُس کی کروڑ ها رعایا مرحومہ کی ذات و تخت سے کسقدر محبت اور وفاداری کا اظہار کرتی تھی *

" جناب مرحومہ کی دیرپا اور پر شوکت حکومت کے اخیر سال میں اس امر کا اظہار نمایاں طور پر اُس همدردانہ تائید سے کیا گیا جو والیان ریاست نے جنوبی افریقہ کی جنگ میں کی اور نیز اُن بہادرانہ خدمتوں سے جو هندوستانی فوج اپنے خاص ملک کی حدود کے باہر عمل میں لائی *

" حضور مرحومہ کی مرضی اور اجازت کی بدولت هم نے هندوستان کی سیر کی اور اُس قدیم اور مشہور سلطنت کے والیان ریاست اور رعایا اور شہروں سے ذاتی واقفیت حاصل کی *

" هندوستان میں آنے سے همارے دل پر اُسوقت جو جو گہرے اثر هوتے تھے اُنہیں هم کبھی نہیں بھولینگے اور پہلی قیصرۂ معظمہ کے عمدہ نمونے کی پیروی کرکے اپنی رعایاے هند کے هر طبقہ کے لوگوں کی عام بہبود اُسی طرح ملحوظ خاطر رکھینگے اور اُن کے لازوال وفاداری اور محبت کے ویسے هی مستحق رهینگے جیسی حضرت علیا ملحوظ رکھتی اور همہ اوقات مستحق تھیں *

قلعۂ ونڈسر
۴ فروری سنہ ۱۹۰۱ ع

(دستخط) ایڈورڈ (آر) و (آئی) "

حسب الحکم

جے پی هیویٹ

سکرٹری گورنمنٹ هند

ہوسکتا ہی کہ ہم سچی وفاداری اور گورنمنٹ انگلشیہ کے ساتھہ خیر خواہی اور ہمدردی کا نہ صرف قولاً بلکہ فعلاً ثبوت دیں — صرف اِس وقت ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم احسان فراموش نہیں *

ذیل میں ہم وہ پروانہ درج کرتے ہیں جو ہمارے بادشاہ ایڈورڈ ہفتم کی طرف سے تمام والیان ریاست و باشندگان ہند کے نام جاری ہوا ہی — ہمیں افسوس ہی کہ ہم ماہ فروری کے پرچہ میں اِس کو درج نہ کرسکے کیونکہ اِس مہینے کا حصہ اُردو عرصہ سے چھپا ہوا طیار تھا — اِسی لیئے ہم اِس پرچہ میں قیصرہ ہند کی وفات حسرت آیات پر بھی کچھہ نہ لکھہ سکے *

صیغہ ہوم

پبلک

نمبر ۵۱۰

مقام کلکتہ ۵ فروری سنہ ۱۹۰۱ عیسوی

اعلیٰ حضرت ملک معظم و قیصر ہند ادام اللہ ملکہ نے مندرجہ ذیل فرمان والیان ریاست و رعایاے ہند کے نام بھیجا ہی *

" بنام والیان ریاست و رعایاے ہند —

" جناب والدہ مکرمہ و مرحومہ کی وفات حسرت آیات کے باعث ہمیں تاج و تخت کی وراثت ملی ہی اور یہہ وراثت ایک زمانہ دراز سے ہمارے خاندان میں رہ کر نسلاً بعد نسل ہم تک پہنچی ہی — اب ہماری خواہش یہہ ہی کہ والیان ریاست و رعایاے ہند کو ہم اپنا سلام بھیجکر اُنہیں اس بات کا یقین دلائیں کہ اُن کی بہبود نہ دل سے ہمارے مد نظر ہی — ہماری نیک نام مادر مرحومہ اس ملک کی پہلی حکمراں تھیں جنہوں نے معاملات ہند کا انتظام خود اپنے ہاتھہ میں لیا تھا اور اُس وسیع ملک کی حکومت سے مزید تعلق رکھنے کے اظہار کے طور پر قیصرہ کا خطاب اختیار فرمایا تھا *

حالت میں ضروری تھا کہ ایک ایسی غیر قوم ہم پر حکومت کرے
جس میں مردانہ شجاعت کے علاوہ دلوں کو تسخیر کرنے کا مادہ
بھی ہو - جو ہمیں خوف سے نجات اور پر امن زندگی دے — جس
طرح گورنمنٹ انگلشیہ نے ہمارے مصائب کو رفع کیا اور اپنے حسن
انتظام سے ہمیں ایسی حالت پر پہونچایا کہ اطمینان سے اپنی زندگی
بسر کرسکیں - سب کو معلوم ہی — اس نے تمام پراگندہ اور متفرق
اجزا کو اس طرح ترتیب دیا ہی کہ اب وہ ایک مجموعی صورت
نظر آتی ہی ہماری جان و مال کی حفاظت اور سب سے بڑھکر ہماری
دماغی قوتوں کی تربیت جس قدر اس زمانے میں ہوئی ہی اس
ملک کی تاریخ کوئی اسکی نظیر پیش نہیں کرسکتی خاصکر مذہبی
آزادی جسکی ہندوستان سے ملک میں اس قدر ضرورت ہی اور
جسکی ضرورت کو زمانہ ماضی میں بہت کم محسوس کیا گیا ہی ہمیں
پوری طرح صرف اسی حکومت میں ملی ہی — رفاہ عام اور رعایا
کی بہبودی کے جسقدر سامان گورنمنٹ نے اپنے ذمہ لیئے اور جسطرح
انکو مہیا کیا ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں محسوس کرتے ہیں—
الغرض ان نعمتوں اور برکتوں کا جو خاصکر ملکہ وکٹوریا کے عہد حکومت
میں ہمکو میسر ہوئی ہیں اگر ذکر کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب
طیار ہوسکتی ہی — ہمکو جو وابستگی اور لگاؤ دولت انگلشیہ اور
فرمان روایان انگلینڈ سے ہی خود انگلینڈ اسکو جانتا ہی اور سمجھہ سکتا
ہی کہ ملکہ وکٹوریا کے انتقال سے رعایاے ہند کو کسقدر رنج پہونچا
ہوگا — یہہ ایسا رنج ہی جو ہم میں سے ہرایک کو آٹھہ آٹھہ آنسو
رولائیگا — اخیر میں ہم صرف اس امید پر اس مضمون کو ختم
کرتے ہیں کہ ہندوستان کے باشندے (اور خاصکر ہمارا خطاب اپنے ہم قوم
مسلمانوں سے ہی) اپنے محسن کے احسان کو فراموش نکرینگے - کیونکہ
من لم یشکرالناس لم یشکراللہ — ہم سب ملکہ مرحومہ کے فرزند ہیں
ہمیں کوشش کرنی چاہیئے کہ فرزند ارجمند ثابت ہوں تاکہ اس کی
روح کو بھی اطمینان اور فرحت ہو — اور یہہ صرف اسی طرح

مقبضہ قدرت میں ہی جو باشاہ کہلایا جاتا ہی - اُنکا بادشاہ ملکہ معظمہ مرحومہ تھیں - وہ اِسي کو اپنا مالک — اپنا حاکم اور اپنا آقا تصور کرتے تھے - اِس لیئے اِس کے مرنےکا رنج عام اور عالمگیر ہی - ہندوستان کا ہر ایک فرد بشر اِس سانحہ جاں گزا کو ایسا ہي محسوس کرتا ہی. جیسا کہ ایک مربي اور ولي‌نعمت کے انتقال کو *

اِس موقعہ پر اگر ہم اپني اِس حالت کا جو آج سے تیس یا پچاس برس پیشتر تھي اپني موجودہ حالت سے مقابلہ کریں تو ہمکو صاف طور پر معلوم ہوگا کہ ہم گورنمنٹ اِنگلشیہ اور اس لیئے ملکہ مرحومہ کے کس قدر زیر احسان ہیں یہہ مقابلہ کرنا بھي ایک تاریخ ہی تاریکي کے روشني سے بدل جانے کي - یہہ مثال ہی جہالت کي تہذیب سے - بے امني کے اطمینان اور عافیت سے مبدل ہونے کي اِس پر کتابیں کي کتابیں لکھي جاسکتي ہیں — اِس لیئے اِس موقعہ پر مختصراً ان کا بیان کرنا ضروري ہی *

ایام غدر سے پہلے ملک میں جس قدر فساد اور شور و شر پھیل رہا تھا تاریخ کے پڑھنے والے اِس سے واقف ہیں - خاندان مغلیہ کے اخیر بادشاہوں کے ضعف سے ملک میں جو خرابیاں پھیل رہي تھیں اِن کے شاہد عیني ہم اب بھي موجود ہیں — پنجاب میں سکھوں کے عروج نے جس قدر وہاں کے امن اور عافیت کو تہ و بالا کر رکھا تھا ہم ہرگز نہیں بھول سکتے — شاہان اودہ کي شبانہ روز ناچ رنگ اور عیش و عشرت سے جو رعایا پر مصیبتیں ٹوٹ رہي تھیں سب کو معلوم ہیں مرہٹوں نے جس طرح ہمارے آبا و اجداد کي جانوں کو معرض خطر میں ڈال رکھا تھا ہم خوب جانتے ہیں-ضعیف کي داد خواہي نہ تھي زبر دست سے باز پرس نہ تھي — الغرض ہندوستان خانہ جنگیوں کا میدان بنا ہوا تھا — خاندان مغلیہ اپنے سابق سطوت اور اقبال کو قایم نہیں رکھہ سکتا تھا — اِس کے دن پورے ہوگئے تھے — مرہٹے اور سکھہ اپنے جبر و تعدي سے ملکوں کو فتح کر سکتے تھے مگر دلوں کو تسخیر نہیں کرسکتے تھے — وہ ہمارے حکمراں بننے کے قابل نہ تھے — ایسي

ایک غیر ضروری اعادہ خیال کرتے ہیں — اس جلیل القدر ملکہ کے زمانہ کے بڑے بڑے واقعات جو ہم سے تعلق رکھتے ہیں اول تو یوں ہی زبان زد خلایق ہیں اسپر ۲۳ جنوری سے آج تک جو کچھہ لکھا گیا ہی اسقدر ہی کہ مرحومہ کی صورت اور سیرت کو خیال میں لانے اور قایم رکھنے کے لیئے کافی ہی *

ملکہ وکٹوریا کی تمام زندگی محبت — بلند ہمتی - اقبال - رحم — انصاف — معدلت گستری - رعایا پروری - دلی انسانی ہمدردی — فرائض کی اخلاقی انجام دہی — الغرض تمام صفات حمیدہ کی سچی تصویر ہی — اسقدر بلند رتبہ پر پہنچکر باوجود عالم ضعیفی کے اپنی رعایا سے بلاخیال ان کے انگریز ہونے یا نہ ہونے کے اپنی اولاد کی طرح محبت کرنا — ان کے دکھہ درد میں انکا ساتھہ دینا — اِن کی خوشی میں بخوشی حصہ لینا — ان کی ہمتوں کو بڑھانا - ان کی فلاح کی تدبیریں سوچنا ہماری مرحوم مادر مشفقہ کے پر شفقت دل کی تصویر کھینچنے کے لیئے کافی ہی - جنگ ترانسوال میں جو ہمدردی عملی صورت میں وقتاً فوقتاً نہ صرف لڑنے والے سپاہیوں کے ساتھہ بلکہ ان کے عزیز و اقارب کے ساتھہ ملکہ وکٹوریا ظاہر کرتی رہی ہیں ہم سے مخفی نہیں — خود اپنے گھر میں جیسا قحط وبا اور طرح طرح کی مصیبتیں ہندوستان پر ٹوٹ رہی تھیں اِس زمانے میں اِس نیک دل اور شریف طینت عورت نے جس طرح ہم لوگوں کے ساتھہ ہمدردی ظاہر کی ہم کبھی بھول نہیں سکتے — اِس نے اپنی رعایا کی تکلیفوں کو اپنی تکلیفوں کی طرح محسوس کیا — اِس کے دست شفقت نے ہمارے لیئے آغوش مادر کا کام دیا *

ہندوستان کی رعایا خاص طورپر بادشاہ پرست ہی - عام لوگ نہیں سمجھہ سکتے کہ کس طرح بعض ملکوں کی حکومت اور انتظام جمہور کے ہاتھوں سے چل سکتا ہی — نہ اِن کے خیال میں پارلیمنٹ اور ہوس آف کامنز کا طرز عمل آسکتا ہی وہ یہی سمجھہ سکتے ہیں کہ امیر سے لیکر غریب تک سب کی جانیں اور مال ایک شخص کے

حضور ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند [illegible] مرحومہ

انیسویں صدی کے اختتام کو تاریخ دنیا میں سبز کرنیوالے جہاں اور واقعات ہیں وہاں ایک سبز واقعہ اس عظیم الشان اور جلیل القدر فرمانروا کا اس دنیا سے گذر جانا بھی ہی جس کے تریسٹھ برس تک دنیا کے بہت بڑے حصہ پر فرمانروائی کی ٭

اگر متانت سے انسان غور کرے تو ممکن نہیں کہ اس کو اپنے فانی ہونے کا یقین نہو لیکن ہم میں سے کتنے ہیں جو اپنے اشغال روز مرہ میں کبھی بھولے سے بھی اس بات کا خیال اپنے ذہن میں لاتے ہوں کہ ایک دن ایسا آئیگا جب دنیا اور مافیہا سے ہمکو ہمیشہ کے لیئے قطع تعلق کرنا ہوگا — ہم زندگی سے اسقدر مانوس ہوجاتے ہیں کہ کوئی ایسی صورت جو زندگی کے ساتھہ ملبوس نہو تصور میں نہیں لاسکتے یہی وجہہ ہی کہ جب ہم اپنے کسی عزیز یا دوست کے انتقال کی خبر سنتے ہیں تو ایک غیر معمولی صدمہ ہوتا ہی ٭

ہم میں سے اکثر ایسے ہیں جو زمانہ طفولیت سے اب تک یہی سنتے آئے ہیں کہ ہمارے ملک پر ملکہ وکٹوریا حکمراں ہی اسکو ایک زمانہ گذرا — روز مرہ کی زندگی میں ہمیں کبھی یہہ خیال بھی نہ گذرتا تھا کہ ایک دن یہہ عالی مرتبہ حکمراں بھی ہم سے ہمیشہ کے لیئے علحدہ ہوجائیگا — مگر اسکا کاسۂ حیات لبریز ہوچکا تھا وہ اپنا فرض پورا کرکے عمر بھرکی تکان کے بعد عافیت جاوید کی مستحق ہوئی اور ہمارے لیئے ایسی یادگار چھوڑ گئی جسکو نہ صرف عزت اور محبت کی نگاہوں سے بلکہ تقدس کی نظر سے دیکھا کرینگے ٭

ہم چاہتے تھے کہ اپنی ملکہ مرحومہ کی زندگی کے واقعات کو ناظرین کے لیئے ایک مختصر سی بیوگرافی کی صورت میں پیش کریں مگر اس مضمون پر مختلف اخباروں اور رسالوں میں اسقدر لکھا جاچکا ہی اور یہہ مضمون اسقدر دیر سے شائع ہوتا ہی کہ ہم اسکو

The M. A.-O. College Magazine is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs 3-4 for which subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V.P.P.

Terms for advertisements on application

All communications should be addressed to the Manager, the M. A.-O. College Magazine, Aligarh.

ایم اے او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینہ میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چارآنہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچے میگزین کے ملینگے۔ اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشتہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خطوط "مینیجر ایم اے او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہئیں

محمدن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین علیگڑھ

فہرست مضامین اردو

New Series
VOL. IX. February, 1901. No. 2.

THE M.A.-O. COLLEGE MAGAZINE

AND ALIGARH INSTITUTE GAZETTE.

CONTENTS.

PRINTED AT THE C. C. MISSION PRESS, CAWNPORE.

THE DUTY SHOP, M.A-O. COLLEGE, ALIGARH.

We have in stock all the works of standard authors of Urdu literature chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shiblie M. Nazir Ahmed, M. Azad, Nawab Mohsin ul Mulk, Haji Ismael Khan, Dr. Gulam Husain, Abdul Halim Sharar and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the Public is invited to the following recent publications :—

	Rs.	As.	P.
Dawat-i-Islam *i. e.* the Urdu Translation of the preaching of Islam by Professor T. W. Arnold.	3	0	0
Alfaruq by M. Shiblie.	3	8	0
Darbar-i-Akbaree by M. Mohammed Hussain Azad.	3	0	0
Albaramika by M. Abdul Razzaq.	2	4	0
History of India by M. Zakka Ullah in ten vols.	14	0	0
Ajaibul Asfar *i.e.* the second volume of the travels of Ibni Batuta.	2	4	0
Sukhandan-i-Pars (a book on Persian Philology by M. Azad.)	0	10	0
Yadgar Ghalib by M. Halie	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed.	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia *i.e.* the twelve Essays by Sir Syed on religious and historical topics. (In the Press).

The book once formed a part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors the Duty Shop can supply all the School and College books used in these Province at a very low price, and sells Stationery, Stockings, Undervests, Handkerchiefs, Soap and several other articles of every day use at moderate prices.

Wilayat Husain,
Hon. Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine, Aligarh.

New Series Vol. IX.	February, 1901.	No. 2

The Death of Her Majesty the QUEEN-EMPRESS.

Her Majesty the Queen-Empress is dead. On the night of Tuesday, January 22nd, 1901, passed away the greatest, the noblest, the most beloved monarch in the world; and to-day the nations of the earth stand around her grave united in community of bereavement and of grief. So long has Her Majesty presided over the destinies of the British Empire that the memory of man scarcely reaches back to the time when Queen Victoria did not reign and loyalty find its expression in the words "God Save the Queen." The generation that saw her ascend the throne has passed away; they lived and died in the full enjoyment of her happy reign and under the gentle sway of her mild sceptre; we, in less fortunate days, have been deprived of her beneficent rule and have seen pass away, full of years and of honour, the gentle, gracious lady who has made the name of Queen to stand for all that is noble and pure, and of good report among men.

Her reign has been unparalleled in the annals of the British Empire, or indeed in those of any empire, for its progress and its advancement in material and intellectual wealth; but far as she has excelled other sovereigns in the greatness and splendour of her reign still further has she surpassed them in the empire she has won in the hearts of her loving subjects. For more than sixty years her wisdom has guided with unerring hand the destinies of her people; for more than sixty years her tender womanly sympathy has been extended to the poor, the suffering, the bereaved of whatsoever race or rank or creed; and above and beyond all for more than sixty years her life has given example of all that is noblest in woman and in Queen, and has constrained her subjects by a gentle compulsion to follow her in the path of noble and virtuous action.

No sovereign has reigned so long over the British Empire, and none has ever so completely fulfilled the duties or achieved the ideals of sovereignty. But with the duties of sovereignty have come its burdens and its sorrows, and the almost intolerable weight of the responsibility of ruling the mightiest empire the world has known. For twenty years she was sustained and supported by the love and wisdom of her husband, Prince Albert the Good, as she loved to call him; but his early death in 1861, threw once more upon her the undivided burden of her responsibilities and added to them the terrible grief and desolation of widowhood.

" Break not O woman's heart, but still endure,
Break not, for thou art Royal, but endure,
Remembering all the beauty of that star,
Which shone so close beside Thee, that ye made
One light together, but has past and leaves
The crown a lonly splendour,

In such noble words did the late Laureate express the sympathy of a sorrowing nation with their bereaved sovereign; and all the world is witness to the surpassing fortitude with which the

stricken Queen nerved herself to the effort of continuing to live and to labour for her people. But as husband and child were taken, and one by one the friends and companions of her youth passed away, the isolation of her exalted station must have become more and more terrible in its loneliness, and Death no longer the King of terrors, but the gentle herald to a brighter day.

"God giveth his beloved sleep" says the Hebrew Psalmist, and it is thus that we should regard the gentle passing of our revered sovereign. God has taken her to His rest. Peacefully, calmly, in the fulness of years and of honour, surrounded by the grateful affection of her countless subjects, God has called the greatest and most faithful of His earthly servants to her eternal reward.

L. T.

College Meeting.

The sad news of the death of Her Majesty the Queen-Empress, was received in Aligarh on Wednesday morning, January, 23rd. In the afternoon a meeting was called in the Strachey Hall, when all the students together with a number of trustees and friends of the College were assembled.

Mr. Morison opened the proceedings and spoke as follows :—

LADIES AND GENTLEMEN,

Her Majesty the Queen-Empress is dead; the beloved personality that reigned over us for more than sixty-three years is now no more, and we, who were all her subjects, feel a sense of personal bereavement at the news of her death. There is probably no one here whose memory goes back to the time when she was not upon the throne, and a whole generation has lived and died that never knew any other ruler. We, who were born and have hitherto lived beneath her gentle sway can hardly bring ourselves to realise that she is no longer upon earth.

Our trust in the goodness of the Queen has indeed passed into our daily habits of thought and in our sorrows and afflic-

tions we have grown into the habit of looking towards our sovereign for a message of comfort and sympathy; and no sorrow, however private or personal, when known to her, ever failed to excite her sympathy. In the very last letters I received from home, I was told how her eyes filled with tears as she pinned the Victoria Cross to the coat of an officer who had lost his sight in the Boer War; and the soldiers who were in that war declare that the messages she constantly sent to her troops in the field cheered and encouraged them more than anything else could. There were indeed few parts of her vast empire which she had not at one time or other made happy by some gracious message. I am glad to think that on the occasion of her last birthday this College ventured to send her our humble congratulations and that she sent us a gracious message in return.

To-day is not the time to attempt to estimate how much we owe, in the different relations of life, to the example and influence of the Queen. We know indeed that domestic life throughout her empire has been profoundly influenced by the example of her pure and virtuous Court, but we shall probably not know for many years to come how great was her influence upon the political destinies of her Empire, but at least we are aware that that influence was always exerted upon the side of leniency and peace.

Ladies and Gentlemen, we shall never again I suppose have occasion to repeat those familiar words 'God Save the Queen,' but I do not think that any of us will ever hear that well-known air without bethinking us of the gracious lady who was for so many years our sovereign and mistress. Her name must disappear from official documents and her effigy from the coins of the realm, but both will long remain where she most wished them to be enshrined, in the hearts of her subjects.

Nawab Mohsin-ul-Mulk who followed, speaking in Urdu, described the universal sorrow that was felt by men and women alike, at the death of their gracious Sovereign and Queen; for

noon was spent, and before the party separated His Highness added to the many kindnesses he had already shown to the delegates by announcing his intention of founding three scholarships in the M.-A. O. College, and of building two new rooms in the College Boarding House in honour of the birth of his son.

The garden party was a fitting termination to one of the most pleasant and successful sessions of the Conference. The thanks of the delegates are especially due to His Highness for his kind hospitality, and to Abdul Ghaffar Khan, Minister of the State, Hakim Ajmal Khan, and Mahmud Ali Khan, to whose efforts and energy the success of the year's Conference is chiefly due, and whose thoughtful kindness and generous hospitality has laid every one who attended the Conference under deep obligations. To them and to them alone is due the fact that this Conference, which opened with much misgiving and anxiety on account of the little time given for preparation, has been so completely successful. Not only have the discussions been of an unusually interesting and practical nature, but the financial results have been such as to give hopes that many of the resolutions passed in the Conference will speedily be put into operation.

The Beck Memorial Fund.

A fresh appeal has lately been published in the columns of the *Pioneer* in connexion with the above Fund; we hope that all our readers will endeavour to bring this Fund, and its objects again before their friends so that the Committee may be able to take some action. At present less than Rs. 10,000 has been realized, which is quite insufficient for the founding of the proposed travelling scholarship; at least Rs. 75,000 being needed. In the meanwhile it has to be considered whether some lesser memorial should not at once be put up in the College by which the memory of our beloved Principal may be constantly recalled to the minds of students and of all visitors to the College. We shall be glad to hear the opinion of subscribers in the matter.

The following additional subscriptions have been received :—

		Rs.	A.	P.
Collected by S. Asghar Hosain	...	5	0	0
„ Sadiq Hosain	...	1	0	0
„ Abdul Qayum	...	5	0	0
„ M. Amir Mohun (Nagpur)	..	96	11	0
„ Gholam Mujtaba (Allahabad)		50	0	0
„ Abdur Rashid Khan (previously acknowledged under the name of Mohammed Bashir Khan in error).		50	0	0

The Annual College and School Sports.

The Annual School and College Sports were held on Tuesday afternoon and Wednesday morning the 15th and 16th instant; a large number of visitors were present on Tuesday afternoon and everything passed over admirably, thanks chiefly to the capital arrangements made by the Hon. Secretary Abdul Majid Khan. The Silver Challenge Cup was won for the second time by Mahmud Hassan who also won the 100 yards and 220 yards races in capital style. Ali Raza a very promising young athlete did some excellent performances; he ran away from a big field in the half-mile and while the favourites were watching one another got home an easy winner. Ibn Hassan in the High Jump and Asadullah in the Long Jump did well while Shafqat, Abdul Majid Khan and Bashir among the seniors and Saadiq among the juniors shewed themselves good all round athletes. The small boys entered into the various events with a keenness and zest that promises well for the future.

The following is the list of events :—

Throwing the Cricket Ball.—1 Abdul Majid, 2 Hamid Shibli, 3 Abid Jafri, 4 Zaman Mehdi Khan, distance 96 yards.

100 yards Senior.—1 Mahmood Hassan, 2 Asadullah, 3 Sadiq Ali, 4 Amir Husain.

Long Jump.—1 Asadullah, 2 Abdul Majid Khan, 3 Amir Husain, 4 Shafqat. Distance, 17 ft. 10 ins.

100 yards, Junior.—1 Ali Raza, 2 Ahmad Husain, 3 Yakoob Jan.

Long Jump, Junior.—1 Ali Raza, 2 Ahmad Hosain, 3 Nazir Hussain. Distance 15 ft. 9 in.

Quarter mile Junior —1 Saadiq, 2 Muhammad Hayat, 3 Sam Mirza.

Servants Race —1 Samaliya.

Spoon Race.—1 Sam Mirza, 2 Nazir Hassan, 3 Baqir Hosain.

Spoon Race (Small Boys).—1 Shamsad, 2 Fazloo Rahman.

Dwarf Race.—1 Ali Hasan. 2 Masood, 3 Aziz-ur-Rahman.

Quarter mile (Cup Race) —1 Mahmud Hassan, 2 Asadullah, 3 Bashir Ali Khan. Times 7½ sec.

Half mile Race, 1 Ali Raza, 2 Zafar Omar, 3 Abdul Majid Khan.

220 yards, Junior.—1 Ali Raza, 2 Mutalib, 3 Ali Hassan.

220 yards, Senior.—1 Mahmood Hassan, 2 Shafqat, 3 Amir Husain.

Walking mile.—1 Abdul Majid Khan, 2 Gholam Hosain.

Dwarfs 220 yards.—1 Masood, 2 Jafir, 3 Reasat Ali.

SECOND DAY.

Putting the weight.—1 Mahmood Hassan, 2 Abdul Majid, Khan, 3 Zaman Mehdi Khan. Distance 29 ft. 9½ inch.

Hurdle Race.—1 Shafqat, 2 Syed Husain, 3 Qaim Hosain.

High Jump—1 Ibni Hassan, 2 Ashfaq, 3 Majid. Height 5 ft. 2¾.

Kicking the Football.—1 Abdul Majid (48 yards 2·4), 2 Irfan, 3 Amir-ud-Din,

High Jump, Junior.—1 Baqir Husain and Ali Raza 4 ft. 2¼., 2 Zahir, Mutalib and Ahmad Hosain.

Three Legged Race, Senior.—1 Masoom and Mutalib, 2 Shafqat and Bashir.

Three Legged Race, Junior.—1 Fazloo Rahman and Abdur Rahman, 2 Jafir Mohammed and Ali Saghir, 3 Sam Mirza and Yakub Jan.

Mile Race.—1 Bashir, 2 Saadiq, 3 Ali Raza.

Bhisties Race.—1 Bulaki.

Rolling Race.—1 Ashfaq.

Donkey Race.—1 Shafqat.

Personal.

Md. Ali Hakkani, B.A., an old student of the College and lately Teacher of Persian in the Heslop College, Nagpur, has been appointed a Tehsildar in the Jabalpur Division.

Ashraf Ali Khan, B.A., has been appointed Private Secretary to Hon'ble Raja Tsadduq Rasul Khan, C.S.I. of Jahangirabad, Barabanki.

The Duty.

List of Subscriptions collected by Maulvi Niaz Ahmad of Meerut city, on behalf of the M. A. O. College, "Duty" Society.

S. No.	Name and Designation.	Rs.	As.	P.			
1	M. Irshád-ud-din, Reader, Meerut ...	5	0	0			
2	S. Mushtáq Husen, Rais Muzaffarnagar	5	0	0			
3	S. Imámat Husen, Dy. Collector Meerut	2	0	0			
4	Dr. Khádim Husen, Meerut ...	2	0	0			
5	M. Yusaf Ali, Pleader, Muzaffarnagar.	2	0	0			
6	M. Fazl Ahmad, Mukhtar, do. ...	2	0	0			
7	M. Dildár Husen, Merchant, Meerut ..	1	0	0			
8	Mohd. Buksh & Rahmat-ullah ...	1	0	0			
9	S. Wazir Nazim, Rais Nagina ...	1	0	0			
10	Mirza Nawab Beg, Muzaffarnagar ...	1	0	0			
11	S. Waláyat Husen	1	0	0			
12	Saná ullah Khan, Rais, Muthra ...	1	0	0			
13	S. Mohd Taqi, Mukhtar, Muzaffarnagar	1	0	0			
14	S. Liyáqat Husen, Pleader of Kanána	1	0	0			
15	Rizwán Husen, Pleader, Muzaffarnagar	1	0	0			
16	M. Ali Ahmad, Canal Ziladar, Meerut	0	8	0			
17	M. Akbar Husen, Munsarim Munsifi ...	0	8	0			
18	B. Tasadduq Husen, Traffic Clerk, Muzaffarnagar.	0	8	0			
19	S. Wajid Ali, Teacher, Muzaffernagar	0	8	0			
20	B. Qamrud-din, Head Copyist, Meerut	0	4	0			
21	Chaudhri Rahm Illáhi of Meerut ...	0	4	0			
22	A Mahomedan Lady of Meerut ...	0	3	3			
23	S. Abdul Kaiyoom Shop keeper, Meerut	0	2	0			
24	Hakim Mujtabá Husen, Muzaffarnagar	0	1	0			
25	S. Núr-ul Hasan, Sub-Registrar, Muzuffarnagar.	0	0	6			
26	M. Abdul Bári, Musarim Munsifi, Meerut.	0	0	3			
27	M. Seráj Ahmad of Meerut ...	0	0	3	29	15	3
28	Moulvi Niáz Ahmad, Meerut (in books)	6	4	0	36	3	3

The assistance given by M. Irshad-ud-din is acknowledge with thanks.

Meerut, 14th January, 1091. N. AHMAD.

رستے ہیں اور جس میں ذرا سا فرق آئے تو ہی بڑے بڑے کاروباریوں کے دوالے نکل جاتے ہیں زکات کا نکالنا اس کے قیام کے واسطے ایک نہایت کم قیمت اور آسان تدبیر ہے اگر خواہاں ساکھ حضرات اس کے نکالنے کی پابندی کریں تو زکات کے سالانہ اخراج پا اون کے قول شہرہ ہو جانے سے اون کا اعتبار اور ساکھ پبلک پر دوبالا ہو جائے۔

ہمدردی جیسا مفید اور متبرک جوہر جس کی تعریف اور ضرورت پر ایشیا اور یورپ کے قریباً تمام ریفارمر ایک زبان ہیں چنانچہ ڈاکٹر سمول سنے اپنی کتاب ڈیوٹی میں اسکا ایک جداگانہ باب قائم کیا ہے جس میں وہ ایک جگہہ لکھتا ہے "عمدہ ترین اور اعلے ترین اشخاص نہایت ہی ہمدرد ہوتے ہیں" ایک دوسری جگہہ وہ لکھتا ہے "وہ شخص جو دوسروں کی نہ معاونت کرتا ہے نہ اونسے ہمدردی کرتا ہے لبسا اوقات ایسا ہی صلہ پاتا ہے" سعدی نے بہی ایک جگہہ اس مطلب کو بوستان میں لکھا ہے جہاں کہا ہے"

بحال دل خستگان درنگر ۔۔۔ کہ بارے دل خستہ باشی مگر

ایسی اعلے الخصلت اپنے میں پیدا کرنے کیواسطے زکات نکالنے کی عادت ڈالنا عمدہ اور بہترین تدبیر ہے۔

خدا سب اہل مقدرت مسلمانوں کو ایسے ضروری مفید فرض کی پابندی کی توفیق عطا فرمائی تاکہ بہی خواہان قوم کو پبلک اور قومی کاموں کے فراہمی سرمایہ میں اسقدر جدوجہد نہ کرنی پڑا کرے فقط باقی آیندہ

محمد موسی خان رئیس

از دتاولی ضلع علیگڈہ ۲۲- نومبر ۱۹۰۰ء

سکے لئے کہ زید باوجود کثرت دولت کے کسی طرح مجبور نہیں ہے کہ کسی غرباء "اپاہج یا دوسری قسم کے اہل حاجت کی مدد کرے یا کسی طالبعلم کا وظیفہ مقرر کرے یا کسی پبلک انسٹیٹیوشن یا رفاہ عام کے کاموں میں اعانت کرے۔ ایسے ہی امور کی تکمیل کے لئے مقدس مذہب اسلام نے زکوۃ نکالنے کا حکم دیا جب نیمی کے مال کو ایک سال گزر جائیگا تو وہ اوس میں سے زکوۃ علیحدہ کریگا جس کے بعد اوس کو بلا کسی بیرونی تحریک کے مخروجہ زکات کے مصرف کیواسطے مناسب موقع تلاش کرنا ہوگا۔ پس ناظرین سے اس بات کی زیادہ توضیح کی ضرورت نہیں ہے کہ اہل مقدرت مسلمان اس مقدس فرض پر پورے طور پر کاربند ہوتے رہیں تو اون کے ہم مذہب ہم قوم اہل ضرورت اپنے حوائج ضروری سے کس قدر مستغنی ہو جائیں صدہا یتیم اور لاوارث بچے کیوں غیر مذہب حضرات کے قبضہ میں جا کر صرف نان و نفقہ کی عوض اپنے مقدس مذہب کو خیرباد کہہ دیا کریں "مسلمانوں کے شفاخانہ" یتیم خانہ" اون کے سکول اور کالجوں کی حالت کسقدر عمدہ اور قابل اطمینان ہوجائے ایسے انسٹیٹیوشنوں کے منتظموں کو اون کے سرمایہ کیطرف سے کس قدر بے فکری ہو جائے ایسے پبلک اور رفاہ عام کے کام چلانے میں بجائے اس دشواری اور زحمت کے جو موجودہ حالت میں ہے کس قدر آسانی ہو جائے۔

علاوہ ازیں زکات دنیا ترقی وقار و وجاہت اور اونکے قائم رکھنے کیواسطے بہترین ذریعہ ہے اوسکے دیگر ابنائے جنس زکات دینے والے کو اعتبار و وقعت اور محبت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ زکات سخاوت اور جود کا ایک ایسا معتدل طریقہ ہے جو اس فرض کے پورا کرنے والے کو اسراف کی تکلیف اور بخل کی بدنامی دونوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

۔ بالکہ جبکے حصول کی کوشش میں تجارت پیشہ گروہ اور دولتمند لوگ ہمیشہ سرگرداں

فصل چہارم

زکوۃ اور اُسکے دنیاوی فوائد

اوسر انداز ضرورت مال میں سے جسکو ملکیت میں آئے ہوئے سال پورا ہو جائے چالیسواں حصہ نکال کر اپنے اہل حاجت بھائیوں کی دستگیری میں یا دیگر رفاہ عام کے کاموں میں صرف کرنا اسکو اسلامی اصطلاح میں زکوۃ (جسکا تلفظ زکات ہے) کہا جاتا ہے یہ بھی ہر اہل مقدور مسلمان پر فرض ہے۔ یہ فرض اہل حاجت برادران دین اور دینی پبلک کا اپنے اغنیا مسلمان بھائی پر ایک حق ہے۔

یہ فرض بھی منجملہ دیگر دلائل کے اس دعویٰ کی ایک دلیل ہے کہ اسلام ہر درجہ کے بنی آدم کو فائدہ پہونچانے کی غرض سے دنیا میں آیا ہے اور یہ مذہب بلا خیال مراتب تمام گروہ بنی نوع انسان کو یکساں نظر سے دیکھتا ہے۔ سال بھر کے بعد چالیسواں حصہ ایک اتنی تھوڑی مقدار ہے کہ جس کو علیحدہ کرنا ایک صاحب مقدور انسان کو ذرا بھی گراں نہ گزریگا اور ایک اہل حاجت اوس سے پورے طور پر متمتع ہوگا۔ یہ فرض مسلمان اغنیاؤں کو "کل مومن اخوۃ" کی سالانہ یاد دہانی ہے تاکہ وہ اپنے محتاج دینی بھائیوں کو بھول نہ جائیں۔ اگر اپنے لوگوں کی پرورش کا بار اون کے متمول ہم مذہبوں پر نہ ڈالا جاتا تو اسکا نتیجہ ایک بڑے گروہ کا بھوک پیاس سے ہلاکت ہوتا یا وہ لوگ غیروں کے سامنے اپنا دست حاجت دراز کرنے پر مجبور ہوتے جس سے بڑھکر اونکے ہم مذہبوں کو ننگ کی بات نہیں ہو سکتی تھی۔ زکوۃ کی فرضیت کی ایک وجہ ذیل کی مثال سے پورے طور پر سمجھ میں آسکتی ہے۔ مثلاً ہم

اور اپنی ہمت میں ہم کو کمزور ہونا چاہیئے مگر وہ علم جس سے ہماری زندگی لٹتے ہو۔ جس سے ہم نفسانی لذتوں میں پڑے رہنے کو برا جانتے ہوں۔ جس سے گونگی اور بہری خوشیوں سے بچنا معلوم ہوتا ہو۔ اور جس سے عملی زندگی کے فوائد معلوم ہوتے ہوں۔ ہم کو سیکھنا چاہیئے۔ نہ ایسا چھوٹا سا علم جس سے ہم صرف دولت مند ہو کے رہ جائیں۔ نہ ایسا کمزور علم جس سے ہمارے اخلاقی اصول گمنامی میں پڑے رہ جائیں۔ ہاں وہ علم جس سے ہم پورے آدمی بن جائیں۔ ہم میں ہمدردی اور احساس کا مادہ پیدا ہو جائے۔ ہاں وہ علم جس سے ہم خود اور اپنی قوم کو فائدہ پہونچا سکیں۔ اور آئندہ نسلوں کے لیئے کچھ کر دکھائیں۔ دولتمند ہو کر ہم شل خودرو گھاس کے ہو کر رہ جاتے ہیں۔ بو ہوتی ہے۔ پتے اور پھول سب ہوتے ہیں لیکن بیکار۔ کوئی راہی جو بھول کر ادھر آنکلا تو خیر ورنہ یوں ہی خشک ہو کر مرجھا جاتے ہیں۔ نہیں جب ہمارے جسمانی قویٰ کو علم کی زور سے قوت پہونچتی رہیگی تو یقین ہے کہ مدتوں ہماری وجہ سے لوگوں کو فائدہ پہونچے۔ اور اس وقت ہم اپنی تحریر و تقریر سے انسانی عمارت شین کر دکھائیں۔ اس لیئے ہم کو چاہیئے کہ اچھے اچھے لوگوں کے حالات پڑھیں اور اُن کی قابل قدر مثالیں اپنے سامنے رکھکر قوم کو قوم بنانے میں مدد دیں۔ اپنی عادتیں اور اپنے اصول ایسے نرم و شائستہ بنالیں جس سے ہر شخص کو مائل کر لیں اور ہر علم و فن کو جلدی سیکھ لیں۔ اور ہر چیز سے سبق حاصل کر کے زندگی کے اعلےٰ مدارج کو پہونچیں۔ سہرے کی خوشبو اور پتے دیکھنے چاہیں تاکہ ہمارا دماغ اور اسکے خیالات گلدستہ بن جائیں۔ کچھ مشکل نہیں آؤ ہم سب ہمت کر کے کوئی نیک کام کریں۔

ہر کارے کہ ہمت بستہ گردد   اگر خارے بود گلدستہ گردد

(راقم وادی خیال کا شیدا۔ سید شاہ محمد نذیر ہاشمی غازی پوری)

ستون کی تلاش میں مشغول ہیں۔ وہ شخص جو کبھی ہمت کر کے کوئی چیز سیکھنا چاہتا ہے چاہے کہ وہ ایسی مثالیں اپنے سامنے رکھ لے خواہ اس کا شوق اسے قلم کی سلطنت سپرد کرتا ہو یا تلوار کی اس طرح سے ہم شیکسپیر، ملٹن۔ یا گبن۔ اگر نہ ہوں گے تو اپنے وقت کے گبن یا نپولین ضرور ہوں گے۔ آثار سلف کے ٹوٹے ہوئے کھنڈروں سے عبرت حاصل کرنا۔ قومی عروج و زوال کے اسباب پر غور کرنا۔ عالم بالا کی حیرت انگیز قدرتی باتوں کا تجربہ کرنا۔ شاعری کے آراستہ محلات کی سیر کرنا اور وہاں سے قدیم مذاق کے زنجیر اپنے دماغی کمروں میں لا کر سجانا۔ رات کی نیند کو حرام جان کر کن بزرگوں سے عرفان عقل حاصل کیا اس کا معلوم کرنا۔ پرزور طاقتوں کا معلوم کرنا اور تقریر سے قومی خوابیدہ خیالات میں حرکت پیدا کرنا یا انسانی فلاح کے ذرائع پیدا کرنا۔ یہ سب چیزیں جو ہم حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں دن کو دن اور رات کو نہیں سمجھتے تو وہ کیا شے ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم کوئی بڑا کام کر رہے ہیں۔ وہ کون سی چیز ہے جو ہمیں اطمینان دلاتی ہے کہ ہاں سیکھے جاؤ۔ بہ در اصل اس قوت کا جلوہ ہے یہ اس کا کرشمہ ہے جسکو کوئی گاڈ یا لارڈ یا خدا یا نیچر کہتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خود اس کا منشا ہے کہ ہم علم کی تلاش کریں۔ یہ صاف ظاہر ہو گیا کہ قدرت کہہ رہی ہے تم میرے کعبہ کا طواف کرو۔ در اں حالیکہ تم نے علم کے صاف پانی سے وضو کر لیا ہے۔ معلوم ہو گیا کہ ہمارے خالق کا ضروری خیال یہ ہے کہ مخلوق علم کے ذریعہ سے میرے تمام نظام کا تجربہ کرے۔ جب یہ ایک نیچرل بات ہو گئی تو پھر کیا۔ نہیں کسی موقع اور وقت یا سوسائٹی کا لحاظ کرنا چاہیئے۔ اور

ان سے عمدہ صلاح ملے جو کسی پچھلی رات کو اپنے سفر کو قافلہ والوں کے ساتھ
طے کر چکے ہیں یہ کوئی مشکل بات نہیں ہے تاریخ اور بیوگرافیاں اب تک اپنی خوش
کن آوازیں ہم کو سنا رہی ہیں کہ فلاں ہیرو نے یوں نامی کام کئے فلاں اسکالر
نے یوں اپنی لیاقت سے دنیا کو منور کر دیا۔ آؤ ان کا تذکرہ پڑھیں جنہوں نے ایام
گذشتہ میں اپنے امکان کے موافق خوب محنت سے بڑے بڑے علوم حاصل کئے
آؤ انہیں دیکھیں جنہوں نے اپنی عقل اور دور اندیشی سے انسانی نظام عقل میں
بڑا کام کیا۔ کیا تم کو یہ نہیں معلوم ہے کہ کیٹو نے اسی برس کی عمر میں یونانی علم
سیکھا۔ کیا تم نے پلوٹارک سے نہیں پوچھا کہ اس نے ۷۰ برس کی عمر میں
لاطینی زبان سیکھی کیا اس شخص سے نہیں واقف ہو جس نے ہومر کا ترجمہ کیا
اور پچاس برس کی عمر میں لاطینی سے ناآشنا تھا اس کا نام اجیلی ہے۔ کیا سقراط
کی بے نظیر کوشش ضعیفی میں موسیقی حاصل کرنے کے لئے بھول جائینگے
کیا تم اس مذہبی فلسفی طالب العلم کو بھول جائینگے جس کا نام فرینکلن
ہے اور جس نے بہت بڑی عمر میں جا کر فلاسفی سے دماغ میں نئی روشنی
پھیلائی تھی۔ یہ ہیں وہ مثالیں جو ہسٹری ہمارے سامنے پیش کرتی ہے۔ یہ ہیں
وہ شعلے رنگ جو قدیم کارناموں کا آرفیوس کسی ہونہار اور شاداب
وادی میں سنا رہا ہے۔ سنو یہ کہتا کیا ہے۔ اس کی آواز سے دل میں
گرمی پیدا ہوتی ہے حوصلہ ہوتا ہے کہ کیا ہم کوئی کام نہیں کر سکتے۔ تمام شہرت
سے زبردست اور مشکل سے مشکل کی انجام دینے کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ پھر بغیر
کسی خیال کے بغیر عمر کے پرواہ کئے ہوئے ـــ ہمارا فرض ہے کہ علوم

کسی سامنے کھڑے ہوئے خدا کو دیکھ دیکھ کر خدا جانے کیوں نیچی طرح مسکرا دیتی ہے اور وہ دوسرے مقام پر ایک دلفگار کمسن دوشیزہ لڑکی سر کو اپنے نازک ہاتھوں سے تھامے اور کہنیوں کو میز پر ٹیکے آنکھوں میں آنسو بھرے ٹھنڈی سانسیں لے رہی ہے اور اچانک کسی قریب آ جانے والے کے قدموں کی آواز سنکر فوراً اپنے آنسوؤں کو آستین سے پونچھکر آنے والے کے سامنے نہایت خوش حال ظاہر ہوتی ہے اے محبت کی پیاری دیوی وہ تیری ہی پوجاری ہے دنیا کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی کہ کسی ملک یا قوم کی ترقی اس پر مبنی نہو قدیم مصر۔ یونان۔ روم۔ اسلام۔ موجودہ فرانس جرمنی اور انگلینڈ اس دلیل کی تصدیق کرتے ہیں۔ غرضکہ دنیا کے ہر شعبہ پر نظر ڈالئیے بس محبت کا جلوہ گاہ دکھائی دیتا ہے اگر واقعی ایسا ہی ہے تو نظم عالم کے نظام کا دارمدار بالکل انہی چار حرفوں۔ م۔ ح ب۔ ت پر ہے۔

علی حسن

آؤ ہم علم کی تلاش کریں

زمانے کی آفات سے ہماری اوقات بیکاری اور پریشانی میں صرف ہو جاتی ہیں کہ جب عمر گذر جاتی ہے تو ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اب کیا پڑھیں اور کیا ھا کس لیے پڑھیں۔ ڈاڑھی نکل آئی لوگ کیا کہینگے۔ جب ہم میں سے کوئی شوق کی وادی کا فاصلے والا منتظر دیکھکر کسی علم کی طرف راغب ہوتا ہے تو ہمارے ہی بھائی بند۔ ہزار طرح کے مضحکہ آمیز باتیں سناتے ہیں جس سے وہ بیچارہ پست ہو کر بیٹھ رہتا ہے۔ بیچارہ اس نئے طالب علم کا شوق ہے اور اس کا فرض ہے کہ اس منزل میں

سربسجود ہیں۔ دوسری جانب جو نظر ڈالیے تو جوگی سناسی اور برہمن جنگلوں، چمن
شالوں اور صنم خانوں میں اسی کے اشلوک گا رہے ہیں اور گھنٹیاں بجا بجا کر محبت کے
دیوی کو جگا رہے ہیں۔ ماں جو کہ اپنے پیارے بیارے بچے کو ملک الموت کے قوی چنگل سے
چھڑانے کی عبث کوشش میں اپنا خون پسینہ کی راہ بہا دیتی ہے۔ نہ دن کو دن سمجھتی ہے
نہ رات کو رات اور باپ جو اولاد کے لئے قوت بہم پہونچانے میں صدہا مصائب برداشت
کرتا ہے سب اس پاکیزہ محبت کی زندہ مثالیں ہیں۔

ایک طالب علم جو کہ دوستوں کی پرلطف صحبت سے جدا والدین اور اعزا کی محبت بھری
نگاہوں سے دور جلا وطنی کا ببھوت تن پر ملے کتاب کا کیڑا بنا ہوا سنی جون کی تپتی
راتوں میں لیمپ کے سامنے بیٹھا ریاضی فلسفہ۔ یا سائنس کے کسی مسئلہ میں منہمک ہے
کیا وہ اسی محبت کا نام لیوا نہیں ہے۔

لندن پیرس۔ برلن اور بڑے بڑے تجارتی ملکوں اور شہروں کی ہنگامہ آرائی
اسی محبت سے ہے ان وفادار دستہ سپاہیوں کا جو ابھی چارج charge کے لفظ کو سنتے
ہی اپنی پیشانوں پر بل ڈالے اپنے نیزوں کی چمکتی ہوئی انیاں لیے مخالفین کی طرف
اعدا کی صفوں پر ٹوٹ پڑا ہے اور وہ بہادر جو سینہ سپر کیے ہوئے اپنے بادشاہ
گردی ت[illegible]ک لڑ رہا ہے کیا سچی حب الوطنی اور بادشاہ پرستی کی روشن مثالیں
نہیں ہیں۔

ایک نوجوان جو اپنے چمن میں سر جھکائے ہوئے اور اپنی اشکبار آنکھوں کو رو
خشک کرتا مخمور کی طرح لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے روشوں پر ٹہل رہا ہے اسی جا
محبت وہ • جام سے سرشار ہے ایک خاتون جو اپنی سنگار کی میز کی پاس بیٹھی

گونجا۔ یہ وہی راگ ہے جسے اب بھی بھارت کے محلوں میں ہمارے منچلے ناعاقبت اندیش امرا ہر شب اپنے غم غلط کرنے کا ذریعہ تصور کرتے ہیں اور اسی کو ایک غریب کسان کی بیٹی اپنے خس پوش مکان میں دلفریب سات کی اندھیری راتوں میں کسی پردیس گئے ہوئے کو یاد کر کے گاتی ہے۔ ہمارے شعرا آتش۔ ناسخ۔ غالب سعدی و حافظ اسی کے متوالے تھے۔ شیکسپیر اسکاٹ اور کیٹس بھی آخری دم تک بھرتے رہے۔

غرضکہ اس محبت کی دنیا بھی نرالی ہے اس کے باشندے دوسری دنیا والوں کی نظروں میں عجیب چیز ہیں کوئی ان بیچاروں کو حیوان بشکل انسان کہتا ہے کوئی ان مصیبت زدوں کو سڑی سودائی بنایا ہے۔ ہر کس بخیال خویش خبطے دارد۔ اور در حقیقت اس دریائے بے پایاں کنار کا اندازہ کر نادشت و صحرا کے بندوں کی شماخت ہرگز نہیں مگر غواص بنی بلا کر نجہ ہوتے ہیں اگر تمام سمندر کو چھان نہیں ڈالتے تو نشین موتی ضرور نکال لاتے ہیں۔

فی الحقیقت دوسری دنیا والے اس ملک محبت کے رہنے والوں کو دیکھکر متعجب کیوں نہ ہوں جبکہ ہم شکل ہونے کے کوئی بات یکساں نہیں وضع نرالی قطع نرالی مذہب جدا خیالات مختلف رسوم عجیب اور کیا بتاؤں کہ کیا کیا اختلافات موجود ہیں لیکن باوجود ان سب تفرقوں اور عیوب کے ان کی قسمت کا پھریرا آسمان زمین روشنی اور تاریکی سب جگہہ لہراتا ہے اور خالق سے لیکر مخلوق تک اسکے پاک سایہ میں ہیں۔ خود خدا ہی کو دیکھیے ایک اپنی ہی بنائے ہوئے خوبصورت اور پاک سیرت انسان کا شیدائی بن بیٹھا اس خاکستان میں بھی اسی جام کے متوالے جگہہ جگہہ بھانتی کا سماتا شا دکھاتے ہیں۔ ایک طرف نظر اٹھا کر دیکھئے تو زاہد اور صوفی مسجدوں اور خانقاہوں میں

بہلے اپنے مضمون کو آنا دے کہ اون الفاظ پر ختم کرتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے
کہ اس نثر کے لکھنے میں اون کے مقاصد کیا تہے وہ کہتے ہیں کہ میں نثر کے میدان میں بہی سوا
نہیں پیادہ ہوں اور نظم میں خاک افتادہ مگر سادہ لوحی دیکہو کہ ہر میدان میں دوڑنے کو
آمادہ ہوں۔ یہ فقط اس خیال سے کہ میرے وطن کے لئیے شاید کوئی کام کی بات نکل آئی
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اون میں حب الوطنی کا مادہ زیادہ تہا اور ناظم یا ناثر ہونے کا
بالکل دعوی نہیں کرتے تہے۔ لیکن اوس کے پڑہنے والے یہ کہہ سکتے ہیں کہ جو طرز اردو
نثر لکہنے میں اون کا ہے وہ سوا اون کے کسیکو حاصل نہیں ہوا اور ان کے اردو ہمیشہ
مقبول رہے گی اور آئندہ نسلیں بہی ہماری طرح تحسین و آفرین کے پہول ہمیشہ اوس پر
نثار کیا کریں گی فقط

محمد معشوق حسین خاں

طالب علم مدرستہ العلوم

نغمہ الفت

محبت کا نغمہ وہی پرانا راگ ہے جسکو ابتدائے زمانہ سے اس وقت تک لوگ گاتے
چلے آتے ہیں اور جب تک اس دنیائے بے ثبات کو ثبات ہے گاتے
رہیں گے
کبہی ایسی گیت کو قدیم زمانے میں ایک نوجوان گڈریئے نے کسی ستم کش کے
سوز فراق میں تسلی کے سبزہ زاروں میں چشمے کے دلکش ساز کے ساتھ بانسری کے
لگے سے گایا اور کبہی یہ دلکش نغمہ نالے کی شکل میں نجد کے جنگلوں اور اس کی پہاڑیوں میں

بہت سے لوگ اختلاف کرتے ہیں اور اون کی مخالفت کسیقدر بجا بھی ہے مثلاً عبارت
شیخ ابراہیم ذوق کا حال بیان کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے "کہ اون کا مولد شریف اکبرآباد
ہیں۔" اس میں ضرورت سے زیادہ عبارت آرائی کی ہے شیخ صاحب کے کمال سے مجال
کسیکی کہ منکر ہو مگر ایک تذکرہ یا تاریخ لکھنے والے کو اپنی طبیعت کے جوش سے بالکل کام
لینا چاہیئے اور کسیطرح اوس کے حدود سے باہر قدم نہ رکھنا چاہیئے۔ علاوہ اسکے
بعض بعض شعرا کے واقعات کو کسی جگہ اس شان و شوکت سے شروع کیا ہے کہ تذکرے
کی خوبی میں کمی آگئی ہے۔ مگر فصاحت بیانی اور زبان کی حلاوت ہمیں اس کی اجازت نہیں
دیتی کہ ہم ایسی ایسی باتوں کا کچھ خیال کریں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ مومن خاں کا جو کچھ
حال آزاد نے لکھا ہے وہ بہت ناکافی ہے۔ اس میں شک نہیں جو کچھ اونہوں نے خانصاحب کے
متعلق لکھا اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ طوعاً و کرہاً اون کو شعرا کے اس زمرے میں جگہ
دی گئی ہے جس سے کسیقدر الزام آزاد پر عائد ہو سکتا ہے۔ لیکن پھر بھی اونہوں نے
خانصاحب کے کمالات کا اعتراف کیا ہے اور پہلی اشاعت میں اون کا تذکرہ نہ کرنے کا
عذر بھی کیا ہے جسکی کیوں نہ سماعت کی جائے۔

غالب کا سا باکمال جو نظم و نثر اور دونوں کا ہیرو مانا جاتا ہے اوسے بھی انہوں نے اپنے
تذکرے میں کسیقدر جگہ دی ہے حالانکہ یہ کسی طرح نہیں کہا جاسکتا ہے کہ اوس کے واقعات
ہم نہ پہونچ سکے ہونگے۔

آبحیات کے طرز عبارت کے متعلق صرف اسی قدر کہہ دینا کافی ہوگا کہ ایسی کتاب کے لئے اس سے
زیادہ بہتر کوئی لباس نہیں مل سکتا تھا جس پیرائے کو کہ اونہوں نے پسند کیا ہے اوسے

ہو چکے تھے ان میں شاہ حاتم، فغاں، آرزو تھے تیسرے کچھ اور ہی لوگ تھے انہوں نے
مضامین میں بلند پردازی اور کچھ تکلف کی ابتدا کی ان میں مظہر، تاباں، مرزا رفیع السودا
میر درد، میر سوز، میر تقی میر تھے انہوں نے اوس بچے کو بہت اچھی طرح پالا اور
سن شعور تک پہونچا کر دوسروں کو دے گئے۔ پھر چوتھے مجلس کے لوگ آئے
زبان میں فصاحت زیادہ کی اور متروک الاستعمال لفظوں کو بالکل دور کر دیا۔ ان میں مصحفی
جرات، میر حسن، سید انشا تھی۔ یہ لوگ اوس بچے کو جو سن تمیز کو پہونچ چکا تھا پرورش
کر کے اپنا کام کر کے چلے گئے۔ اور ایسے لوگوں کی سپرد کیا جن میں روشنی آگئی تھی انہوں نے
بلند پردازی میں کمال پیدا کیا اور مضمون کے پھول پر پر ہو سے ایسی نقاشی کی کہ
کر بلا عینک سب کے نعیں نمائی دیتی" انہوں نے بہت سے الفاظ جیسے آئے ہی جائے ہی
زبان سے دور کیے اور اوسکو اور ستھرا بنایا ان میں ناسخ، آتش، شاہ نصیر، مومن، غالب
ذوق اور غالب وغیرہ تھے۔

ان تمام شعرا کے حالات بیان کرنے میں آزاد نے ایک ایسا طرز اختیار کیا ہے اور
زبان بھی ایسی میٹھی رکھی ہے کہ عجیب ہی لطف حاصل ہوتا ہے لیکن بہت افسوس ہے
کہ کسی پر محاکمانہ نظر نہیں ڈالی اور کیسکی شاعری کے حسن و قبح کو بالکل بیان نہیں کیا
صرف ہر ایک کے کلام پر واہ واہ کی ہے اور کچھ نہیں جس زمانے کے شعرا کا ذکر کیا۔۔
اون کے لباس اون کی باتیں اون کی زندگی کے طرز بالکل وہی لکھے ہیں جو
اوس زمانے کے لوگوں کے تھے اور جیوں جیوں زمانہ ترقی کرتا گیا اور ہر چیز میں کچھ نہ کچھ
جدت پیدا ہوتی گئی اوسے ویسی خوبی سے ملحوظ رکھا ہے۔

وہ پنجم کے بعض شعرا کو جو انہوں نے اپنے تذکرے میں جگہ دی اوس سے

فصاحت سے کام لیا گیا ہے گر وہ سن تھا اور غالب کے شاگرد نہایت ہی غفلت سے اور اون کے
واقعات کو کم لکھنے یا بالکل نہ لکھنے کو بلا اوس کی وجہ سے اون کی اہانت سمجھنے لگتے تھے بیان تک
کہ اس شور و غل میں مصنف کی عذر خواہی کی بہی سماعت نہ ہوئی۔

اس کے پہلے بہت سے شعرائے تذکرے لکھے گر زمانہ کے دست برد سے معدودے
چند ہی کو ہمارے لئے چہوڑا ان میں سے ایک تذکرہ ایک فرانسیسی دی ٹیسی کا بہی تہا جو غالب
کا ہمعصر تہا۔ اوس نے ایک ہزار سے زیادہ شاعروں کا ذکر کیا ہے مگر اونسے واقعات کا
پتہ کم لگتا ہے اور کچہ فارسی طرز کی عبارت اوس میں زیادہ ہے اس کے علاوہ دو تین
اور تذکرے باقی رہ گئے ہیں جن میں بہت سے شعرا کے حالات کم وبیش درج ہیں یہ یقینی
امر ہے کہ آزاد کو ان تذکروں سے مدد ملی ہوگی اور پرانے شاعروں کے حالات کا اونہوں نے
ان سے زیادہ لکہا بہی نہیں ہے۔ آبحیات کو ولی اللہ شمس سے شروع کرتے ہیں جبکہ
نفس ناطقہ کی سوح یعنی شاعری عالم وجود میں آئی تہی مگر بچوں کے نیند پڑے سوتے تہے
ولی نے آکر ایسی میٹہی میٹہی آواز سے غزل خوانی شروع کی ہے کہ اوس بچے نے ایک انگڑائی
سے لیکر کروٹ لی ہنسی ان تمام دوروں کو اونہوں نے اوس طرح شروع کیا ہے کہ شاعری
کی گویا پانچ مجلسیں ہیں جن میں اول میں جو اوس زمانہ کا طرز تہا اوس کے موافق
بعضوں معقول تنبہ ہے ٹبہے اور جوان برابر لمبے لمبے جامے۔ موٹی موٹی پگڑیاں باندہے بیٹہے
ہیں ان میں سے سب سے پہلے شمس ولی اللہ نے غزل سرائی کی۔ پہر شاہ مبارک
شیخ شرف الدین مضمون۔ ناجی۔ یکرنگ۔ باری باری سے آکر غزل سرائی کرکے رخصت
ہوئے اور دوسری مجلس والے تشریف لائے جنہوں نے زبان میں کچہ اصلاح کی اور
استعارات اور تشبیہات سے اردو شاعری کو گودوں میں بالکل عجب کچہ بڑہی ہوئی

سمجھے جس میں اردو زبان کے تعلقات عربی اور سنسکرت کے ساتھ جو ایسے پیچیدہ اور مبہم ہوگئے ہیں کہ قدم قدم پر طبیعت الجھتی اور پریشان ہوتی ہے نہایت عمدگی سے بیان کئے ہیں۔ شروع زمانہ سے اب تک زبان عربی کے نظم و نثر نے جو جو پلٹے کھائے ہیں انکو نہایت قابلیت سے لکھا ہے جیسے جیسے اردو میں ترقی ہوتی گئی اوسی ترتیب سے شاعروں کو اس میں جگہ دی ہے اوس زمانہ میں جبکہ اردو کی تصنیفات کا نیا دور شروع ہی ہوا تھا اور شعر اور شاعری کیساتھ لوگوں کو بہت زیادہ دلچسپی تھی۔ پرانے جلسوں کی گرمی ابھی باقی تھی اور شاعروں میں ایک خاص جوش و خروش کا اظہار ہوتا تھا ایک ایسی کتاب کا جیسی آب حیات ہے تصنیف ہونا کیا کچھ عوام کی دلچسپی کا باعث ہوا ہوگا بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ اون کی آنکھیں ایک ایسے تذکرے کو ڈھونڈھ رہی تھیں جس میں پرانے شعرا کے حالات نہایت عمدہ زبان میں اون کے سامنے ظاہر ہوں۔ اس لئے یہ کہنا نازیبا نہوگا کہ جس کتاب پر آزاد نے قلم اوٹھایا وہ ایک ایسی چیز تھی جس کی موجود ہونے کی بہت ضرورت تھی جب آب حیات پہلی مرتبہ عوام کے سامنے آئی تو یہ کہنا کسی قدر غیر ضروری ہے کہ اوسکی زبان عمدہ پیرایہ اور طرز بیان نے جس میں شعرا کے مرقع مزین کئے گئے تھے کس قدر دلچسپی پیدا کی ہوگی مگر اسکے ساتھ نہایت ہی غمگینی اور غصہ کی صورت سے اس پر اعتراضوں کی بھی بوچھار شروع ہوئی اور یہ کسی حد تک حق بجانب بھی تھے کیونکہ ہمارے سامنے ایک ایسی دنیا تھی جس میں ہر چھوٹا بڑا شاعری سے ایک خاص طبعی مناسبت رکھنے والا تھا مختلف گروہ مختلف استادوں کے نام لیوا تھے اور صرف اپنی ہی جانب کو افضل ترین سمجھتے تھے ایسی حالت میں اگر اس کتاب نے اون میں ایک ہلچل ڈالدی ہو تو کچھ تعجب کی بات نہیں ذوق کے حصہ [illegible] قدر شاگرد تھے اونکو خصہ [illegible] اکثر [illegible]

جواب نہیں ہو سکتا اس جگہ میں مثال کے طور پر ان کی بابت ان کے ہم عصروں میں سے
لوگوں کے متعلق اس مضمون میں ظاہر کی ہیں درج کرتا ہوں جس سے ناظرین کو ان کی
صفات کے متعلق جن کا میں نے اوپر اشارہ کیا ہے خود بخود اظہار ہو جائیگا۔

بو علی سینا کے متعلق لکھتے ہیں کہ ایک وہ شخص آیا کہ لباس اہل اسلام کا رکھتا تھا
مگر چال ڈھال یونانیوں سے ملاتا تھا اس کے داخل ہونے پر شعرا تو الگ ہو گئے مگر تمام علما
اور فضلا میں تکرار اور قیل و قال کا غل ہوا اس سینہ زور نے سب کو پیچھے چھوڑا اور دار سلطنت
کے مقابل میں ایک کرسی بچھی تھی اوس پر آ کر بیٹھ گیا۔"

امیر تیمور کے متعلق لکھتے ہیں کہ "ہیبت سے مورخین نے اوسکے لانے کی التجا کی
گروہ سب کو دروازے پر چھوڑ گیا اور اپنا آپ رہبر ہوا کیونکہ وہ خود مورخ تھا رستہ جانتا تھا
اور اپنا مقام بھی پہچانتا تھا لنگڑاتا ہوا آگیا اور ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔

سیواجی کو لکھتے ہیں کہ "ایک بیڈھا جوان۔ دکھنی وضع۔ جنگ کے ہتھیار لگائے۔ ناچکی
بے سکے تمغے سے سجا ہوا آیا اوس کی طرف لوگ متوجہ ہوئے۔ بلکہ عالمگیر کچھ کہنا
بھی چاہتا تھا مگر وہ کرسی کھینچ کر اوس کے سامنے ہی بیٹھ گیا اور بولا کہ صاحب ہمت کو جگہ دو
یا نہ دو وہ آپ جگہ پیدا کر لیتا ہے"

غالب کو لکھتے ہیں کہ "یہ اگرچہ سب سے پیچھے تھے پر کسی سے نیچے نہ تھے بڑی دھوم
دھام سے آئے اور ایک نقارہ اس زور سے بجایا کہ سب کے کان گنگ کر دیئے۔ کوئی سمجھا اور کوئی
نہ سمجھا۔ مگر سب واہ واہ اور سبحان اللہ کرتے رہ گئے۔"

ان کی قابلیت کی اعلیٰ نظیر تذکرہ آبحیات ہے جو حقیقت میں پرانے شاعروں کی
زندگی کی جیتی جاگتی تصویر ہے سب سے پہلے دیباچہ میں اردو زبان کی ایک محقق تاریخ

ایک مصفا ہموار رستے پر پہنچے جہاں کی ہوا جان بخش تھی یہاں ایک عالی [illegible]
ایوان جس کے چبوترہ دالانوں پر چاندنیاں شہنائی بجا رہی تہیں۔ تمام لوگ اوسطرف متوجہ
ہوئے اور سب سے پہلے جس کا قدم اوس کے اندر پڑا وہ ایک راجہ تہا جسکے سر پر سورج کی
کرن کا تاج تہا۔ اتنے میں ہندوں کے گروہ سے ایک کالا سا آدمی ایک پوتھی بغل میں دبائے نکلا
اور تھوڑی دیر میں ایک تخت ہوادار پر یہ دونوں بیٹھکر غائب ہوگئے۔ یہ راجہ جنمیجی اور ویاس
شاعر تھے۔ پھر ایک تخت اور آیا جسے تیس پریاں ڈہلائے ہوئے تہیں۔ یہ وکرماجیت تہا۔ پھر
راجہ بھوج اور کالیداس آئے اور اپنی جگہ پر بیٹھے کہ اتنے میں ایک جوان پیل پیکر گرز گاؤ
سر ہاتھ میں لیئے آیا ایک بڈہا اسکے ساتھ تہا یہ رستم اور فردوسی شاعر تھے۔ پھر سکندر اور
اور دارا اور نظامی گنجوی اپنا سکندر نامہ لیئے آئے اور پھر جالینوس۔ سقراط۔ افلاطون
ہارون رشید مامون رشید و محمود غزنوی۔ بوعلی سینا۔ انوری۔ خاقانی۔ ظہیر فاریابی آئے
پھر چنگیز خاں ہلاکو محقق طوسی کے ساتھ اور امیر تیمور آئے اور اپنی اپنی جگہوں پر جو دنیا میں حاصل
کی تھیں بیٹھ گئے۔ پھر حافظ شیراز آئے اور شیخ سعدی بھی گلستان بوستان لیئے
ہوئے سعد زنگی کو ڈھونڈتے ہوئے آئے اور چلے گئے۔ پھر خاندان مغلیہ کے بادشاہ آئے اور جو
عزت اور نام کہ اس دنیا میں حاصل کیا تہا اوسی اعتبار سے وہاں بیٹھ گئے پھر فیضی و ابوالفضل
و سیوا جی آئے اور پھر اردو شعرا میر تقی۔ سودا۔ درد۔ انشا اللہ خاں۔ اور مومن خاں وغ
وغیرہ آئے اور اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے۔ پھر آزاد کی پکار ہوئی کہ ان کی آنکھ کھل گئی۔

غرضکہ یہ اوس مضمون کا مختصر بیان ہے۔ یہ طریقہ انگریزی میں ایڈیسن کا تہا جس نے
اوس نے بہت سے مضامین لکھے اس ذریعے سے اپنے طرز معاشرت کی بہت کچھ اصلاح
کی خواب میں ایسی باتیں دیکھنے کا طریقہ حقیقت میں عجیب ہے کہ لکھنے والا اس میں کسی بات کو

سو مصنف نے چکروں میں ظاہر کیا ہے مگر سب سے عمدہ ان میں جو مضمون ہے وہ عشرت علم [illegible]
دوام کا دربار ہے" اس میں حیات وہ خود تمام لوگوں سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ تمام مختلف
فرقوں کے لوگ جلوہ گر ہیں۔ بہت سے آگے حب الوطن کے شہید ہیں جنہوں نے اپنے ملک کے
نام پر میدان جنگ میں جا کر خونی خلعت پہنے۔ اکثر مصنف اور شاعر ہیں جنہیں ادھی ہاتف
غیبی کا خطاب دیا ہے جس کے الہام سے وہ مطالب غیبی بیان کرتے ہیں اور بے حسی سے
زندگی بسر کر گئے۔ ایسے زیرک اور دانا بھی ہیں جو بزم تحقیق کے صدر اور اپنے عہد کے باعث فخر
رہے۔ بہت نے نصیحت نیکی کے راستے بتاتے رہے جس سے ملک فنا میں بقا کی عمارت
بناتے رہے "بقائے دوام کے دربار میں اس خوبی سے ان تمام مشاہیر کو بلایا ہے اور ان کے
کارناموں کے لحاظ سے جو جگہیں انہیں دی ہیں اس سے ان کے صواب رائے اور قوت
فیصلہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس میں بھی انہوں نے اپنے اور تمام مضامین کی طرح خواب دیکھا ہے
جہاں یہ بقائے دوام کا دربار لگا ہوا ہے ۔ اس خواب میں وہ ہوا کھانے چلے ہیں۔ ایک پہاڑ
دیکھا ہے جس کی چوٹی سے شہنائی کی سی دلکش آواز تھوڑی ہی دیر بعد آنی شروع ہوتی
اور تمام خلقت اسی طرف ڈھلی۔ راستے میں غفلت و عیاشی وغیرہ بہت سی پریاں کھڑی ہیں جن کی
طرف اکثر لوگ متوجہ ہو کر رہ گئے ہیں لیکن جو لوگ بلند حوصلہ ہیں شہنائی ہی کی
آواز کی طرف متوجہ ہیں آزاد کو بھی مشتاق پا کر ایک فرشتہ اوپر لے چلا۔ بہت سے لوگ
جنہوں نے رد چلنے کو چاہا تھا تھوڑی ہی دور چل کر رہ گئے اور بہت سے جنہوں نے مدد [illegible]
سے ترقی پائی اور کسی وجہ سے گر پڑے یہاں بھی تھوڑی دور چل کر گر پڑے۔ آگے چل کر ہلاکت کا
دیو اور خار مزاحمت ملے ان کے خوف سے بہت سے لوگوں نے ہمت ہار دی لیکن جو اولو العزم
تھے شہنائی کی آواز سنکر شمشیر علم کی ہوئی بڑھے چلے گئے اور ہزار خرابی ان سختیوں کو

" جو آسائش کے قدرتی سامان تھے وہ اپنے ہاتھوں کھو بیٹھا اب محنت کے بعد جو
سامانوں سے آرام چاہتے ہو نہ ہو گا غلط ہو گا "

" آرام کی بنیاد دیکھو، سب آرام بہت سی خرابیاں پیدا کرتا ہے "

" حق یہ ہے کہ آرام کا مزا بھی بغیر محنت نہیں "

" جب آرام و محنت دونوں اعتدال سے ہوں تو کیوں صحت حاصل نہ ہو "

" دنیا کے لوگ جسے جادو طلسم کہتے ہیں وہ درحقیقت دیوں کے حرفوں میں بند ہے "

" افسوس دنیا کے مزے ہمیں کیسا اندھا کر دیتے ہیں کہ انجام کے مکروہات اور خوف خطر کچھ معلوم ہی نہیں ہوتے "

" عقل و ادراک تمہیں ہر وقت بے اعتدالیوں سے اور بد پرہیزیوں سے بچنے کو اشارہ کرتے رہتے ہیں مگر ان بیچاروں کی کون سنتا ہے "

اسی طرح کے تمام مضامین میں اونہوں نے بالکل اڈیسن* کی پیروی کی ہے۔ انکی طبیعت نے اخلاقی اور علمی مضامین کو زیادہ پسند کیا اور جو کچھ اونہیں لکھنا تھا اسی پر لکھا ہندوستان کی موجودہ طرز معاشرت اور تمدنی حالت کا اگر خاکہ کھینچتے تو نہایت اچھا ہوتا مگر نہیں کہا جا سکتا کہ ایسے مضامین کے واسطے اون کی طبیعت کہاں تک موزوں تھی۔

ایک مضمون میں اونہوں نے دنیا کی مختلف چیزوں کو ایک عمدہ تمثیل کے پیرائے میں بیان کیا ہے اس طرح سے کہ گویا ایک نہر ہے جو خوشنما گلزاروں کے بیچ میں لہراتی چلی جاتی ہے۔ ان گلزاروں کا کچھ حال دیکھنا چاہو تو بالکل اندھیرا تھا اور کوئی نہ کہہ سکتا تھا کہ باغ کہاں سے شروع ہوتا ہے یعنی جس نے آنکھ کھولی تھی اپنے تئیں باغ میں ہی دیکھا تھا۔ داخلہ میں

* نوٹ۔ ایک مشہور انگریزی مصنف گذرا ہے

[illegible] ہوگئی تھی خیالات کو دیہی پیرایہ رستہ تھا جس پر ہر ایک چلتا تھا۔ گو ادا
کیسی ہی عمدہ حالت نہیں سہتا ہے اور شاعروں کی بہی یہ حالت ایک ہی رہ سکتی تھی۔ اب
یہی سرگذشتوں اور واقعات کے ایسے مرقع کھینچنے لگیں اور تخیل نے ایسے ایسے پہول نثار کئے
جو اوسکے پہلے اس گلشن میں کبہی نہیں کہلتے تہے۔ کچھ ادہر گرے کچھ ادہر گرے سو قصہ ہو
سے کشش و عجب ہی کہیں غائب ہو جائیں۔ چند اسی طرح کے مضامین آزاد نے لکھے ہیں
اور اون کا نام نیرنگ خیال کہا۔ اسی میں علاوہ انگریزی انشا پردازی پر کچھ اپنے خیالات
ظاہر کئے ہیں اور کہا ہے "کہ یہ بچہ جس نے ہمارے ہی آبا و اجداد کی گودیوں میں پرورش
پائی ہے اب اوسکے کپڑے پرانے اور چھوٹے ہو گئے ہیں۔ اوسے یورپ سے نیا لباس منگوا کر
پہنانا چاہیئے" چنانچہ یونانی شاعروں کو اوسمیں لکہا ہے اور ظاہر کیا ہے کہ انسانی قوتوں اور
جذبوں کو مجسم یا دیوتا فرض کرکے بیان کرنے میں کس قدر زیادہ زور پیدا ہوتا ہے۔ شاعر
وقت حسن و عشق وغیرہ کو یونانیوں نے جو مختلف اور مناسب حال شکلیں دی ہیں
اون کو بیان کرکے بتلایا ہے کہ پرانے یونانی اپنی طبیعتوں کی تاثیر اور اون کی مختلف جوشوں
کو کس طرح ظاہر کرتے تہے۔ اسکے بعد اس نیرنگ میں کئے مضمون بہی لکہے ہیں جن میں
دکہایا ہے کہ اون جذبات اور موہوم چیزوں کو کس طرح بیان کرنا چاہیئے۔ کہیں سینہ زوری
کہیں غرور و خودپسندی حسد۔ احتیاج۔ افلاس اور دبا وغیرہ کو مجسم فرض کرکے عمدہ اخلاقی
باتوں کو نہایت خوبی سے بیان کیا ہے اور انگریزی کے مشہور اخلاقی نتائج اور ضرب المثل
اور دو لباس پہنا کر ان مضامین میں جگہ دی ہے۔ چند عمدہ عمدہ جملوں کو یہاں نقل
کرتا ہوں۔

"جہاں لوٹ مار اور غارت و تاراج کا قدم آئے وہاں احتیاج و افلاس ضرور آ

[illegible] کی بھی کا ادب کے [illegible] کی زبان کو تربیت معلوم ہوتی ہے اور پیدا [illegible]
ان میں مثالی اور ایک طبیعت کے آگ میں دیکھے جا سکتے ہیں جن میں [illegible]
بھی ہے اور ان کے الفاظ ایسے استعاروں اور تشبیہوں سے گرتے ہیں جو پڑھنے والوں کے
دلوں پر ایک خوشی اثر پیدا کر دیتی ہیں ان کے الفاظ میں ترکیبات کچھ اس طرح
ایک دوسرے سے اس قدر مربوط ہوتے ہیں کہ ان کا تسلسل بالکل دریا کے ترنم اور خروش
اور اس سیلان کی طرح معلوم ہوتا ہے جو آغاز سے اٹھتا ہوا انتہا ہو اور ان کے چھوٹے چھوٹے
جملوں کو اگر الگ الگ دیکھا جائے تو چھوٹے چھوٹے در شاہوار کی طرح معلوم ہوتے ہیں
اور جو ایسی لڑی میں پروئے گئے ہیں جن سے ایک روشنی پیدا ہوتی ہے اور بہت سے عمدہ
خیالات اس روشنی میں جگمگاتے نظر آتے ہیں یہ سب کچھ ہے مگر کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں
ادیبوں نے اپنے تجربوں سے کوئی نتیجہ نکالا ہو۔

لیکن اگر ہم خود اردو زبان کے احاطے کی طرف نظر کریں تو ہم دیکھیں گے کہ اس
سرزمین کے ہوا اگر چلی ہوئی ہے۔ جو کچھ ہے وہ اتنا ہی ہے کہ فارسی کے پروں سے اڑی
اور لفاظی اور مبالغوں کے زور سے آسمان پر چڑھ گئی۔ وہاں سے جو گری تو استعارہ دل کی
زمین میں ڈوب کر غائب ہو گئی۔" اس کی حدود میں صرف ابھی تک عشقی مضامین و شاہان
نازو معشوقان خرافاتی کے تذکرے۔ کسی کے ثنا۔ کسی کی ہجو کے مضامین شامل تھے۔ کوئی کہتا
تھا کہ شب فراق شب وصال سے اچھی ہے کیونکہ جو مزا فراق میں ہے وہ وصل میں کہاں
کوئی کہتا تھا شب وصال شب فراق سے اچھی ہے کیونکہ اس میں بے خود محبت کو معراج وصال
نصیب ہوتی ہے۔

یہی ایک مضمون تھا جس سے اردو کی ابتدا ہوئی تھی اور اسی پر انتہا بھی ہو گئی تھی

آزاد اور اردو لٹریچر (۳)

ان کی تحریر سے اعلیٰ فلسفیانہ خیالات کا اندازہ بہت کم ہو سکتا ہے اور کسی قدر جو کچھ
ہو سکتا ہے وہ ان کے فلسفیانہ مذاق پر نہیں۔ بلکہ اون کے وسعت خیال پر مبنی کرتا ہوں۔ مثلاً
نیرنگ خیال میں جو کچھ لکھا ہے وہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فلسفے کے چھوٹے چھوٹے چٹکلے ذرا ذرا
کو اپنے خیالات کے دامن میں پھیلا کر نہایت وسعت کے ساتھ ظاہر کیا ہے اس لئے جو کچھ
گل بوٹے اسمیں لگتے ہیں وہ صرف ان کی طبیعت کے زور اور خیالات کے وسعت کے
نتیجے ہیں بہت کم معلوم ہوتا کہ اونھوں نے دنیا کے گوناگوں رنگوں پر غائر نظر ڈالی ہو۔ جو کچھ
ان کے قلم سے نکلا ہے اوس سے دنیا کے مختلف پہلوؤں کا کوئی نقشہ نہیں کھنچتا۔ اور صرف
اوسیقدر معلوم ہوتا ہے جس قدر اون کے علم کے دائرہ میں ہے اور جس میں ظاہرا اونہیں خود
کسی قسم کا تجربہ نہیں ہوا ہے بلکہ مختلف ذرائع سے حاصل کر کے لکھا ہے۔

ان میں یہ بات ہے کہ اکثر خیالات کی آمد میں اور جذبات کے سیلاب میں اپنی رائے
ظاہر کرتے وقت سیدھے راستے سے کسیقدر کج ہو جاتے ہیں۔ مصور شاعر اور فلسفی سبھوں کی
ایک قسم کا خاص جذبہ ہوتا ہے جس کے نتائج نہایت بلند اور اعلیٰ ہوتے ہیں مگر اسے اپنے قبضہ
میں کرنا اچھے شاعر کا امر ہوتا ہے آزاد کے خیالات بیشک اس طرح کے ہیں کہ ہم کسی حد تک
اونہیں شاعر یا مصور کہہ سکتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اونکے خیالات کی بلندی اور اون کے
طرز بیان نے ان کی تحریروں کو ہر خاص و عام میں مقبول بنا دیا۔ مگر فلاسفہ کا درجہ اس سے
ارفع ہوتا ہے لیکن یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ان کا طرز بالکل ایک نیا طرز نہیں ہے اور
ان کے تمام مضمونوں کا اتفاق ہے اور یہی ان کی طبیعت کے انوکھے پن کی پوری دلیل

ہوتا ہے کہ شاعر زمانہ حال کی شہنائی بجا رہا ہے یہ ممکن ہے کہ ظاہرا اس میں کچھ
جو پہلے تھیں اب نہ ہوں مثلا وہ پوشش طرز معاش بالکل تبدیل ہو گیا ہے مگر جو جذبہ
تہا وہ اب تک ہے اور جو اب ہے وہی آئندہ ہوگا۔ انسان کی حالت جو اس زمانہ میں تھی وہی آ
ہے اور ہمیشہ رہیگی وہی نفس وہی خوشی وہی رنج وہی عشق قدرتی خواہشات جتنے
ہیں سب قائم ہیں ان تصانیف میں ان باتوں کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی لحاظ رکھا
گیا ہے کہ دلچسپی بھی ہاتھ سے نہ جانے پائے اگر دقیق مسئلوں پر بحث کی گئی ہے تو کوئی
قصہ ایسا بھی ہے کہ باوجود مذاقیہ ہونے کے احاطہ متانت سے باہر نہیں اور اس میں بھی کوئی
نتیجہ ضرور نکلتا ہے۔

ہندوستانی تھیٹرس کے لیئے انگریزی پلیر کا ہندوستانی مذاق کے موافق ترجمہ۔
ہندوستانی مصنفوں کا اچھے پلیز لکھنا۔ اور تھیٹر کا ایسے تصانیف کی قدر کرنا ضروری ہے

بر رسولاں بلاغ باشد و بس

[illegible]

پہنیں ولایت کے لیے پیدا کرتا ہے کہ لیکن ایک پورا صنف [illegible]

لیکن وہ اسوقت کی حالت کے مطابق نہیں بعض ہندوستانی تھیٹریں کے ترقی خواہوں نے
شیکسپیر کی تصنیف میں سے تھوڑے سے حصہ کا ترجمہ کیا ہے اور اون کو اپنے یہاں کھیلتے بھی ہیں
یہ تھیٹرس قابل قدر ہیں مگر میں خیال کرتا ہوں کہ جسقدر کامیابی گل بکاولی جیسے تماشوں میں
ہوئی ہوگی ویسی کسی انگریزی مضمون کے تماشہ میں نہیں ہوتی ہوگی اس لیے دو باتیں یہاں تھیٹر
کے لیے ضروری ہیں پہلے یہ کہ تھیٹر کے مالک تھوڑا سا نقصان برداشت کریں اور اپنے ہم
وطنوں کو اچھے تماشوں کی طرف راغب کریں دوسرے یہ کہ اچھے تماشوں کو ایسے رنگ میں لاویں
کہ گو وہ ہندوستانی مذاق کے موافق ہوں مگر اپنے نتیجہ کو نہ کھو دیں بلا اول تو آج کل کی حالت
سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر ممکن ہے کیونکہ ہندوستان میں سلف سکریفائس اور پبلک سپرٹ
کی اسقدر کمی ہے کہ ان کے واسطے کوئی معین و لفظ ہی نہیں جو پورے طور پر ان کے معنی کو
ظاہر کریں مگر دوسری بات تو ممکن ہے اور اسی پر میں تھیٹر کے ہوا خواہوں کی توجہ مبذول
کرانا چاہتا ہوں۔

اب تعلیم یافتہ جماعت سے درخواست ہے کہ وہ کبھی ایسے تھیٹروں کو جن میں اصلی مقاصد
تھیٹر مفقود ہوں اور سوائے لغویت کے اور کچھ بھی نہ ہو ایسی مدد نہ دیں کہ اونکی ایسی جڑ کہ تھوں میں
ترقی ہو بلکہ اگر ممکن ہو تو اپنے دوستوں کو بھی ایسے ناشائستہ جلسوں میں شریک ہونے سے
روکیں کیونکہ اس سے بہت سے نقصان پیدا ہو جاتے ہیں جو بظاہر تو معلوم نہیں ہوتے مگر آئندہ
زندگی میں ان کی وجہ سے بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پہلے تو فضول خرچی اور فضول خرچی بھی ایسی حالت میں کہ ہندوستان عامتہ مفلس ہو رہا ہے

کو تماشا دیکھتے ہیں تو خود دل میں ارادہ کر لیتے کہ ہم کبھی ایسی بات اپنی زندگی بھر نہ کرینگے

اخلاق کی درستی اتحاد میں ترقی اور طرح طرح کے لوگوں کا تجربہ۔ یہ سب باتیں تھیٹر کے
موجب کے پہلے اصولوں میں سے ہیں۔ اب ہم کو یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ مختصر اغراض تھیٹر جو اوپر بیان کئے
گئے ہیں ہندوستانی تھیٹر ان اغراض میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں اور کہاں تک کامیابی
کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس مضمون پر بحث کرنے پر مجھکو یقین واثق ہے کہ تھیٹر کے بہی خوا
اور تھیٹر کے شائقین اگر مجھ سے رنجیدہ ہونگے مگر میں ناظرین سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ پہلے خیا
سے بھی کچھ کام لیں اور ہندوستانی اور غیر ممالک کے تھیٹروں سے مقابلہ کر کے اپنی رائے قائم کر
چونکہ ہم کو انگلستان سے ہر طرح کا سبق لینا چاہیے کیونکہ اوس سے ہمارا گہرا تعلق ہے اور ہم
پیروی کرنا تہذیب کی ترقی و تمدن میں عروج کے لیے ضروری ہے ہم انگلستان کے تھیٹر و ا
اپنے تھیٹروں کو مقابلہ کر کے جانچیں گے ہندوستان میں ایک زمانہ تک تو پیروی کا ما
نہیں تھا اور پیروی کو نقل نقصان دہ سے تعبیر کرتے تھے مگر بارے اب اس قوت نے جو مدت س
دبی ہوئی تھی زور کیا تو ایسا کہ خوف ہے کہ یہ شعلہ بھڑک کر کہیں خاک سیاہ نہ کر ڈالے۔ انگلست
ہی کی پیروی ہے ہندوستان میں بھی تھیٹر قائم ہوئے گو رام لیلا، شکنتلا اور دوسرے مذہبی
سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں پہلے بھی یہ تماشہ ہوتے تھے مگر رفتہ رفتہ
رسم مفقود ہو گئی تھی۔ مگر جو اغراض انگلستان کے تھیٹروں کی تھیں اون کو بالکل نظر اند
کر دیا صرف ظاہرا باتیں لے لیں خیال کر لیا کہ اسٹیج اچھا سجا ہو۔ پردے اچھے ہوں۔ بلکہ
سریلے ہوں ایکٹرس خوبصورت ہوں اکٹر دولا کہ تماشبین ہوں۔ پریاں آویں
باتیں کریں۔ مسخرہ آوے دو چار پھبتیاں کہے اور تماشہ تمام تھیٹر کامل ہو گیا۔ یہ ہرگز ہرگز تھ
کی غرض یہ باتیں بھی ضروری ہیں مگر اوس وقت میں کہ اصلی نشا بھی موجود ہو ورنہ وہ تھیٹر جسم بے

جہاں تک خیال کیجیے تھیٹر کے موجدوں اور اوس کی ترقی دینے والوں کی تعریف کرنی چاہیے ہے تھیٹر کی بنا کی صحیح تاریخ تو معلوم نہیں مگر تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ قبل مسیح بھی یونانیں اکثر تماشہ ہوتے تھے تھیٹر کا خاص منشا نیچر کو نقلی حالت میں دکھا کر انسان کو شئے اصلی کی طرف مائل کرنا ہے۔ اگرچہ ممبر پر خدا کی صاف صاف تعریف ہوتی ہے تو تھیٹر میں اوسکے سبب سے ساتھ نیچر کا ایسا نمونہ دکھایا جاتا ہے کہ بغیر اپنے اصل کی طرف راغب کیے نہیں ہٹاتا جتنے بڑے بڑے ڈراما لکھنے والے گذرے ہیں اون کی تصانیف کو غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ ادنھوں نے انسان کی اصلی حالت کو اپنی مادر مشفقہ نیچر کے سایہ عاطفت میں ہر بہت ہی غور سے دیکھا ہے اور اگر انسان کی خواہشات۔ اوس کی نیکی اور بدی۔ خوشی اور رنج کی حقیقت کسی کتاب میں درج ہے تو اون مصنفوں نے اوس کتاب کا بڑی محنت سے مطالعہ کیا ہے اگرچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ کسی نے انسان کی ایک حالت کسی نے دوسری اوس مقدس کتاب میں دیکھی ہے اور وہی اس قدر تشریح کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ وہ اوس حالت کو بھی اپنی اس تھوڑی سی زندگی میں کامل طور پر نہیں پڑھ سکا کہ دوسرا صفحہ اوس ضخیم کتاب کا پلٹتا اگر جو کچھ اوس نے دیکھا اور پھر اپنے ہم جنسوں کے لیے لکھا وہ اکثر کامل طور پر لکھا گیا ہے۔

تھیٹر سے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اکثر ناخواندہ لوگ اور نیز وہ جو باوجود کہ پڑھ سکتے ہیں مگر پڑھنے کی طرف راغب نہیں یا وہ جنکو اپنے کام سے اسقدر فرصت نہیں ہے کہ تصانیف کو محنت سے بعدون ... کہاں تک محنت کرنے کے زمین تعلیم پاتے ہیں۔

تھیٹر میں ہمارے سامنے ایک مصنوعی مگر زندہ مثال دنیا میں نیک و بد کے نتائج کی لائی جاتی ہے اور یہ ظاہر من الشمس ہے کہ جسقدر زندہ مثال سے ہم نصیحت لیتے ہیں اسقدر کتاب یا کیسی کے

The M. A.-O. College Magazine is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs.3-4 for which subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V.P.P.

Terms for advertisements on application

All communications should be addressed to the Manager, the M.A.-O. College Magazine, Aligarh.

ایم اي او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینے میں ایک مرتبہ شائع ہوتا هي

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چارآنہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۱۰ پرچے میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خطوط "مینجر ایم-اي-او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہئیں

جدید سلسلہ جلد ۹ | بکم فروری ۱۹۰۱ ع | نمبر ۲

محمدن اینگلو اورینٹل کالج میگزین و علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

۸۱

فہرست مضامین اُردو